رابطہ عالم اسلامی کے ماتحت قائم

اسلامی فقہ اکیڈمی، مکہ مکرمہ

کے

# فقہی فیصلے

www.KitaboSunnat.com

IFA PUBLICATIONS

IFA PUBLICATIONS

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللَّهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

## معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رابطہ عالم اسلامی کے ماتحت قائم
اسلامی فقہ اکیڈمی مکہ مکرمہ کے

# فقہی فیصلے

سمینار: ۱—۱۸

فیصلے: ۱—۱۰۹

۱۳۹۸ھ - ۱۴۲۷ھ مطابق ۱۹۷۷-۲۰۰۶ء

ایفا پبلی کیشنز

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جملہ حقوق بحق مکہ اکیڈمی محفوظ

257.9
قاس — م

نام کتاب : مکہ فقہ اکیڈمی کے فقہی فیصلے

تقدیم ونظر ثانی : حضرت مولانا قاضی مجاہد الاسلام قاسمیؒ

ترجمہ : ڈاکٹر مفتی فہیم اختر ندوی

کمپوزنگ : محمد سیف اللہ

تعداد صفحات : ۵۰۴

قیمت :

19201

ایفا پبلیکیشنز
۱۶۱-ایف، جوگابائی، پوسٹ بکس نمبر: ۹۷۴۶،
جامعہ نگر، نئی دہلی-۱۱۰۰۲۵

ای میل: ifapublications@hotmail.com

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم الله الرحمن الرحيم

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# فہرست


| | | |
|---|---|---|
| ابتدائیہ | مولانا خالد سیف اللہ رحمانی | ۱۵ |
| پیش لفظ | قاضی مجاہد الاسلام قاسمی | ۲۱ |
| مقدمہ | ڈاکٹر عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی | ۲۹ |
| پیش گفتار | ڈاکٹر صالح بن زابن المرزوقی البقمی | ۳۳ |
| پہلے سمینار کے فیصلے | | ۳۷-۷۰ |
| | پہلا فیصلہ: ماسونیت اور اس سے وابستگی کا حکم | ۳۹ |
| | دوسرا فیصلہ: کمیونزم اور اس سے وابستگی کا حکم | ۴۴ |
| | تیسرا فیصلہ: قادیانیت اور اس سے وابستگی کا حکم | ۴۹ |
| | چوتھا فیصلہ: بہائیت اور اس سے وابستگی کا حکم | ۵۲ |
| | پانچواں فیصلہ: انشورنس اور اس کی مختلف شکلیں | ۵۶ |
| | - استاذ مصطفیٰ الزرقاء کا اختلاف | ۶۸ |
| دوسرے سمینار کے فیصلے | | ۷۱-۸۳ |
| | پہلا فیصلہ: مذہب وجودیہ اور اس سے وابستگی کا حکم | ۷۳ |
| | دوسرا فیصلہ: عرب اور اسلامی ممالک کے حکمرانوں سے نفاذ شریعت کی اپیل | ۷۶ |




محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

-نفاذ شریعت سے متعلق اسلامی فقہ اکیڈمی کا پیغام
مسلمان حکمرانوں کے نام ۷۸
تیسرا فیصلہ: اکیڈمی کے سمینار میں پیش کئے گئے مقالات کی طباعت ۸۲

## تیسرے سمینار کے فیصلے ۸۵-۸۹

فیصلہ: ضبط تولید کا شرعی حکم ۸۷

## چوتھے سمینار کے فیصلے ۹۱-۱۱۶

پہلا فیصلہ: چاند کے ثبوت کے لئے رؤیت پر عمل
نہ کہ فلکی حساب پر ۹۳
دوسرا فیصلہ: ''اسلام اور اجتماعی جنگ'' کے موضوع پر میجر
جنرل محمود شیت خطاب کے مقالہ کی اشاعت ۹۵
تیسرا فیصلہ: مسلمان عورت کے ساتھ کافر مرد اور کافر عورت
کے ساتھ مسلمان مرد کی شادی کا حکم ۹۷
چوتھا فیصلہ: ''ام الخبائث کا پھیلاؤ، مرض اور علاج'' کے
موضوع پر محمود شیت خطاب کا مقالہ ۱۰۰
پانچواں فیصلہ: اسلام میں رجم کی سزا ۱۰۳
چھٹا فیصلہ: رؤیت ہلال سے متعلق علماء، حکام اور قضاۃ کے نام
شیخ عبداللہ بن زید آل محمود کا خط ۱۰۵
ساتواں فیصلہ: رؤیت ہلال میں وحدت یا عدم وحدت ۱۱۴

## پانچویں سمینار کے فیصلے ۱۱۷-۱۴۹

پہلا فیصلہ: عدالت میں حلف اٹھاتے وقت توریت یا انجیل
یا ان دونوں پر ہاتھ رکھنے کا حکم ۱۱۹



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


دوسرا فیصلہ: باہر سے آنے والوں کے لئے جدہ سے
احرام باندھنے کا حکم ۱۲۲
تیسرا فیصلہ: اونچی ڈگری والے عرض البلد پر واقع ممالک میں
روزہ اور نماز کے اوقات ۱۲۷
چوتھا فیصلہ: مصنوعی بارآوری اور ٹیسٹ ٹیوب بے بی کا حکم ۱۳۲
پانچواں فیصلہ: عرب ممالک سے باہر غیر عربی میں جمعہ اور عیدین
کا خطبہ اور اس میں لاؤڈ اسپیکر کا استعمال ۱۳۴
چھٹا فیصلہ: کرنسی نوٹ کی شرعی حیثیت ۱۳۷
ساتواں فیصلہ: حقوق اور عقد کے ذریعہ عائد ہونے والی
ذمہ داریوں پر ہنگامی حالات کے اثرات ۱۴۱


## چھٹے سمینار کے فیصلے ۱۵۱-۱۶۶


پہلا فیصلہ: اسلامی فقہ اکیڈمی کی مجلس کے صدر کا انتخاب ۱۵۳
دوسرا فیصلہ: سورۂ اخلاص کی غلط تفسیر ۱۵۵
تیسرا فیصلہ: انڈونیشیا وغیرہ میں حق و باطل کی تلبیس
کے مظاہر ۱۵۹
چوتھا فیصلہ: نجاشی کے قبول اسلام اور اس سلسلہ میں اسلامی مراجع
پر اعتماد سے متعلق ایک تحقیقی مقالہ ۱۶۱
پانچواں فیصلہ: ''شیخ شعراوی کے نام ایک کھلا خط'' کے عنوان سے
اسلام مخالف کیسٹوں کی ترویج ۱۶۳
چھٹا فیصلہ: ہوٹلوں کے کمروں میں قرآن کریم کے نسخوں
کی تقسیم ۱۶۵




محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


## ساتویں سمینار کے فیصلے ۱۶۷-۱۹۵

پہلا فیصلہ: اسٹاک ایکسچینج کا حکم ۱۶۹

دوسرا فیصلہ: مصحف عثمانی کے رسم الخط میں تبدیلی کا حکم ۱۷۶

تیسرا فیصلہ: اعداد (گنتیوں) کے عربی رسم الخط کو یورپی رسم الخط
میں بدلنے کا عدم جواز ۱۷۹

چوتھا فیصلہ: ہندوستان میں جہیز کا رواج ۱۸۳

پانچواں فیصلہ: مصنوعی بارآوری اور ٹیسٹ ٹیوب بے بی کا حکم ۱۸۸

## آٹھویں سمینار کے فیصلے ۱۹۷- ۲۲۵

پہلا فیصلہ: اعضاء کی پیوندکاری ۱۹۹

دوسرا فیصلہ: مصنوعی بارآوری اور ٹیسٹ ٹیوب بے بی کا حکم ۲۰۳

تیسرا فیصلہ: اجتہاد ۲۱۲

چوتھا فیصلہ: پاکستان میں زکاۃ اور عشر کی جمع و تقسیم ۲۱۷

پانچواں فیصلہ: لکڑی کے تابوت میں مسلمانوں کی تدفین ۲۲۱

چھٹا فیصلہ: نبی کریم ﷺ اور تمام انبیاء کرام کی
تصاویر بنانے کی مذمت ۲۲۳

## نویں سمینار کے فیصلے ۲۲۷-۲۵۹

پہلا فیصلہ: مساجد میں نمازوں کے لئے کیسٹ
کے ذریعہ اذان کا حکم ۲۲۹

دوسرا فیصلہ: قرآن کریم اور اس سے متعلق معلومات کی
کمپیوٹر پروگرامنگ ۲۳۳




محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تیسرا فیصلہ: ہر محلّہ میں مسجد بنانے کی ضرورت ۲۳۷
چوتھا فیصلہ: مؤلفین کے حقوق تالیف ۲۴۰
پانچواں فیصلہ: اموال زکاۃ سے یورپی ممالک میں مدارس اور اسپتالوں
کی تعمیر اور وہاں زکاۃ فنڈ کا قیام ۲۴۵
چھٹا فیصلہ: بلند عرض البلد پر واقع علاقوں میں نماز
اور روزے کے اوقات ۲۴۹
ساتواں فیصلہ: زکاۃ میں مجاہدین کے حصہ کو ان کی صحت وتربیت
اور ذرائع ابلاغ سے متعلق پروجیکٹوں میں صرف کرنا ۲۵۵

## دسویں سمینار کے فیصلے ۲۶۱-۳۰۲

پہلا فیصلہ: لاش کا پوسٹ مارٹم ۲۶۳
دوسرا فیصلہ: موت کے بارے میں قطعی حکم اور انسانی جسم سے
طبی آلات کی علاحدگی ۲۶۶
تیسرا فیصلہ: باکسنگ، فری اسٹائل فائٹنگ اور بیل کے ساتھ کشتی ۲۶۹
چوتھا فیصلہ: بجلی کے شاک سے ماکول اللحم جانور ذبح کرنا ۲۷۳
پانچواں فیصلہ: ''بنکوں کے بارے میں شریعت اسلامی کا موقف''
کے موضوع پر مشیر قانونی ابراہیم بن عبداللہ الناصر
کی تحقیق اور اس کا جائزہ ۲۷۶
چھٹا فیصلہ: بین الاقوامی اسلامی ریلیف کمیٹی شمالی امریکہ کے سوالات ۲۷۹
ساتواں فیصلہ: رابطہ کو مال اور سامان کی صورت میں حاصل ہونے والے
عطیات اور ان کے مصارف سے متعلق
رابطہ کے اسلامی ریلیف بورڈ کے سوالات ۲۸۲
آٹھواں فیصلہ: کیسٹ میں قرآن کریم کی ریکارڈنگ ۲۸۷



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نواں فیصلہ: مختلف مسالک کے درمیان فقہی اختلاف
اوران کے بعض متبعین کا مسلکی تعصب ۲۹۰
دسواں فیصلہ: افغانستان کے بارے میں عالم اسلام کی حکومتوں
اورعوام سے اپیل ۲۹۵
گیارہواں فیصلہ: وقف کی آمدنی کوخرچ کرنے سے متعلق
جناب ابوبکرمحی الدین کا سوال ۲۹۸
بارہواں فیصلہ: مسئلہ فلسطین پر عالم اسلام کی حکومتوں
اورعوام سے اپیل ۳۰۰
گیارہویں سمینار کے فیصلے ۳۰۳-۳۲۸
پہلا فیصلہ: زمین کے کرایہ پر زکاۃ ۳۰۵
دوسرا فیصلہ: بدنام زمانہ سلمان رشدی کی کتاب اوراس کی
بدگوئی پر رابطہ عالم اسلامی کا بیان ۳۰۸
تیسرا فیصلہ: دوسال سے کم عمر کے بچہ کوکسی عورت کا خون چڑھانے
سے حکم رضاعت کا ثبوت نیز خون کے معاوضہ کا حکم ۳۱۲
چوتھا فیصلہ: رشاد خلیفہ کا کفر ۳۱۴
پانچواں فیصلہ: نالیوں میں بہنے والے پانی کوفلٹر کرکے اس سے
پاکی حاصل کرنے کا حکم ۳۱۷
- بکرعبداللہ ابوزید کا نقطۂ نظر ۳۱۹
چھٹا فیصلہ: تبدیلی جنس کا مسئلہ ۳۲۲
ساتواں فیصلہ: ۱-چیک کا قبضہ کے قائم مقام ہونا
۲- بینک میں جمع کرنسی سے دوسری کرنسی تبدیل کراتے
وقت بینک کے رجسٹر میں اندراج کوقبضہ کا درجہ دینا ۳۲۵



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آٹھواں فیصلہ: مقررہ مدت کے اندر قرض کی ادائیگی میں تاخیر
پر کیا بینک مقروض پر مالی جرمانہ عائد کرسکتا ہے؟ ۳۲۷

بارہویں سمینار کے فیصلے ۳۲۹-۳۳۸

پہلا فیصلہ: قرآن کی ایک آیت یا چند آیات کو پرندہ وغیرہ
کی شکل میں لکھنے کا حکم ۳۳۱

دوسرا فیصلہ: شوہر کا اپنی مرگی زدہ بیوی کو یہ کہہ کر علاج کرانے سے روکنا
کہ اس پر جن کا اثر ہے یا یہ کہ اس کے لئے تجویز کی گئی دواؤں
میں بعض منشیات کی آمیزش ہے ۳۳۳

تیسرا فیصلہ: زوجین کے درمیان مصنوعی بارآوری ۳۳۵

چوتھا فیصلہ: رحم میں موجود ناقص الخلقت بچہ کا اسقاط ۳۳۷

تیرہویں سمینار کے فیصلے ۳۳۹-۳۴۶

پہلا فیصلہ: ایک کرنسی کے دوسری کرنسی سے تبادلہ کا وعدہ اور بینک
یا کمپنی کا اپنے کسی ایجنٹ کی درخواست پر اس کے لئے
مستقبل کی خریداری کے عمل کو ترتیب دینا ۳۴۱

دوسرا فیصلہ: رحم کی جھلی سے انتفاع ۳۴۳

تیسرا فیصلہ: کعبہ کا مجسمہ بنانا اور اس کی مارکیٹنگ ۳۴۵

چودہویں سمینار کے فیصلے ۳۴۷-۳۷۳

پہلا فیصلہ: خاندان کے سرپرستوں پر ان کے ماتحت وزیرنگرانی اشخاص
اور ان کے تصرفات کی ذمہ داری ۳۴۹



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسرا فیصلہ: جانور، عمارت اور خصوصی نگہداشت کی متقاضی ہر چیز
سے پہنچنے والے نقصانات کی ذمہ داری ۳۵۳
تیسرا فیصلہ: سعودی حکومت کی طرف سے توسیع کے بعد مقام سعی کا
سابق حکم باقی رہے گا یا اس کا شمار مسجد کے حکم میں ہوگا؟ ۳۵۶
چوتھا فیصلہ: ایسی کمپنیوں اور بینک کے شیئرز خریدنے کا حکم جن
کے بعض معاملات میں سود کی آمیزش ہو ۳۵۹
پانچواں فیصلہ: شرکت مضاربت میں سرمایہ دار کے لئے
نفع کی ایک متعین مقدار کی تحدید ۳۶۲
چھٹا فیصلہ: مضارب اور انتظامی کونسل پر خسارہ کی ذمہ داری ۳۶۵
ساتواں فیصلہ: لاٹری کا حکم ۳۶۸
آٹھواں فیصلہ: دوران علاج ستر کھولنے کا ضابطہ ۳۷۱

## پندرہویں سمینار کے فیصلے ۳۷۵-۳۹۰

پہلا فیصلہ: جینیٹک انجینیر نگ سے مسلمانوں کا استفادہ کرنا ۳۷۷
دوسرا فیصلہ: جینیٹک نشان (Imprint) سے استفادہ ۳۸۰
تیسرا فیصلہ: مسلمانوں کا جیلاٹین بنانے میں حیوانات
کی ہڈیوں اور کھالوں سے استفادہ کرنا ۳۸۲
چوتھا فیصلہ: دَین کی فروخت ۳۸۴
پانچواں فیصلہ: تورّق کی بیع کا حکم ۳۸۶
چھٹا فیصلہ: اموال زکاۃ کی سرمایہ کاری ۳۸۹

## سولہویں سمینار کے فیصلے ۳۹۱-۴۱۷

پہلا فیصلہ: دَین (قرض) کی بیع ۳۹۳



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com


دوسرا فیصلہ: مسلمانوں کی جن بیویوں نے غیر اسلامی
عدالتوں سے طلاق حاصل کی ان کو اسلامی مراکز
وغیرہ سے طلاق دلوانے کا جواز ۳۹۷
تیسرا فیصلہ: اسلامی بینکوں میں سرمایہ کاری کے حسابات کی حفاظت ۳۹۹
چوتھا فیصلہ: تخفیض حکمی (حکماً نقد قیمت بنانا) ۴۰۲
پانچواں فیصلہ: انتخابات میں غیر مسلموں کے ساتھ مسلمانوں کی شرکت ۴۰۶
چھٹا فیصلہ: الکحل اور نشہ آور عناصر پر مشتمل دوائیں ۴۰۹
ساتواں فیصلہ: جینیٹک نشان اور اس سے استفادہ کے میدان ۴۱۲
آٹھواں فیصلہ: جین (Gen) کی تشخیص ۴۱۶

اعلان مکہ مکرمہ ۴۱۹-۴۴۰
اعلان مکہ مکرمہ ۴۲۲
مسلمانوں سے اکیڈمی کی اپیل ۴۳۵

سترہویں سیمینار کے فیصلے ۴۴۱-۴۶۸
پہلا فیصلہ: فکری انحراف کی اصلاح کے وسائل ۴۴۳
دوسرا فیصلہ: بعض بینکوں میں جاری بیع تورق کا معاملہ ۴۴۸
تیسرا فیصلہ: جسم کے بنیادی خلیوں کا استعمال ۴۵۱
چوتھا فیصلہ: ایسی دواؤں کا استعمال جن میں خنزیر وغیرہ
نجس العین شامل ہو اور اس کا متبادل کم فائدہ
کا حامل موجود ہو جیسے نیوہیپارین ۴۵۴
پانچواں فیصلہ: خون کے موروثی امراض ۴۵۷




محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چھٹا فیصلہ: حج میں ازدحام کا مسئلہ اور اس کا شرعی حل ۴۵۹

ساتواں فیصلہ: کتاب ''ہیروغلیفی زبان سے قرآن کی تشریح''
کے بارے میں اکیڈمی کی رائے ۴۶۲

آٹھواں فیصلہ: انکم ٹیکس ۴۶۷

## اٹھارہویں سمینار کے فیصلے ۴۶۹-۴۹۲

''الفرقان الحق'' نامی کتاب سے متعلق اجلاس کا بیان ۴۷۱

پہلا فیصلہ: قسطوں پر خرید وفروخت ۴۷۵

دوسرا فیصلہ: ایسے کارڈز کی خرید وفروخت جن کے خریدار کو ان کے جاری
کرنے والے کے علاوہ کی طرف سے سامان کی قیمت
نیز دوسری خدمات میں رعایتیں دی جائیں ۴۸۰

تیسرا فیصلہ: قرض میں کوئی فاسد شرط لگا کر قرض کو فسخ کرنا ۴۸۲

چوتھا فیصلہ: عقد نکاح کو خلع کے ذریعہ ختم کرنے کا عورت کا حق ۴۸۵

پانچواں فیصلہ: نکاح کی نئی صورتیں ۴۸۷

چھٹا فیصلہ: قبل از ولادت رحم مادر ہی میں بچہ کا بحیثیت لڑکا و لڑکی انتخاب ۴۸۹

نبی کریم ﷺ کی شان میں گستاخی کا بیان جسے بعض
مغربی اخباروں نے شائع کیا ۴۹۰

حروف تہجی کے اعتبار سے فیصلوں کے موضوعات کی فہرست ۴۹۳



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ابتدائیہ

اللہ تعالیٰ نے جب اس کائنات میں انسانوں کی بستی بسانی چاہی اور وہاں پہلے انسان حضرت آدم کو بھیجا تو انسان کی مادی ضروریات کے ساتھ ساتھ اس کی روحانی غذا کا انتظام بھی فرمایا۔ انسان اس دنیا میں کس طرح زندگی گذارے؟ کون سے کام کرے؟ اور کن کاموں سے بچے؟ اس کا مقصد وجود کیا ہے؟ اور اس مقصد کو پانے کے لئے اسے کیا کچھ کرنا ہے؟ اس کی بھی رہنمائی فرمائی، اسی رہنمائی کا نام قرآن کی زبان میں ''ہدایت'' اور ''دین حق'' ہے۔ انسان کو ہدایت سے ہمکنار کرنے کے لئے اللہ نے اپنی کتابیں بھی اتاریں اور رسولوں کو بھی مبعوث فرمایا۔ حضرت آدم جیسے پہلے انسان تھے ویسے ہی پہلے نبی بھی تھے۔ جب انسانی تمدن نمو وارتقاء کے اوج کمال کو پہنچ گیا تو کتاب ہدایت کا آخری اور مکمل ایڈیشن قرآن مجید کی صورت میں خاتم النبیین جناب محمد رسول اللہ ﷺ پر نازل کیا گیا اور آپ نے اپنے قول وعمل کے ذریعہ اس کی تفسیر وتوضیح فرمائی۔

لیکن چونکہ پیغمبر اسلام جناب محمد رسول اللہ ﷺ کو ختم نبوت کا تاج گہر بار پہنایا گیا اور ادھر قیامت تک کے لئے آپ کے فیض نبوت کو جاری وساری اور باقی بھی رکھنا تھا اس لئے اس کار نبوت کی انجام دہی کی ذمہ داری آپ کی امت پر ڈالی گئی جو اس امت کے حق میں اپنی جگہ یقیناً ایک بڑے اعزاز وشرف کی بات ہے، کیونکہ پہلی امتوں میں ایک پیغمبر کی زندگی ہی میں یا اس کے بعد جلد ہی دوسرے پیغمبر کی بعثت ہو جاتی تھی، جو مسائل پیش آتے پیغمبر اسے خود حل فرماتے،



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اگر دین سے فکری انحراف پیدا ہوتا تو وہی اس کی اصلاح کرتے، لیکن اس امت میں یہ کام علماء امت کو سونپا گیا اور انہیں اجتہاد وتجدید کے مقام پر فائز کیا گیا کہ جو نئے مسائل پیش آئیں، علماء ان کو حل کرنے کی کوشش کریں گے اور ہر عہد میں جو منحرفین پیدا ہوں، ان کے باطل افکار کے رد کے لئے مجدد دین امت کھڑے ہوں گے اور یہ کام صلاحیت واستعداد کے لحاظ سے انفرادی طور پر بھی انجام پائے گا اور اجتماعی طور پر بھی۔ یہ اس امت کے لئے وجہ اعزاز بھی ہے اور اس میں اس کی ذمہ داری اور فرائض کی طرف توجہ دہانی بھی۔

یہ ایک حقیقت ہے کہ قرآن مجید اور حدیث نبوی میں زندگی کے بعض مسائل کے بارے میں جزوی تفصیلات بھی موجود ہیں اور بعض مسائل خاص کر معاملات کے بارے میں زیادہ تر اصول وقواعد کی رہنمائی پر اکتفا کیا گیا ہے تاکہ ہر عہد کی ضرورتوں اور تقاضوں کے مطابق ان کی تطبیق میں سہولت ہو، اسی لئے ہر دور میں ایسے واقعات بھی پیش آتے رہے ہیں جن کے بارے میں صریح حکم قرآن وحدیث میں نہیں ملتا، فقہاء اسی کو کہتے ہیں کہ نصوص قابل شمار ہیں اور پیش آمدہ واقعات بے شمار: ''النصوص معدودة والحوادث ممدودة''۔

اس پس منظر میں ہر دور میں اس عہد کے علماء وفقہاء نے ان مسائل پر غور وفکر کیا ہے اور احکام شرعیہ کی رہنمائی کی ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جماعت کے ساتھ اللہ کی مدد ہوتی ہے: ''يد الله على الجماعة'' اسی لئے قرن اول کے بعض فقہاء کا طریقہ یہ رہا ہے کہ انہوں نے شخصی اجتہاد اور ذاتی غور وفکر کے بجائے اجتماعی غور وفکر کو ترجیح دی ہے، اس سلسلہ میں ہمارے لئے سب سے روشن نمونہ سیدنا حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کا ہے، پھر خیر القرون میں امام اعظم ابوحنیفہؒ اور مدینہ کے فقہاء سبعہ کی مثالیں ملتی ہیں جنہوں نے مسائل فقہیہ پر اجتماعی غور



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وفکر کے طریقہ کو مزید منظم و منضبط فرمایا۔

موجودہ دور تیز رفتار سیاسی تبدیلیوں، معاشی انقلابات اور وسائل وذرائع کی ایجادات کا ہے، اس لئے اس عہد میں مسائل بھی زیادہ پیش آتے ہیں، چنانچہ ماضی قریب میں مختلف اسلامی ممالک میں اس مقصد کے لئے فقہ اکیڈمیوں کا قیام عمل میں آیا، نئے مسائل کو حل کرنے میں ان کی خدمات بہت ہی عظیم الشان اور قابل تحسین ہیں، اس سلسلہ کی ایک کڑی اسلامک فقہ اکیڈمی (انڈیا) بھی ہے، جس کی بنیاد فقیہ العصر حضرت مولانا قاضی مجاہد الاسلام قاسمیؒ نے رکھی اور جواب تک ۷۰ سے زائد مسائل پر سولہ سمینار منعقد کر چکی ہے، حضرت قاضی صاحبؒ علوم اسلامی کے غواص بھی تھے اور اپنے عہد اور زمانہ کے رمز شناس بھی، ایک طرف کتاب وسنت پر گہری نظر کے حامل تھے اور دوسری طرف فقہاء امت کے اجتہادات کا وسیع مطالعہ بھی تھا، اس امتزاج نے ان کو مسائل فقہیہ کے باب میں عدل واعتدال کا صحیح نمونہ بنا دیا تھا، ان کی آراء نصوص کے منشاء کے مطابق بھی ہوتیں اور ساتھ ہی ساتھ امت کی ضروریات اور اس کے مسائل کے لئے بھی غور وفکر کرتے، اس لئے وہ واقعی ''فقیہ النفس'' کہلانے کے مستحق تھے۔

۴/اپریل ۲۰۰۲ء ملت اسلامیہ ہند کے لئے ایک غم انگیز تاریخ ہے، جس میں حضرت قاضی صاحب اللہ کو پیارے ہو گئے، لیکن ان کے اخلاص، سوز دروں اور طلب صادق کا اثر ہے کہ ان کا لگایا ہوا یہ پودا آج بھی نشو ونما کے مرحلے طے کر رہا ہے اور ان کا مرتب کیا ہوا یہ قافلۂ علم وفقہ اپنی منزل کی طرف رواں دواں ہے۔

اس وقت اکیڈمی کو حضرت مولانا سید محمد رابع حسنی ندوی ناظم دار العلوم ندوۃ العلماء لکھنؤ، حضرت مولانا محمد سالم قاسمی مہتمم دار العلوم وقف دیوبند اور حضرت مولانا سید نظام الدین صاحب امیر شریعت بہار، اڑیسہ وجھارکھنڈ کی سرپرستی حاصل ہے، بزرگ عالم دین اور ہندوستان کی سب



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے بڑی دینی دانش گاہ دارالعلوم دیوبند کے سینئر مفتی حضرت مولانا مفتی محمد ظفیر الدین مفتاحی اس وقت ہمارے میر کارواں ہیں، اکیڈمی کے نائبین صدر حضرت مولانا محمد برہان الدین سنبھلی، حضرت مولانا مفتی اشرف علی سعودی اور معروف محقق حضرت مولانا بدرالحسن قاسمی جیسے اہل علم اور اصحاب فکر کی نگرانی میں یہ قافلہ آگے بڑھ رہا ہے۔ ممتاز اصحاب تحقیق اور اصحاب قلم حضرت مولانا عتیق احمد بستوی اور حضرت مولانا عبیداللہ اسعدی کی رفاقت اس سفر کے لئے زادسفر کی حیثیت رکھتی ہے، ان حضرات کے علاوہ اکیڈمی کو حضرت مولانا محمد نعمت اللہ اعظمی (استاذ دارالعلوم دیوبند)، ڈاکٹر محمد منظور عالم صاحب، حضرت مولانا انیس الرحمٰن قاسمی، حضرت مولانا محمد زبیر قاسمی، حضرت مولانا قاضی عبدالاحد ازہری، حضرت مولانا مفتی محمد مصطفیٰ مفتاحی، حضرت مولانا محمد قاسم مظفر پوری اور حضرت مولانا مفتی احمد دیولوی صاحب کی خصوصی رفاقت حاصل ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں صواب وسداد پر قائم رکھے اور اپنی مرضیات پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔

اکیڈمی نے سمیناروں کے ذریعہ نئے مسائل کو حل کرنے کی اجتماعی کوششوں کے ساتھ ساتھ ان سمیناروں کے فیصلوں اور مقالات کے مجموعوں کو مجلّات و کتب کی صورت میں شائع بھی کیا ہے تاکہ وہ مسافران علم وتحقیق کی آنکھوں کا سرمہ بن سکیں، بحمداللہ اکیڈمی کے فیصلوں اور اس کے مطبوعہ مجلّات کو برصغیر بلکہ پوری دنیا میں بڑی مقبولیت اور پذیرائی حاصل ہوئی ہے اور عالم اسلام کے بعض مذہبی اداروں نے اکیڈمی کے حوالہ سے اہم فیصلے کئے ہیں اور اب اکیڈمی کی تجویز اور اس کی قرارداد کو خاص اہمیت دی جاتی ہے، عالم عرب کے اہل علم اور اصحاب نظر نے بھی اکیڈمی کے کاموں کو وقعت کی نظر سے دیکھا ہے۔

اکیڈمی شروع سے اس بات کے لئے کوشاں رہی ہے کہ ہندوستان اور عالم اسلام کے علماء اور اصحاب افتاء کے درمیان روابط بڑھیں اور وہ ایک دوسرے کی فقہی آراء اور تحقیقات سے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آگاہ ہوں، اس سلسلہ میں ایک طرف اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا کے فقہی فیصلوں کو انگریزی، عربی اور فارسی میں منتقل کیا گیا، نیز بعض فقہی مجلّات کی تلخیص عربی اور انگریزی زبانوں میں کی گئی، دوسری طرف اس بات کی کوشش کی جارہی ہے کہ اگر دنیا میں کہیں بھی اس نوعیت کے کام ہورہے ہوں تو انہیں اردو زبان میں متعارف کرایا جائے، چنانچہ حضرت قاضی صاحبؒ نے اپنی حیات ہی میں رابطہ عالم اسلامی کے تحت قائم المجمع الفقہی الاسلامی مکہ مکرمہ کے فیصلے کا اردو ترجمہ کروایا اور باوجود اپنی شدید علالت کے اس پر نظر ثانی کر کے اپنے پیش لفظ کے ساتھ اسے شائع فرمایا۔

۱۳۹۶ھ میں المجمع الفقہی الاسلامی مکہ مکرمہ کا قیام عمل میں آیا تھا، جس کی تفصیل حضرت قاضی صاحب کے پیش لفظ میں مذکور ہے، جس میں ہندو پاک اور عالم عرب کے ممتاز علماء شریک تھے، بحمد اللہ اب تک اس نے سترہ سمینار منعقد کئے ہیں اور مجموعی اعتبار سے ۹۰ سے زائد مسائل پر بحث کی گئی ہے۔

یہ 'فقہی فیصلے' اکیڈمی سے ۲۰۰۱ میں شائع ہوئے تھے، اللہ کا شکر ہے کہ ہندوستان کے علماء اور ارباب افتاء، نیز دوسرے اصحاب ذوق نے اسے ہاتھوں ہاتھ لیا اور اس کے پہلے ایڈیشن کے نسخے جلد ہی ختم ہوگئے، اس درمیان المجمع الفقہی الاسلامی مکہ مکرمہ کے تین اور سمینار ہوئے، نیز نویں سمینار کے فیصلے جو پہلے کسی وجہ سے شائع نہیں ہو سکے تھے، اب شائع کئے گئے، چنانچہ ان سمیناروں کی تجاویز کو شامل کرتے ہوئے اس کا نیا ایڈیشن پیش کیا جارہا ہے، مکہ فقہ اکیڈمی کے فیصلوں کا سلیس و رواں اردو ترجمہ اکیڈمی نے اپنی نگرانی میں مکمل کرایا۔

عام مسلمانوں اور اردو داں حلقوں کو دنیا کی دیگر فقہ اکیڈمیوں کے فقہی فیصلوں سے واقف کرانے کی غرض سے "مجمع الفقہ الاسلامی جدہ" کے فیصلوں کا ترجمہ بھی کروایا گیا ہے اور ان پر نظر ثانی کا سلسلہ جاری ہے، امید ہے کہ جلد ہی اس کی اشاعت بھی عمل میں آجائے گی۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ تعالیٰ اکیڈمی کی ان کوششوں کو قبول فرمائے، اس کے سفر علم و تحقیق کو دوام وثبات عطا فرمائے، اس کے بانی ومؤسس کی بال بال مغفرت فرمائے اور اکیڈمی کی کاوشوں کو ان کے لئے صدقہ جاریہ بنادے، واللہ ھو المستعان۔

خالد سیف اللہ رحمانی

(جنرل سکریٹری اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا)

۲۳/ذی قعدہ ۱۴۲۸ھ

۵/دسمبر ۲۰۰۷ء



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# پیش لفظ

فقہ اسلامی کا زندگی اور سماج کے ساتھ گہرا تعلق ہے۔ اسلام کے بنیادی سرچشمے قرآن اور حدیث سے مستنبط ہونے والا یہ قانونی مجموعہ ہی زندگی کے شب وروز اور سماج کے نشیب وفراز میں رہنما کردار ادا کرتا ہے۔ اسی سے سماج کو حرکت وحرارت ملتی ہے اور اسی کی روشنی میں زندگی کا سفر آفاق کی نئی فضاؤں، زمین کی پھیلتی اور سکڑتی وسعتوں اور صبح وشام کی پر پیچ راہوں پر بھی ٹھیک ٹھیک اپنی منزل کی طرف جاری رہتا ہے۔

علماء امت نے اپنے اسلاف سے دین کی امانت حاصل کی اور زندگی میں اس کو برتنے کا نہج ان سے سیکھا اور پھر اسی نہج پر ہر دور میں مسائل زندگی کے ساتھ احکام شرع کا رشتہ استوار کیا جاتا رہا۔

مجتہدین امت، علمائے دین اور فقہائے اسلام نے اپنے دوش پر آئی اس دینی ذمہ داری کو انفرادی سطح پر بھی پورا کیا اور اجتماعی طور پر بھی کارہائے نمایاں انجام دیئے۔ استخراج مسائل کا اجتماعی اور شورائی طریقہ کوئی نیا نہیں ہے، اسلام کے بالکل ابتدائی دور میں سیدنا عمر بن الخطاب رضی اللہ عنہ کے سامنے جب فتوحات اسلامی کی وسعت کے نتیجہ میں نئے نئے مسائل آنے لگے تو آپ نے ان مسائل کے حل کے لئے شورائی طریقہ اجتہاد اختیار فرمایا۔ سیدنا علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ نے بھی نئے مسائل میں احکام شرع کے استنباط کے لئے ایک مجلس بنائی تھی۔ امام محمد کی کتاب الآثار میں ہے: "كان ستة من أصحاب النبي ﷺ يتذاكرون



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفقه فيما بينهم: علي، أبي، أبو موسى علی، حدة۔ عمر، زید، ابن مسعود علی حـــدة" (رسول اللہ ﷺ کے اصحاب میں چھ ایسے تھے جو آپس میں فقہ کا مذاکرہ کرتے تھے: حضرت علی، حضرت ابی بن کعب اور حضرت ابوموسی اشعری رضی اللہ عنہم ایک ساتھ اور حضرت عمر، حضرت زید اور حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہم ایک ساتھ)۔

صحابہ کرام کے بعد تابعین کے دور میں بھی یہ طریقہ مروج رہا، چنانچہ مدینہ منورہ میں سات فقہاء کی ایک جماعت تھی جو باہمی غور وخوض اور مشورہ کے بعد نئے مسائل میں فیصلہ کرتی تھی، تہذیب التہذیب میں ہے: "کان فقهاء أهل المدينة سبعة، وكانوا إذا جاء تهم المسألة دخلوا فيها جميعاً فنظروا فيها ولا يقضي القاضي حتى يرفع إليهم فينظرون فيها ويصدرون" (فقہائے اہل مدینہ سات تھے، جب ان کے سامنے کوئی مسئلہ آتا تو وہ سب مل کر اس پر غور کرتے اور قاضی بھی اس وقت تک فیصلہ نہ کرتا جب تک کہ مسئلہ کو ان کے سامنے پیش نہ کر دیا جائے اور وہ غور وفکر کے بعد فیصلہ نہ کر دیں)۔ ان فقہاء کے اسماء گرامی یہ تھے: حضرت سعید بن المسیب، حضرت عروہ بن زبیر، حضرت قاسم بن محمد، حضرت خارجہ بن زید، حضرت ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارث، حضرت سلیمان بن یسار، حضرت عبید اللہ بن عبداللہ بن عتبہ بن مسعود رحمہم اللہ۔

دور [1] تبع تابعین میں حضرت امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے اسی سلسلہ کو اپنے

---

۱- خطیب بغدادی (۳۹۲-۴۶۳ھ) کی تاریخ بغداد ج/ ۱۳ اور علامہ شمس الدین محمد بن یوسف صالحی دمشقی شافعی متوفی ۹۴۲ھ کی عقود الجمان فی مناقب الامام الاعظم ابی حنیفۃ النعمان/ ۱۸۴ اور اس کے علاوہ بھی دیگر تاریخوں میں بطور قدر مشترک وکیع بن جراح کا یہ قول ملتا ہے: "امام ابوحنیفہ کسی دینی مسئلہ میں کیسے غلطی کر سکتے ہیں، ان کی مجلس میں ہر علم وفن کے اہل کمال موجود رہتے ہیں۔ ابو یوسف، زفر بن ہذیل اور محمد بن حسن شیبانی جیسے حفظ حدیث اور معرفت حدیث میں، قاسم بن معن بن عبدالرحمٰن بن عبداللہ بن مسعود جیسے عربیت ولغت میں اور داؤد بن نصیر طائی، فضیل بن عیاض جیسے زہد وتقوی میں اپنا جواب نہیں رکھتے ہیں۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

باکمال شاگردوں کے ساتھ انتہائی مرتب نظام کی حیثیت سے جاری فرمایا۔ حضرت امام اعظم کی اس مجلس فقہ میں جو حضرات شریک تھے ان میں سے ہر ایک اپنے اپنے فن کا امام تھا۔

ہندوستان میں انگریزوں کے اقتدار کے بعد مسلمانوں کو بے حد مشکل ترین حالات کا سامنا کرنا پڑا، خصوصیت کے ساتھ مظلوم خواتین کے استحصال اور شوہروں کی طرف سے من مانی کے نتیجہ میں سماج میں شدید اضطراب پیدا ہوا، یہاں تک کہ عورتوں کے لئے اپنے ظالم شوہروں سے رہائی کا کوئی راستہ نظر نہیں آیا اور اس زمانہ کے بعض لوگوں نے تو ارتداد تک کا مشورہ دے دیا، ایسے نازک وقت میں حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہ نے ہندوستان کے ممتاز علماء سے مشورہ کر کے مختلف مذاہب فقہیہ کی براہ راست واقفیت حاصل کرنے کے لئے مراسلت کی اور ان سب کے مجموعہ کے طور پر ''الحیلۃ الناجزہ للحلیلۃ العاجزۃ'' اور ''المرقومات للمظلومات'' وغیرہ رسائل تصنیف فرمائے جو اس دور کے علماء کی اجتماعی رائے ہے۔

اسی طرح حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نور اللہ مرقدہ نے اجتماعی رائے ومشورہ سے ان ممالک میں جہاں غیر مسلموں کا تسلط ہو، ممکن حد تک نظام قضاء قائم کرنے کا فیصلہ کیا جس کا دائرہ کار وہ امور ہوں گے جو قاضی کی استطاعت میں ہوں، غرض یہ کہ اس ضرورت کا احساس کہ مشکل وپیچیدہ اور معاصر مسائل کو حل کرنے کے لئے اجتماعی فکر کی جائے اور شریعت کے اصول کتاب وسنت اور اجتہادات ائمہ کو سامنے رکھ کر ان کا حل تلاش کیا جائے، یہ ہر دور میں پایا گیا ہے اور ہر عہد کے علماء نے اپنی بساط بھر عملی اقدام کیا ہے۔

اسی ذیل میں دارالعلوم دیوبند کے دارالافتاء اور ہندوستان میں پھیلے ہوئے دیگر مفتیان کرام کی خدمات کو شمار کیا جانا چاہئے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ماضی قریب میں حضرت مولانا علی میاں علیہ الرحمہ کی سرپرستی میں مجلس تحقیقات شرعیہ کا قیام ہوا جس کے ابتدائی اجلاس میں اکابر علماء حضرت مولانا اسحاق سندیلوی صاحب، حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی صاحب، حضرت مولانا سعید احمد اکبرآبادی صاحب، حضرت مولانا سید منت اللہ رحمانی صاحب، حضرت مولانا مفتی ظفیر الدین صاحب اور حضرت مولانا برہان الدین سنبھلی صاحب وغیرہ شریک ہوئے، اسی طرح جمعیت علماء ہند کی زیرنگرانی ادارہ مباحث فقہیہ کا قیام عمل میں آیا جس کی سرپرستی اپنے وقت کے بڑے فقیہ حضرت مولانا محمد میاں صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے کی۔ اس میں بہت سے اہم مسائل پر علماء نے غور وفکر اور اجتماعی مشورے کئے۔

اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا کا قیام اسی سلسلۂ زریں کی ایک کڑی ہے۔ اکیڈمی کی آواز پر ہندوستان کے کونے کونے سے اور تمام ممتاز اداروں سے اکابر مفتیان کرام، علماء وفقہاء اور دانشوران و ماہرین فنون جدیدہ نے لبیک کہا۔ اس کے فقہی سمیناروں میں بیرون ملک کے ممتاز فقہاء اور محقق علماء شریک ہوتے رہے۔ اکیڈمی نے بارہ سال کے عرصہ میں بارہ فقہی سمیناروں میں تقریباً چالیس جدید ومعاصر مسائل پر اجتماعی غور وفکر کے بعد فیصلے دئے۔ اکیڈمی کے ان فیصلوں کی بازگشت ملک سے باہر بھی سنی گئی، چنانچہ پاکستان کی سپریم کورٹ نے سود پر اپنے تاریخی فیصلہ میں اکیڈمی کے فیصلہ کا حوالہ دیا۔ یورپ اور امریکہ میں قائم ہونے والی فقہی مجالس نے بھی اکیڈمی کے طریقہ کار اور تجربات سے فائدہ اٹھایا۔

ہندوستان سے باہر عالم اسلام کے مختلف علاقوں میں بھی اجتماعی غور وفکر اور شورائی طریقہ اجتہاد کو روبہ عمل لاتے ہوئے فقہی مجامع قائم کئے گئے، چنانچہ مجمع البحوث الاسلامیہ قاہرہ میں، المجمع الفقہی الاسلامی مکہ مکرمہ میں، مجمع الفقہ الاسلامی الدولی جدہ میں، مجمع الفقہ الاسلامی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جنوبی امریکہ میں، یوروپی کونسل برائے افتاء وتحقیق یورپ میں اور اس طرح کے متعدد ادارے مختلف ممالک میں قائم ہوئے، ان اداروں اور فقہی مجامع نے جدید موضوعات ومسائل پر بحث ومناقشے کئے اور بے شمار پیچیدہ مسائل میں امت کی رہنمائی کی۔

رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ نے امت کی اسی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے سب پہلے رجب ۱۳۸۳ھ میں مختلف ممالک اسلامیہ کے اصحاب افتاء وعلماء پر مشتمل ایک بورڈ تشکیل دیا، پھر رابطہ کے مرکزی دفتر میں ۱۵-۲۲/ذی الحجہ ۱۳۸۴ھ کی تاریخوں میں منعقدہ جنرل اسلامک کانفرنس میں اس موضوع پر غور کرنے کے بعد یہ قرارداد پاس کی گئی کہ ایک ایسی اسلامی اکیڈمی قائم کی جائے جس میں عالم اسلام کے تمام حصوں سے علماء وفقہاء اور محققین کی ایک جماعت شامل ہو، وہ مسلمانوں کو درپیش مشکلات ومسائل کا مطالعہ کریں اور ان کا اسلامی حل پیش کریں۔

اس قرارداد کو عملی جامہ پہناتے ہوئے رابطہ کی مجلس تاسیسی نے اپنی ساتویں میٹنگ منعقدہ ۲۷/ذی قعدہ تا ۲۲/ذی الحجہ ۱۳۸۵ھ میں خود مجلس تاسیسی کے بعض ارکان پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی، اس کمیٹی کے صدر سماحۃ الشیخ محمد بن ابراہیم آل شیخ مقرر کیے گئے، ارکان میں حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی، حضرت مولانا سید ابوالاعلی مودودی، شیخ محمد علی حرکان، شیخ محمد محمود صواف، شیخ محمد فاضل بن عاشور اور شیخ عبدالعزیز بن باز رحمہم اللہ منتخب کیے گئے، اس کمیٹی کو مجوزہ اکیڈمی کا خاکہ پیش کرنے کی ذمہ داری دی گئی۔ کمیٹی نے رابطہ کی مجلس تاسیسی کی پندرہویں میٹنگ منعقدہ ۱۷/ذی قعدہ تا ۱۶/ذی الحجہ ۱۳۹۳ھ میں اپنی رپورٹ پیش کردی۔ اس رپورٹ کی روشنی میں میٹنگ نے ایک قرارداد پاس کرکے مجلس کے مندرجہ ذیل دس ارکان پر مشتمل باضابطہ ''اکیڈمی کا بورڈ'' تشکیل دیا:

۱- مولانا ابوالاعلی مودودی ۲- شیخ ابوبکر جومی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳- شیخ حسنین محمد مخلوف
۴- شیخ عبداللہ بن حمید
۵- شیخ علال فاسی
۶- شیخ منصور محجوب
۷- شیخ محمد علی حرکان
۸- شیخ محمد شاذلی بن قاضی
۹- شیخ محمد محمود صواف
۱۰- ڈاکٹر محمد ناصر

اس کے بعد رابطہ کی امانت عامہ نے محرم ۱۳۹۶ھ میں باقاعدہ ''المجمع الفقہی الاسلامی'' کے نام سے ادارہ قائم کر دیا اور اس کے مدیر اور دیگر ذمہ داران کی تعیین کر دی گئی۔

المجمع الفقہی الاسلامی کی ایک مجلس بنائی گئی جس میں موجودہ زمانہ کے فقہاء ومفکرین اور مختلف میدان واسلامی علوم جیسے قرآن وحدیث، فقہ، لغت، تاریخ، سماجیات اور اقتصادیات کے ماہرین پر مشتمل ایک ممتاز جماعت کو شامل کیا گیا۔ اس مجلس میں مندرجہ ذیل بارہ اسلامی ممالک کو نمائندگی دی گئی:

اردن، انڈونیشیا، پاکستان، تیونس، الجزائر، سعودی عرب، عراق، لبنان، مصر، موریتانیا، نائجیریا اور ہندوستان۔

اس اکیڈمی کے اب تک چودہ سمینار[1] منعقد ہو چکے ہیں، جن میں چالیس سے زائد جدید موضوعات ومعاصر مسائل پر ایسے اہم ترین علماء واصحاب فتاویٰ نے فیصلے کئے ہیں جن کی فقہ اسلامی کی تاریخ میں غیر معمولی اہمیت ہے۔

اس طرح کے مسائل وموضوعات پر باہمی تبادلۂ آراء واستفادہ بے حد ضروری بھی ہے اور انتہائی مفید بھی۔ اسی لئے مجمع الفقہ الاسلامی الہند (اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا) نے ضروری سمجھا کہ ان فیصلوں کو اردو کا جامہ پہنایا جائے تاکہ معاصر مسائل کے بارے میں علماء کی تحقیقی آراء سب لوگوں کے سامنے آسکیں۔ واضح رہے کہ اختلاف رائے بالخصوص جدید مسائل میں

۱- دسمبر ۲۰۰۷ء تک ۱۹ سمینار منعقد ہوئے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہمیشہ ممکن رہا ہے۔ اس کتاب میں جو فیصلے شامل ہیں ان میں سے بعض مسائل میں خود ان کے شرکاء میں بھی اختلاف ہوا ہے، بعض فیصلے ایسے بھی ہیں جو ہماری رائے کے خلاف ہیں لیکن جب تک یہ اختلاف اپنی اپنی تحقیق پر مبنی ہے اور دلائل کے ساتھ رائے پیش کی گئی ہے، اختلاف اور تحقیق کے دروازہ کو کھلا رکھنے میں ہی علم کی ترقی ہے۔

ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ اس کی افادیت کو عام کرے اور ہماری کوششوں کو شرف قبولیت بخشے۔ آمین۔

مجاہد الاسلام قاسمی

سکریٹری جنرل

اسلامک فقہ اکیڈمی انڈیا

۱۰ر محرم الحرام ۱۴۲۲ھ

۵ر اپریل ۲۰۰۱ء

❖ ❖ ❖



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مقدمہ

ڈاکٹر عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی

سکریٹری جنرل رابطہ عالم اسلامی ونائب صدر اسلامی فقہ اکیڈمی مکہ مکرمہ

نحمدک اللهم على عميم آلائک، ونشكرک على جزيل نعمائک، ونصلي ونسلم على خاتم رسلک وأنبيائک، نبينا محمد الذي أتم الله به النعمة، وكشف به الغمة، وأقام به الحجة، وعلى آله وأصحابه، ومن اهتدى بهديه وسار على سنته إلى يوم الدين. وبعد!

اسلام کی عظمت، اسلامی شریعت، کی رفعت اور بندوں کے دنیوی اور اخروی مصالح کے حوالہ سے اس کے احکام کی جامعیت ایک مسلمہ حقیقت ہے۔

درحقیقت مسلمانوں سے مطلوب بھی یہی ہے کہ وہ اپنے پروردگار کی اطاعت اور نبی کریم ﷺ کا اتباع کریں اور کتاب وسنت کی ہدایت کے مطابق عمل کریں، کیونکہ یہی دو چیزیں گمراہی سے بچانے والی ہیں اور یہی صراط مستقیم ہے۔

ارشادخداوندی ہے: ﴿وأن هذا صراطي مستقيماً فاتبعوه ولا تتبعوا السبل فتفرق بكم عن سبيله﴾ (انعام:۱۵۳)(یہ دین میرا راستہ ہے جو مستقیم ہے سواسی راہ پر چلو، اور دوسری راہوں پر مت چلو کہ وہ راہیں تم کو اللہ کی راہ سے جدا کردیں گی)۔

اور نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے: "لقد تركت فيكم ما إن تمسكتم به لن تضلوا كتاب الله وسنتي" (میں تم میں ایسی چیز چھوڑے جارہا ہوں کہ اگر تم اس کو تھامے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رہو گے تو ہرگز گمراہ نہ ہو گے اور وہ اللہ کی کتاب اور میری سنت ہے )۔اس حدیث کی روایت امام مالک اور دیگر ائمہ حدیث نے کی ہے۔

چونکہ کتاب وسنت کے نصوص محدود ہیں اور مسائل ومشکلات غیر محدود اس لئے نصوص عامہ، قواعد کلیہ اور اجتہادی مصادر کی ضرورت پڑی، یہی وجہ ہے کہ اسلامی فقہ اور اصول فقہ احکام کے استنباط واجتہاد کے ایسے مصادر وقواعد سے پر ہیں جو غایت درجہ منضبط ہیں اور فقیہ کو دین میں ایک بلند مقام حاصل ہے:"من یرد اللہ بہ خیراً یفقھہ في الدین" (اس حدیث کی روایت بخاری اور مسلم نے کی ہے )(اللہ تعالی کو اپنے جس بندہ سے خیر مقصود ہوتی ہے اسے دین کا فہم عطا کرتا ہے )۔

چنانچہ اگر کسی پیش آمدہ مسئلہ کے حکم سے متعلق کوئی واضح نص موجود ہوتی ہے تو فقیہ اس کو لے لیتا ہے اور اسے مسئلہ کے حکم پر منطبق کرتا ہے اور اگر واقعہ سے متعلق کوئی نص موجود نہیں ہوتی ہے تو فقیہ استنباط کے قابل اعتماد طریقوں کے مطابق اس کا حکم مستنبط کرتا ہے، اسی عمل کو نصوص اور ان کے معانی کی تشریح میں اجتہاد نیز روزمرہ زندگی میں نو پیش آمدہ مسائل پر قواعد کلیہ اور اجتہادی مصادر کی تطبیق میں اجتہاد کہا جاتا ہے۔

دور حاضر میں جب کہ مسلمان دنیا میں بڑی تعداد میں پائے جاتے ہیں، روئے زمین کے مشرق ومغرب میں ان کے ممالک پھیلے ہوئے ہیں، ان کی خاصی تعداد غیر اسلامی ملکوں میں قیام پذیر ہے اور ان کو بے شمار ایسے مسائل سے سابقہ پیش آتا ہے جن میں سے بعض مسلم معاشرہ کے لئے بالکل نئے ہیں، علماء امت کی طرف سے اجتماعی اجتہاد کی ضرورت شدید تر ہوگئی ہے، چنانچہ اسی غرض سے فقہی اکیڈمیاں اور ادارے قائم کئے گئے جن میں فقہاء امت مل کر ان مسائل پر باہمی غور وفکر کیا کرتے ہیں۔ رابطہ عالم اسلامی چونکہ پوری امت مسلمہ کی سطح کی سب سے بڑی اسلامی تنظیم ہے جو ملت اسلامیہ کے مسائل ومعاملات میں دلچسپی لیتی ہے اس لئے اس نے مکہ مکرمہ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں ایک فقہی اکیڈمی قائم کی جو دور حاضر کے علماء اور فقہاء کی ایک منتخب جماعت پر مشتمل ہے۔

اس موقع پر ان پاکیزہ اور بابرکت کوششوں کا تذکرہ میرے لئے باعث مسرت ہے جو اسلامی فقہ اکیڈمی اپنے پاس دستیاب تحقیقات ومطالعات، مقالوں اور مباحثوں کے ذریعہ انجام دے رہی ہے اور جن کی روشنی میں فیصلوں اور سفارشات کا ایک مجموعہ تیار ہو چکا ہے، ایسے فیصلوں کی تعداد پچانوے ہے اور یہ اکیڈمی کی چوتھائی صدی کے دوران میں منعقد ہونے والے سولہ سمیناروں کا ثمرہ ہے۔ اگر اللہ کی توفیق و مدد شامل حال نہ ہوتی تو ایسا اہم کام انجام نہ پا سکتا تھا۔

علاوہ ازیں خادم الحرمین الشریفین شاہ فہد بن عبد العزیز آل سعود اور عزت مآب ولی عہد شہزادہ عبد اللہ بن عبد العزیز آل سعود اور ان کی صالح حکومت کی طرف سے ہمیشہ رابطہ عالم اسلامی کو تعاون وتائید حاصل رہا جس سے رابطہ اکیڈمی کی کارروائیوں کو آگے بڑھانے اور اس کے پروگرام کو عملی جامہ پہنانے میں اپنی ذمہ داری نبھاتا رہا۔ اللہ ان کو بہتر جزاء عنایت کرے اور ان کے ذریعہ دین کی نصرت و مدد فرمائے۔

اگرچہ شرعی تحقیقات وتالیفات سے اسلامی کتب خانے بھرے پڑے ہیں تاہم ان فیصلوں کے ضمن میں اسلامی فقہ اکیڈمی جو کچھ پیش کر رہی ہے وہ دراصل ایک اجتماعی اجتہاد سمجھا جائے گا، کیونکہ یہ کسی ایک عالم کی بحث وتحقیق کا نتیجہ نہیں ہے بلکہ مختلف ملکوں اور مختلف ماحول کے رہنے والے علماء کرام کی ایک ایسی جماعت کا نتیجہ فکر ہے جو متعدد فنون میں مہارت رکھنے والے ہیں اور یہ نتیجہ فکر اجمالی طور پر ایسے زمانے کے مسائل اور واقعات کے حوالہ سے ایک اجتہاد ہے جس کی نمایاں چھاپ تغیر پذیری ہے، اس تغیر پذیری کی وجہ سے مسائل میں الجھاؤ، پیچیدگی، ان میں پھیلاؤ اور تنوع بلکہ ان کے مابین تضاد کا پیدا ہو جانا ناگزیر ہے۔

بلاشبہ فکر ونظر کی گہرائی وگیرائی ہو یا مختلف آراء کے دلائل کے مابین مقابلہ اور موازنہ یا ضرورت وحاجت کی رعایت کا مسئلہ، یہ تمام امور عقیدہ کے اصول کے تابع ہی ہونے چاہئیں نہ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بے لگام آزادی ہونی چاہئے اور نہ حرج میں مبتلا کردینے والی شدت پسندی۔

اکیڈمی نے اولاً ان فیصلوں کو چند کتابچوں کی شکل میں شائع کیا جن میں ہر ایک کتابچہ یا تو صرف ایک ہی سیمینار کے یا پھر چند سیمناروں کے فیصلوں پر مشتمل تھا، اس کے بعد سکریٹریٹ نے زیادہ مناسب یہ سمجھا کہ ان تمام فیصلوں کو ایک ہی جلد میں جمع کردیا جائے جس کی ترتیب سمیناروں کی تاریخ کے اعتبار سے ہو اور اس کے ساتھ مختلف قسم کی فہرستوں کا بھی اضافہ کردیا جائے تاکہ قاری کو ان فیصلوں میں سے اپنے مطلوب فیصلہ تک پہنچنے میں آسانی ہو۔

یہ فیصلے ان مختلف موضوعات مثلاً اقتصادی، طبی، معاشرتی اور فلکی وغیرہ سے متعلق ہیں جن کی ضرورت اکثر علماء، محققین اور طلبہ کو پیش آتی رہتی ہے۔ اب آپ کے سامنے ایک پکا ہوا پھل اور بہت سی بحثوں کا مکمل خلاصہ ہے۔

ان فیصلوں کے فائدوں کو عام کرنے کی غرض سے اکیڈمی کا ارادہ ہے کہ ان کا ترجمہ بھی مختلف زبانوں میں ہوجائے۔ میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ یہ ساری کوششیں صرف رضاء الٰہی کے لئے ہوں اور اس سے عام مسلمانوں کو فائدہ پہنچے اور مسلمانوں کو خواہ وہ حکام ہوں یا محکوم، اللہ توفیق دے کہ وہ اسلامی شریعت کو نافذ کریں اور اپنے معاملات میں اس سے فیصلہ چاہیں، اسی طرح میں اللہ سے دعا کرتا ہوں کہ وہ اسلامی فقہ اکیڈمی کی کونسل اور سکریٹریٹ کے تمام کارکنان اور ممبران کو بہتر بدلہ عنایت فرمائے۔ بلا شبہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ ہی وہ بہتر ذات ہے جس سے دعائیں کی جانی چاہئیں۔

وصلى الله وسلم على عبده ورسوله نبينا محمد وآله وأصحابه أجمعين ۔

◆■◆



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش گفتار

ڈاکٹر صالح بن زابن المرزوقی البقمی
سکریٹری جنرل اسلامی فقہ اکیڈمی مکہ مکرمہ

أحمد الله على نعمه التي لا تحصى وأجلها نعمة الإسلام، وأصلي وأسلم على إمام المتقين، وسيد الأولين والآخرين، نبينا محمد وعلى آله وأصحابه أجمعين وبعد!

بلا شبہ اسلام اپنی روح کے اعتبار سے تمام انسانیت کے لئے ایک پیغام ہے جو ہر زمان ومکان پر محیط اور اس کے مناسب حال ہے، اس دین کی ایک نمایاں خصوصیت اعتدال وتوازن ہے۔ یہ دین انسانی ترقی کے ہم قدم اور دنیا میں اللہ تعالی کے قوانین کے مطابق اس پر حکمراں ہے۔ اس کے بنیادی اصول وقوانین میں کسی قسم کی افراط وتفریط نہیں۔ اس کے احکام انسانیت کے لئے سراپا رحمت ہیں جو انسانی مصالح کی رعایت اور ان کی تکمیل نیز مفاسد کے ازالہ یا ان کے دائرہ کو گھٹانے اور بندوں سے مشقت و پریشانی دور کرنے پر مبنی ہیں، ارشاد ربانی ہے: ﴿وما جعل عليكم في الدين من حرج﴾ (الحج: ۷۸) (اللہ نے دین میں تم پر کسی قسم کی تنگی نہیں رکھی ہے)۔

اس روشن شریعت کی مابہ الامتیاز خصوصیت یہ ہے کہ اس کے راستے واضح ہیں، اس کے اصول وضوابط دقیق ہیں، اس کے احکام وقواعد میں کھلواڑ کرنے یا باطل کی آمیزش کرنے کی کوئی گنجائش نہیں۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

موجودہ زمانے میں جہاں ایک طرف اسلامی معاشرہ کے اندر سائنسی اور تہذیبی ارتقاء کے نتیجے میں بہت سے ایسے نئے، نہایت پیچیدہ اور چیلنج کرنے والے مسائل پیدا ہوئے جن سے انسانیت کو کبھی سابقہ نہیں پڑا تھا وہیں دوسری طرف اللہ تعالی نے فقہی اکیڈمیوں اور شرعی اداروں کے قائم کرنے کی توفیق بھی بخشی تاکہ یہ ادارے اجتماعی اجتہاد کا ایک ایسا ذریعہ بن جائیں جن سے اللہ تعالی اس امت کے دین کو تضاد اور بے مقصدیت سے محفوظ فرمادے۔ یہ اکیڈمیاں اور ادارے زندگی کے مختلف میدانوں میں امت کو درپیش مشکلات اور پیچیدہ ودشوار مسائل میں فیصلہ کرنے کا مرجع بن چکے ہیں جہاں علماء کرام اور محققین عظام واقعات کی صحیح تصویر کشی کر کے ان کے مناسب شرعی احکام کی رہنمائی کرتے ہیں۔

الحمد للہ اسلامی فقہ اکیڈمی مکہ مکرمہ مضبوط ستونوں اور واضح اصولوں پر قائم ہے۔ یہ اپنے فیصلوں اور سفارشات میں اعتدال کی راہ اختیار کرتی ہے اور صرف دلیل شرعی یعنی کتاب وسنت، اجماع وقیاس اور دیگر معتبر شرعی مآخذ ہی کو بنیاد بناتی ہے۔ نصوص کا اتباع اور مقاصد شریعت کی رعایت کرتے ہوئے، شریعت سے منحرف صورت حال اور مہلک نفسانی خواہشات سے متاثر ہوئے بغیر یہ اکیڈمی ہر ایسے جدید نافع کو خوش آمدید کہتی ہے جو شریعت اسلامی کے احکام سے نہ ٹکراتا ہو اور یہ اللہ کا فضل وکرم ہے کہ اکیڈمی سے ایسا کوئی بھی فیصلہ صادر نہیں ہوا جس میں نصوص کو صورت حال کے تابع کر دیا گیا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ عالم اسلام میں اکیڈمی کے فیصلوں کا ایک مؤثر وزن ہے۔

یہ اکیڈمی اجتماعی اجتہاد کی نمائندگی کرتی ہے جہاں علماء درپیش مسائل میں باہم مشورہ کرتے ہیں اور اس میں تو کوئی شبہ نہیں کہ جماعت کی رائے ایک فرد کی رائے سے زیادہ صائب اور درستگی کے قریب تر ہوتی ہے، کیونکہ ایسا ہوسکتا ہے کہ ایک شخص کی نظر موضوع کے کسی ایسے پہلو تک پہنچ جائے جو دوسروں کے حاشیہ خیال میں بھی نہ آئے اور پھر کسی شخص کو وہ باتیں بھی یاد رہتی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں جو دوسروں کے ذہن میں نہیں رہتی ہیں، پھر کبھی باہمی بحث ومناقشہ ان نقطوں کو بھی واضح کر دیتا ہے جو مخفی ہوتے ہیں، پیچیدہ اور غیر واضح امور کو روشن کر دیتا ہے اور بہت سی بھولی ہوئی چیزیں بھی یاد دلا دیتا ہے۔

اکیڈمی کے مقاصد کو بروئے کار لانے اور اسلام اور مسلمانوں کی خدمت کے حوالے سے اس کی پیہم کوششوں کو آگے بڑھاتے ہوئے ہمیں اکیڈمی کے فیصلوں کو پیش کرتے ہوئے خوشی ہو رہی ہے عالم اسلام کے لئے بالعموم اور علماء کرام، محققین عظام اور طلباء کے لئے بالخصوص، نیز ان کے لئے بھی جنہیں دور حاضر کے نئے مسائل سے سابقہ پڑتا رہتا ہے اور وہ اپنی روزہ مرہ زندگی کے مختلف احوال مثلاً تجارت وطبابت وغیرہ میں اس سے دوچار ہوتے رہتے ہیں اور پھر جب بھی ان کی ملاقات کسی عالم شریعت سے ہوتی ہے تو عتاب آمیز لہجے میں علماء کی کوتاہیوں کا اشارتاً ذکر کرتے ہوئے اپنی تمناؤں اور آرزوؤں کا بار بار اظہار کرتے ہیں اور اس سلسلے میں وہ کہتے رہتے ہیں کہ اس طرح کے نئے مسائل جوامت کے سامنے اس سے پہلے کبھی پیش نہیں آئے ان کی بحث وتحقیق تو علماء شریعت کی ذمہ داری ہے۔

الغرض ہم بڑی مسرت کے ساتھ مذکورہ تمام لوگوں کے لئے ان فیصلوں کو پیش کر رہے ہیں جو اکیڈمی نے اپنے سولہ سمیناروں[1] کے اندر کئے ہیں اور جن کی تعداد سفارشات کے علاوہ پنچانوے ہے۔ ہم لوگوں کی رائے یہ ہوئی کہ ان فیصلوں کو ان کے مراجع کی تحقیق وتصحیح کے بعد چند فہرستوں کے اضافہ کے ساتھ ایک عمدہ اور نئی شکل میں قارئین کرام کو پیش کرنے کے لئے دوبارہ ان کی طباعت کرائی جائے، کیونکہ یہ بہت سی ان گہری بحثوں، تفصیلی تحقیقات اور طویل مناقشوں کا مختصر مگر مکمل خلاصہ ونچوڑ ہے جس کے نتیجہ میں یہ پکا ہوا پھل ملا ہے۔

یہاں یہ ذکر کر دینا بھی مناسب ہے کہ یہ فیصلے مختلف موضوعات مثلاً اعتقادی، فقہی،

---

۱- دسمبر ۲۰۰۷ء تک اکیڈمی کے ۱۹ سمینار ہوئے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اقتصادی، طبی اور فلکی وغیرہ پر مشتمل ہیں جن کی تفصیل ووضاحت کو میں ان کی فہرستوں پر محول کرتے ہوئے چھوڑ رہا ہوں۔

پھر ان فیصلوں کی عام اشاعت اور اس کے دائرہ استفادہ کو وسیع تر کرنے کی اکیڈمی کی رغبت وخواہش کے پیش نظر میں نے ایک ممتاز ادارہ کو اس کے نشر واشاعت کی ذمہ داری سپرد کی جیسا کہ اس سے پہلے اس کو اکیڈمی کے معیاری مجلّہ کی اشاعت وتقسیم کی ذمہ داری دے چکا ہوں۔ اکیڈمی ان فیصلوں کا مختلف زبانوں میں ترجمہ کرانے کا بھی ارادہ رکھتی ہے، چونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کی ذات ہی سے اعمال کی کامیابی، مقاصد کی تکمیل اور آرزوؤں کے حصول کی دعائیں کی جانی چاہئیں لہذا میں اسی سے دعا کرتا ہوں کہ وہ ہماری دست گیری فرمائے اور ہمیں کامیابی اور کامرانی سے نوازے۔ اللہ تعالی اکیڈمی سے منسوب ومنسلک سکریٹریٹ اور کونسل کے تمام ارکان کو اجر جزیل سے نوازے۔ بلاشبہ وہی دعاؤں کو سننے والا اور قبول کرنے والا ہے۔

وصلى الله على نبينا محمد وآله وصحبه ومن تبعهم بإحسان إلى يوم الدين۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پہلے سمینار

# منعقدہ ۱۰-۱۷/شعبان المعظم ۱۳۹۸ھ

# کے فیصلے

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

☆☆☆

☆ پہلا فیصلہ: ماسونیت اور اس سے وابستگی کا حکم

☆ دوسرا فیصلہ: کمیونزم اور اس سے وابستگی کا حکم

☆ تیسرا فیصلہ: قادیانیت اور اس سے وابستگی کا حکم

☆ چوتھا فیصلہ: بہائیت اور اس سے وابستگی کا حکم

☆ پانچواں فیصلہ: انشورنس اور اس کی مختلف شکلیں

-استاذ مصطفیٰ الزرقاء کا اختلاف

☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پہلا فیصلہ:

## ماسونیت اور اس سے وابستگی کا حکم

**الحمد لله والصلاة و السلام على رسول الله و على آله و أصحابه و من اهتدى بهداه. أما بعد**

اسلامی فقہ اکیڈمی نے ماسونیت اور اس کے ساتھ وابستہ لوگوں کے بارے میں شریعت اسلامی کے حکم پر غور کیا۔ اکیڈمی کے ارکان نے اس خطرناک تنظیم کے بارے میں پوری طرح غور وفکر اور تحقیق کی نیز اس کے متعلق پہلے یا اب جو کچھ لکھا گیا ہے اس کا مطالعہ کیا اور خود اس تنظیم کے ارکان اور اس کی مرکزی شخصیات کی مطبوعہ تحریروں اور تنظیم کے ترجمان رسائل میں شائع مقالات میں تنظیم سے متعلق جو دستاویزات شائع ہوئی ہیں ان سب کا گہرائی کے ساتھ جائزہ لیا۔

ان تمام تحریروں کا بھر پور مطالعہ کرنے کے بعد اکیڈمی کے سامنے درج ذیل امور پوری طرح واضح ہو گئے:

۱- ماسونیت ایک خفیہ اور باطنی تنظیم ہے جو وقت اور حالات کے مطابق کبھی اپنے کو مخفی رکھتی ہے اور کبھی اس کا اظہار کرتی ہے، لیکن تمام حالات میں اس کے حقیقی اصول ومبادی خفیہ اور باطنی رہتے ہیں یہاں تک کہ ارکان سے بھی مخفی رکھے جاتے ہیں سوائے ان اخص الخواص ارکان کے جو مختلف تجربات سے گذرنے کے بعد بلند ترین مناصب تک پہنچ پاتے ہیں۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲- یہ تنظیم پوری روئے زمین پر پھیلے ہوئے اپنے ارکان کے مابین محض سادہ اور معصوم لوگوں کو دھوکہ میں ڈالنے کے لئے انسانی بھائی چارہ کا نعرہ دیتی ہے جو بظاہر بلا لحاظ عقیدہ، مسلک و مذہب اپنے تمام لوگوں کے درمیان انسانی بھائی چارہ کا رشتہ پیدا کرنا چاہتی ہے۔

۳- یہ تنظیم جن اشخاص کو اپنی تنظیم سے وابستہ کرنے میں دلچسپی رکھتی ہے، انہیں شخصی منافع کا لالچ دے کر اپنی جانب اس بنیاد پر متوجہ کرتی ہے کہ ہر ماسونی بھائی دنیا کے کسی بھی حصہ میں موجود دوسرے ماسونی بھائی کی مدد میں لگا ہوا ہے، وہ اس کی ضروریات، مقاصد اور پریشانیوں میں معاون ہوتا ہے، اگر وہ سیاسی بلند حوصلگی رکھتا ہو تو اس کے مقاصد میں اس کی تائید کرتا ہے، مصیبت میں اس کا مددگار رہتا ہے، اس معاونت میں حق و باطل اور ظالم و مظلوم کا امتیاز نہیں برتا جاتا، اگرچہ بظاہر یہی باور کیا جاتا ہے کہ باطل میں نہیں بلکہ حق میں معاونت ہے اور اس طرح یہ تنظیم لالچ دے کر مختلف اجتماعی مراکز سے لوگوں کا شکار کرتی ہے اور ان سے غیر معمولی مالی تعاون لیتی ہے۔

۴- نئے ممبر کی تنظیم سے وابستگی کے لئے جشن کا اہتمام کیا جاتا ہے جس میں دہشت انگیز قسم کے رسوم اور رمزی اشکال کے ذریعہ تنظیم کی تعلیمات و ہدایات کی خلاف ورزی پر کارکن کے دل میں دہشت بٹھائی جاتی ہے۔

۵- سادہ لوح ارکان کو اپنے مذہبی شعائر پر عمل کے لئے پوری طرح آزاد چھوڑ دیا جاتا ہے اور ان کے مناسب دائروں میں ان سے کام لیا جاتا رہتا ہے اور معمولی مراتب پر ہی انہیں برقرار رکھا جاتا ہے، لیکن ملحدین یا الحاد پر آمادہ اشخاص کے مراتب میں، تنظیم کے خطرناک مقاصد اور منصوبوں کی تکمیل میں ان کی دلچسپی جاننے کے لئے ان سے لئے گئے متعدد امتحانات اور تجربات کی روشنی میں، بتدریج اضافہ ہوتا رہتا ہے۔

۶- یہ تنظیم سیاسی مقاصد کی حامل ہے، بیشتر سیاسی و عسکری انقلابات اور خطرناک تبدیلیوں کے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اندر اس کا دماغ اور پوشیدہ یا ظاہر اس کا ہاتھ ہوتا ہے۔

۷- یہ اپنی اصل اور بنیاد کے اعتبار سے یہودی تنظیم ہے، عالمی اعلا سطحی خفیہ یہودی انتظام کے ماتحت ہے اور صہیونی سرگرمیوں کی حامل ہے۔

۸- یہ اپنے خفیہ حقیقی مقاصد کے مطابق سارے مذاہب کی ضد ہے، دوسرے مذاہب کو عموماً اور اسلام کو بالخصوص منہدم کر دینا چاہتی ہے۔

۹- یہ ایسے لوگوں کو اپنی تنظیم سے وابستہ کرنے میں دلچسپی رکھتی ہے جو مالی، سیاسی، سماجی، علمی یا کوئی بھی ایسی نمایاں حیثیت رکھتے ہوں جس سے فائدہ اٹھا کر یہ اپنے افراد کو معاشرہ میں داخل کر سکے۔ ایسے لوگوں کو اپنی تنظیم میں شامل کرنے سے دلچسپی نہیں رکھتی ہے جن کی حیثیت سے وہ کوئی فائدہ نہ اٹھا سکتی ہو۔ اسی لئے یہ تنظیم بادشاہوں، سربراہان، وزراء اور اہم عہدیداران حکومت کو تنظیم سے وابستہ کرنے کے لئے پوری طرح سرگرم رہتی ہے۔

۱۰- اس تنظیم کی مختلف شاخیں ہیں، جو لوگوں کو دھوکہ میں رکھنے اور نگاہوں سے محفوظ رہنے کی غرض سے دوسرے مختلف ناموں سے سرگرم رہتی ہیں، تاکہ اگر ماسونیت کے نام پر کسی علاقہ میں کوئی پابندی لگ جائے تو مختلف ناموں سے چلنے والی یہ پوشیدہ شاخیں اپنی سرگرمی جاری رکھ سکیں، ان شاخوں میں نمایاں ترین (Lions Club) اور (Rotary Club) ہیں اور ان کے علاوہ دیگر گندی و گھٹیا قسم کی سرگرمیاں اور اصول ہیں جو اسلام کی بنیادوں سے پوری طرح متصادم ہیں۔

اکیڈمی کے سامنے پوری طرح واشگاف ہو چکا ہے کہ عالمی صہیونی یہودیت کے ساتھ ماسونیت کے گہرے تعلقات ہیں اور اسی وجہ سے اس نے عرب ممالک وغیرہ کے بیشتر سربراہوں کی سرگرمیوں پر فلسطین کے مسئلے میں غلبہ حاصل کرنے اور اس اہم اور فیصلہ کن مسئلہ کے سلسلے میں ان کی ذمہ داریوں اور فرائض میں یہودیت اور عالمی صہیونیت کے مفاد کی خاطر رکاوٹیں ڈالنے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں کامیابی حاصل کی ہے۔

ان وجوہ سے نیز ماسونیت کی سرگرمیوں، اس کے خطرناک منصوبوں، مخفی چالوں اور سازشی مقاصد سے متعلق دیگر بہت ساری تفصیلی معلومات کی بنیاد پر اکیڈمی فیصلہ کرتی ہے کہ ماسونیت اسلام اور مسلمانوں کے حق میں انتہائی تباہ کن تنظیم ہے اور جو لوگ اس کی حقیقت اور اس کے مقاصد سے واقفیت کے باوجود اس سے وابستہ رہیں اکیڈمی ان کو اسلام کا منکر اور مسلمانوں کی جماعت سے خارج قرار دیتی ہے۔

علامہ مصطفیٰ زرقاء کی رائے میں جملہ (جو لوگ اس کی حقیقت اور اس کے مقاصد سے واقفیت کے باوجود اس سے وابستہ ہیں) اور جملہ (وہ اسلام کے منکر ہیں....) کے درمیان یہ اضافہ ضروری ہے (اور وہ اس کے جواز کا اعتقاد رکھتے ہوں) تاکہ ارتکاب معاصی کو مباح سمجھ کر گناہ کرنے والے اور ناجائز سمجھتے ہوئے گناہ کرنے والوں کے درمیان حکم شرعی کا یہ فرق واضح رہے کہ پہلا شخص کافر ہے اور دوسرا فاسق اور گنہ گار۔

والله ولي التوفيق.

[دستخط]
نائب صدر
محمد علی الحرکان
سکریٹری جنرل رابطہ عالم اسلامی

[دستخط]
صدر
عبداللہ بن حمید
صدر مجلس اعلی برائے قضاء سعودی عرب

## ممبران

[دستخط]
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز
چیئرمین
ادارہ تحقیقات علمیہ وافتاء
سعودی عرب

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
محمد بن عبداللہ السبیل

[دستخط]
صالح بن عثیمین

[دستخط]
محمد رشید قبانی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| مصطفیٰ الزرقاء | محمد رشیدی | عبدالقدوس الہاشمی الندوی |
| | [دستخط سے پہلے روانگی] | |
| | ابوبکر جومی | |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# دوسرا فیصلہ:

## کمیونزم اور اس سے وابستگی کا حکم

الحمد لله وحده و الصلاة و السلام على من لا نبي بعده. و بعد:

اسلامی فقہ اکیڈمی کے سمینار میں جن چند اہم اور نازک مسائل کا مطالعہ کیا گیا ان میں سے ایک موضوع کمیونزم اور اشتراکیت نیز ان فکری حملوں کا ہے جو عالم اسلام کو ممالک کی سطح پر اور افراد اور ان کے عقائد کی سطح پر درپیش ہیں، اسی طرح اجلاس میں وہ مسائل بھی زیر بحث آئے جن سے خود یہ ممالک و اقوام اس یلغار کی خطرناکیوں کی طرف توجہ نہ دینے کے سبب دوچار ہیں۔

اکیڈمی محسوس کرتی ہے کہ عالم اسلام کے بیشتر ممالک فکری اور اعتقادی تہی دامنی سے دوچار ہیں، خصوصاً اس وجہ سے کہ درآمد شدہ افکار وعقائد اس طریقہ سے تیار کئے گئے ہیں کہ وہ اسلامی معاشروں میں داخل ہو کر عقائد میں بگاڑ، فکر وعمل میں انارکی اور انسانی اقدار میں پستی اور معاشرہ کی تمام اقدار خیر میں تزلزل پیدا کر دیتے ہیں۔ یہ حقیقت پوری طرح واضح نظر آتی ہے کہ بڑے بڑے ممالک اپنے نظام اور رجحانات میں فرق کے باوجود محض اسلام سے عداوت اور اسلام اور مسلمانوں کی بیداری کے خوف سے اس بات کے لئے پوری طرح کوشاں ہیں کہ اسلام سے نسبت رکھنے والے ہر ملک کا شیرازہ بکھیر دیں۔ اسی لئے اسلام سے عناد رکھنے والے تمام ممالک نے عقائد اور اخلاق دو محاذوں پر اپنی توجہ مرکوز کی۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عقائد کے میدان میں ہر اس شخص کی ہمت افزائی کی گئی جس نے کمیونسٹ نظریہ کو گلے لگایا، جس کی تعبیر اصولی طور پر بیشتر لوگوں کے نزدیک اشتراکیت سے کی جاتی ہے اور ایسے شخص کی حمایت میں ذرائع ابلاغ، صحافت، نگاہوں کو خیرہ کردینے والے پروپیگنڈے اور خریدے ہوئے اہل قلم کی فوج مصروف کار ہوگئی، اسے کبھی آزادی کا نام دیا گیا، کبھی ترقی پسندی کا اور کبھی جمہوریت کا اور اس کے خلاف جو بھی اصلاحی کوششیں ہوئیں، بلند اقدار اور اسلامی تعلیمات کے تحفظ کے لئے جو بھی قدم اٹھائے گئے انہیں رجعت پسندی، پسماندگی اور موقع پرستی جیسے ناموں سے نوازا گیا، اخلاق کے میدان میں اباحیت اور جنسی اختلاط کی دعوت دی گئی اور اسے بھی ترقی پسندی اور آزادی کے نام پر فروغ دیا گیا، انہیں پوری طرح یہ اندازہ تھا کہ دین اور اخلاق کا خاتمہ ان کے لئے فکری، سیاسی اور مادی غلبہ کی ضمانت ہے اور جب بھی وہ اس کام کی تکمیل کر لیں گے خیر اور اصلاح کی تمام اقدار پر مکمل غلبہ وقبضہ انہیں حاصل ہو جائے گا اور جدھر چاہیں گے ان کا رخ پھیر دیں گے، یہیں سے فکری، اعتقادی اور سیاسی کشمکش کا آغاز ہوا، کمیونزم کی طرف جھکاؤ رکھنے والوں کو طاقت پہنچائی گئی، دولت، ہتھیار اور پروپیگنڈہ سے انہیں کمک پہنچائی گئی، تاکہ معاشرہ میں انہیں مرکزیت حاصل ہو جائے اور حکومت کی باگ ڈور پر قبضہ ہو جائے، پھر اس کے بعد قتل وگرفتاری، آزادی کا گلا گھونٹنے اور دین واخلاق کے حامل ہر شخص کو زنداں کی سلاخوں کے پیچھے ڈالنے کا جو سلسلہ شروع ہوتا ہے وہ بیان سے باہر ہے۔

اسی لئے کمیونسٹ یلغار نے ان اسلامی ممالک کو اپنے پنجہ میں دبوچ لیا جنہوں نے اس کے سامنے اپنی دینی اور اخلاقی اقدار وروایات کے بند نہیں باندھے تھے۔ اکیڈمی کے اوپر اس کے علمی اور دینی اختصاص کے دائرہ میں یہ فرض تھا کہ وہ ان خطرات کی جانب توجہ دلائے اور مختلف ابلاغی اور عسکری وسائل کے ذریعہ ہونے والی خطرناک سیاسی، اعتقادی اور فکری یلغار کے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نتائج سے آگاہ کرے۔اسی لئے اکیڈمی کے اجلاس منعقدہ مکہ مکرمہ میں درج ذیل فیصلے کئے گئے:

اکیڈمی عالم اسلام کی اقوام اور ممالک کی توجہ اس جانب مبذول کرانا ضروری سمجھتی ہے کہ کمیونزم بلاشک وشبہ اسلام کے منافی ہے اور کمیونزم سے وابستگی اس دین کا انکار ہے جسے اللہ نے اپنے بندوں کے لئے پسند فرمایا ہے۔کمیونزم انسانی اور اخلاقی اقدار کو تباہ کر دیتی ہے اور انسانی معاشروں کے بندھن توڑ دیتی ہے۔اسلامی شریعت وہ آخری آسمانی دین ہے جو حکیم وستودہ صفات ذات باری تعالی کی جانب سے نازل ہوا ہے تاکہ لوگوں کو تاریکیوں سے نکال کر روشنی میں پہنچائے ،اسلام سیاسی ،ثقافتی ،سماجی اور اقتصادی ہر لحاظ سے حکومت کا ایک مکمل نظام ہے اور اس کی بنیاد پر مسلمانوں کو ان تمام فتنوں سے نجات مل سکتی ہے جنھوں نے مسلمانوں کو ٹکڑیوں میں بانٹ دیا ہے۔ان کے اتحاد کو پارہ پارہ کر دیا ہے اوران کے شیرازہ کو منتشر کر دیا ہے، بالخصوص ان معاشروں میں جو اسلام سے متعارف ہوئے اور پھر اسے پس پشت ڈال دیا ،انہی سب وجوہات کی بناء پر خطرناک کمیونسٹ اشترا کی یلغار کا سخت ترین حملہ اسلام پر کیا گیا تاکہ اس کے مبادی واقدار اور حکومتوں کو ختم کر دیا جائے۔یہ اجلاس اسلامی ممالک اور مسلم اقوام سے اپیل کرتا ہے کہ وہ مختلف ذرائع سے اس تباہ کن خطرہ کے سد باب کی ضرورت پر توجہ دیں،ان میں سے چند ذرائع درج ذیل ہیں:

الف- موجودہ مکمل نظام تعلیم اور نصاب تعلیم پر جلد از جلد نظر ثانی کی جائے ، کیونکہ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ ان مناہج اور نظام میں زہریلے کمیونسٹ اور ملحدانہ افکار داخل کر دئے گئے ہیں جو اسلامی ممالک کے اندرون میں آکر اور اسلام ہی کے فرزند اساتذہ اور مصنفین کے ہاتھوں اسلام سے برسر پیکار ہیں۔

ب- اسلامی ممالک کے تمام شعبوں بالخصوص ذرائع ابلاغ ، معاشیات ، داخلی اور خارجی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تجارت اور علاقائی انتظامیہ کے شعبوں پر جلد از جلد نظر ثانی کر کے ان کی صفائی، درستگی اور اسلام کے صحیح اصولوں پر ان کی بنیادیں استوار کی جائیں جن سے اسلامی ممالک اور اقوام کے وجود کو استحکام حاصل ہو، کینہ و بغض سے معاشروں کو صاف کر دیا جائے اور اخوت، تعاون اور پاکیزگی کی روح ان میں عام ہو جائے۔

ج۔ اسلامی ممالک اور اقوام کو آمادہ کیا جائے کہ وہ ایسے مخصوص مدارس کے قیام اور امانت دار داعیوں کی تیاری کے لئے کوشش کریں جن کے ذریعہ اس یلغار کی تمام صورتوں کا مقابلہ کیا جائے اور ایک جانب اس یلغار کی حقیقت اور اس کی سنگینیوں سے واقفیت حاصل کرنے اور دوسری جانب اسلام کے حقائق اور چشموں سے آگاہی حاصل کرنے والوں کے لئے گہری تحقیقات فراہم کر دی جائیں، اس قسم کے مدارس اور داعیان کرام جس ملک میں جس قدر زیادہ تیار ہوں گے غلط مغربی افکار کے ازالہ کی امید اسی قدر زیادہ ہوگی اور اس طرح ایک ایسا عملی منظّم اور علم سے آراستہ محاذ تیار ہو جائے گا جو اسلامی اقدار کے لئے چیلنج بننے والے تمام رجحانات کے مقابلہ پر اپنی قلعہ بندی کر سکے گا۔

اسی طرح اجلاس ہر جگہ کے علماء اسلام، اسلامی تنظیموں اور اداروں کو بھی متنبہ کرتا ہے کہ وہ ان ملحدانہ خطرناک افکار کے مقابلہ کے لئے کمر بستہ ہو جائیں جو ان کے دین، عقائد اور شریعت اور ان کے وطن کو نابود کر دینا چاہتے ہیں اور لوگوں کو اشتراکیت اور کمیونزم کی حقیقت سے آگاہ کرتے ہوئے بتائیں کہ یہ دونوں اسلام کے خلاف جنگ ہیں۔

**واللہ يقول الحق، وهو يهدي السبيل، والحمد لله رب العالمين، وصلى الله على سيدنا محمد وعلى آله وأصحابه أجمعين.**



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[دستخط]

نائب صدر

محمد علی الحرکان

سکریٹری جنرل رابطہ عالم اسلامی

[دستخط]

صدر

عبداللہ بن حمید

صدر مجلس اعلیٰ برائے قضاء سعودی عرب

## ممبران

[دستخط]

عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز

چیئرمین

ادارہ تحقیقات علمیہ وافتاء

سعودی عرب

[دستخط]

محمد محمود الصواف

[دستخط]

صالح بن عثیمین

[دستخط]

محمد بن عبداللہ السبیل

[دستخط]

محمد رشید قبانی

[دستخط]

مصطفیٰ الزرقاء

[دستخط]

محمد رشیدی

[دستخط سے پہلے روانگی]

ابوبکر جومی

[دستخط]

عبدالقدوس الہاشمی الندوی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# تیسرا فیصلہ:

## قادیانیت اوراس سے وابستگی کا حکم

الحمد لله والصلاة و السلام علی رسول الله و علی آله و أصحابه و من اهتدى بهداه. أما بعد.

اسلامی فقہ اکیڈمی کے سیمنار میں قادیانی جماعت کا جائزہ لیا گیا جس کا ظہور انیسویں صدی عیسوی میں ہندوستان میں ہوا تھا اور جسے احمدیہ بھی کہا جاتا ہے۔ اجلاس نے اس مذہب کا مطالعہ کیا جس کی دعوت اس کے بانی مرزا غلام احمد قادیانی (۱۸۷۶ء) نے دی ہے اور اس کا دعوی ہے کہ وہ نبی ہے، اس پر وحی آتی ہے، وہ مسیح موعود ہے اور یہ کہ پیغمبر اسلام سیدنا محمد بن عبد اللہ ﷺ پر نبوت ختم نہیں ہوئی ہے (جیسا کہ قرآن کریم اور سنت کی صراحت کے مطابق ختم نبوت کا عقیدہ تمام مسلمانوں کا ہے)۔ اس کا دعوی ہے کہ اس پر دس ہزار سے زائد آیتیں اتاری اور وحی کی گئی ہیں، اس کی تکذیب کرنے والا کافر ہے نیز یہ کہ قادیان کا حج تمام مسلمانوں پر واجب ہے، کیونکہ قادیان مکہ اور مدینہ کی طرح مقدس ہے اور قرآن کریم میں اسی کا نام مسجد اقصی بتایا گیا ہے یہ تمام باتیں اس کی مطبوعہ کتاب ''براہین احمدیہ'' اور ''تبلیغ'' نامی رسالہ میں صراحت کے ساتھ موجود ہیں۔

اکیڈمی کے اجلاس نے غلام احمد قادیانی کے بیٹے اور خلیفہ مرزا بشیر الدین کے اقوال وتصریحات کا بھی جائزہ لیا۔ اس کی کتاب '' آئینہ صداقت'' میں اس کا یہ قول موجود ہے کہ'' جو مسلمان بھی مسیح موعود (یعنی اس کے والد مرزا غلام احمد) کی بیعت میں داخل نہ ہو خواہ اس نے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ان کا نام سنا ہو یا نہ سنا ہو، وہ کافر اور اسلام سے خارج ہے'' (کتاب مذکور صفحہ ۳۵)۔

قادیانی اخبار ''الفضل'' میں خود اس نے اپنے والد غلام احمد قادیانی کا یہ قول نقل کیا ہے: ''مسلمانوں سے ہمارا ہر چیز میں اختلاف ہے: اللہ، رسول، قرآن، نماز، روزہ، حج، زکاۃ، ان میں سے ہر چیز میں ان کے ساتھ ہمارا جوہری اختلاف ہے'' (اخبار ''الفضل'' ۳۰ر جولائی ۱۹۳۱ء)۔

اسی اخبار کی تیسری جلد میں یہ عبارت بھی ہے کہ ''بے شک مرزا ہی نبی محمد ﷺ ہیں''، اس نے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی زبان سے قرآن کے ان الفاظ ''ومبشرًا برسول يأتي من بعدي اسمه أحمد'' کا مصداق خود اپنی ذات کو قرار دیا ہے (کتاب انذار الخلافۃ صفحہ ۲۱)۔

اجلاس نے معتبر مسلمان علماء اور اہل قلم کی ان تحریروں کو بھی اپنے پیش نظر رکھا جن میں فرقۂ قادیانی احمدی کے اسلام سے مکمل طور پر خارج ہونے کی وضاحت کی گئی ہے۔

اسی بنیاد پر پاکستان میں شمالی حدود کی صوبائی اسمبلی نے ۱۹۷۴ء میں اپنے تمام ممبران کی متفقہ آراء سے یہ فیصلہ کیا کہ باشندگان پاکستان میں قادیانی فرقہ ایک غیر مسلم اقلیت ہے، پھر پاکستان کی پارلیمنٹ نے متفقہ طور پر قرارداد پاس کی کہ قادیانی فرقہ ایک غیر مسلم اقلیت ہے۔

اس عقیدہ کے علاوہ مرزا غلام احمد قادیانی نے ہندوستان کی انگریزی حکومت جس کی تائید وحمایت اسے حاصل رہی ہے، کے نام اپنے خطوط میں حرمت جہاد کا اعلان بھی کیا، اس نے جہاد کے تصور کی نفی کی تا کہ مسلمان ہندوستان کی استعماری انگریزی حکومت کے وفادار بن جائیں، کیونکہ کچھ جاہل مسلمانوں کی طرف سے نظریہ جہاد کی اشاعت مسلمانوں کی طرف سے انگریزوں کی وفاداری میں مانع بنتی ہے۔

وہ اپنی کتاب ''شہادۃ القرآن'' طبع ششم کے ضمیمہ میں صفحہ ۱۷ پر لکھتا ہے: ''مجھے یقین ہے کہ میرے متبعین جتنے زیادہ ہوں گے اور ان کی تعداد جس قدر بڑھے گی جہاد پر ایمان رکھنے والے کم ہوتے جائیں گے، کیونکہ میرے مسیح یا مہدی ہونے پر ایمان لانے سے جہاد کا انکار لازم آتا ہے'' (دیکھئے: مولانا ابوالحسن علی ندوی کا رسالہ، شائع کردہ رابطہ، صفحہ ۲۵)۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اکیڈمی کا یہ اجلاس قادیانیت کے عقیدہ، آغاز، اس کی بنیادیں اور اسلام کے صحیح عقیدہ کی بیخ کنی اور مسلمانوں کو اپنے عقیدہ سے گمراہ کرنے والے ان کے خطرناک مقاصد سے متعلق ان تمام ثبوت و دلائل اور ان کے علاوہ دیگر بہت سارے تفصیلی ثبوت کی بنیاد پر بالاتفاق یہ فیصلہ کرتا ہے کہ قادیانیت (جسے احمدیت بھی کہتے ہیں) کا عقیدہ اسلام سے مکمل طور پر الگ ہے اور اس کے ماننے والے کافر اور اسلام سے مرتد ہیں اور ان کا اپنے کو مسلمان ظاہر کرنا سراسر دھوکا ہے۔ اکیڈمی کا یہ اجلاس اعلان کرتا ہے کہ مسلم حکومتوں، علماء، اہل قلم، مفکرین اور دعاۃ وغیرہ کا یہ فریضہ ہے کہ وہ دنیا کے ہر گوشہ میں اس گمراہ فرقہ کا مقابلہ کریں۔ وباللہ التوفيق.

[دستخط]
نائب صدر
محمد علی الحرکان
سکریٹری جنرل رابطہ عالم اسلامی

[دستخط]
صدر
عبداللہ بن حمید
صدر مجلس اعلی برائے قضاء سعودی عرب

## ممبران

[دستخط]
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز
چیئرمین
ادارہ تحقیقات علمیہ وافتاء
سعودی عرب

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
صالح بن عثیمین

[دستخط]
محمد بن عبداللہ السبیل

[دستخط]
محمد رشید قبانی

[دستخط]
مصطفیٰ الزرقاء

[دستخط]
محمد رشیدی

[دستخط]
عبدالقدوس الہاشمی الندوی

[دستخط سے پہلے روانگی]
ابوبکر جومی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چوتھا فیصلہ:

## بہائیت اور اس سے وابستگی کا حکم

الحمد لله والصلاة و السلام على رسول الله و على آله و أصحابه و من اهتدى بهداه. أما بعد.

اسلامی فقہ اکیڈمی کے سیمینار میں گذشتہ صدی کے نصف آخر میں ایران کے اندر ظاہر ہونے والے بہائی فرقہ کا جائزہ لیا گیا جسے مسلم اور غیر مسلم ممالک میں پھیلے کچھ لوگ اپنا مذہب قرار دیتے ہیں۔

اجلاس نے اس مذہب کی حقیقت، اس کے قیام، اس کی دعوت، اس کی کتابوں اور اس کے بانی مرزا حسین علی مازندرانی مولود بتاریخ ۲۰ / محرم ۱۲۳۳ھ مطابق ۱۲ / نومبر ۱۸۱۷ء کے حالات زندگی اور اس کے متبعین پھر اس کے خلیفہ اور بیٹے عباس آفندی مشہور بہ عبدالبہاء کی زندگی اور اس فرقہ کے اعمال و سرگرمیوں کو منظم کرنے والے ان کے مذہبی امور سے متعلق بہت سارے علماء، اہل قلم اور واقفیت رکھنے والے اصحاب کی تحریروں کا جائزہ لیا۔

بیشتر مستند ثبوت جنھیں خود بعض بہائیوں نے بھی پیش کیا ہے، سے آگاہی اور جائزہ کے بعد اکیڈمی کا اجلاس درج ذیل قرارداد منظور کرتا ہے:

۱۔ ''بہائیہ'' ایک گھڑا ہوا نیا مذہب ہے جو اس ''بابیہ'' مذہب کی بنیاد پر قائم ہے جو خود بھی ایک گھڑا ہوا نیا مذہب ہے جس کا بانی علی محمد نامی شخص ہے، اس شخص کی پیدائش یکم محرم



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱۲۳۵ھ مطابق اکتوبر ۱۸۱۹ء کو شیراز میں ہوئی۔ ابتداء میں اس کے رجحانات شیخیہ کے طریقہ پر صوفیانہ اور فلسفیانہ تھے، طریقۂ شیخیہ کی ابتداء اس کے گمراہ استاذ کاظم رشتی خلیفہ احمد زین الدین الاحسائی نے کی تھی، جس کا خیال تھا کہ اس کا جسم فرشتوں کے جسم کی طرح نورانی ہے اور وہ بہت سے دوسرے باطل مغالطوں اور خرافات کا قائل ہوا۔

علی محمد نے بھی اپنے استاذ کی یہی بات کہی، پھر اس سے علاحدہ ہوگیا اور ایک عرصہ کے بعد ایک نئے روپ میں ظاہر ہو کر دعوی کیا کہ وہ علی ابن ابی طالب ہے، جن کے بارے میں رسول اللہ ﷺ سے مروی ہے کہ ''میں علم کا شہر ہوں اور علی اس کا دروازہ (باب) ہے''، اسی لئے اس نے اپنا نام ''باب'' رکھ لیا، پھر اس نے دعوی کیا کہ وہ مہدی منتظر کا باب ہے، پھر اس نے کہا کہ وہ خود مہدی ہے، پھر اپنی زندگی کے آخری ایام میں اس نے الوہیت کا دعوی کیا اور اپنا نام ''اعلی'' قرار دیا، جب مرزا حسین علی مازندرانی (جو بہاء نام رکھتا تھا) پروان چڑھا جو ''باب'' کا ہم عصر تھا، تو ''باب'' کی دعوت کا پیروکار رہا، لیکن جب اس کو اپنے کفر اور فتنہ کی وجہ سے قتل کر دیا گیا، تو مرزا حسین علی نے اعلان کیا کہ بابیوں کی سربراہی کے لئے ''باب'' کی طرف سے اس کے حق میں وصیت کی گئی ہے اور اس طرح وہ ان کا سربراہ بن گیا اور اپنا نام بہاء الدین رکھ لیا۔

پھر آگے چل کر اس نے اعلان کیا کہ تمام مذاہب اس کے ظہور کے لئے پیش خیمہ تھے اور وہ سب ناقص تھے، یہی دین ان کی تکمیل کرتا ہے اور وہ خود اللہ کی صفات سے آراستہ ہے اور اللہ کے افعال کا سرچشمہ ہے اور اللہ کا اسم اعظم خود اس کا نام ہے، رب العالمین کا وہی مصداق ہے اور جس طرح اسلام نے سابقہ تمام ادیان کو منسوخ کر دیا تھا اسی طرح بہائیت سے اسلام منسوخ ہو گیا ہے (معاذ اللہ)۔

''باب'' اور اس کے متبعین نے قرآنی آیات کی ایسی تاویلات کیں جن سے آیات قرآنی ان کے عقائد باطلہ کے موافق ہو جائیں اور اسے شریعت کے احکام میں تبدیلی کا اختیار



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حاصل ہو جائے، اس نے عبادات کے نئے طریقے جاری کئے جن پر اس کے پیروکار اس کی عبادت میں عمل کرتے ہیں۔

بہائیت کے اسلام کی اساس کو منہدم کر دینے والے عقائد خصوصاً بہائیت کے بشری وثنیت پر مبنی دعوائے الوہیت اور احکام شریعت میں تبدیلی کے اختیار سے متعلق واضح و مستند ثبوت اکیڈمی کے سامنے آئے، ان کی بنیاد پر اکیڈمی بالاتفاق طے کرتی ہے کہ بہائیت اور بابیت کا اسلام سے کوئی تعلق نہیں ہے، وہ اسلام کے خلاف جنگ ہیں، ان کے متبعین کھلم کھلا کافر ہیں جس میں ذرا بھی کسی تاویل کی گنجائش نہیں۔

اکیڈمی دنیا کے تمام خطوں کے مسلمانوں کو اس کافر اور مجرم فرقہ سے چوکنا کرتی ہے اور انہیں آمادہ کرتی ہے کہ وہ اس کا مقابلہ کریں، ان سے پوری طرح چوکنا رہیں، خصوصاً جب کہ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ استعماری ممالک اسلام اور مسلمانوں کی تباہی اور انتشار کے لئے اس کا تعاون کرتے ہیں، واللہ الموفق۔

[دستخط]
نائب صدر
محمد علی الحرکان
سکریٹری جنرل رابطہ عالم اسلامی

[دستخط]
صدر
عبداللہ بن حمید
صدر مجلس اعلی برائے قضاء سعودی عرب

## ممبران

[دستخط]
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز
چیئرمین
ادارہ تحقیقات علمیہ وافتاء
سعودی عرب

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
محمد بن عبداللہ السبیل

[دستخط]
صالح بن عثیمین

[دستخط]
محمد رشید قبانی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[دستخط] مصطفیٰ الزرقاء

[دستخط] محمد رشیدی

[دستخط] عبدالقدوس الہاشمی الندوی

[دستخط سے پہلے روانگی]

ابوبکر جومی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پانچواں فیصلہ:

## انشورنس اور اس کی مختلف شکلیں

اسلامی فقہ اکیڈمی نے انشورنس کی مختلف شکلوں پر غور کرتے ہوئے اس موضوع پر تحریر کردہ علماء کی بہت ساری تحریروں کو بھی دیکھا۔ اکیڈمی کے سامنے وہ فیصلہ بھی تھا جو سعودی عرب کی ھیئۃ کبار العلماء کے اجلاس نے اپنے دسویں سیمینار منعقدہ ۴/۴/۱۳۹۷ھ ریاض میں انشورنس کی تمام صورتوں کی حرمت کے بارے میں کیا ہے۔

بھرپور جائزہ اور غور و فکر کے بعد اکیڈمی نے اکثریت کی رائے سے انشورنس کی تمام شکلوں جان، تجارتی سامان یا دیگر اموال کے انشورنس کو ناجائز قرار دیا۔

اجلاس نے متفقہ طور پر ھیئۃ کبار العلماء کے اجلاس کے اس فیصلہ کی بھی تائید کی کہ تجارتی بیمہ تو حرام ہے لیکن تعاونی بیمہ جائز ہے، اس سلسلہ میں قرارداد مرتب کرنے کی ذمہ داری ایک مخصوص کمیٹی کے سپرد کی گئی۔

### انشورنس سے متعلق قرارداد کمیٹی کی رپورٹ:

اکیڈمی نے ۱۴/شعبان ۱۳۹۸ھ بروز چہارشنبہ کے اجلاس میں بیمہ کی تمام صورتوں اور شکلوں سے متعلق قرارداد مرتب کرنے کے لئے درج ذیل افراد پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی تھی:

۱۔ فضیلۃ الشیخ عبدالعزیز بن باز

۲۔ فضیلۃ الشیخ محمد محمود الصواف

۳۔ فضیلۃ الشیخ محمد بن عبداللہ السبیل



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کمیٹی نے غور وفکر کے بعد درج ذیل قرارداد مرتب کی:

اسلامی فقہ اکیڈمی نے اپنے پہلے سمینار منعقدہ ۱۰ ر شعبان ۱۳۹۸ھ رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ کے مرکز میں انشورنس کی مختلف شکلوں پر غور کیا۔ اکیڈمی نے اس موضوع پر علماء کی تحریروں اور مجلس ھیئۃ کبار العلماء کا وہ فیصلہ بھی اپنے پیش نظر رکھا جو مجلس کے دسویں سمینار منعقدہ ۴ر ۴ر ۹۷ھ بمقام ریاض سعودی عرب قرارداد نمبر ۵۵ کے تحت تجارتی بیمہ کی تمام شکلوں کے حرام ہونے کے بارے میں کیا گیا ہے۔

ہر پہلو سے غور وفکر اور تبادلہ خیال کے بعد اکیڈمی نے شیخ مصطفیٰ زرقاء کے علاوہ دیگر شرکاء کی متفقہ رائے سے درج ذیل دلائل کی بنیاد پر فیصلہ کیا کہ تجارتی بیمہ کی تمام صورتیں حرام ہیں، خواہ جان کا بیمہ ہو یا سامان تجارت کا بیمہ یا کسی اور چیز کا:

۱- تجارتی بیمہ ان مالی معاملات میں سے ہے جن میں احتمال پایا جاتا ہے اور جو غرر فاحش (بہت زیادہ دھوکہ) پر مشتمل ہوتا ہے، کیونکہ بیمہ کرانے والا عقد کے وقت اس بات سے ناواقف ہوتا ہے کہ اسے کل کتنی رقم دینی ہے اور کل کتنی رقم حاصل ہوگی، بسا اوقات وہ صرف ایک یا دو قسطیں ادا کرتا ہے اور حادثہ پیش آجاتا ہے اور بیمہ کی مکمل رقم کا وہ مستحق ہو جاتا ہے اور کبھی حادثہ پیش ہی نہیں آتا اور وہ تمام قسطیں ادا کرنے کے بعد بھی کسی رقم کا مستحق نہیں ہوتا ہے، اسی طرح بیمہ کرنے والا شخص بھی ہر ہر عقد سے متعلق حاصل ہونے والی اور ادا کی جانے والی رقم کی مقدار متعین کرنے سے قاصر رہتا ہے اور صحیح حدیث میں نبی کریم ﷺ سے بیع غرر کی ممانعت ثابت ہے۔

۲- تجارتی بیمہ کا معاملہ جوئے کی اقسام میں سے ایک قسم ہے، اس لئے کہ اس میں مالی معاوضات میں خطرہ اٹھانا اور خطرہ میں ڈالنا، نیز اس میں ارتکاب جرم کا سبب بنے بغیر ضمان دینا پڑتا ہے اور اس میں بلا کسی عوض کے یا غیر مساوی عوض کے فائدہ اٹھانا ہوتا ہے،



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بیمہ کرانے والے کو بیمہ کی مکمل رقم ادا کرنی ہوتی ہے اور بسا اوقات حادثہ نہیں پیش آتا ہے، لیکن بیمہ کرنے والا کسی بھی عوض کے بغیر بیمہ کی تمام قسطیں حاصل کرتا ہے، ایسے معاوضہ میں جب جہالت (ناواقفیت) بھی موجود ہو تو معاملہ قمار بن جاتا ہے اور اس آیت میں مذکور ممانعت کے عموم میں داخل ہو جاتا ہے: ﴿یاأیھا الذین آمنوا إنما الخمر والمیسر و الأنصاب و الأزلام رجس من عمل الشیطان فاجتنبوہ لعلکم تفلحون﴾ [سورہ المائدۃ/۹۰] (اے ایمان والو! بات یہی ہے کہ شراب اور جوا اور بت وغیرہ اور قرعہ کے تیر یہ سب گندی باتیں شیطانی کام ہیں سو اس سے بالکل الگ رہو تاکہ تم کو فلاح ہو)، اور اس کے بعد والی آیت۔

۳- تجارتی بیمہ سود کی دونوں قسموں (ربا الفضل والنسأ) پر مشتمل ہوتا ہے، کیونکہ بیمہ کمپنی بیمہ کرانے والے شخص یا اس کے وارثین کو جمع کردہ رقم سے زیادہ ادا کرتی ہے جو ربا الفضل ہوا اور ایک عرصہ کے بعد رقم ادا کرتی ہے جو ربا النسأ ہوا اور اگر کمپنی بیمہ کرانے والے کو اس کی جمع کردہ رقم کے برابر رقم ادا کرتی ہے تو صرف ربا النسأ ہوا اور یہ دونوں ہی نص اور اجماع کی رو سے حرام ہیں۔

۴- تجارتی بیمہ کا معاملہ شرط بدنے کی قبیل سے ہے جو حرام ہے، کیونکہ دونوں میں جہالت، غرر اور جوا بازی ہے اور شریعت نے شرط لگانے کو اسی حد تک جائز قرار دیا ہے جس میں اسلام کی نصرت ہوتی ہو اور اس کے شعائر کا ظہور حجت اور مقابلہ کے ذریعہ ہوتا ہو، رسول کریم ﷺ نے صرف تین چیزوں میں بالعوض مقابلہ کی اجازت دی ہے، ارشاد گرامی ہے: "لا سبق إلا في خف أو حافر أو نصل" (مسابقت نہیں ہوسکتی مگر اونٹ کی دوڑ میں یا گھوڑے کی دوڑ میں یا تیر اندازی میں)، بیمہ ان میں سے کسی میں نہ داخل ہے اور نہ کسی سے مشابہت رکھتا ہے، اس لئے حرام ہے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۵- تجارتی بیمہ کے اندر دوسرے کا مال بغیر عوض حاصل ہوتا ہے اور تجارتی مبادلات میں بغیر عوض دوسرے کا مال حاصل کرنا درج ذیل آیت کریمہ کی عمومی ممانعت کی رو سے حرام ہے: ﴿یا أیها الذین آمنوا لا تأکلوا أموالکم بینکم بالباطل إلا أن تکون تجارة عن تراض منکم﴾ [سورہ النساء/۲۹] (اے ایمان والو! آپس میں ایک دوسرے کے مال ناحق طور پر مت کھاؤ لیکن کوئی تجارت ہو جو باہمی رضامندی سے ہو تو مضائقہ نہیں)۔

٦- تجارتی بیمہ میں ایسی چیز لازم کی جاتی ہے جو شرعاً لازم نہیں ہوتی، کیونکہ حادثہ کا وقوع نہ تو بیمہ کرنے والے کی جانب سے ہوتا ہے نہ حادثہ کے وقوع میں وہ سبب بنتا ہے، وہ تو محض نقصان کے امکانی وقوع پر نقصان کی ضمانت کا معاملہ ایک ایسی رقم کے عوض بیمہ کرانے والے کے ساتھ کرتا ہے جو رقم بیمہ کرانے والا اسے ادا کرتا ہے، حالانکہ بیمہ کرنے والا بیمہ کرانے والے کے لئے کوئی کام انجام نہیں دیتا ہے، اس لئے وہ حرام ہے۔

تجارتی بیمہ کے علی الاطلاق یا اس کی بعض صورتوں کے جواز کے قائلین نے جن دلائل سے استدلال کیا ہے، ان کے جوابات درج ذیل ہیں:

الف- استصلاح سے استدلال درست نہیں ہے، کیونکہ اسلامی شریعت میں مصالح کی تین قسمیں ہیں: ایک قسم ان مصالح کی ہے جنہیں شریعت نے معتبر قرار دیا ہے، ان سے استدلال درست ہے۔ دوسری قسم ایسے مصالح کی ہے جن کے بارے میں شریعت نے خاموشی اختیار کی ہے، نہ ان کے معتبر ہونے کی صراحت ہے نہ غیر معتبر ہونے کی۔ یہ قسم مصالح مرسلہ کہلاتی ہے اور اس قسم میں مجتہدین کے لئے اجتہاد کی گنجائش ہے۔ تیسری قسم کے مصالح وہ ہیں جن کے غیر معتبر ہونے کی صراحت شریعت میں موجود ہے، تجارتی بیمہ چونکہ جہالت، غرر اور قمار وسود پر مشتمل ہے اس لئے یہ شریعت کے نزدیک غیر معتبر



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قسم میں داخل ہوجاتا ہے کہ اس کی اچھائی پر اس کی برائی غالب ہے۔

ب۔ اباحت اصلی کا ضابطہ بھی اس کے جواز کی دلیل نہیں بن سکتا ہے، کیونکہ تجارتی بیمہ کے غلط ہونے پر قرآن اور سنت کے دلائل موجود ہیں، اباحت اصلی پر عمل کے لئے شرط یہ ہے کہ اس کے سلسلہ میں کوئی ہدایت نہ ملتی ہو جب کہ یہاں حکم موجود ہے، لہذا استدلال درست نہیں ہے۔

ج۔ ''ضرورتیں ممنوعات کو مباح کر دیتی ہیں'' کے ضابطہ سے بھی استدلال درست نہیں ہے۔ اللہ تعالی نے جن پاک ذرائع رزق کو حلال قرار دیا ہے وہ ان سے زیادہ ہیں جن کو حرام قرار دیا ہے۔ پس یہاں کوئی ایسی ضرورت نہیں ہے جس کا شرع اعتبار کرے اور جس کی وجہ سے آدمی بیمہ کرنے پر مجبور ہو۔

د۔ عرف سے استدلال بھی درست نہیں ہے، کیونکہ عرف قانون سازی کے لئے دلیل نہیں ہے، وہ تو صرف احکام کی تطبیق، نصوص کے الفاظ کی مراد کی تعیین اور لوگوں کے الفاظ قسم اور اقوال و افعال میں مقصود کی تعیین کے لئے فیصل بنتا ہے، جو چیز واضح ہو اور اس کا مقصود متعین ہو اس میں عرف کا کوئی دخل نہیں ہے، بیمہ کی ممانعت پر واضح دلائل موجود ہیں، لہذا ان دلائل کے ہوتے ہوئے عرف کا کوئی اعتبار نہیں ہے۔

ہ - یہ استدلال کہ تجارتی بیمہ مضاربت یا اسی جیسا ایک معاملہ ہے، درست نہیں ہے، کیونکہ مضاربت میں سرمایہ اپنے مالک کی ملکیت سے نہیں نکلتا ہے، جب کہ بیمہ کرانے والا جو رقم ادا کرتا ہے وہ بیمہ کمپنی کے ضابطہ کے مطابق مالک کی ملکیت سے نکل کر کمپنی کی ملکیت میں داخل ہوجاتی ہے، مالک کی موت کی صورت میں مضاربت کے سرمایہ کے مستحق مالک کے وارثین ہوتے ہیں، لیکن بیمہ میں کبھی تو قانون کے مطابق وارثین بیمہ کی مکمل رقم کے مستحق ہوتے ہیں، خواہ ان کے مورث نے صرف ایک ہی قسط ادا کی ہو،



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور کبھی مستحق ہی نہیں ہوتے، مثلاً اس طور پر کہ استفادہ کا حق بیمہ کرانے والے اور اس کے وارثین کے علاوہ کسی دوسرے کو سونپ دیا گیا ہو، نیز مضاربت کے اندر نفع کی تقسیم فیصد کے اعتبار سے دونوں شراکت داروں کے درمیان ہوتی ہے، جبکہ بیمہ میں نفع اور نقصان دونوں صرف کمپنی کے لئے ہوتے ہیں، بیمہ کرانے والے کو صرف مقررہ یا غیر مقررہ رقم ملتی ہے۔

و- ولاء الموالاۃ (شرعاً مورث اور وارث کے مابین معاہدہ جو بعض حالات میں میراث کا سبب ہوتا ہے) پر قیاس کرنا بھی صحیح نہیں ہے، یہ قیاس مع الفارق ہے۔ دونوں میں فرق یہ ہے کہ بیمہ کے اندر مقصود مادی منفعت ہوتی ہے جس کے اندر غرر، قمار اور غیر معمولی جہالت شامل ہوتی ہے، اس کے برعکس ولاء الموالاۃ میں اولین مقصود اسلامی اخوت، باہمی تعاون اور نرم گرم تمام حالات میں باہمی ہمدردی ہوتی ہے، مادی منفعت کا قصد ضمناً ہوتا ہے۔

ز- لازم الایفاء وعدہ پر بھی تجارتی بیمہ کا قیاس درست نہیں، کیونکہ یہ قیاس مع الفارق ہے اور دونوں میں فرق یہ ہے کہ قرض یا عاریت دینے یا نقصان برداشت کرنے کا وعدہ خاص نیکی کے باب سے تعلق رکھتا ہے، اس واسطے اس کی پاسداری واجب یا مکارم اخلاق میں سے ہوتی ہے، جبکہ تجارتی بیمہ ایک تجارتی معاوضہ ہوتا ہے جس سے مادی نفع آوری مقصود ہوتی ہے، پس تبرعات (بلا معاوضہ عطیات) میں جس حد تک جہالت و غرر کو نظر انداز کیا جاتا ہے ان میں نہیں کیا جاتا۔

ح- تجارتی بیمہ کو ''مجہول کے ضمان اور غیر واجب کے ضمان'' پر قیاس کرنا بھی قیاس مع الفارق ہے، دونوں میں فرق یہ ہے کہ ضمان یعنی کفالت سے محض احسان مقصود ہوتا ہے، لیکن بیمہ ایک تجارتی معاملہ ہے جس کا پہلا مقصد مادی منفعت ہے، اگر اس سے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کوئی نیکی کا کام بھی ہوجاتا ہے تو وہ ضمناً اور غیر مقصود ہوتا ہے اور احکام کے اندر اصل مقصد کا اعتبار ہوتا ہے، ضمنی منفعت کا جب تک ضمنی اور غیر مقصود ہو، اعتبار نہیں ہوتا۔

ط- تجارتی بیمہ کو راستہ کے خطرے کے ضمان پر قیاس کرنا صحیح نہیں ہے، اس لئے کہ یہ قیاس مع الفارق ہے، جیسا کہ اس سے اوپر دلیل گزری۔

ی- تجارتی بیمہ کو ریٹائرمنٹ کے نظام پر قیاس کرنا بھی صحیح نہیں ہے، اس لئے کہ ریٹائرمنٹ کی صورت میں جو کچھ دیا جاتا ہے وہ ایک ایسا حق ہے جس کی ادائیگی کا پابند سربراہ اس حیثیت سے ہوتا ہے کہ وہ اپنے ماتحتوں کے بارے میں جواب دہ ہے اور اس میں ذمہ دار کے پیش نظر یہ بات ہوتی ہے کہ ملازم نے امت کی کیا خدمت کی ہے اور اس کے لئے ایسا نظام بنایا جاتا ہے جس میں ملازم سے قریب ترین لوگوں کے مفاد کی رعایت کی جاتی ہے اور ان کی ضرورت کے مواقع کو دیکھا جاتا ہے، لہذا ریٹائرمنٹ کا نظام حکومت اور اس کے ملازمین کے درمیان کوئی مالی معاملہ نہیں ہے، اس لئے اس میں اور بیمہ میں یکسانیت نہیں ہے جو تجارتی مالی معاوضہ ہوتا ہے اور جس میں بیمہ کرانے والوں سے کمپنیاں ناجائز طریقوں سے کماتی ہیں، ریٹائرمنٹ کی حالت میں جو رقم دی جاتی ہے وہ رعایا کی نگراں حکومت پر ان ملازمین کا حق اور ان خدمات اور ذہنی وجسمانی تعاون کا صلہ ہوتا ہے جو انہوں نے قوم کے لئے پیش کیا تھا۔

ک- تجارتی بیمہ کو نظام عاقلہ پر قیاس کرنا بھی درست نہیں ہے اور یہ قیاس مع الفارق ہے، دونوں میں فرق یہ ہے کہ قتل خطا اور قتل شبہ عمد میں عاقلہ پر وجوب دیت کی وجہ قاتل کے ساتھ ان کی قرابت داری اور رشتہ ہے جو بلا کسی عوض کے تعاون ونصرت اور ہمدردی کا سبب ہے، دوسری طرف تجارتی بیمہ کے معاہدے آمدنی حاصل کرنے کا ذریعہ ہیں جو جذبات احسان اور صلہ و ہمدردی سے بالکل علاحدہ محض مالی معاوضہ پر قائم



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوتے ہیں۔

ل۔ تجارتی بیمہ کے عقود کو عقود حراسہ (چوکیداری کے معاملہ) پر بھی قیاس کرنا قیاس مع الفارق ہے، کیونکہ دونوں مسئلوں میں امن وامان سرے سے محل عقد ہی نہیں ہے، بیمہ میں محل عقد قسطیں اور بیمہ کی رقم ہے اور نگرانی میں محل عقد چوکیدار کی محنت اور نگرانی کی اجرت ہے، امن وامان تو اس کا نتیجہ ہے، کیونکہ اگر یہ تسلیم نہ کیا جائے تو زیر نگرانی اشیاء کے نقصان کی صورت میں پہریدار کو اجرت نہیں ملنی چاہئے۔

م۔ امانت رکھنے پر بھی اسے قیاس نہیں کیا جا سکتا ہے، اس میں صاحب امانت شخص امانت کے سامان کو اپنی حفاظت میں رکھتا ہے اور اس عمل کے عوض اجرت کا مستحق ہوتا ہے، اس کے برعکس بیمہ کرانے والا جو رقم ادا کرتا ہے، بیمہ کرنے والے کی جانب سے اس کے بالمقابل عمل نہیں ہوتا ہے اور وہ رقم بیمہ کرانے والے کو منفعت کے ساتھ واپس ملتی ہے، یہ محض امن واطمینان کی ضمانت ہے اور ضمان میں عوض کی شرط درست نہیں ہے، بلکہ شرط لگانے سے عقد ہی فاسد ہو جاتا ہے اور اگر بیمہ کی رقم کو قسطوں کے بالمقابل قرار دیا جائے تو وہ تجارتی معاوضہ ہوگا جس میں بیمہ کی رقم یا اس کی مدت عوض قرار پائے گی، لہذا امانت بالأجر سے یہ مختلف ہو گیا۔

ن۔ کپڑوں کے تاجروں کے بنکروں کے ساتھ معاملہ پر بیمہ کو قیاس کرنا صحیح نہیں ہے، کیونکہ یہ مسئلہ تعاونی بیمہ کی ایک شکل ہے اور تجارتی بیمہ ایک تجارتی معاوضہ ہے، لہذا اس پر قیاس نہیں کیا جا سکتا ہے۔

اکیڈمی کا اجلاس باتفاق رائے سعودی عرب کے هيئة كبار العلماء کے فیصلہ نمبر ۵۱ مؤرخہ ۴/۴/۱۳۹۷ھ بابت تعاونی بیمہ کے جواز اور تجارتی بیمہ کی حرمت کی بھی درج ذیل دلائل کی بنیاد پر تائید کرتا ہے:



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اول: تعاونی بیمہ عقد تبرع کی ایک قسم ہے جس کا مقصود اصلی نقصانات کا خاتمہ اور حوادث کے مواقع پر ذمہ داری میں اشتراک ہے، اس کے لئے کچھ اشخاص کچھ نقد رقومات جمع کرتے ہیں اور آفت زدہ شخص کا تعاون کرتے ہیں، تعاونی بیمہ گروپ کا مقصد نہ تجارت ہوتا ہے اور نہ دوسروں کے مال سے حصول نفع بلکہ اپنے درمیان نقصانات کی تقسیم اور ان کی تلافی مقصود ہوتی ہے۔

دوم: تعاونی بیمہ سود کی دونوں قسموں ربا الفضل اور ربا النسأ (زیادتی اور ادھار) سے خالی ہوتا ہے، اس کے حصہ داروں کا عقد نہ تو سودی ہوتا ہے اور نہ جمع شدہ قسطوں کو سودی معاملات میں استعمال کیا جاتا ہے۔

سوم: تعاونی بیمہ میں حاصل ہونے والی منفعت کی مقدار سے حصہ داروں کی عدم واقفیت بھی کوئی ضرر رساں نہیں ہے، کیونکہ یہ لوگ عطیہ کرنے والے ہوتے ہیں جہاں خطرہ، غرر اور قمار نہیں ہوتا، اس کے برعکس تجارتی بیمہ ایک مالی تجارتی معاوضہ ہوتا ہے۔

چہارم: حصہ دار یا ان کے نمائندے جمع شدہ قسطوں کی سرمایہ کاری کرکے اس تعاون کے مقاصد کی تکمیل کرتے ہیں، سرمایہ کاری کرنے والے خواہ رضا کارانہ یہ کام انجام دیں یا کسی اجرت پر، اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اجلاس کی رائے ہے کہ یہ تعاونی بیمہ درج ذیل امور سے مخلوط تعاونی بیمہ کمپنی کی شکل پر ہو:

۱- اسلامی اقتصادی فکر کا التزام کیا جائے جو افراد کو مختلف اقتصادی اسکیمیں چلانے کی آزادی دیتا ہے اور حکومت کی حیثیت صرف ان حصوں کو مکمل کرنے والے عنصر کی ہوتی ہے جنہیں یہ افراد انجام نہ دے سکتے ہوں۔ وہ ان اسکیموں کی کامیابی اور ان کے مقصد کی سلامتی کے لئے نگرانی ورہنمائی کا فریضہ انجام دے گی۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲- تعاونی بیمہ کی فکر اختیار کی جائے جس کی رو سے تعاون کرنے والوں کو پوری اسکیم پر عملداری اور اس کے انتظامی امور اور تنظیمی ذمہ داری میں پوری آزادی حاصل ہوتی ہے۔

۳- اہل علاقہ کو تعاونی بیمہ اپنانے اور انفرادی کوششوں اور شخصی جذبات سے استفادہ کی تربیت دی جائے، کیونکہ انتظامی امور میں اہل علاقہ کی اپنی شرکت ان میں خطرات سے تحفظ کا زیادہ جذبہ اور بیداری پیدا کرے گی اور اس کے نتیجہ میں تعاونی بیمہ کامیابی سے ہمکنار ہوگا، کیونکہ خطرات سے تحفظ کے نتیجہ میں آئندہ ان پر واجب الادا قسطیں کم ہوجائیں گی، جس طرح خطرات پیش آنے سے مستقبل میں قسطیں بڑھ جاتی ہیں۔

۴- مخلوط کمپنی کی صورت ہونے سے بیمہ کی شکل حکومت سے رعایا کو ملنے والے کسی ہدیہ یا عطیہ کی نہیں ہوگی، بلکہ حکومت کے ساتھ خود لوگوں کی اپنی شرکت اپنے تحفظ اور اس احساس کے ساتھ اپنے تعاون کے لئے ہوگی کہ وہ خود اس عملی مفاد کے علمبردار ہیں، یہ موقف زیادہ مثبت طور پر ان معاونین کو حکومت کے رول کا احساس دلائے گا اور ساتھ ہی وہ احساس ذمہ داری سے بری الذمہ نہیں ہوں گے۔

اجلاس کی رائے ہے کہ تعاونی بیمہ سے متعلق تفصیلی مواد کی تیاری میں درج ذیل بنیادوں کی رعایت رکھی جائے:

۱- تعاونی بیمہ کی تنظیم کا ایک مرکزی آفس ہو جس کے تحت تمام شہروں میں اس کی شاخیں ہوں اور تنظیم کے اندر علاحدہ علاحدہ نقصانات کی تلافی اور علاحدہ علاحدہ پیشوں سے تعلق رکھنے والے لوگوں کے اعتبار سے علاحدہ شعبے ہوں، مثلاً شعبہ برائے صحت بیمہ (Health Insurance)، شعبہ برائے معذورین و پیرانہ سالی بیمہ وغیرہ یا مثلاً ایک شعبہ پھیری لگانے والوں کے لئے ہو، ایک شعبہ تاجروں کے لئے ہو، ایک شعبہ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طلبہ کے لئے ہو، ایک شعبہ آزاد پیشہ والے جیسے انجینئرس، ڈاکٹرس اور وکلاء وغیرہ کے لئے ہو۔

۲- تعاونی بیمہ تنظیم انتہائی درجہ آسان وسہل ہو اور پیچیدہ طریقوں سے بالکل دور ہو۔

۳- تنظیم کی ایک مجلس اعلی ہو جو طریقہ کار طے کرے اور ایسے لازمی ضوابط تجویز کرے جو شرعی قواعد سے ہم آہنگ ہونے کی صورت میں نافذ العمل ہوں۔

۴- اس مجلس کے ارکان میں سے کسی کو حکومت اپنا نمائندہ مقرر کرے اور حصہ داروں کی طرف سے منتخب افراد مجلس کے ارکان ہو کر حصہ داروں کے نمائندے بنیں، تاکہ اس مجلس پر حکومت کی نگرانی بآسانی ہو سکے اور اس کی سمت سفر کی درستگی اور ناکامی سے تحفظ کے سلسلے میں اسے اطمینان حاصل رہے۔

۵- اگر نقصانات تنظیم کی آمدنی سے زائد ہو جائیں جو قسطوں میں اضافہ کا سبب بننے لگیں تو حکومت اور شرکاء اس اضافہ کو برداشت کریں۔

اکیڈمی کا یہ اجلاس مجلس ھیئۃ کبار العلماء کی تجویز اور اس کے اس احساس کی تائید کرتا ہے کہ تعاونی کمپنی کے لئے تفصیلی مواد کی تیاری ماہرین اور اصحاب اختصاص کے ذریعہ کرائی جائے۔

والله ولي التوفيق.

وصلى الله على نبينا محمد وعلى آله وأصحابه أجمعين۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر |
| محمد علی الحرکان | عبداللہ بن حمید |
| سکریٹری جنرل رابطہ عالم اسلامی | |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## ممبران

[دستخط]
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز
چیئرمین
ادارہ تحقیقات علمیہ وافتاء
سعودی عرب

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
صالح بن عثیمین

[دستخط]
محمد بن عبداللہ السبیل

[دستخط]
محمد رشید قبانی

[دستخط]
مصطفیٰ الزرقاء

[دستخط]
محمد رشیدی

[دستخط]
عبدالقدوس الہاشمی الندوی

[دستخط سے پہلے روانگی]
ابوبکر جومی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# استاذ مصطفیٰ الزرقاء کا اختلاف

میرے بھائی فاضل اساتذہ، ارکان کمیٹی!

میں آپ حضرات کی اس رائے سے کہ آپ کے بقول تجارتی بیمہ اور اس کی مختلف صورتیں حرام ہیں، اسی طرح اس فرق سے جو آپ نے تجارتی بیمہ اور تعاونی بیمہ کے درمیان کیا ہے، اختلاف کرتا ہوں۔ میری رائے میں بیمہ خود ایک تعاونی طریقہ ہے، جس کا سسٹم ہی یہ ہے کہ ان نقصانات کی تلافی کی جائے جو بیمہ کرانے والوں کو پیش آتے ہیں، وہ بذات خود اپنی تینوں صورتوں کے ساتھ جائز ہے۔ یعنی اشیاء کا بیمہ، تھرڈ پارٹی بیمہ اور وہ بیمہ جسے غلط نام دیتے ہوئے جان کا بیمہ کہا جاتا ہے، شرعاً جائز ہیں۔

اس جواز پر میں نے اپنے فراہم کردہ قرآن کریم اور سنت نبوی کے دلائل، شریعت کے قواعد، اس کے عمومی مقاصد، ان پر صحیح قیاس کرتے ہوئے فقہی شواہد اور اس وہم کا ازالہ کہ وہ حرام قمار اور مقابلہ کے دائرہ میں آتا ہے اور اسی طرح اس شبہ کا ازالہ کہ وہ سود ہے، یہ تمام چیزیں اپنی شائع شدہ کتاب ''عقد التأمين وموقف الشريعة الإسلامية منه'' (بیمہ اور اس سے متعلق اسلامی شریعت کا موقف) میں پوری تفصیل کے ساتھ بیان کردی ہیں، جن سے آپ حضرات واقف بھی ہیں اور موجودہ پوری دنیا میں اس کی ضرورت سے آگاہ بھی۔

میں نے اس اجلاس میں بھی واضح کیا کہ تعاونی اور تجارتی بیمہ کی تقسیم کی کوئی دلیل نہیں ہے، ہر بیمہ اس نظریہ پر قائم ہے کہ نقصانات کی تقسیم کردی جائے اور نقصان کے شکار شخص کے سر پر آنے والے نقصان کو ایک پیشہ سے وابستہ ان قلیل افراد کے درمیان ممکنہ بڑی سے بڑی تعداد پر منقسم کردیا جائے جو کسی نوع کے خطرہ کا شکار ہوتے رہتے ہیں، لہذا وہ ایک مشترکہ فنڈ قائم کرتے ہیں اور جب کسی فرد کو نقصان یا خطرہ لاحق ہوتا ہے تو اس فنڈ سے جس میں وہ خود بھی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شریک ہوتا ہے، اس کی تلافی کرتے ہیں، یہ قسم جسے اصطلاح میں ''تبادلی'' کہا جاتا ہے اور آپ حضرات نے ''تعاونی'' کا نام دیا ہے، اس کے انتظام کے لئے نہ تو فارغ افراد کی ضرورت ہوتی ہے، نہ انتظامی اور حسابی اخراجات وغیرہ کی۔

لیکن جب بیمہ میں دلچسپی رکھنے والوں کی تعداد بڑھ جاتی ہے، ہزاروں افراد اس میں شامل ہوجاتے ہیں اور مختلف قسم کے خطرات اس کے ذیل میں آجاتے ہیں، اس وقت مستقل ادارہ، انتظام اور بڑے بڑے اخراجات جیسے جگہ کے کرائے، اسٹاف، فرنیچر وغیرہ کی ضرورت پیش آتی ہے اور پھر اس وقت ضروری ہوجاتا ہے کہ اس کے انتظامی امور کے لئے باضابطہ لوگ مقرر ہوں جو اسی ادارہ سے اپنے اخراجات کی تکمیل کریں، جس طرح کوئی بھی تاجر، کاریگر، پیشہ ور یا ملازم اپنے کام وعمل سے اخراجات پورے کرتا ہے۔

اور پھر اس وقت یہ بھی لازمی ہوتا ہے کہ بیمہ کرانے والوں سے لی گئی رقم اور نقصان والوں کو ان کے نقصان کے عوض دی گئی رقم اور اخراجات کے درمیان فرق پیدا ہو اور یہی فرق اس مستقل ادارہ کی منفعت اور تکمیل اخراجات کا ذریعہ ہو جس طرح خریداری اور فروختگی کے درمیان میں ہونے والے قیمت کا فرق تاجر کی منفعت ہوتا ہے۔

اسی منفعت کی حصولیابی کے لئے انشورنس کو جسے آپ حضرات ''تجارتی'' کہتے ہیں، باریک حساب کی بنیاد پر مبنی کر کے قسط کی تعیین کی جاتی ہے جس کی ادائیگی خطرات کی مختلف اقسام کے اندر پالیسی ہولڈر کی طرف سے ضروری ہوتی ہے، دونوں قسموں کے درمیان یہی حقیقی فرق ہے، جہاں تک ''تعاونی'' مفہوم کا تعلق ہے اصل موضوع کی رو سے ان دونوں کے درمیان اس میں کوئی فرق نہیں ہے۔

میں یہ بھی اضافہ کرنا چاہوں گا کہ اکیڈمی کے اس پہلے اجلاس میں جس میں نصف ارکان ہی شریک ہوسکے ہیں، باقی ارکان اپنے مخصوص حالات کی وجہ سے شریک نہیں ہوسکے یا شرکت سے معذرت کرلی ہے، موجودہ وقت کے اس اہم اور حساس موضوع یعنی انشورنس کی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حرمت کے بارے میں جلد بازی میں کوئی فیصلہ نہ کیا جائے، دنیا کے تمام حصوں میں لوگوں کے مصالح اس سے وابستہ ہیں اور سارے ممالک مخصوص حالات میں انشورنس کو لازمی قرار دیتے ہیں، جیسے کہ گاڑیوں کا تھرڈ پارٹی انشورنس، تاکہ گاڑی کے حادثات کی صورت میں متاثرین کا خون اس وقت رائیگاں نہ جائے جب گاڑی کا ڈرائیور یا مالک مفلس ہو۔

اگر ایسے سنگین موضوع پر جس کی حرمت یا حلت کے سلسلہ میں موجودہ دور کے علماء کے درمیان زبردست اختلاف ہے، فیصلہ کرنا ہی ہو تو میری رائے ہے کہ ایسے اجلاس میں فیصلہ کیا جائے جس میں اکیڈمی کے تمام ارکان یا اکثریت موجود ہو، نیز اکیڈمی کے ارکان کے علاوہ عالم اسلام کے ان علماء کی بھی رائے لی جائے جو علمی وزن رکھتے ہیں، پھر ان کے جوابات کی روشنی میں اور اختلاف آراء کے موقع پر لوگوں کے لئے دشواری کے بجائے آسانی کا رجحان رکھتے ہوئے ایسے حساس موضوع پر فیصلہ کیا جائے۔

آخر میں یہ کہنا بھی ضروری سمجھتا ہوں کہ اگر انشورنس کمپنیاں اپنے معاملات میں انشورنس ہولڈروں پر ایسی شرائط عائد کرتی ہیں جنہیں اسلامی شریعت تسلیم نہیں کرتی ہے، یا خطرات کی مختلف اقسام کے اندر قسطوں کے لئے اونچی شرحیں متعین کر کے زیادہ نفع حاصل کرنا چاہتی ہیں تو اس میں ذمہ دار اداروں کو دخل انداز ہو کر ان کی نگرانی اور قیمتوں کی تعیین کر کے استحصال کا ازالہ کرنا ضروری ہوگا، جیسا کہ فقہی مسالک میں ہدایت ملتی ہے کہ لوگوں کی بنیادی ضروریات کی تکمیل کے لئے ضروری ہے کہ ذخیرہ اندوزی کرنے والوں پر بندش اور قیمتوں کی تعیین کی جائے، لیکن اس کا یہ علاج نہیں ہے کہ انشورنس ہی کو حرام کر دیا جائے، اس لئے میں آپ حضرات کی آراء کے احترام کے ساتھ چاہوں گا کہ میرے اس اختلاف کو نوٹ کیا جائے۔

استاذ مصطفیٰ الزرقاء

■■■



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# دوسرے سمینار

## منعقدہ ۲۶/ربیع الثانی - ۴/جمادی الاولی ۱۳۹۹ھ

## کے فیصلے

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

☆☆☆

☆ پہلا فیصلہ: مذہب وجودیہ اور اس سے انتساب کا حکم

☆ دوسرا فیصلہ: عرب اور اسلامی ممالک کے حکمرانوں سے
نفاذ شریعت کی اپیل

☆ نفاذ شریعت سے متعلق اسلامی فقہ اکیڈمی کا پیغام
مسلمان حکمرانوں کے نام

☆ تیسرا فیصلہ: اکیڈمی کے سمینار میں پیش کئے گئے
مقالات کی طباعت

☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پہلا فیصلہ:

## مذہب وجودیہ اوراس سے انتساب کا حکم

الحمد لله رب العالمین والصلاة والسلام علی رسوله الأمین، وبعد!

مذہب وجودیہ اوراس سے انتساب کے بارے میں ڈاکٹر محمد رشیدی نے اکیڈمی کے اجلاس میں اپنا مقالہ پیش کیا،جس کا عنوان تھا:" وجودی نظریات کو مسلمان کس طرح سمجھتے ہیں"، مقالہ میں اس مذہب کے نظریات کی وضاحت کی گئی اور بتایا گیا کہ اس اجنبی اور غیر معروف مذہب کے تین مراحل رہے ہیں،ان تینوں مرحلوں میں اس کی تین ایسی شاخیں وجود میں آئی ہیں جن میں سے ہرایک کا دوسری کسی شاخ کے ساتھ کسی قسم کا تعلق یا مشترکہ بنیادیں نہیں رہ گئی ہیں، ہرایک شاخ دوسری سے بالکل علاحدہ ہے۔

نیز بتایا گیا کہ درمیانی مرحلہ میں اس مذہب نے الحاد اور خدا کے انکار پر قائم خالص مادی اساس سے ایسے تصور پر ایمان لانے کی طرف پیش رفت کی جسے عقل بھی تسلیم نہیں کرتی ہے۔

یہ بھی واضح کیا گیا کہ تیسرے مرحلہ میں آکر وجودی مذہب کے نظریات نے دوبارہ آزادانہ الحاد کی روش اپنا کرآزادی کے نعرہ کے تحت ہرایسی چیز کو مباح قرار دے دیا جسے اسلام یاعقل سلیم تسلیم نہیں کرتی۔

گزشتہ بیانات کی روشنی میں یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ وجودیہ اپنے درمیانی اور دوسرے مرحلہ میں بھی جس میں اس کے ماننے والے وجود خالق اور دینی غیبی امور پر ایمان کا



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دعویٰ کرتے ہیں اگرچہ یہ بھی کہاجاتا ہے کہ یہ مادیت، ٹکنالوجی اور عقلانیت (Pure rationality) کا ردعمل ہے، اس مذہب وجودیہ کے بارے میں اسلام کی روشنی میں زیادہ سے زیادہ ایک مسلمان بس یہ کہہ سکتا ہے کہ اس کا یہ دوسرا مرحلہ یا وجودیہ کے دوسرے گروہ کے عقیدہ کے قائلین دین کے بارے میں جو کچھ تصور رکھتے ہیں وہ جذبات پر مبنی ہیں نہ کہ عقل پر اور وہ اسلامی بنیادوں کے ساتھ صحیح عقیدہ میں ہم آہنگ نہیں ہے جو نقل صحیح اور عقل سلیم دونوں بنیادوں پر اللہ رب العزت کے وجود، اس کے اسماء وصفات اور اللہ کی کتاب اور اس کے رسول محمد ﷺ کی ہدایت کے مطابق تمام رسالتوں کے اعتراف پر مبنی ہے۔

لہذا یہ اجلاس اتفاق رائے سے یہ فیصلہ کرتا ہے کہ وجودی مذہب اپنی تمام شاخوں، مراحل اور تبدیلیوں کے بشمول اسلام سے ہم آہنگ نہیں ہے، کیونکہ اسلام ایک ساتھ ایک ہی وقت میں نقل صحیح اور عقل سلیم دونوں پر مبنی ایمان کا نام ہے، لہذا کسی مسلمان کے لئے کسی حال میں ہرگز یہ جائز نہیں ہے کہ اس مذہب کو اسلام کے منافی نہ سمجھتے ہوئے اس سے تعلق رکھے، اس کی دعوت اور اس کے گمراہ کن افکار کی اشاعت تو بدرجہ اولی جائز نہیں ہے۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر |
| محمد علی الحرکان | عبداللہ بن حمید |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز | محمد بن عبداللہ السبیل | صالح بن عثیمین |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد سالم بن عبدالودود | حسنین محمد مخلوف | عبدالمحسن العباد |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط سے پہلے روانگی] | [دستخط] | [دستخط] |
| مصطفیٰ الزرقاء | محمد رشید قبانی | میجر جنرل محمود شیت خطاب |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد رشیدی | محمد الشاذلی النیفر | محمد محمود الصواف |

[دستخط]

عبدالقدوس الہاشمی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## دوسرا فیصلہ:

# عرب اور اسلامی ممالک کے حکمرانوں سے نفاذ شریعت کی اپیل

اکیڈمی کے اجلاس میں عرب اور اسلامی ممالک کی اس افسوسناک صورتحال پر غور کیا گیا کہ وہاں انتشار وتفرقہ ہے، عزت اور سربلندی کے اسباب سے وہ دور اور اسلامی شریعت کے نفاذ سے گریزاں ہیں، اسلامی تعلیمات کو پس پشت ڈال کر درآمدشدہ غیر اسلامی قوانین سے وہ وابستہ ہیں۔

اکیڈمی کے اجلاس میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ اکیڈمی کی ایک اہم ترین ذمہ داری یہ ہے کہ عرب اور اسلامی ممالک کے حکمرانوں کو خطوط لکھ کر ان سے اسلامی شریعت کے جلد از جلد نفاذ کی اپیل کی جائے، جو ان کے لئے دنیا میں سربلندی اور آخرت میں کامیابی کی ضمانت ہے، اسلامی شریعت کو تھام کر وہ اپنے دشمنوں پر فتح، اپنی زندگی میں امن وامان اور ان تمام مصائب سے گلوخلاصی حاصل کر سکتے ہیں جو شریعت پر عمل سے گریز کے نتیجہ میں انہیں درپیش ہیں۔ یہ خطوط آئندہ سطور میں ذکر کردہ مضمون کے مطابق انہیں ارسال کئے جائیں۔

| [دستخط] | [دستخط] |
|---|---|
| نائب صدر | صدر |
| محمد علی الحرکان | عبداللہ بن حمید |

**ممبران**

| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
|---|---|---|
| عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز | محمد بن عبداللہ السبیل | صالح بن عثیمین |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[دستخط]
محمد سالم بن عبدالودود

[دستخط]
حسنین محمد مخلوف

[دستخط]
عبدالمحسن العباد

[دستخط سے پہلے روانگی]
مصطفیٰ الزرقاء

[دستخط]
محمد رشید قبانی

[دستخط]
میجر جنرل محمود شیت خطاب

[دستخط]
محمد رشیدی

[دستخط]
محمد الشاذلی النیفر

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
عبدالقدوس الہاشمی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# نفاذ شریعت کے سلسلہ میں اسلامی فقہ اکیڈمی کا پیغام

# مسلمان حکمرانوں کے نام

مکرمی جناب......... وفقہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ کو یہ اطلاع دیتے ہوئے مسرت ہو رہی ہے کہ اسلامی فقہ اکیڈمی کا دوسرا اجلاس ۲۶/۴/۱۳۹۹ھ کو مکہ مکرمہ میں منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں ایک فیصلہ یہ بھی کیا گیا کہ عرب اور اسلامی ممالک کے سربراہان کو خط لکھ کر یاد دہانی کی جائے کہ دنیا کی سربلندی اور آخرت کی سعادت اسلامی شریعت کے نفاذ سے وابستہ ہے، جو مکمل بھی ہے، دائمی بھی اور اپنے پیروکاروں کے لئے دونوں جہانوں کی سرخروئی کی ضامن بھی ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ اسلامی شریعت کو اللہ رب العزت نے اپنے نبی جناب محمد رسول اللہ ﷺ پر نازل کیا اور حکمراں ورعایا تمام مسلمانوں کو اس کی پابندی اور نفاذ کا حکم دیا اور اس پر دنیا میں نصرت اور آخرت میں سعادت کا وعدہ فرمایا، اسلامی شریعت پر عمل اور اس کے نفاذ سے گریز کرنے والوں کو برے انجام سے ڈرایا اور اس پر دنیا و آخرت میں سزا کی دھمکی سنائی، اللہ تعالی کا ارشاد ہے: ''أفحکم الجاهلية يبغون ومن أحسن من الله حكماً لقوم يوقنون'' [سورہ المائدہ/۵۰] (یہ لوگ کیا پھر زمانہ جاہلیت کا فیصلہ چاہتے ہیں اور فیصلہ کرنے میں اللہ سے کون اچھا ہوگا یقین رکھنے والوں کے نزدیک)۔ اور ارشاد ہے: ''فلا وربك لا يؤمنون حتى يحكموك فيما شجر بينهم ثم لا يجدوا في أنفسهم حرجاً مما قضيت



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ویسلموا تسلیماً“[سورہ النساء/ ٦٥] (پھر قسم ہے آپ کے رب کی یہ لوگ ایماندار نہ ہوں گے جب تک یہ بات نہ ہو کہ ان کے آپس میں جو جھگڑا واقع ہو اس میں یہ لوگ آپ سے تصفیہ کرائیں پھر آپ کے فیصلہ سے اپنے دلوں میں تنگی نہ پائیں اور پورا پورا تسلیم کر لیں)۔اور ارشاد ہے:”یا أیها الذین آمنوا إن تنصروا الله ینصرکم ویثبت أقدامکم“ [سورہ محمد/ ٧] (اے ایمان والو! اگر تم اللہ کی مدد کرو گے تو وہ تمہاری مدد کرے گا اور تمہارے قدم جمادے گا)۔اور ارشاد ہے:”ولینصرن الله من ینصره إن الله لقوي عزیز، الذین إن مکناهم في الأرض أقاموا الصلاة وآتوا الزکاة وأمروا بالمعروف ونهوا عن المنکر ولله عاقبة الأمور“[سورہ الحج/ ٤٠، ٤١] (اور بیشک اللہ تعالیٰ اس کی مدد کرے گا جو کہ اللہ کی مدد کرے گا، بیشک اللہ تعالیٰ قوت والا غلبہ والا ہے۔ یہ لوگ ایسے ہیں کہ اگر ہم ان کو دنیا میں حکومت دے دیں تو یہ لوگ نماز کی پابندی کریں اور زکاۃ دیں اور نیک کاموں کے کرنے کو کہیں اور بُرے کاموں سے منع کریں اور سب کاموں کا انجام تو خدا ہی کے اختیار میں ہے)۔

اور ارشاد ہے:”فإما یأتینکم مني هدی فمن اتّبع هداي فلا یضل ولا یشقی ومن أعرض عن ذکري فإن له معیشة ضنکاً ونحشره یوم القیامة أعمی قال رب لم حشرتني أعمی وقد کنت بصیراً قال کذلک أتتک آیاتنا فنسیتها وکذلک الیوم تنسی“[سورہ طٰہٰ/ ١٢٣-١٢٦] (پھر اگر تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت پہنچے تو جو شخص میری اس ہدایت کا اتباع کرے گا تو وہ نہ گمراہ ہوگا اور نہ شقی ہوگا اور جو شخص میری اس نصیحت سے اعراض کرے گا تو اس کے لئے تنگی کا جینا ہوگا اور قیامت کے روز ہم اس کو اندھا کر کے اٹھائیں گے۔ وہ کہے گا کہ اے میرے رب آپ نے مجھ کو اندھا کر کے کیوں اٹھایا میں تو آنکھوں والا تھا۔ ارشاد ہوگا کہ ایسا ہی تیرے پاس ہمارے احکام پہنچے تھے پھر تو نے ان کا کچھ خیال نہ کیا اور ایسا ہی آج تیرا کچھ خیال نہ کیا جاوے گا)۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ تعالی کی شریعت اور انسانوں کے بنائے ہوئے وضعی قوانین کے درمیان وہی فرق ہے جو خود اللہ رب العزت اور اس کی مخلوق کے درمیان ہے۔ انسان کا بنایا ہوا نظام اس شریعت کے برابر ہرگز نہیں ہوسکتا جسے اللہ کی احکم الحاکمین اور ارحم الراحمین ذات نے حضرت محمد رسول اللہ ﷺ پر نازل فرما کر سارے عالم کے لئے ہدایت ورحمت بنایا ہے۔

اسلامی فقہ اکیڈمی کا یہ اجلاس جو مکہ مکرمہ کے احاطہ میں اور کعبہ مقدسہ سے قریب منعقد ہورہا ہے، اس خدائے ذوالجلال کے نام پر آپ سے اپیل کرتا ہے جو شہنشاہ کائنات ہے، جسے چاہتا ہے سلطنت عطا کرتا ہے، جس سے چاہتا ہے چھین لیتا ہے، جسے چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ذلیل کرتا ہے جس کے ہاتھ میں تمام خیر ہے اور جو ہر چیز پر قادر ہے، کہ آپ جلد از جلد نفاذ شریعت کی کوشش کریں تا کہ اسلامی شریعت کے سایہ میں آپ اور آپ کی رعایا کو اسی طرح امن وسعادت حاصل ہوجائے جس طرح ہمارے ان اسلاف کو حاصل ہوئی تھی جنہیں اللہ تعالی نے نفاذ شریعت کی توفیق دی اور اس دنیا میں دشمن پر کامیابی عطا فرمائی اور نیک نامی سے سرفراز کیا اور آخرت میں جس اجر وثواب کا اللہ نے وعدہ فرمایا ہے وہ کہیں بہتر اور باقی رہنے والا ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ آج عرب اور مسلمانوں کو دشمن کے سامنے جو ذلت ہورہی ہے وہ عدم نفاذ شریعت کا قطعی نتیجہ ہے۔

یہ اجلاس آپ سے توقع رکھتا ہے کہ آپ خیر کی جانب سبقت کرنے والوں اور اسباب سعادت کے اختیار کرنے میں جلدی کرنے والوں میں سے ہوں گے، اللہ نے آپ کو جس دانائی اور پختہ فکر سے نوازا ہے اس کے پیش نظر قوی امید ہے کہ آپ اس آواز پر لبیک کہیں گے اور اس اپیل کو قبول کرنے اور اسے بروئے کار لانے میں جلدی فرمائیں گے، جیسا کہ اللہ رب العزت کا ارشاد ہے: ”إنما كان قول المؤمنين إذا دعوا إلى الله ورسوله ليحكم بينهم أن يقولوا سمعنا وأطعنا وأولئك هم المفلحون“ [سورہ النور/۵۱] (مسلمانوں کا قول تو



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جب ان کو اللہ اور رسول کی طرف ان کے درمیان فیصلہ کرنے کے لئے بلایا جاتا ہے، یہ ہے کہ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے سن لیا اور مان لیا)۔

دعا ہے کہ اللہ تعالی حکمراں ورعایا سب کو ان کاموں کی توفیق دے جن میں ان کو عزت وفلاح اور دشمن کے مقابلہ میں نصرت حاصل ہو، وہی دعاؤں کو سننے اور قبول کرنے والا ہے۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عبداللہ بن محمد بن حمید

صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی

وصدر مجلس اعلی برائے قضاء سعودی عرب



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# تیسرا فیصلہ:

## اکیڈمی کے سمینار میں پیش کیے گئے مقالات کی طباعت

''چوری کی سزا'' کے موضوع پر شیخ محمد بن عبداللہ بن السبیل اور'' زنا کی سزا'' کے موضوع پر ڈاکٹر محمد رشید قبانی کے مقالات کے خلاصے اجلاس میں پیش کیے گئے اور دونوں مقالات کی کاپیاں اکیڈمی کے ارکان اجلاس کوفراہم کی گئیں۔

دونوں موضوعات پر ہمہ گیر بحث اور قانون اسلامی کی برتری کو ثابت کرنے والے ان دونوں مقالوں کی تیاری پر اجلاس دونوں حضرات کاشکریہ ادا کرتا ہےاور یہ فیصلہ کرتا ہے کہ:

اول: ان دونوں مقالات کو اکیڈمی کے مجلّہ اور فقہی موضوعات پر شائع ہونے والے دیگر مجلّات میں شائع کرایا جائے۔

دوم: دونوں مقالات علاحدہ علاحدہ کتابی شکل میں بھی شائع کیے جائیں اور دونوں کی طباعت یکساں سائز پر اور ان کے معیار کے مطابق بہترین شکل میں انجام دی جائے۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر |
| محمد علی الحرکان | عبداللہ بن حمید |

**ممبران**

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز | محمد بن عبداللہ السبیل | صالح بن عثیمین |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[دستخط]
محمد سالم بن عبدالودود

[دستخط]
حسنین محمد مخلوف

[دستخط]
عبدالمحسن العباد

[دستخط سے پہلے روانگی]
مصطفیٰ الزرقاء

[دستخط]
محمد رشید قبانی

[دستخط]
میجر جنرل محمود شیت خطاب

[دستخط]
محمد رشیدی

[دستخط]
محمد الشاذلی النیفر

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
عبدالقدوس الہاشمی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# تیسرے سمینار

# منعقدہ ۲۳-۳۰/ربیع الثانی ۱۴۰۰ھ

# کے فیصلے

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

☆☆☆

☆فیصلہ: ضبطِ تولید کا شرعی حکم

☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پہلا فیصلہ:

## ضبط تولید کا شرعی حکم

**الحمد لله وحده والصلاة والسلام على من لا نبي بعده وعلى آله وصحبه، وبعد!**

ضبط تولید (برتھ کنٹرول) جسے غلط بیانی سے کام لیتے ہوئے ''فیملی پلاننگ'' کا نام دیا جاتا ہے، کے موضوع پر اجلاس میں غور کیا گیا، مناقشہ اور غور و فکر کے بعد باتفاق رائے درج ذیل فیصلہ کیا گیا:

اسلامی شریعت نسل انسانی کے اضافہ اور زیادتی کی ترغیب دیتی ہے اور اسے بندوں پر اللہ کی عظیم نعمت اور بڑا احسان شمار کرتی ہے، اس سلسلہ میں قرآن کریم اور احادیث رسول ﷺ میں متعدد ہدایات مروی ہیں جو بتاتی ہیں کہ ضبط تولید یا منع حمل اللہ کی بنائی ہوئی فطرت انسانی کے خلاف اور اس شریعت اسلامی سے ہم آہنگ نہیں ہے جسے اللہ نے اپنے بندوں کے لئے پسند فرمایا، برتھ کنٹرول یا منع حمل کے علمبرداروں کا مقصد یہ ہے کہ مسلمانوں اور بالخصوص عرب اقوام اور کمزور قبائل کی تعداد میں کمی کرائیں، تاکہ وہ ان کے ممالک کو اپنی کالونی اور وہاں کے باشندوں کو اپنا غلام بنا کر اسلامی ممالک کی نعمتوں سے فائدہ اٹھائیں، دوسری جانب یہ عمل اللہ تعالی سے ایک نوعیت کی بدگمانی اور جاہلیت والا فعل ہے اور اس سے اسلامی معاشرہ کو جو اپنی افرادی کثرت اور باہمی ہم آہنگی میں امتیاز رکھتا ہے، کمزور کرنا مقصود ہے۔

ان امور کے پیش نظر یہ اجلاس بالاتفاق یہ فیصلہ کرتا ہے کہ برتھ کنٹرول مطلقاً جائز نہیں ہے اور فقر کے خوف سے بھی منع حمل جائز نہیں ہے، کیونکہ اللہ تعالی ہی رازق اور زبردست قوتوں



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کا مالک ہے، روئے زمین کے ہر جاندار کا رزق اللہ کے ذمہ ہے، اسی طرح اس وقت بھی منع حمل جائز نہیں جب ایسے اسباب کی بنیاد پر کرایا جائے جو شرعاً معتبر نہ ہوں، البتہ انفرادی حالات میں اگر یقینی ضرر کا خطرہ ہو مثلاً کسی عورت کو معتاد طریقہ پر (Normal Delivery) ولادت نہیں ہو رہی ہو اور آپریشن ہی کے ذریعہ بچہ کو نکالنا ممکن ہو، تو استقرار حمل کو روکنے یا اسے مؤخر کرنے والے اسباب اختیار کرنا جائز ہے، اسی طرح قابل اعتماد مسلم ڈاکٹر کی رائے کے مطابق دیگر جسمانی صحت یا شرعی اسباب کی بنیاد پر بھی حمل کو مؤخر کرنے کے اسباب اختیار کئے جا سکتے ہیں اور اگر قابل اعتماد مسلم ڈاکٹر کی رائے میں استقرار حمل کی صورت میں ماں کی جان کو یقینی خطرہ لاحق ہو تو ایسی صورت میں منع حمل کی تدبیر اختیار کرنا متعین ہو جاتا ہے۔

مذکورہ بالا اسباب کی رو سے عمومی حالات میں ضبط تولید یا منع حمل کے لئے لوگوں کو آمادہ کرنا جائز نہیں ہے اور لوگوں کو جبراً منع حمل پر مجبور کرنا تو سخت ترین گناہ اور بالکل ہی ناجائز ہے، جبکہ دوسری جانب عالمی سطح پر اپنی برتری اور دوسروں کی تباہی کے لئے اسلحوں کی دوڑ میں بے انتہا دولت لٹائی جا رہی ہے اور اقتصادی ترقی، تعمیر اور قوموں کی ضروریات کی تکمیل سے صرف نظر کیا جا رہا ہے۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر |
| محمد علی الحرکان | عبداللہ بن حمید |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| صالح بن عثیمین | محمد محمود الصواف | عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| مصطفیٰ الزرقاء | حسنین محمد مخلوف | سالم عبدالودود |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [غیر موجود] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن عبداللہ السبیل | ڈاکٹر محمد رشید قبانی | مبروک العوادی |
| [تھوڑی دیر شرکت کے بعد روانگی] | [دستخط] | [دستخط] |
| ابوالحسن علی الحسنی الندوی | ابوبکر جومی | محمد الشاذلی النیفر |
| [غیر موجود] | [دستخط] | [دستخط] |
| میجر جنرل محمود شیت خطاب | عبدالقدوس الہاشمی | ڈاکٹر محمد رشیدی |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چوتھے سمینار

## منعقدہ ۷-۱۷/ربیع الثانی ۱۴۰۱ھ

## کے فیصلے

19201

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

☆☆☆

پہلا فیصلہ : چاند کے ثبوت کے لئے رؤیت پر عمل نہ کہ فلکی حساب پر

دوسرا فیصلہ : ''اسلام اور اجتماعی جنگ'' کے موضوع پر میجر جنرل محمود شیت خطاب کے مقالہ کی اشاعت

تیسرا فیصلہ : مسلمان عورت کے ساتھ کافر مرد اور کافر عورت کے ساتھ مسلمان مرد کی شادی کا حکم

چوتھا فیصلہ : ''ام الخبائث'' کا پھیلاؤ، مرض اور علاج کے موضوع پر محمود شیت خطاب کا مقالہ

پانچواں فیصلہ : اسلام میں رجم کی سزا

چھٹا فیصلہ : رؤیت ہلال سے متعلق علماء، حکام اور قضاۃ کے نام شیخ عبداللہ بن زید آل محمود کا خط

ساتواں فیصلہ : رؤیت ہلال میں وحدت یا عدم وحدت

☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پہلا فیصلہ:

## چاند کے ثبوت کے لئے رؤیت پر عمل نہ کہ فلکی حساب پر

**الحمد لله وحده والصلاة والسلام علی من لا نبي بعده، أما بعد!**

اسلامی فقہ اکیڈمی کے چوتھے اجلاس میں جو رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ کے سکرٹریٹ کی عمارت میں بتاریخ ۷ تا ۱۷ ربیع الآخر ۱۴۰۶ھ منعقد ہوا تھا سنگاپور کی جمعیۃ الدعوۃ الاسلامیۃ کا خط مؤرخہ ۱۶ شوال ۱۳۹۹ھ مطابق ۸ اگست ۱۹۷۹ء بنام سفیر سفارت خانہ سعودی عرب سنگاپور پیش کیا گیا۔ اس خط میں ماہ رمضان ۱۳۹۹ھ کے آغاز و اختتام کے سلسلے میں سنگاپور کی جمعیۃ الدعوۃ الاسلامیۃ اور المجلس الاسلامی کے درمیان ہونے والے اختلاف کا ذکر تھا، جمعیت شرعی دلائل کے عموم کے مطابق رؤیت شرعی کی بنیاد پر ماہ رمضان کی ابتدا و انتہاء کی رائے رکھتی ہے، جبکہ المجلس الاسلامی سنگاپور نے مذکورہ ماہ رمضان کے آغاز اور اختتام کو فلکیاتی حساب سے متعین کرتے ہوئے یہ دلیل دی تھی: ''ایشیائی ممالک بالخصوص سنگاپور میں آسمان ابر آلود رہتا ہے، لہذا بیشتر علاقوں میں رؤیت نہیں ہو پاتی ہے جو قابل اعتبار عذر ہے، اس لئے حسابی طریقہ اپنانا ہی ضروری ہے''۔

اکیڈمی کے ارکان نے شرعی نصوص کی روشنی میں اس موضوع پر بھرپور مطالعہ کیا اور اس کے بعد واضح شرعی دلائل کی بنیاد پر جمعیت کی رائے سے اتفاق کا فیصلہ کیا۔

اکیڈمی نے ساتھ ہی یہ بھی طے کیا کہ سنگاپور اور اس جیسے دیگر ایشیائی ممالک جہاں آسمان ابر آلود ہونے کی وجہ سے رؤیت ممکن نہ ہو، کے مسلمانوں کی ذمہ داری یہ ہے کہ فلکیاتی حساب کے بجائے بصری رؤیت پر اعتماد کرنے والے ان مسلم ممالک کے مطابق عمل کریں جن پر



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انہیں اعتماد ہو، رسول کریم ﷺ نے مندرجہ ذیل احادیث میں اسی کا حکم دیا ہے: ''چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور چاند دیکھ کر روزہ ختم کرو اور اگر آسمان ابر آلود ہو تو تیس کی تعداد پوری کرو''۔ ''روزہ نہ رکھو یہاں تک کہ چاند دیکھ لو یا (تیس کی) گنتی پوری کرلو اور روزہ رکھنا بند نہ کرو یہاں تک کہ چاند دیکھ لو یا تیس کی گنتی پوری کرلو''، اس مفہوم کی دیگر احادیث بھی وارد ہیں۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| محمد علی الحرکان | عبداللہ بن حمید |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز | مصطفیٰ الزرقاء | محمد محمود الصواف |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| صالح بن عثیمین | محمد بن عبداللہ بن السبیل | مبروک العوادی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد الشاذلی النیفر | عبدالقدوس الہاشمی | محمد رشیدی |
| [دستخط کے وقت موجود نہیں تھے] | [دستخط] | [دستخط] |
| ابوالحسن علی الحسنی الندوی | ابوبکر محمود جومی | حسنین محمد مخلوف |
| [دستخط] | [غیر موجود] | [غیر موجود] |
| محمد رشید قبانی | محمود شیت خطاب | محمد سالم عدود |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# دوسرا فیصلہ:

## ''اسلام اور اجتماعی جنگ'' کے موضوع پر میجر جنرل محمود شیت خطاب کے مقالہ کی اشاعت

مقالہ ''اسلام اور اجتماعی جنگ'' کے مطالعہ ومناقشہ اور تمام آراء کو سننے اور اس پر شیخ ابوالحسن علی ندوی کے مقدمہ کو دیکھنے کے بعد اسلامی فقہ اکیڈمی کا یہ اجلاس میجر جنرل محمود شیت خطاب کا ان کے مقالہ پر اور شیخ ابوالحسن علی ندوی کا ان کے مقدمہ پر شکریہ ادا کرتے ہوئے فیصلہ کرتا ہے کہ:

اول: اسے اکیڈمی کے مجلّہ اور دیگر علمی وفقہی موضوعات سے تعلق رکھنے والے مجلّات میں شائع کیا جائے۔

دوم: یکساں سائز اور بہترین شکل وصورت میں علاحدہ کتابی صورت میں بھی اس کی اشاعت کی جائے۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| محمد علی الحرکان | عبداللہ بن حمید |

<u>ممبران</u>

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز | مصطفیٰ الزرقاء | محمد محمود الصواف |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| صالح بن عثیمین | محمد بن عبداللہ بن السبیل | مبروک العوادی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد الشاذلی النیفر | عبدالقدوس الہاشمی | محمد رشیدی |
| [دستخط کے وقت موجود نہیں تھے] | [دستخط] | [دستخط] |
| ابوالحسن علی الحسنی الندوی | ابوبکر محمود جومی | حسنین محمد مخلوف |
| [دستخط] | [غیر موجود] | [غیر موجود] |
| محمد رشید قبانی | محمود شیت خطاب | محمد سالم عدود |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# تیسرا فیصلہ:

## مسلمان عورت کے ساتھ کافر مرد اور کافر عورت کے ساتھ مسلمان مرد کی شادی کا حکم

حقوق نسواں چارٹر میں مسلم مرد وعورت کو غیر مسلموں سے شادی کی دی گئی اجازت پر سنگاپور کی متعدد تنظیموں: جمعیت البحثات الاسلامیہ، بیرابنز، المحمدیہ، بیرتاس اور بیرتابیس کے اعتراضات اکیڈمی کے اجلاس میں سامنے آئے، چنانچہ اجلاس نے بالاتفاق درج ذیل فیصلہ کیا:

اول: مسلمان عورت کے ساتھ کافر مرد کی شادی حرام ہے، اس پر تمام علماء کا اتفاق ہے اور شرعی نصوص کی رو سے اس میں کسی شک کی گنجائش نہیں ہے، اللہ تعالی کا ارشاد ہے: "ولا تنکحوا المشرکین حتی یؤمنوا" [سورہ البقرہ/۲۲۱] (اور مسلم عورتوں کو کافر مردوں کے نکاح میں مت دو جب تک کہ وہ مسلمان نہ ہوجاویں)، اسی طرح ارشاد ہے: "**فإن علمتموهن مؤمنات فلا ترجعوهن إلى الكفار لا هن حل لهم ولا هم يحلون لهن وآتوهم ما أنفقوا**" [سورہ الممتحنہ/۱۰] (پس اگر ان کو مسلمان سمجھو تو ان کو کفار کی طرف واپس مت کرو، نہ تو وہ عورتیں ان کافروں کے لئے حلال ہیں اور نہ وہ کافر ان عورتوں کے لئے حلال ہیں اور ان کافروں نے جو کچھ خرچ کیا ہو وہ ان کو ادا کردو)۔

تاکید اور تکرار کا یہ اسلوب اس کی سخت ترین حرمت اور کافر کے ساتھ مومن عورت کی قطعی بے تعلقی پر تاکید مزید ہے، یعنی حکم دیا گیا کہ کافر شوہر نے اپنی زوجہ پر جو کچھ خرچ کیا تھا،



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اگر وہ اسلام لے آتی ہے تو کافر کو وہ سب لوٹا دیا جائے تا کہ مالی نقصان اور زوجہ سے محرومی کا دوہرا خسارہ اسے نہ اٹھانا پڑے، پس اگر کسی کافر کے ماتحت مشرک عورت اسلام قبول کر لینے کی وجہ سے کافر پر حرام ہوجاتی ہے اور اسلام کے بعد کافر کے لئے وہ حلال نہیں رہتی تو مومن خاتون کے لئے کسی کافر کے ساتھ ابتداءً نکاح کی اباحت کیونکر ہو سکتی ہے، بلکہ کافر کے ماتحت مشرک عورت اگر اسلام لے آتی ہے اور اسلام کی وجہ سے وہ اس کافر کے لئے حلال نہیں رہ جاتی ہے تو ایسی خاتون سے عدت پوری ہوجانے کے بعد شادی کرنا مسلمان کے لئے جائز قرار دیا گیا ہے، ارشاد ہے: "ولا جناح عليكم أن تنكحوهن إذا آتيتموهن أجورهن" [سورہ الممتحنہ/۱۰] (اور تم کو ان عورتوں سے نکاح کرنے میں کچھ گناہ نہ ہوگا جب کہ تم ان کے مہر ان کو دے دو)۔

دوم: اسی طرح مشرک عورت کے ساتھ مسلمان مرد کی شادی جائز نہیں ہے، اللہ تعالی فرماتا ہے: "ولا تنكحوا المشركات حتى يؤمن" [سورہ البقرہ/۲۲۱] (اور نکاح مت کرو کافر عورتوں کے ساتھ جب تک کہ وہ مسلمان نہ ہو جاویں) اور ارشاد ہے: "ولا تمسكوا بعصم الكوافر" [سورہ الممتحنہ/۱۰] (اور تم کافر عورتوں کے تعلقات کو باقی مت رکھو)۔

اس آیت کے نزول کے بعد حضرت عمر نے اپنی دو بیویوں کو جو مشرکہ تھیں، طلاق دے دی، ابن قدامہ حنبلی نے نقل کیا ہے کہ اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ اہل کتاب کو چھوڑ کر دیگر غیر مسلم خواتین سے نکاح مسلمان پر حرام ہے، اہل کتاب کی پاک دامن عورتوں سے شادی مسلمان مرد کے لئے درست ہے، اس مسئلہ میں صرف امامیہ کا اختلاف ہے، اس مذہب میں یہ بھی حرام ہے۔ البتہ مسلمان کے لئے بہتر یہی ہے کہ آزاد مسلم خاتون کے ہوتے ہوئے کتابی عورت سے شادی نہ کرے۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے آزاد مسلم خواتین کی موجودگی میں کتابیہ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے شادی کو مکروہ قرار دیا ہے۔ اختیارات نامی کتاب میں ہے کہ قاضی اور اکثر علماء کا یہی قول ہے، کیونکہ حضرت عمرؓ نے اہل کتاب عورتوں سے شادی کرنے والوں سے کہا تھا کہ انہیں طلاق دے دیں تو حضرت حذیفہ کے سوا سب لوگوں نے طلاق دے دی تھی، حضرت حذیفہ نے بھی بعد میں طلاق دے دی تھی، اس کی وجہ یہ ہے کہ جب مسلمان کسی کتابی عورت سے شادی کرے گا تو اس کا دل اس عورت کی طرف مائل ہوگا اور وہ اسے فتنہ میں ڈال سکتی ہے اور اگر اولاد ہو تو اولاد بھی ماں کی طرف مائل ہو سکتی ہے۔ واللہ اُعلم

[دستخط]
نائب صدر
محمد علی الحرکان

[دستخط]
صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی
عبداللہ بن حمید

## ممبران

[دستخط]
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز

[دستخط]
مصطفیٰ الزرقاء

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
صالح بن عثیمین

[دستخط]
محمد بن عبداللہ بن السبیل

[دستخط]
مبروک العوادی

[دستخط]
محمد الشاذلی النیفر

[دستخط]
عبدالقدوس الہاشمی

[دستخط]
محمد رشیدی

[دستخط کے وقت موجود نہیں تھے]
ابوالحسن علی الحسنی الندوی

[دستخط]
ابوبکر محمود جومی

[دستخط]
حسنین محمد مخلوف

[دستخط]
محمد رشید قبانی

[غیر موجود]
محمود شیت خطاب

[غیر موجود]
محمد سالم عدود



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چوتھا فیصلہ:

## ''ام الخبائث کا پھیلاؤ، مرض اور علاج'' کے موضوع پر شیخ محمود شیت خطاب کا مقالہ

مذکورہ بالا موضوع پر اکیڈمی کے رکن شیخ محمود شیت خطاب کا بیش قیمت مقالہ اکیڈمی کے سامنے پیش ہوا، تحریر پر نظر ڈالنے کے بعد محسوس کیا گیا کہ شراب، نشہ آور اشیاء اور تمباکو نوشی کے نقصانات پر یہ تحریر بہت ہی نفیس اور بھرپور ہے، اس میں مستند معلومات اور صحیح سماجی اور اقتصادی اعداد و شمار پیش کر کے نوجوانوں کے مستقبل کے جس خطرناک نتیجہ سے آگاہ کیا گیا ہے وہ امت کے ذمہ داروں کو یہ احساس دلانے کے لئے کافی ہے کہ مستقبل کے نوجوانوں کی حفاظت کے لئے انہیں ان خطرات سے بچانا ضروری ہے جو نئی نسل کے مرد و عورت کے درمیان پھیل رہے ہیں۔ مقالہ نگار نے ان ذرائع کی بھی نشاندہی کی ہے جہاں سے یہ خطرات نوجوانوں میں داخل ہو رہے ہیں، یہ ذرائع تین ہیں: ایسے گھر جہاں بچے اپنے بڑوں کو نشہ آور اشیاء استعمال کرتے دیکھتے ہیں، دوسرے تعلیم کے وہ ادارے جہاں نوجوان اپنے دوست واحباب کو دیکھ کر منشیات کا استعمال سیکھتے ہیں اور تیسرے ذرائع ابلاغ کی پڑھی، دیکھی اور سنی جانے والی تینوں قسمیں جو مختلف اشتہارات، تصاویر اور فلموں وغیرہ کے ذریعہ نئی نسل کے ذہنوں میں منشیات کی رغبت پیدا کرتی ہیں۔ خطرات کے ان ذرائع کی نشاندہی کرنے کے بعد مضمون نگار نے بتایا ہے کہ اس کا واحد علاج جس سے اس مرض کو ختم کیا جا سکتا ہے اور قوم کی زندگی سے اسے دور اور نوجوان نسل کو اس سے ممکن حد تک محفوظ رکھا جا سکتا ہے صحیح اسلامی تربیت ہے جو پورے اہتمام اور سنجیدگی کے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ساتھ انجام دی جائے تاکہ نوجوانوں کے ذہنوں اور احساسات وعمل میں وہ بیٹھ جائے، مقالہ نگار نے واضح کیا ہے کہ مغرب کے دانش وروں اور عرب ممالک کے ان کے مقلدین نے مادی زندگی کے سایہ میں بیٹھ کر ان امراض کے علاج کے لئے جو بھی وسائل اور طریقے اپنائے وہ نہ صرف ناکام ثابت ہوئے، بلکہ اس کے نتائج برعکس نکلے اور خطرناک حد تک امراض میں اضافہ ہوتا گیا، اس لئے کہ صحیح علاج صرف سنجیدہ اسلامی تربیت ہے۔ مضمون نگار نے سگریٹ نوشی اور دوسری نشہ آور اشیاء کے خطرات کی ایسی نشاندہی کر دی ہے کہ اب ہر گھر، ادارہ اور ذرائع ابلاغ وسربراہان کی اہم ترین ذمہ داری اس خطرہ کے سامنے بند باندھنے کی ہے۔ اکیڈمی اس اہم اور نفیس ومعلوماتی تحریر پر صاحب تحریر کا شکریہ ادا کرتی ہے اور مضمون کی طباعت واشاعت، دوسری زبان میں اس کے ترجمہ اور وسیع پیمانہ پر اس کو پھیلانے کا فیصلہ کرتی ہے اور گھر کے ذمہ داروں، والدین، اساتذہ اور ذرائع ابلاغ کے ذمہ داروں کی توجہ اس جانب مبذول کرانا ضروری سمجھتی ہے اور ان سے اپیل کرتی ہے کہ امت کی نئی نسل کے سلسلہ میں اللہ سے ڈریں اور بہترین اسلامی تربیت کے ذریعہ نوجوان نسل کی اصلاح کریں اور منشیات کے استعمال نیز ان کے پھیلاؤ کو روکیں۔ والله هو الهادي إلى سواء السبيل.

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| محمد علی الحرکان | عبداللہ بن حمید |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز | مصطفیٰ الزرقاء | محمد محمود الصواف |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| صالح بن عثیمین | محمد بن عبداللہ بن السبیل | مبروک العوادی |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد الشاذلی النیفر | عبدالقدوس الہاشمی | محمد رشیدی |
| [دستخط کے وقت موجود نہیں تھے] | [دستخط] | [دستخط] |
| ابوالحسن علی الحسنی الندوی | ابوبکر محمود جومی | حسنین محمد مخلوف |
| [دستخط] | [غیر موجود] | [غیر موجود] |
| محمد رشید قبانی | محمود شیت خطاب | محمد سالم عدود |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پانچواں فیصلہ:

## اسلام میں رجم کی سزا

''اسلام میں زانی محصن کے لئے حد رجم کا حکم'' کے موضوع پر ڈاکٹر محمد رشید قبانی کا مقالہ سننے کے بعد محسوس کیا گیا کہ یہ تحریر مصنف کی ''حد زنا'' والی تحریر ہی کا ایک جز ہے جس کی اشاعت کا فیصلہ دوسرے اجلاس میں کیا جا چکا ہے۔ مصنف نے مزید چند معروضات کے علاوہ انہیں امور کو مدلل کیا ہے، لہذا ان معروضات کو سابقہ تحریر میں شامل کر دیا جائے اور چونکہ سابقہ تحریر کے نسخے ختم ہو چکے ہیں، اس لئے اجلاس فیصلہ کرتا ہے کہ:

اول: رجم سے متعلق حد زنا پر لکھے گئے مقالہ پر اکتفاء کیا جائے۔

دوم: ان معروضات کو مقالہ میں شامل کیا جائے اور انہیں ڈاکٹر محمد رشید قبانی کے حد زنا سے متعلق مقالہ کے ذیل کے طور پر طبع کیا جائے اور یہ نوٹ لگا دیا جائے کہ چونکہ یہ معروضات اہم ہیں اس لئے مقالہ کی آئندہ طباعت میں ان کو اصل میں محولہ مقامات پر رکھا جائے۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| محمد علی الحرکان | عبداللہ بن حمید |

**ممبران**

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز | مصطفیٰ الزرقاء | محمد محمود الصواف |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[دستخط]
صالح بن عثیمین

[دستخط]
محمد بن عبداللہ بن السبیل

[دستخط]
مبروک العوادی

[دستخط]
محمد الشاذلی النیفر

[دستخط]
عبدالقدوس الہاشمی

[دستخط]
محمد رشیدی

[دستخط کے وقت موجود نہیں تھے]
ابوالحسن علی الحسنی الندوی

[دستخط]
ابوبکر محمود جومی

[دستخط]
حسنین محمد مخلوف

[دستخط]
محمد رشید قبانی

[غیر موجود]
محمود شیت خطاب

[غیر موجود]
محمد سالم عدود



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چھٹا فیصلہ:

## رؤیت ہلال سے متعلق علماء، حکام اور قضاۃ کے نام
## شیخ عبداللہ بن زید آل محمود کا خط

**الحمد لله وحده والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، أما بعد!**

اکیڈمی کے اجلاس میں حکومت قطر کے رئیس المحاکم (چیف جسٹس) شیخ عبداللہ بن زید بن محمود کا وہ خط پیش ہوا جو انہوں نے رؤیت ہلال کے سلسلہ میں علماء، حکام اور قضاۃ کے نام تحریر کیا ہے۔ تحریر دیکھنے کے بعد واضح ہوا کہ یہ خط بہت واضح اور نمایاں غلطیوں پر مبنی ہے۔

اول: شیخ ابن محمود کہتے ہیں کہ اس برس یعنی ۱۴۰۰ھ میں عید الفطر غلط واقع ہوئی ہے، کیونکہ دوشنبہ کی شب میں رؤیت ہلال کی جھوٹی شہادت پر یہ عید منائی گئی ہے جب کہ صحیح طور پر چاند کی رؤیت کسی بھی شخص کے ذریعہ نہ تو دوشنبہ کی شب میں ہوئی اور نہ منگل کی شب میں...

یہ بات جو صاحب خط نے اندازہ لگا کر کہی ہے بالکل غلط اور خلاف حق ہے، کیسے انہوں نے تمام لوگوں کے بارے میں یہ فیصلہ کر لیا کہ انہوں نے چاند نہیں دیکھا ہے، جب کہ صاحب خط نے ان تمام لوگوں کے علم کا احاطہ نہیں کیا ہے اور قاعدہ شرعیہ ہے کہ جاننے والا شخص نہ جاننے والے پر حجت ہے اور کسی چیز کو ثابت کرنے والا اس چیز کی نفی کرنے والے پر حجت ہے، حقیقت یہ ہے کہ دوشنبہ کی رات کو ثقہ اور عادل افراد کی شہادت سے رؤیت ہلال ثابت ہوئی ہے جن کی شہادت سعودی عرب وغیرہ کے مختلف علاقوں میں قابل اعتماد قضاۃ کے نزدیک ثابت قرار



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پائی ہے، اس سے معلوم ہوا کہ ۱۴۰۰ھ کے شوال کا آغاز دوشنبہ کی شب کو اس شرعی ثبوت کے ساتھ ہوا ہے جو سیدنا رسول اللہ ﷺ کی لائی ہوئی شریعت مطہرہ کی تعلیمات پر مبنی ہے، چنانچہ ابوداود نے اپنی سنن میں صحیح سند کے ساتھ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے، وہ فرماتے ہیں کہ لوگوں نے چاند دیکھنے کی کوشش کی، میں نے نبی ﷺ کو خبر دی کہ میں نے چاند دیکھا ہے تو آپ ﷺ نے روزہ رکھا اور لوگوں کو روزہ رکھنے کا حکم دیا۔ حافظ ابن حجر نے التلخیص الحبیر میں لکھا ہے کہ دارمی، دارقطنی، ابن حبان، حاکم اور بیہقی نے اس کی روایت کی ہے اور ابن حزم نے اس کو صحیح بتایا ہے۔ اصحاب سنن نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے: ''ایک اعرابی نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! میں نے چاند دیکھا ہے، تو نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کیا تم گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں؟ اس نے کہا: ہاں، تو آپ ﷺ نے فرمایا: اے بلال! لوگوں میں اعلان کردو کہ وہ کل روزہ رکھیں''، اس حدیث کی روایت ابن خزیمہ، ابن حبان، دارقطنی، حاکم اور بیہقی نے بھی کی ہے اور امام احمد ونسائی نے حضرت عبدالرحمٰن بن زید بن خطاب سے روایت کی ہے، وہ فرماتے ہیں: ''میں نے اصحاب رسول ﷺ کی ہم نشینی پائی، میں نے ان سے پوچھا، انہوں نے مجھ سے بیان کیا کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''چاند دیکھ کر روزہ رکھو اور چاند دیکھ کر روزہ ختم کرو اور عبادت بجالاؤ، اگر آسمان ابر آلود ہو تو تیس روزے پورے کرو، اگر دو گواہ گواہی دیں تو روزہ رکھو اور روزہ ختم کرو''، حضرت حارث بن حاطب الجمحی امیر مکہ سے روایت ہے، وہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ہدایت فرمائی کہ ہم چاند دیکھ کر عبادت (حج وقربانی) بجالائیں، پھر اگر ہم نہ دیکھیں اور دو عادل گواہ شہادت دیں تو ان دونوں کی شہادت پر ہم عبادت (حج وقربانی) بجالائیں، اس حدیث کی روایت ابوداود اور دارقطنی نے کی ہے اور کہا ہے کہ اس کی سند صحیح اور متصل ہے، حضرت ابوعمیر بن انس اپنے ایک انصاری چچا سے نقل کرتے ہوئے روایت کرتے ہیں کہ ''شوال کا چاند ہم پر پوشیدہ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوگیا، صبح ہم روزہ کی حالت میں رہے، دن کے آخری پہر ایک قافلہ آیا اور رسول اللہ ﷺ کے پاس شہادت دی کہ انہوں نے گذشتہ کل چاند دیکھا تھا، تو رسول اللہ ﷺ نے لوگوں کو حکم دیا کہ آج ہی روزہ توڑ دیں اور کل عید کی نماز کے لئے نکلیں"۔ اس حدیث کی روایت امام احمد، ابوداؤد، نسائی اور ابن ماجہ نے کی ہے، حافظ نے التلخیص الحبیر میں لکھا ہے: ابن المنذر، ابن السکن اور ابن حزم نے اس کو صحیح قرار دیا ہے، حضرت ربعی بن حراش ایک صحابی سے روایت کرتے ہیں، وہ فرماتے ہیں کہ: "رمضان کے آخری دن لوگوں میں اختلاف ہوا، پھر دو اعرابی آئے اور نبی ﷺ کے پاس شہادت دی کہ بخدا انہوں نے گذشتہ کل شام کے وقت چاند دیکھا تھا، تو نبی کریم ﷺ نے لوگوں کو حکم دیا کہ وہ روزہ توڑ دیں"، یہ حدیث احمد اور ابوداؤد نے روایت کی ہے، ابوداؤد نے ایک روایت میں یہ اضافہ نقل کیا ہے: "اور لوگ کل اپنی عیدگاہ کو آجائیں"۔

یہ احادیث اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ ثقہ گواہوں کی شہادت کو اختیار کرنا اور ان پر اعتماد کرنا واجب ہے، روزہ اور افطار میں دو عادل گواہ اور رمضان کے آغاز کے ثبوت میں ایک عادل گواہ کافی ہیں، جیسا کہ اس پر حضرت ابن عمر کی حدیث اور حضرت عبداللہ بن عباس کی احادیث دلالت کررہی ہیں۔ یہ احادیث اس پر بھی دلالت کرتی ہیں کہ یہ ضروری نہیں کہ تمام لوگ یا لوگوں کا ایک جم غفیر چاند دیکھے، اسی طرح اس پر دلالت کرتی ہیں کہ دو عادل گواہوں کی شہادت یا آغاز رمضان میں ایک عادل گواہ کی شہادت کی صحت کے لئے یہ شرط نہیں ہے کہ لوگ دوسری رات بھی اس چاند کو دیکھ سکیں، اس لئے کہ چاند کے منازل بدلتے رہتے ہیں، اسی طرح لوگوں کی نگاہیں بھی یکساں نہیں ہوتی ہیں اور اس لئے بھی کہ بسا اوقات افق پر ایسی چیز آجاتی ہے جو دوسری رات کو رؤیت میں مانع بن جاتی ہے اور اگر دوسری رات میں بھی چاند کی رؤیت صحت شہادت کے لئے شرط ہوتی تو نبی کریم ﷺ نے ضرور بیان فرمایا ہوتا، کیونکہ آپ ﷺ اللہ کا پیغام پہنچانے والے اور احکام الٰہی کی وضاحت کرنے والے تھے اور امام ترمذی نے رؤیت کے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اثبات میں دو عادل گواہوں کی شہادت کے قبول کرنے پر علماء کا اجماع نقل کیا ہے، شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے فتاویٰ کی جلد ۲۵ صفحہ ۱۸۶ پر رؤیت میں لوگوں کی نگاہوں کے فرق اور اس کے اسباب کا ذکر کرنے کے بعد لکھا ہے کہ: ''اگر دو اشخاص دیکھ لیں تو شارع نے ان دونوں کی شہادت پر حکم معلق کیا ہے، اس پر اجماع ہے، خواہ جمہور نے نہ دیکھا ہو''۔ شاید حکایت اجماع سے ان کی مراد وہ صورت ہے جس میں مطلع ابر آلود ہو، اس لئے کہ امام ابوحنیفہ مطلع صاف ہونے کی صورت میں اس کے قائل ہیں کہ محض دو اشخاص کی شہادت سے مہینے کا آنا ثابت نہیں ہوگا جب تک استفاضہ نہ ہو، یہ بات معلوم اور معروف ہے جو شیخ الاسلام جیسی شخصیت سے مخفی نہیں ہوگی، یہ سب تو اس وقت ہے جب کسی حاکم نے اس کے بارے میں فیصلہ نہ کیا ہو، اس لئے کہ حاکم کا فیصلہ اختلاف کو رفع کر دیتا ہے اور مذکورہ شہادت کی بنیاد پر عمل کو بالا جماع لازم کر دیتا ہے، جیسا کہ علامہ ابوزکریا یحییٰ نووی نے شرح المھذب جلد۶ صفحہ ۲۱۳ پر رؤیت میں لوگوں کی نگاہوں کے فرق کے اسباب بیان کرنے کے بعد لکھا ہے، ان کی عبارت ہے: ''اور اسی لئے اگر دو افراد یا ایک فرد رؤیت کی شہادت دے اور حاکم اس کے مطابق فیصلہ کر دے تو بالا جماع اس کے فیصلہ کو نہیں توڑا جائے گا اور بالا جماع روزہ رکھنا واجب ہو جائے گا اور اگر رؤیت ناممکن ہو تو حاکم کا حکم نافذ نہیں ہوگا اور اس کو توڑنا واجب ہوگا''۔ پھر صاحب خط شیخ ابن محمود نے مذکورہ باتوں کے بعد کہا ہے کہ: ''اے جماعت علماء اور اے شرع اسلام کے قضاۃ! ہم ہر سال اپنے روزہ اور اپنی عید میں واضح غلطی کا شکار ہوتے ہیں''، یہ بات کس قدر غلط اور حق کے خلاف جسارت ہے، کہاں ہر سال روزہ اور عید میں غلطی ہو رہی ہے جب کہ قضاۃ اس مسئلہ میں صحیح احادیث کے مطابق فیصلہ کرتے ہیں اور اہل علم کا ان مسائل پر اجماع ہے جیسا کہ پیچھے بیان ہوا، پھر آگے شیخ ابن محمود لکھتے ہیں: ''جب سورج نکلنے سے پہلے مشرقی افق پر چاند نظر آتا ہے تو سورج ڈوبنے سے پہلے وہ چاند غروب ہو جاتا ہے اور اسے کوئی دیکھ نہیں پاتا ہے، یا جب سورج کے ساتھ چاند طلوع ہوتا ہے تو



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سورج کے ساتھ ہی غروب ہو جاتا ہے اور سورج کی روشنی کی تیزی کی وجہ سے کوئی شخص چاند کو دیکھ نہیں پاتا"۔ یہ بات بالکل ہی غلط ہے، کیونکہ عادل اشخاص کی شہادت سے یہ بات ثابت ہے کہ چاند انتسویں تاریخ کو صبح میں سورج سے پہلے مشرق کی طرف دیکھا جاتا ہے پھر اسی دن مغرب کی طرف سورج ڈوبنے کے بعد وہ دیکھا جاتا ہے، اس لئے کہ چاند کی رفتار سورج کی رفتار سے علاحدہ ہے، ہر ایک اپنے مخصوص مدار پر گامزن رہتا ہے، جیسی اللہ کی مشیت رہتی ہے اور جہاں تک شیخ ابن محمود نے صبح کو طلوع شمس سے پہلے ہلال نظر آنے کی صورت میں غروب شمس کے بعد اس کے عدم امکان رؤیت پر آیت: "لا الشمس ينبغي لها أن تدرك القمر ولا الليل سابق النهار وكل في فلك يسبحون" [سورہ یٰس / ۴۰] (نہ آفتاب کی مجال ہے کہ چاند کو جا پکڑے اور نہ رات دن سے پہلے آسکتی ہے اور دونوں ایک ایک دائرہ میں تیر رہے ہیں) سے استدلال کیا ہے تو اس آیت میں کوئی حجت نہیں ہے، اس لئے کہ مفسرین نے واضح کر دیا ہے کہ آیت میں مذکور "ادراک" کا مفہوم یہ ہے کہ چاند کے غلبہ کے وقت سورج کا غلبہ نہیں ہوتا اور سورج کے غلبہ کے وقت چاند کا غلبہ نہیں ہوتا۔ حافظ ابن کثیرؒ اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں: مجاہد نے کہا کہ ان دونوں میں سے ہر ایک کی ایک حد ہے جس سے وہ نہ پیچھے رہتا ہے نہ آگے بڑھتا ہے، جب ایک کا غلبہ ہو جاتا ہے تو دوسرے کا غلبہ ختم ہو جاتا ہے اور جب دوسرے کا غلبہ آتا ہے تو پہلے کا غلبہ ختم ہو جاتا ہے، ابن کثیر نے کہا: ثوری نے اسماعیل بن خالد سے ابو صالح کے واسطہ سے روایت کی ہے کہ ایک کی روشنی دوسرے کی روشنی کو نہیں پاتی، عکرمہ نے کہا: اللہ کا قول: "لا الشمس ينبغي لها أن تدرك القمر" یعنی دونوں میں سے ہر ایک کے لئے غلبہ ہے، چنانچہ سورج رات میں نہیں طلوع ہو سکتا ہے..."۔

پھر شیخ ابن محمود نے مطلع صاف ہونے کی صورت میں فقہاء احناف کے ذریعہ استفاضہ کی شرط کا ذکر کیا اور کہا کہ صرف ایک یا دو اشخاص کی رؤیت بقیہ لوگوں کو چھوڑ کر کافی نہ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوگی، کیونکہ ان دونوں شاہدوں کے وہم میں پڑ جانے کا امکان ہے، یہ سب ذکر کرنے کے بعد کہا ہے کہ: ''یہی رائے شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمۃ اللہ علیہ نے چاند سے متعلق اپنے رسائل میں اختیار فرمائی ہے، چنانچہ انہوں نے کہا ہے کہ ہلال کے لئے ایک یا دو اشخاص کی رؤیت معتبر نہیں ہوگی جب کہ عام لوگوں نے چاند نہ دیکھا ہو، کیونکہ یہ احتمال ہے کہ ان دونوں سے رؤیت میں وہم ہوگیا ہو، اگر رؤیت صحیح ہوتی تو اکثر لوگ ضرور دیکھتے''۔ شیخ ابن محمود نے شیخ الاسلام ابن تیمیہ کے حوالہ سے جو یہ نقل کیا ہے کہ صرف ایک یا دو اشخاص کی شہادت رؤیت ہلال کی جب کہ دوسرے لوگ نہ دیکھ سکیں، معتبر نہیں ہے، یہ بات مبنی بر صحت نہیں ہے، شیخ الاسلام کی رائے پیچھے گذر چکی ہے جسے ان کے کلام سے واقف علماء نے نقل کیا ہے اور جو فتاویٰ جلد ۲۵ صفحہ ۱۸۶ پر موجود ہے، شیخ الاسلام نے تو دو افراد کی شہادت پر حکم شرع مرتب ہونے کے مسئلہ میں اجماع نقل کیا ہے۔

پھر شیخ ابن محمود نے کہا: حدیث ''لوگوں نے رمضان کا چاند دیکھا تو میں نے نبی کریم ﷺ کو خبر دی کہ میں نے چاند دیکھا ہے تو آپ ﷺ نے روزہ رکھا اور لوگوں کو اس کے روزہ کا حکم دیا، کی روایت ابوداؤد نے کی ہے اور حاکم و ابن حبان نے اس کو صحیح قرار دیا ہے، اسی کے مثل حدیث ابن عباس ہے کہ ایک اعرابی نے نبی کریم ﷺ کے پاس آ کر عرض کیا کہ میں نے چاند دیکھا ہے، حضور ﷺ نے پوچھا: کیا تم گواہی دیتے ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں؟ اس نے کہا: ہاں، آپ ﷺ نے پوچھا: کیا تم گواہی دیتے ہو کہ محمد اللہ کے رسول ہیں؟ اس نے کہا: ہاں، آپ ﷺ نے فرمایا: اے بلال! لوگوں میں اعلان کردو کہ کل روزہ رکھیں، اس روایت کو اصحاب خمسہ نے بیان کیا ہے، ابن خزیمہ و ابن حبان نے اس کو صحیح بتایا ہے، نسائی نے اس کے مرسل ہونے کو صحیح قرار دیا ہے، تو اس کا جواب یہ ہے کہ ان دونوں احادیث میں کوئی ایسی بات نہیں ہے جس سے معلوم ہو کہ صرف ان دو اشخاص نے ہی چاند دیکھا تھا، کیونکہ یہ احتمال ہے کہ ان دونوں اشخاص نے سب سے پہلے چاند دیکھا ہو پھر دوسروں نے دیکھا ہو''۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ جواب کس قدر باطل اور دوراز کار ہے مخفی نہیں، کیونکہ اس کی کوئی دلیل نہیں ہے اور اصل یہی ہے کہ ان دونوں کے علاوہ لوگوں نے نہ دیکھا ہو، کیونکہ ان دونوں کے علاوہ لوگ بھی دیکھتے تو منقول ہوتا اور جب یہ منقول نہیں تو معلوم ہوا کہ ایسا واقعہ ہوا ہی نہیں، اسی لئے علماء نے ان دونوں روایات سے استدلال کرتے ہوئے رمضان کے آغاز میں ایک شخص کی شہادت کو قبول کرنے اور اس کے مطابق عمل واجب ہونے کی بات کہی ہے اور یہی رائے علماء کے دو اقوال میں سے زیادہ صحیح قول ہے، جیسا کہ پہلے اس کا بیان ہو چکا، پہلے یہ بھی بیان ہوا ہے کہ جب اس کے مطابق کوئی شرعی حاکم فیصلہ کر دے تو اس پر عمل اجماعاً واجب ہو جاتا ہے، جیسا کہ امام نووی نے شرح المہذب میں نقل کیا ہے۔ پس علماء پر بلا دلیل کسی بات کو محول کرنے سے اللہ کی پناہ۔

پھر شیخ ابن محمود نے اپنے خط کے آخر میں تحریر کیا ہے کہ: ''میں نے پہلے بھی کہا ہے کہ تمام اہل اسلام ہر سال ایک عید پر مجتمع ہوں، میں نے حکومت کو دعوت دی ہے کہ وہ ایک عدالتی رویت ہلال کمیٹی تشکیل دے جس میں ایسے عادل افراد ہوں جن کی نگاہ بھی تیز ہو، وہ چاند کے طلوع کے وقت میں چاند دیکھیں، بالخصوص شعبان میں اور اگر ابر یا غبار ہو تو تیس دن پورے کریں، پھر رمضان کے روزے رکھیں، پھر ذی الحجہ کے آغاز میں چاند دیکھنے کا اہتمام کریں تاکہ حج کی میقات (دن) متعین ہو سکے، اس کمیٹی میں دس افراد سے کم نہ ہوں جو سب عادل وثقہ ہوں اور ان کا ایک صدر ہو جو انہیں جوڑ کر رکھے''۔

یہ بات کتنی پر تکلف اور ایک ایسی نئی قانون سازی کی دعوت ہے جس کی اللہ نے کوئی دلیل نازل نہیں فرمائی، بلکہ یہ انتہائی درجہ غلط تجویز ہے جس کو اپنانا اور اس کی طرف التفات کرنا بھی جائز نہیں ہے، اس لئے کہ اللہ تعالیٰ نے تمام مہینوں میں دو عادل افراد کی شہادت اور رمضان کے ماہ میں ایک عادل فرد کی شہادت پر فیصلہ کو جائز قرار دیا اور اس مسئلہ کو سہل و آسان بنایا ہے، اب کسی کے لئے یہ جائز نہیں ہے کہ اللہ کی شریعت میں ایسی چیز داخل کر دے جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی ہے اور نہ اس کے نبی کی سنت نے اسے بیان کیا ہے، اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''أم



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لهم شركاء شرعوا لهم من الدين ما لم يأذن به الله" [سورہ الشوری/۲۱] (کیا ان کے کچھ شریک ہیں جنہوں نے ان کے لئے ایسا دین مقرر کر دیا ہے جس کی خدا نے اجازت نہیں دی) اور رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: "جس نے ہمارے دین میں کوئی ایسی نئی چیز پیدا کی جو دین میں سے نہیں ہے تو وہ قابل رد ہے"، اس حدیث کی روایت بخاری و مسلم نے اپنی صحیحین میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے کی ہے اور صحیح مسلم کی روایت میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: "جس شخص نے کوئی ایسا عمل کیا جس پر ہمارا دین نہیں ہے تو وہ قابل رد ہے"۔

مذکورہ سطور میں ہم نے شیخ عبداللہ بن محمود کے خط کی متعدد غلطیوں کی نشاندہی کر دی ہے، ہم اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ہمیں اور انہیں سیدھے راستہ کی ہدایت دے، ہمیں اور انہیں اور تمام مسلمانوں کو اس بات سے محفوظ رکھے کہ ہم اللہ اور اس کے رسول کی طرف منسوب کر کے کوئی ایسی بات کہہ دیں جو انہوں نے نہیں کہی اور ہم دین میں کوئی ایسی نئی چیز داخل کر دیں جس کی اللہ نے اجازت نہیں دی ہے۔

**والحمد لله رب العالمين وصلى الله وسلم على عبده ورسوله سيدنا محمد وعلى آله وصحبه ومن سار على نهجه إلى يوم الدين ۔**

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| محمد علی الحرکان | عبداللہ بن حمید |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط کے وقت موجود نہیں تھے] | [دستخط] |
| عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز | مصطفیٰ الزرقاء | محمد محمود الصواف |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| صالح بن عثیمین | محمد بن عبداللہ بن السبیل | مبروک العوادی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد الشاذلی النیفر | عبدالقدوس الہاشمی | محمد رشیدی |
| [دستخط کے وقت موجود نہیں تھے] | [دستخط] | [دستخط] |
| ابوالحسن علی الحسنی الندوی | ابوبکر محمود جومی | حسنین محمد مخلوف |
| [دستخط] | [غیر موجود] | [غیر موجود] |
| محمد رشید قبانی | محمود شیت خطاب | محمد سالم عدود |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# ساتواں فیصلہ:

## رؤیت ہلال میں وحدت یا عدم وحدت

**الحمد لله وحده والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، أما بعد!**

اسلامی فقہ اکیڈمی نے رؤیت ہلال کے سلسلہ میں اختلاف مطالع کے مسئلہ پر غور کیا، اکیڈمی کی رائے ہے کہ اسلام کی بنیاد اس پر ہے کہ وہ ایسا آسان اور سہل دین ہے جسے فطرت سلیمہ اور عقل سلیم قبول کرتی ہے، اسی لئے چاند کے مسئلہ میں فلکیاتی حساب کے بجائے بصری رؤیت کا اعتبار کیا گیا ہے، جیسا کہ شریعت کے قطعی دلائل سے ثابت ہے، اسی طرح اسلام نے اختلاف مطالع کا اعتبار کیا ہے کہ یہ لوگوں کے لئے سہل اور آسان ہے اور صحیح نقطۂ نظر کے موافق ہے، روزہ اور عید میں وحدت کی جو دعوت لوگ دیتے ہیں وہ شریعت اور عقل دونوں کے خلاف ہے، اس کے خلاف شریعت ہونے کی دلیل ''حضرت کریب'' کی وہ حدیث ہے جس کی روایت ائمہ حدیث نے کی ہے کہ ام الفضل بنت حارث نے انہیں حضرت معاویہ کے پاس شام بھیجا، وہ کہتے ہیں کہ میں شام آیا، اپنی ضرورت پوری کی، اسی اثناء میں رمضان کا چاند ہوگیا، میں شام ہی میں تھا، میں نے جمعہ کی شب کو چاند دیکھا، پھر ماہ کے آخر میں جب مدینہ آیا تو عبداللہ بن عباسؓ نے مجھ سے چاند کا ذکر کیا اور پوچھا کہ تم نے کب چاند دیکھا؟ میں نے کہا کہ ہم لوگوں نے جمعہ کی شب میں چاند دیکھا، انہوں نے پوچھا کہ تم نے خود دیکھا؟ میں نے کہا: ہاں اور دوسرے لوگوں نے بھی دیکھا اور سبھوں نے اسی کے مطابق روزہ بھی رکھا اور حضرت معاویہؓ نے بھی روزہ رکھا، انہوں نے کہا: لیکن ہم لوگوں نے تو سنیچر کی شب کو چاند دیکھا ہے، لہذا ہم تو روزہ رکھتے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رہیں گے جب تک تیس دن پورے نہ کرلیں یا چاند نہ دیکھ لیں، میں نے کہا: کیا حضرت معاویہؓ کی رؤیت اور روزہ ہمارے لئے کافی نہیں ہے؟ فرمایا: نہیں، رسول اللہ ﷺ نے ہمیں ایسا ہی حکم دیا ہے (صحیح مسلم)۔

صحیح مسلم کی اس حدیث کی شرح میں امام نووی نے عنوان قائم کیا ہے: "اس بات کا بیان کہ ہر شہر کے لئے علاحدہ رؤیت ہے اور اگر کسی شہر کے لوگ چاند دیکھ لیں تو وہاں سے دور لوگوں کے لئے چاند کا حکم ثابت نہیں ہوگا"، اور کتب ستہ کے اصحاب میں سے اس حدیث کی روایت کرنے والے ابوداؤد، ترمذی اور نسائی نے اس حدیث کے عنوان میں اسی نہج کو اختیار کیا ہے۔

اسلام نے روزہ اور افطار کو رؤیت بصری سے ہی وابستہ کیا ہے، حضرت ابن عمرؓ کی حدیث ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "روزہ نہ رکھو جب تک چاند نہ دیکھ لو اور روزہ نہ ختم کرو جب تک چاند نہ دیکھ لو، اگر آسمان ابر آلود ہو تو اندازہ کرو" (بخاری و مسلم)۔ اس حدیث میں حکم کا مدار جس سبب پر رکھا گیا ہے وہ رؤیت ہے اور یہ ممکن ہے کہ رؤیت کسی شہر مثلاً مکہ اور مدینہ میں ہو اور دوسرے شہر میں اس وقت نہ ہو، کیونکہ وہاں دن کا وقت ہو، تو کیسے ان کے لئے روزہ یا افطار کا حکم ہوگا، تمام مسالک کے علماء نے اس بات کو تسلیم کیا ہے کہ بیشتر علماء کے نزدیک اختلاف مطالع معتبر ہے، ابن عبدالبر نے اس پر اجماع نقل کیا ہے کہ کسی شہر کی رؤیت دور کے ممالک مثلاً اندلس سے خراسان جیسی دوری کے ممالک کے لئے معتبر نہیں ہوگی، ہر شہر کا مخصوص حکم ہوگا، مذاہب اربعہ کی کتابیں اختلاف مطالع کے اعتبار اور ان کے شرعی دلائل سے بھری ہوئی ہیں۔

مذکورہ دعوت عقل کے خلاف اس طرح ہے کہ اختلاف مطالع کے سلسلہ میں کسی عالم کا اختلاف نہیں ہے، اس لئے کہ یہ تو مشاہدہ اور عقل میں آنے والی چیز ہے، عقل اور شریعت دونوں اس پر متفق ہیں اور بہت سے احکام کی بنیاد اسی پر ہے جن میں نمازوں کے اوقات شامل ہیں، اور دوبارہ مشاہدہ کر کے بھی دیکھا جا سکتا ہے کہ مطالع کا اختلاف ایک امر واقع ہے، چنانچہ اس



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تفصیل کی روشنی میں اکیڈمی فیصلہ کرتی ہے کہ عالم اسلام میں ایک ہی دن عید منانے اور رؤیت میں وحدت کی دعوت دینے کی ضرورت نہیں ہے، عید میں اتحاد سے مسلمانوں کے اندر اتحاد پیدا نہیں ہوسکتا، ثبوت رؤیت کا مسئلہ اسلامی ممالک کے دارالافتاء اور دارالقضاء کے اوپر چھوڑ دینا چاہئے، یہی اسلام کی عمومی مصلحت سے ہم آہنگ ہے، مسلمانوں کے اندر اتفاق زندگی کے تمام معاملات میں قرآن وسنت پر عمل کرنے ہی سے ہوسکتا ہے۔

والله ولي التوفيق وصلى الله على نبينا محمد وآله وصحبه وسلم۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| محمد علی الحرکان | عبداللہ بن حمید |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط کے وقت موجود نہیں تھے] | [دستخط] |
| عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز | مصطفیٰ الزرقاء | محمد محمود الصواف |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| صالح بن عثیمین | محمد بن عبداللہ بن السبیل | مبروک العوادی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد الشاذلی النیفر | عبدالقدوس الہاشمی | محمد رشیدی |
| [دستخط کے وقت موجود نہیں تھے] | [دستخط] | [دستخط] |
| ابوالحسن علی الحسنی الندوی | ابوبکر محمود جومی | حسنین محمد مخلوف |
| [دستخط] | [غیر موجود] | [غیر موجود] |
| محمد رشید قبانی | محمود شیت خطاب | محمد سالم عدود |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پانچویں سمینار

# منعقدہ ۸-۱۶/ربیع الثانی ۱۴۰۲ھ

# کے فیصلے

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

☆☆☆

| | | |
|---|---|---|
| پہلا فیصلہ | : | عدالت میں حلف اٹھاتے وقت توریت یا انجیل یا ان دونوں پر ہاتھ رکھنے کا حکم |
| دوسرا فیصلہ | : | باہر سے آنے والوں کے لئے جدہ سے احرام باندھنے کا حکم |
| تیسرا فیصلہ | : | اونچی ڈگری والے عرض البلد پر واقع ممالک میں نماز اور روزہ کے اوقات |
| چوتھا فیصلہ | : | مصنوعی بارآوری اور ٹیسٹ ٹیوب بے بی کا حکم |
| پانچواں فیصلہ | : | عرب ممالک سے باہر غیر عربی میں جمعہ اور عیدین کا خطبہ اور اس میں لاؤڈ اسپیکر کا استعمال |
| چھٹا فیصلہ | : | کرنسی نوٹ کی شرعی حیثیت |
| ساتواں فیصلہ | : | حقوق اور عقد کے ذریعہ عائد ہونے والی ذمہ داریوں پر ہنگامی حالات کے اثرات |

☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پہلا فیصلہ:

## عدالت میں حلف اٹھاتے وقت توریت یا انجیل یا ان دونوں پر ہاتھ رکھنے کا حکم

**الحمد لله وحده والصلاة والسلام على من لا نبي بعده سيدنا محمد، أما بعد!**

اکیڈمی کے سامنے یہ سوال آیا کہ اگر غیر مسلم ممالک میں وہاں کے نظام کی رو سے ضروری ہو کہ عدالت کے سامنے حلف اٹھاتے وقت توریت یا انجیل یا ان دونوں پر ہاتھ رکھا جائے تو مسلمان کے لئے توریت یا انجیل یا ان دونوں پر ہاتھ رکھنے کا کیا حکم ہے؟

اجلاس نے اس سلسلہ میں کہ کس چیز کے ذریعہ حلف لینا جائز ہے اور قسم میں بالعموم اور قاضی کے سامنے عدالتی حلف میں ممنوع امور سے متعلق مختلف مسالک کے فقہاء کی آراء کا جائزہ لینے کے بعد مندرجہ ذیل فیصلے کئے:

۱- اللہ کے سوا کسی اور چیز کی قسم کھانی جائز نہیں ہے، رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے: "جسے قسم کھانی ہو وہ اللہ کی قسم کھائے ورنہ خاموش رہے"۔

۲- قسم کھاتے وقت مصحف، توریت یا انجیل وغیرہ پر ہاتھ رکھنا قسم کے صحیح ہونے کے لئے ضروری نہیں ہے، البتہ اگر حاکم قسم کو پختہ کرانا چاہتا ہو تا کہ قسم کھانے والا جھوٹ بولنے سے ڈرے تو ایسا کرنا جائز ہے۔

۳- کسی مسلمان کے لئے جائز نہیں ہے کہ قسم کھاتے وقت توریت یا انجیل پر ہاتھ رکھے، اس



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لئے کہ آج جو نسخے رائج ہیں وہ محرف ہیں اور حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام پر نازل ہونے والے اصل نسخے نہیں ہیں اور حضرت محمد ﷺ پر نازل ہونے والی شریعت نے پچھلی شریعتوں کو منسوخ کر دیا ہے۔

۴- اگر کسی غیر اسلامی مملکت کی عدالت قسم لینے والے کے لئے توریت یا انجیل پر یا ان دونوں پر ہاتھ رکھنا ضروری قرار دیتی ہو تو مسلمان کو چاہئے کہ وہ عدالت سے قرآن کریم پر ہاتھ رکھنے کا مطالبہ کرے، اگر اس کا مطالبہ نہ مانا جائے تو اسے مجبور سمجھا جائے گا اور دونوں یا کسی ایک پر تعظیم کی نیت کے بغیر ہاتھ رکھنے میں کوئی حرج نہیں ہوگا۔

والله ولي التوفيق، وصلى الله على خير خلقه سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وسلم۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [مرض کے سبب معذرت] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| محمد علی الحرکان | عبداللہ بن حمید |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز | محمد محمود الصواف | صالح بن عثیمین |
| [دستخط] | [غیر موجود] | [دستخط] |
| محمد بن عبداللہ بن السبیل | مبروک العوادی | محمد الشاذلی النیفر |
| [دستخط] | [دستخط سے پہلے روانگی] | [دستخط] |
| مصطفیٰ احمد الزرقاء | عبدالقدوس الہاشمی | محمد رشیدی |
| [معذرت] | [دستخط] | [غیر موجود] |
| ابوالحسن علی الحسنی الندوی | ابوبکر محمود جومی | حسنین محمد مخلوف |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[دستخط] [غیر موجود] [دستخط]

محمد رشید قبانی محمود شیت خطاب محمد سالم عدود

[کنوینر]

محمد عبدالرحیم الخالد



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## دوسرا فیصلہ:

# باہر سے آنے والوں کے لئے جدہ سے احرام باندھنے کا حکم

**الحمد لله رب العالمين والصلاة والسلام على إمام المتقين وسيد المرسلين نبينا محمد، أما بعد!**

حج یا عمرہ کی نیت سے بحری یا فضائی راستہ سے مکہ مکرمہ آنے والوں کو احرام باندھنے کے مقام سے متعلق متعدد مسائل پیش آتے ہیں، ان راستوں سے گذرتے ہوئے انہیں ان مواقیت کے بالمقابل آنے کی خبر نہیں ہوتی جن کا تعین آپ ﷺ نے فرمایا ہے اور جہاں سے حج یا عمرہ کا ارادہ رکھنے والے ان مقامات کے باشندوں یا ان سے گذرنے والے دیگر لوگوں کے لئے احرام باندھنا رسول کریم ﷺ نے واجب قرار دیا ہے، اس لئے اس موضوع پر اکیڈمی کے اجلاس کی تیسری نشست میں جو بروز جمعرات بتاریخ ۱۰/ربیع الآخر ۱۴۲۲ھ مطابق ۴/فروری ۱۹۸۲ء ہوئی تھی، غور وخوض اور اس سلسلہ میں وارد نصوص شرعیہ کا جائزہ لینے کے بعد مندرجہ ذیل فیصلے کئے گئے:

اول: وہ مواقیت جن کی تعیین رسول کریم ﷺ نے فرمائی ہے اور حج یا عمرہ کرنے والوں کے لئے جہاں سے احرام باندھنا ضروری قرار دیا ہے، خواہ وہ انہیں مواقیت کے باشندے ہوں یا ان مقامات سے گذر رہے دوسرے لوگ ہوں، درج ذیل ہیں:

اہل مدینہ اور وہاں سے گذرنے والوں کے لئے ''ذوالحلیفہ'' جسے اب ''ابیار علی'' کہا جاتا ہے۔ اہل شام، مصر ومراکش اور ادھر سے گذرنے والوں کے لئے ''جحفہ'' جو اب ''رابغ''



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے نام سے معروف ہے۔نجد کے رہنے والوں اور وہاں سے گذرنے والوں کے لئے" قرن المنازل"، یہ اب" وادی محرم" کے نام سے جانا جاتا ہے اور اس کا دوسرا نام" السیل" بھی ہے۔ عراق اور خراسان کے رہنے والوں اور ان مقامات سے گذرنے والوں کے لئے" ذات عرق"، جسے" ضریبہ" کہا جاتا ہے اور اہل یمن اور ان سے گذرنے والوں کے لئے" یلملم" ہے۔

اجلاس میں طے پایا کہ ان پانچوں مواقیت میں سے جس کسی میقات کے سامنے سے فضائی یا بحری راستہ میں گذر ہو، وہاں سے احرام باندھ لینا واجب ہے، اگر یہ واضح نہ ہو سکے اور نہ کوئی بتانے والا موجود ہو تو احتیاط پر عمل ضروری ہے، یعنی ایسے مقام سے احرام ضرور باندھ لیں کہ یقین یا ظن غالب ہو کہ میقات سے قبل احرام باندھا جا چکا ہے ، کیونکہ میقات سے پہلے احرام باندھ لینا کراہت کے ساتھ سہی درست اور معتبر ہے اور میقات سے تجاوز کر جانے کے اندیشہ کے پیش نظر احتیاطاً قبل ہی باندھا جائے تو کراہت بھی ختم ہو جاتی ہے، کیونکہ واجب کی ادائیگی میں کراہت نہیں ہے، چاروں فقہی مسالک کے ارباب علم نے اس کی صراحت فرمائی ہے اور حجاج و معتمرین کے لئے تعیین مواقیت سے متعلق رسول اللہ ﷺ سے ثابت شدہ صحیح احادیث سے استدلال کیا ہے، نیز حضرت عمر فاروقؓ سے مروی اس واقعہ سے بھی استدلال کیا ہے کہ عراق کے باشندوں نے جب حضرت عمر فاروقؓ سے عرض کیا کہ قرن المنازل ہمارے راستے سے ہٹ کر ہے تو آپ نے فرمایا: اپنے راستہ میں اس میقات کے بالمقابل مقام پر نظر رکھو، فقہاء نے یہ بھی کہا ہے کہ اللہ تعالی نے بندوں کو حسب استطاعت اللہ سے ڈرنے کا حکم دیا ہے اور جو شخص کسی میقات سے نہ گذر رہا ہو اس کے لئے حسب استطاعت میقات کے بالمقابل مقام ہی میقات ہے۔

لہذا فضائی یا بحری راستہ سے گذرنے والے اصحاب حج وعمرہ یا دیگر لوگوں کے لئے یہ درست نہیں رہ جاتا کہ احرام کو مؤخر کر کے جدہ پہنچ کر باندھیں، کیونکہ جدہ کو رسول کریم ﷺ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے میقات قرار نہیں دیا ہے، اسی طرح جس شخص کے پاس احرام کے کپڑے نہ ہوں اس کے لئے بھی احرام کو جدہ تک موٴخر کرنا درست نہیں ہے بلکہ اگر کپڑے نہ ہوں تو پائجامہ میں ہی احرام کی نیت کرلے، رسول کریم ﷺ کا ارشاد ہے: "جس کے پاس جوتے نہ ہوں، خفین (موزے) پہن لے، جس کے پاس ازار (کھلی چادر) نہ ہو وہ پائجامہ پہن لے"، لیکن سر کھلا رکھنا ضروری ہے، کیونکہ جب آپ ﷺ سے محرم کے لباس کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: "نہ قمیص پہنے، نہ عمامے، نہ پائجامے، نہ دستانے، نہ موزے، ہاں مگر جسے جوتے نہ مل سکیں" (بخاری ومسلم)۔

لہذا حالت احرام میں سر پر عمامہ، ٹوپی یا اس جیسی کوئی بھی چیز رکھنی جائز نہیں ہے، اگر اس کے پاس ایسا عمامہ ہو جو ساتر ہو جس کو ازار بنالینا ممکن ہو تو اس کو ازار بنالے، پائجامہ کا استعمال اس صورت میں جائز نہیں ہوگا، جدہ پہنچنے کے بعد پائجامہ اتار کر ازار پہننا بصورت استطاعت ضروری ہوگا، اگر نہ پائجامہ ہو اور نہ ایسا عمامہ ہو جسے بطور ازار استعمال کیا جاسکے تو ہوائی جہاز، سمندری جہاز یا کشتی میں دوران سفر میقات کے بالمقابل میں آتے ہوئے قمیص میں ہی احرام کی نیت کرلینا ضروری ہے، سر کھول لیا جائے اور جدہ پہنچ کر ازار خرید کر پہن لیا جائے اور قمیص اتار دی جائے، قمیص پہننے کی وجہ سے کفارہ لازم ہوگا، یعنی چھ مسکینوں کو کھانا کھلائے، ہر مسکین کو نصف صاع کھجور یا چاول یا اپنے علاقہ کی دوسری غذا کھلائے، یا تین دن کے روزے رکھے یا ایک بکرا ذبح کرے، ان تینوں میں سے کسی ایک عمل کو انجام دینے کا اسے اختیار ہے، کیونکہ جب حضرت کعب بن عجرہ کو مرض کی وجہ سے حالت احرام میں سر منڈوانے کی اجازت رسول اللہ ﷺ نے دی تو انہیں ان تینوں باتوں کے درمیان اختیار دیا تھا۔

دوم: یہ اجلاس رابطہ کے سکریٹریٹ سے گذارش کرتا ہے کہ وہ ایر لائنس کمپنیوں اور سمندری جہاز کے ذمہ داروں کو تحریری ہدایت جاری کرے کہ میقات کے قریب سے گذرنے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے پہلے وہ اپنے مسافروں کو اطلاع دیں کہ عنقریب اتنی مسافت کے بعد وہ میقات سے گذرنے والے ہیں۔

سوم: اس فیصلہ سے اکیڈمی کے رکن جناب مصطفیٰ احمد زرقاء کو اتفاق نہیں ہے، اسی طرح مجلس کے رکن شیخ ابوبکر محمود جومی کو دیگر علاقوں سے صرف جدہ آنے والوں سے متعلق فیصلہ سے اختلاف ہے۔ اسی پر ارکان کے دستخط ہوئے۔

والله ولي التوفيق، وصلى الله وسلم على نبينا محمد وآله وصحبه وسلم۔

نوٹ: شیخ محمد علی الحرکان کو اس بات سے اتفاق نہیں ہے کہ مجبوری کی حالت میں قمیص کے اندر ہی احرام باندھ لینے اور پھر احرام کا لباس فراہم ہونے کے بعد قمیص اتارنے والے پر کفارہ واجب ہوگا، کیونکہ فقہی جزئیات میں یوں مذکور ہے کہ اگر کسی نے قمیص وغیرہ میں احرام باندھا تو اسے اتار دے، پھاڑے نہیں اور اس پر کوئی فدیہ نہیں ہے، کیونکہ حضرت یعلی بن امیہ نے جبہ میں احرام باندھا تو رسول اللہ ﷺ نے اسے اتارنے کا حکم دیا اور ابوداؤد میں ہے کہ انہوں نے سر کی جانب سے اتارا، آپ ﷺ نے پھاڑنے کا حکم دیا نہ فدیہ کا۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [مرض کے سبب معذرت] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| محمد علی الحرکان | عبداللہ بن حمید |

ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز | محمد محمود الصواف | صالح بن عثیمین |
| [دستخط] | [غیر موجود] | [دستخط] |
| محمد بن عبداللہ بن السبیل | مبروک العوادی | محمد الشاذلی النیفر |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[دستخط]
مصطفیٰ احمد الزرقاء
[معذرت]
ابوالحسن علی الحسنی الندوی
[دستخط]
محمد رشید قبانی

[دستخط سے پہلے روانگی]
عبدالقدوس الہاشمی
[دستخط]
ابوبکر محمود جومی
[غیر موجود]
محمود شیت خطاب
[کنوینر]
محمد عبدالرحیم الخالد

[دستخط]
محمد رشیدی
[غیر موجود]
حسنین محمد مخلوف
[دستخط]
محمد سالم عدود



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# تیسرا فیصلہ:

## اونچی ڈگری والے عرض البلد پر واقع ممالک میں نماز اور روزہ کے اوقات

**الحمد لله وحده والصلاة والسلام على من لا نبي بعده سيدنا ونبينا محمد، أما بعد!**

اسلامی فقہ اکیڈمی کے اجلاس کی تیسری نشست منعقدہ بروز جمعرات بتاریخ ۱۰/۴/۱۴۰۲ھ موافق ۴/۲/۱۹۸۲ء میں بروکسل سیمینار کی قرارداد مورخہ ۱۴۰۰ھ مطابق ۱۹۸۰ء اور ہیئۃ کبار العلماء سعودی عرب کی قرارداد نمبر (۶۱) مؤرخہ ۱۲/۴/۱۳۹۸ھ پیش کی گئی جن کا تعلق ان علاقوں میں نماز اور روزہ کے اوقات سے ہے جن میں سال کے کچھ ایام میں رات بہت چھوٹی ہوتی ہے اور کچھ ایام میں دن بہت چھوٹا ہوتا ہے یا ان ملکوں میں جہاں چھ ماہ سورج نکلا رہتا ہے اور چھ ماہ غروب رہتا ہے۔

اس موضوع پر قدیم وجدید فقہاء کی تحریروں کا مطالعہ کرنے کے بعد درج ذیل فیصلے کئے گئے:

وہ علاقے جو اونچی ڈگری کے عرض البلد پر واقع ہیں، ان کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے:

اول: وہ علاقے جن میں رات یا دن چوبیس گھنٹے یا اس سے زائد موسم کے فرق کے اعتبار سے رہا کرتے ہیں، ایسی حالت میں نماز وروزہ وغیرہ کے اوقات اندازہ سے مقرر کئے جائیں گے یعنی اس کے قریب ترین ان ممالک کو سامنے رکھا جائے گا جن میں رات اور



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دن چوبیس گھنٹے کے اندر آتے جاتے رہتے ہیں۔

دوم: وہ علاقے جن میں غروب کا شفق غائب نہیں ہوتا یہاں تک کہ فجر طلوع ہو جاتی ہے، اس طرح کہ سورج کے نکلنے کے وقت کی سرخی اور ڈوبنے کے وقت کی سرخی میں فرق نہیں کیا جا سکتا، ایسے مقامات پر عشاء کا وقت اندازہ سے مقرر کیا جائے گا اور روزہ میں نماز فجر کے وقت کھانا پینا اس آخری لحہ میں چھوڑ دیا جائے گا جس میں دونوں شفق ممتاز ہوتے ہوں۔

سوم: وہ علاقے جہاں چوبیس گھنٹوں کے اندر دن رات علاحدہ علاحدہ آتے ہیں اور اوقات واضح ہوتے ہیں لیکن سال کے بعض حصوں میں رات کافی طویل ہو جاتی ہے اور بعض حصوں میں دن بہت بڑا ہوتا ہے۔

جو لوگ ایسے علاقوں میں مقیم ہوں جہاں طلوع فجر اور غروب شمس کے ذریعہ رات اور دن نمایاں رہتے ہیں، لیکن موسم گرما میں دن بہت بڑا ہوتا ہے اور موسم سرما میں چھوٹا ہوتا ہے، وہ نماز کے معروف اوقات میں ہی پانچوں نمازیں ادا کریں گے، کیونکہ قرآن کے یہ احکام عام ہیں: ”أقم الصلاة لدلوک الشمس إلی غسق اللیل وقرآن الفجر إن قرآن الفجر کان مشهوداً“ [سورہ الاسراء/ ۷۸] (آفتاب ڈھلنے کے بعد سے رات کے اندھیرے ہونے تک نمازیں ادا کیجئے اور صبح کی نماز بھی، بے شک صبح کی نماز حاضر ہونے کا وقت ہے) اور ارشاد ہے: ”إن الصلاة کانت علی المؤمنین کتاباً موقوتاً“ [سورہ النساء/ ۱۰۳] (یقیناً نماز مسلمانوں پر فرض ہے اور وقت کے ساتھ محدود ہے)۔

اور حضرت بریدہؓ کی نبی کریم ﷺ سے ثابت روایت ہے: ”ایک شخص نے آپ ﷺ سے نماز کے اوقات پوچھے، تو آپ ﷺ نے اس سے فرمایا: ہمارے ساتھ ان دو دنوں میں نماز پڑھو، چنانچہ جب سورج ڈھل گیا تو آپ ﷺ نے حضرت بلالؓ کو حکم دیا، انہوں



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے اذان دی، پھر حکم دیا تو ظہر کی اقامت کہی، پھر حکم دیا تو انہوں نے عصر کی اقامت کہی، اس وقت سورج اونچا، روشن اور صاف تھا، پھر آپ ﷺ نے حکم دیا تو انہوں نے مغرب کی اقامت کہی جب سورج غروب ہوگیا تھا، پھر آپ ﷺ نے حکم دیا تو انہوں نے عشاء کی اقامت کہی جس وقت کہ شفق غروب ہوگیا تھا، پھر آپ ﷺ کے حکم سے انہوں نے فجر کی اقامت کہی جس وقت فجر طلوع ہوئی تھی۔ جب دوسرا دن ہوا تو آپ ﷺ نے حکم دیا کہ ظہر کو ٹھنڈے ہونے کے وقت میں پڑھیں پھر اسے خوب ٹھنڈے وقت میں پڑھایا، پھر عصر پڑھی جبکہ سورج اونچائی کے آخری درجہ میں تھا اور مغرب پڑھی قبل اس کے کہ شفق غروب ہو اور ایک تہائی رات گذرنے کے بعد عشاء پڑھی، پھر فجر پڑھی اور صبح روشن ہوجانے پر پڑھی، پھر فرمایا: ''کہاں ہے نماز کا وقت دریافت کرنے والا؟ اس شخص نے کہا: میں ہوں یا رسول اللہ ﷺ، آپ ﷺ نے فرمایا: تمہاری نماز کا وقت جو کچھ تم نے دیکھا اس کے درمیان ہے'' (مسلم)۔

حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''ظہر کا وقت اس وقت سے ہے جب سورج ڈھل جائے اور آدمی کا سایہ اس کی لمبائی کے برابر ہو جب تک کہ عصر کا وقت نہ آئے اور عصر کا وقت اس وقت تک ہے جب تک کہ سورج زرد نہ ہوجائے اور مغرب کا وقت جب تک شفق غائب نہ ہوجائے اور عشاء کا وقت رات کے اوسط نصف تک ہے اور فجر کا وقت طلوع فجر سے سورج طلوع ہونے تک ہے، جب سورج طلوع ہونے لگے تو نماز نہ پڑھو، کیونکہ وہ شیطان کے دوسینگوں کے درمیان نکلتا ہے'' (مسلم)۔

ان کے علاوہ متعدد احادیث ہیں جن میں قول اور عمل کے ذریعہ نماز کے اوقات کی تعیین کی گئی ہے۔ یہ احادیث دن کے چھوٹے اور بڑے ہونے اور رات کے چھوٹے بڑے ہونے میں کوئی فرق نہیں کرتی ہیں جب تک وہ علامتیں موجود ہیں جو نبی کریم ﷺ نے بیان فرمائی تھیں اور ان کے ذریعہ نماز کے اوقات واضح ہیں۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ تفصیل اوقات نماز کی تحدید کے سلسلہ میں ہے۔ جہاں تک رمضان کے روزوں کے اوقات کا تعلق ہے تو جن علاقوں میں دن رات سے ممتاز ہوتا ہو اور دونوں کا مجموعی وقت چوبیس گھنٹہ رہتا ہو، وہاں کے لوگوں پر ضروری ہے کہ وہ دن بھر کھانے پینے اور روزہ کے منافی دیگر امور سے گریز کریں اور صرف رات میں خواہ وہ چھوٹی ہو، کھانا پینا اور جماع حلال ہوگا، کیونکہ اسلامی شریعت تمام ممالک کے لوگوں کے لئے عام ہے، اللہ تعالی کا ارشاد ہے: "وكلوا واشربوا حتى يتبين لكم الخيط الأبيض من الخيط الأسود من الفجر ثم أتموا الصيام إلى الليل" [سورہ البقرہ/۱۸۷] (اور کھاؤ اور پیو اس وقت تک کہ تم کو سفید خط صبح کا متمیز ہو جائے سیاہ خط سے پھر رات تک روزہ کو پورا کرو)۔

اگر کوئی شخص دن بڑا ہونے کی وجہ سے روزہ رکھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو، یا علامتوں، تجربات یا مستند قابل اعتماد ماہر ڈاکٹر کی رائے یا ظن غالب کی بنیاد پر اندیشہ ہو کہ اسے روزہ رکھنے سے سخت مرض لاحق ہوگا یا مرض میں اضافہ ہوگا یا مرض کے افاقہ میں تاخیر ہوگی تو وہ روزہ نہ رکھے اور ان ایام کی قضاء جس ماہ میں ممکن ہو کرلے، اللہ تعالی کا ارشاد ہے: "فمن شهد منكم الشهر فليصمه ومن كان مريضاً أو على سفر فعدة من أيام أخر" [سورہ البقرہ/۱۸۵] (سو جو شخص اس ماہ میں موجود ہو اس کو ضرور اس میں روزہ رکھنا چاہئے اور جو شخص بیمار ہو یا سفر میں ہو تو اسے دوسرے ایام میں یہ گنتی پوری کرنی چاہئے)۔ اسی طرح ارشاد ہے: "لا يكلف الله نفساً إلا وسعها" [سورہ البقرہ/۲۸۶] (اللہ تعالی کسی شخص کو مکلّف نہیں بناتا مگر اسی کا جو اس کی طاقت میں ہو) اور ارشاد ہے: "وما جعل عليكم في الدين من حرج" [سورہ الحج/۷۸] (اور تم پر دین میں کسی قسم کی تنگی نہیں کی)۔

والله ولي التوفيق وصلى الله على خير خلقه سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وسلم۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[دستخط]
نائب صدر
محمد علی الحرکان

[مرض کے سبب معذرت]
صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی
عبداللہ بن حمید

## ممبران

[دستخط]
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
صالح بن عثیمین

[دستخط]
محمد بن عبداللہ بن السبیل

[غیر موجود]
مبروک العوادی

[دستخط]
محمد الشاذلی النیفر

[دستخط]
مصطفیٰ احمد الزرقاء

[دستخط سے پہلے روانگی]
عبدالقدوس الہاشمی

[دستخط]
محمد رشیدی

[معذرت]
ابوالحسن علی الحسنی الندوی

[دستخط]
ابوبکر محمود جومی

[غیر موجود]
حسنین محمد مخلوف

[دستخط]
محمد رشید قبانی

[غیر موجود]
محمود شیت خطاب

[دستخط]
محمد سالم عدود

[کنوینر]
محمد عبدالرحیم الخالد



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چوتھا فیصلہ:

## مصنوعی بار آوری اور ٹیسٹ ٹیوب بے بی کا حکم

**الحمد لله وحده والصلاة والسلام على من لا نبي بعده سيدنا ونبينا محمد، أما بعد!**

اس موضوع پر اجلاس میں غور کیا گیا اور پچھلے اجلاس میں پیش کی گئی بعض ارکان کی تیار کردہ اصل تفصیلی تحریر بھی دیکھی گئی، نیز اس موضوع پر دوسرے ارکان کی تحریروں کو بھی سامنے رکھا گیا، جمع شدہ تمام معلومات کی روشنی میں موضوع کے مختلف پہلوؤں پر غور وخوض اور مباحثہ کے بعد اجلاس نے محسوس کیا کہ یہ موضوع شرعی اعتبار سے انتہائی حساس اور مختلف الجہات ہے، نیز خاندانی زندگی اور سماجی اور اخلاقی حالات پر مرتب ہونے والے اس کے نتائج انتہائی سنگین ہیں، جیسا کہ بتایا گیا کہ اس کے مختلف طریقے اور صورتیں آج غیر ممالک میں رائج ہیں، دوسری جانب شرعی نقطۂ نظر سے اس کے احکام شرعی حلال وحرام کے مختلف ابواب سے متعلق ہیں، ضرورت وحاجت کے قواعد، نسب اور شبہات کے ضوابط، فراش زوجیت، غیر مرد کے ساتھ حاملہ عورت کے تعلق، عدت اور استبراء رحم کے احکام، حرمت مصاہرت اور ان کے علاوہ عورت کے اندر داخلی بار آوری یا نلکی کے اندر خارجی بار آوری کے بعد رحم میں انجکٹ کرنے کی ناجائز صورتوں کے ارتکاب پر واجب ہونے والی سزائے تعزیر وحد۔ ان وجوہ سے یہ موضوع بڑا نازک ہے، اس کی نزاکت اور سنگینی کا تقاضا ہے کہ اس پر مزید غور وخوض کیا جائے، خصوصاً جبکہ موضوع سے دلچسپی رکھنے والے بعض اطباء کی ایسی تحریریں بھی شائع ہوئی ہیں جن سے بعض واقعات کے سلسلہ میں شکوک وشبہات کے دروازے کھلتے ہیں۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس لئے اکیڈمی طے کرتی ہے کہ اس موضوع سے متعلق قطعی فیصلہ کو آئندہ سمینار تک مؤخر کردیا جائے تاکہ اس کے مختلف پہلوؤں اور گوشوں کا بھرپور احاطہ اور مزید غور وخوض ہوجائے اور اس سلسلے میں ایسی فقہی رائے قائم ہوسکے جو قبل از وقت بے تحقیق فیصلہ سے دور ہو اور اللہ تعالی کی توفیق سے شریعت اسلامیہ کے حکم کی معرفت میں صواب ودرستگی کے قریب تر ہو۔

واللہ ھو الموفق۔ وصلی اللہ علی سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ وسلم۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [مرض کے سبب معذرت] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| محمد علی الحرکان | عبداللہ بن حمید |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز | محمد محمود الصواف | صالح بن عثیمین |
| [دستخط] | [غیر موجود] | [دستخط] |
| محمد بن عبداللہ بن السبیل | مبروک العوادی | محمد الشاذلی النیفر |
| [دستخط] | [دستخط سے پہلے روانگی] | [دستخط] |
| مصطفٰی احمد الزرقاء | عبدالقدوس الہاشمی | محمد رشیدی |
| [معذرت] | [دستخط] | [غیر موجود] |
| ابوالحسن علی الحسنی الندوی | ابوبکر محمود جومی | حسنین محمد مخلوف |
| [دستخط] | [غیر موجود] | [دستخط] |
| محمد رشید قبانی | محمود شیت خطاب | محمد سالم عدود |
| | [کنوینر] | |
| | محمد عبدالرحیم الخالد | |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پانچواں فیصلہ:

## عرب ممالک سے باہر غیر عربی میں جمعہ اور عیدین کا خطبہ اور اس میں لاؤڈ اسپیکر کا استعمال

**الحمد لله وحده والصلاة والسلام على من لا نبي بعده سيدنا ونبينا محمد، أما بعد!**

ہندوستان کے بعض مسلمانوں کے درمیان عربی کے بجائے علاقائی زبانوں میں جمعہ وعیدین کے خطبہ کے جواز وعدم جواز کے بارے میں پائے جانے والے اختلاف سے متعلق سوال پر اجلاس میں غور کیا گیا، کیونکہ بعض لوگ علاقائی زبان میں خطبہ کو جائز نہیں سمجھتے اور دلیل یہ دیتے ہیں کہ خطبہ جمعہ دو رکعت فرض نماز کے قائم مقام ہے۔ سائل نے یہ بھی دریافت کیا ہے کہ خطبہ میں لاؤڈ اسپیکر کا استعمال جائز ہے یا نہیں؟ اور یہ کہ بعض طلباء علم نے کمزور دلائل کی بنیاد پر اس کے استعمال کے ناجائز ہونے کا اعلان کیا ہے۔ اجلاس میں فقہاء مذاہب کی آراء پر نظر ڈالنے کے بعد درج ذیل فیصلہ کیا گیا:

۱- معتدل رائے یہ ہے کہ غیر عرب علاقوں میں جمعہ وعیدین کے خطبہ کے صحیح ہونے کے لئے عربی زبان کی شرط نہیں ہے، البتہ بہتر یہ ہے کہ خطبہ کے ابتدائی کلمات اور قرآنی آیات عربی زبان میں پڑھی جائیں تا کہ غیر عرب بھی عربی اور قرآن سننے کی عادت ڈالیں اور عربی وقرآن سیکھنا ان کے لئے آسان ہو، پھر خطیب علاقائی زبان میں انہیں نصیحت وتذکیر کرے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۲- خطبۂ جمعہ وعیدین، نماز میں قرأت اور تکبیروں میں لاؤڈ اسپیکر کے استعمال میں شرعاً کوئی حرج نہیں ہے بلکہ بڑی اور کشادہ مساجد میں اس کا استعمال ہونا چاہئے، کیونکہ اس سے شرعی مصالح پورے ہوتے ہیں۔

انسان کی ایجاد کردہ ہر نئی چیز جس سے اللہ نے انسان کو آشنا کیا اور اس کو اس کے لئے مسخر کیا اگر اس سے کوئی شرعی غرض یا اسلام کے کسی واجب کی تکمیل ہوتی ہے اور ایسی کامیابی ملتی ہے جو اس کے بغیر نہیں ملتی تو وہ چیز اسی درجہ میں مطلوب ہوگی جس درجہ میں اس سے شرعی مقاصد پورے ہوتے ہوں، معروف اصولی قاعدہ ہے کہ واجب کی تکمیل جس چیز پر موقوف ہو وہ چیز بھی واجب ہوتی ہے۔

**واللہ سبحانہ ہو الموفق وصلی اللہ علی سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ وسلم۔**

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [مرض کے سبب معذرت] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| محمد علی الحرکان | عبداللہ بن حمید |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز | محمد محمود الصواف | صالح بن عثیمین |
| [دستخط] | [غیر موجود] | [دستخط] |
| محمد بن عبداللہ بن السبیل | مبروک العوادی | محمد الشاذلی النیفر |
| [دستخط] | [دستخط سے پہلے روانگی] | [دستخط] |
| مصطفیٰ احمد الزرقاء | عبدالقدوس الہاشمی | محمد رشیدی |
| [معذرت] | [دستخط] | [غیر موجود] |
| ابوالحسن علی الحسنی الندوی | ابوبکر محمود جومی | حسنین محمد مخلوف |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[دستخط] [غیر موجود] [دستخط]

محمد رشید قبانی    محمود شیت خطاب    محمد سالم عدود

[کنوینر]

محمد عبدالرحیم الخالد



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چھٹا فیصلہ:

## کرنسی نوٹ کی شرعی حیثیت

**الحمد لله وحده والصلاة والسلام على من لا نبي بعده سيدنا ونبينا محمد، أما بعد!**

اسلامی فقہ اکیڈمی کے اجلاس میں شرعی نقطۂ نظر سے ''کرنسی نوٹ اور اس کے احکام'' کے موضوع پر پیش کئے گئے مقالہ کا جائزہ لیا گیا اور کرنسی نوٹ کے شرعی احکام پر غور کیا گیا، بحث و مباحثہ کے بعد درج ذیل امور طے پائے:

اول: نقد اصل میں سونا چاندی ہے اور فقہاء شریعت کے نزدیک اصح قول کی رو سے سونے چاندی کے اندر سود جاری ہونے کی علت مطلق ثمنیت ہے اور فقہاء کے نزدیک ثمنیت صرف سونے چاندی میں منحصر نہیں ہے، اگر چہ ان دونوں کا معدن ہی اصل ہے۔

اور چونکہ کرنسی نوٹ اب ثمن بن چکا ہے اور ذریعۂ تبادلہ ہونے میں سونے چاندی کا مقام لے چکا ہے، سونا چاندی اب ذریعۂ تبادلہ نہیں رہے، کرنسی نوٹ ہی کے ذریعہ اس زمانہ میں اشیاء کی قیمت لگائی جاتی ہے اور اطمینان بخش طریقے پر تموّل اور ذخیرہ اندوزی کا ذریعہ ہے اور اسی کے ذریعہ واجب ادا ہوتے ہیں اور عام براءت ہوتی ہے، اگر چہ وہ اپنی ذاتی حیثیت میں قیمتی نہیں ہے بلکہ خارجی بنیاد پر اس کی قیمت ہے، یعنی وہ ذریعہ تبادلہ کی حیثیت سے قابل اعتماد ہو گیا ہے اور اسی وجہ سے اسے ثمنیت کا درجہ ملا ہے۔

اور چونکہ سونے اور چاندی میں سود جاری ہونے کی فی الواقع علت مطلق ثمنیت ہے جو کرنسی نوٹ میں موجود ہے، اس لئے اسلامی فقہ اکیڈمی طے کرتی ہے کہ کرنسی نوٹ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بذات خود نقد ہے اور اس پر سونے چاندی کا حکم جاری ہوگا۔ چنانچہ اس پر زکاۃ واجب ہوگی اور اس میں زیادتی اور ادھار دونوں قسم کے سود جاری ہوں گے، جیسے کہ یہ سب ہی کچھ نقدین سونے اور چاندی میں جاری ہوتے ہیں۔ کرنسی نوٹ کو اس کے وصف ثمنیت کا اعتبار کرتے ہوئے اسی نقدین پر قیاس کریں گے اور اسی وصف ثمنیت کی وجہ سے کرنسی نوٹ سونے چاندی کے وہ سارے احکام لے لے گا جو اس سلسلے میں شریعت ضروری قرار دیتی ہے۔

دوم: کرنسی نوٹ بھی سونے چاندی وغیرہ نقود کی طرح بذات خود نقد قرار پائے گا، اسی طرح مختلف ممالک کی کرنسیاں مختلف جنس ہوں گی، مثلاً سعودی کرنسی ایک جنس ہوگی اور امریکی کرنسی ایک علاحدہ جنس ہوگی، اسی طرح ہر ملک کی کرنسی علاحدہ جنس ہوگی اور سونے چاندی کی طرح ہی ان کے اندر ربا کی دونوں قسموں زیادتی اور ادھار کے احکام جاری ہوں گے۔

ان امور کا تقاضا ہے کہ:

الف۔ کرنسی نوٹ کا باہمی تبادلہ یا دوسری جنس کے نقود جیسے سونے چاندی کے ساتھ ادھار تبادلہ قطعاً جائز نہ ہو، لہٰذا ایک ریال سعودی سے دوسری کرنسی کا تبادلہ کمی بیشی کے ساتھ ادھار درست نہیں ہے۔

ب۔ ایک ہی جنس کی کرنسی کا باہم تبادلہ کمی بیشی کے ساتھ جائز نہیں ہے خواہ نقد ہو یا ادھار، مثلاً دس ریال سعودی کرنسی نوٹ کا تبادلہ گیارہ ریال سعودی کرنسی نوٹ سے نقد یا ادھار جائز نہیں ہے۔

ج۔ ایک جنس کی کرنسی سے دوسری جنس کی کرنسی کا تبادلہ کمی بیشی کے ساتھ جائز ہے مثلاً شامی یا لبنانی لیرہ سے سعودی ریال خواہ کرنسی ہو یا چاندی، کا باہمی تبادلہ کمی بیشی کے ساتھ جائز



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے، اسی طرح ایک امریکی ڈالر کا تین سعودی ریال یا اس سے کم یا اس سے زائد سے تبادلہ اس صورت میں جائز ہے جب نقد ہو، اسی طرح چاندی کے ایک سعودی ریال سے کرنسی کے تین سعودی ریال یا کم یا زائد کا تبادلہ جائز ہے، اس لئے کہ یہ ایک جنس کا دوسری جنس سے تبادلہ ہے اور حقیقی اختلاف وفرق کی موجودگی میں نام میں یکسانیت کا کوئی اثر نہیں ہوتا ہے۔

سوم: کرنسی نوٹ کی قیمت سونے اور چاندی کے دونوں نصاب میں سے کمتر نصاب کے بقدر ہوجائے یا دیگر نقود یا سامان تجارت کے ساتھ مل کر نصاب پورا ہوجائے تو اس پر زکاۃ واجب ہوگی۔

چہارم: بیع سلم اور کمپنیوں میں کرنسی نوٹ کو راس المال بنانا درست ہے۔

**والله أعلم وبالله التوفيق وصلى الله على سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وسلم۔**

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [مرض کے سبب معذرت] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| محمد علی الحرکان | عبداللہ بن حمید |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز | محمد محمود الصواف | صالح بن عثیمین |
| [دستخط] | [غیر موجود] | [دستخط] |
| محمد بن عبداللہ بن السبیل | مبروک العوادی | محمد الشاذلی النیفر |
| [دستخط] | [دستخط سے پہلے روانگی] | [دستخط] |
| مصطفیٰ احمد الزرقاء | عبدالقدوس الہاشمی | محمد رشیدی |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [معذرت] | [دستخط] | [غیر موجود] |
| ابوالحسن علی الحسنی الندوی | ابوبکر محمود جومی | حسنین محمد مخلوف |
| [دستخط] | [غیر موجود] | [دستخط] |
| محمد رشید قبانی | محمود شیت خطاب | محمد سالم عدود |
| | [کنوینر] | |
| | محمد عبدالرحیم الخالد | |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# ساتواں فیصلہ:

## حقوق اور عقد کے ذریعہ عائد ہونے والی ذمہ داریوں پر ہنگامی حالات کے اثرات

**الحمد لله وحده والصلاة والسلام على من لا نبي بعده سيدنا ونبينا محمد، أما بعد!**

اسلامی فقہ اکیڈمی کے سامنے یہ پیچیدہ صورت حال پیش کی گئی کہ کبھی عقود تعہد اور اس جیسے دیگر عقود جن میں تنفیذ عقد کی فوری ضرورت نہیں ہوتی، کے قطعی ہونے کے بعد اچانک ہنگامی حالات میں ایسی تبدیلی پیدا ہوتی ہے جس کا اس توازن کی میزان پر گہرا اثر پڑتا ہے جس پر طرفین نے اپنے حسابات کی بنیاد رکھی تھی، جن میں عقد ان میں سے ہر ایک کو کچھ حقوق دیتا ہے اور ان میں سے ہر ایک اپنے اوپر کچھ ذمہ داریاں قبول کرتا ہے، آج کل عرف تعاملی میں اسے ظروف طارئہ یعنی ہنگامی حالات کہتے ہیں۔

ٹھیکیداری وغیرہ طویل مدتی نفاذ کے معاملات میں ہنگامی حالات پیدا ہوجانے سے فریقین کے درمیان طے شدہ امور پر زبردست اثرات مرتب ہوتے ہیں، اکیڈمی کے اجلاس میں اس موضوع سے متعلق متعدد مثالیں پیش کی گئیں، جو انتہائی غور طلب اور ان جیسے متعدد معاملات میں کسی مناسب فقہی حل کی شدید متقاضی تھیں، چند مثالیں درج ذیل ہیں:

۱- ایک بڑی عمارت کی تعمیر کے لئے ٹھیکیداری کا معاملہ ہوا، عمارت کی تعمیر کی تکمیل ایک طویل مدت کی محتاج ہے جو طرفین کے درمیان طے پا گئی ہے اور تعمیر اور رنگ وروغن پر



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایک سو دینار فی مربع میٹر طے پایا، معاملہ جس وقت طے پا رہا ہے اس وقت ایک مربع میٹر پر لوہا، سمینٹ، لکڑی اور مزدوری کے اخراجات ۸۰ دینار آتے ہیں، اب اسی دوران غیر متوقع طور پر جنگ یا کوئی اور ایسا حادثہ پیش آجاتا ہے جس سے ترسیل اور درآمدات کا نظام منقطع ہوجاتا ہے اور نتیجۃً اشیاء کی قیمتیں انتہائی بڑھ جاتی ہیں اور اس گرانی کی وجہ سے عقد میں لی ہوئی ذمہ داری کو پورا کرنا سخت مشکل ہوجاتا ہے۔

۲- ایک شخص کسی اسپتال یا کسی یونیورسٹی جس میں داخلی شعبے ہیں یا سرکاری مہمان خانہ کو گوشت، پنیر، دہی، انڈے، سبزیاں اور میوے وغیرہ غذائی اشیاء یومیہ سپلائی کرنے کا ٹھیکہ لیتا ہے اور ہر ہر چیز کے سلسلہ میں پورے سال کے لئے قیمت طے ہوجاتی ہے، اب ملک کے اندر قحط، طوفان، سیلاب، زلزلہ یا ٹڈی دل آجاتا ہے جس سے تمام زراعتی فصلیں تباہ ہوجاتی ہیں اور نتیجتاً ان اشیاء میں معاملہ کے وقت کی بہ نسبت بے تحاشا گرانی آجاتی ہے، اس طرح کی بے شمار مثالیں فرض کی جاسکتی ہیں۔

لہذا ان جیسے معاملات میں شریعت کا حکم کیا ہے جو آج کے دور میں بکثرت پیش آرہے ہیں اور جو لاکھوں لاکھ مالیت کے ہوتے ہیں، جیسے بڑی سڑکوں کی تعمیر، پہاڑوں میں سرنگ بنانے، بڑے بڑے پل، حکومتی اور رہائشی ادارے، بڑے اسپتال اور یونیورسٹیوں کی تعمیر وغیرہ کے لئے سرکاری یا غیر سرکاری ٹھیکے، اسی طرح بڑی بڑی فیکٹریوں کی تعمیر کے لئے کمپنیوں اور اداروں کے ساتھ ٹھیکیداری وغیرہ کے وہ معاملات جن کا وجود ماضی میں نہیں تھا۔

تو کیا ٹھیکیدار ان ہنگامی حالات کے پیش آجانے کے بعد بھی اپنے ان ہی معاہدوں اور شرائط وغیرہ کا پابند ہوگا، خواہ حالات کی تبدیلی کی وجہ سے اسے زبردست مالی خسارے کا سامنا کرنا پڑے، یا اسلام کی عادلانہ وحکیمانہ شریعت میں اس کے لئے کوئی حل ہے جو عدل کے دونوں پلڑوں کو برابر رکھتا ہو اور حتی الامکان فریقین کو انصاف فراہم کرتا ہو۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اجلاس میں مختلف فقہی مسالک کے اندر ان جیسے معاملات اور ان کے نظائر پر غور کیا گیا، متعلقہ شرعی قواعد کا جائزہ لیا گیا جن کی روشنی میں رہنمائی اور قیاس واجتہاد کی راہ کی رہبری ہوتی ہے، نیز فقہاء مسالک کی آراء پر نظر رکھی گئی، اس روشنی میں درج ذیل امور سامنے آئے:

۱- اگر ایسے عمومی حالات پیش آجائیں کہ اجارہ کے معاملہ میں استفادہ دشوار ہوجائے جیسے جنگ یا طوفان کا وقوع وغیرہ، تو مستاجر کے لئے جائز ہوتا ہے کہ معاملے کو فسخ کردے، بلکہ حنفیہ تو مستاجر کو پیش آنے والے خاص اعذار کی صورت میں بھی فسخ اجارہ کو جائز قرار دیتے ہیں۔ حنفیہ کا یہ مسلک اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ عام حوادث کی صورت میں اجارہ کو فسخ کرنا ان کے نزدیک بدرجہ اولیٰ جائز ہوگا، پس یہ کہا جاسکتا ہے کہ یہ اجازت متفقہ ہے۔ علامہ ابن رشد اپنی کتاب "بدایۃ المجتہد" (جلد دوم صفحہ ۱۹۲ مطبوعہ خانجی پہلا اڈیشن، مطبع جمالیہ مصر) میں "ہنگامی حالات" کے عنوان کے تحت لکھتے ہیں: "امام مالک کے نزدیک اگر بارش والی زمین (جو صرف بارش کے پانی سے سیراب ہوجاتی ہے) کرایہ پر لی گئی لیکن قحط کی وجہ سے کھیتی نہ ہوئی، یا کرایہ دار نے بیج بوئے لیکن قحط کی وجہ سے پیداوار نہ ہوئی تو کرایہ داری ختم ہوجائے گی، اسی طرح اگر بارش نہیں ہوئی یہاں تک کہ کھیتی کا زمانہ گذر گیا اور کرایہ دار کھیتی نہ کرسکا تو اس عقد میں یہ کرایہ منسوخ ہوجائے گا"۔

۲- ابن قدامہ مقدسی نے المغنی کتاب الاجارۃ (مطبوع مع الشرح الکبیر جلد ۶ ص ۳۰) میں تحریر فرمایا ہے:

اگر کوئی عام خوف پھیل جائے جو اس علاقہ میں رہائش سے روک دے جہاں کرایہ پر لی گئی جگہ ہے، یا شہر کا محاصرہ ہوجائے اور کھیتی وغیرہ کے لئے کرایہ کے مقام تک پہنچنا ممکن نہ رہے تو کرایہ دار کو فسخ کرنے کا اختیار حاصل ہوجائے گا، کیونکہ اس صورت حال نے کرایہ دار کو استفادہ سے روک دیا ہے، لیکن اگر خوف صرف کرایہ دار کو ہو مثلاً اپنے دشمنوں کے نزدیک ہونے کی وجہ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے تنہا اسے ہی اندیشہ ہو.... تو اختیار فسخ حاصل نہیں ہوگا، کیونکہ یہ اس کا مخصوص عذر ہے جو استفادہ میں کلی طور پر مانع نہیں ہے، لہٰذا اس عذر کی مثال ایسی ہوئی جیسے وہ خود بیمار ہو جائے۔

۳- امام نووی نے روضۃ الطالبین (جلد ۵ ص ۲۳۹) میں صراحت فرمائی ہے کہ اعذار کی بنا پر اجارہ ختم نہیں ہوتا ہے خواہ اجارہ کسی سامان کا ہو یا ذمہ داری کا، مثلاً کسی نے ایک جانور سفر کے لئے کرایہ پر لیا، لیکن وہ بیمار ہوگیا، یا کسی پیشہ کے لئے دوکان لی پھر ارادہ نہ رہا یا اوزار وآلات تباہ ہوگئے، یا غسل خانہ کرایہ پر لیا لیکن ایندھن کا حصول ممکن نہ رہا[1]، امام نووی فرماتے ہیں کہ یہی حکم اس صورت میں بھی ہے کہ کرایہ پر دینے والے کو عذر پیش آجائے مثلاً وہ بیمار ہو جائے اور سواری کا جانور لے کر نہ آسکے، یا اپنا گھر کرایہ پر دیا اور گھر والے سفر کرنے والے تھے لیکن وہ دوبارہ لوٹ آئے اور اسے خود ہی گھر کی ضرورت پیش آگئی، یا وہ گھر میں خود ہی قیام پذیر ہوگیا، امام صاحب فرماتے ہیں کہ ان امور میں فسخ کا اختیار نہیں ہوگا، کیونکہ جس چیز کا معاملہ ہوا ہے اس میں کوئی خرابی نہیں آئی ہے۔

۴- درختوں کے فروخت شدہ پھلوں کو اگر سردی، ٹڈی دل، سخت گرمی، بارش اور آندھی وغیرہ عمومی اسباب کی بنا پر نقصان پہنچ جائے تو فقہاء فرماتے ہیں کہ نقصان کے بقدر اصل قیمت میں سے تخفیف ہو جائے گی، حدیث اور فقہ میں یہ مسائل معروف ہیں۔

۵- شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے مختصر الفتاوی (صفحہ ۳۷۶) پر ذکر فرمایا ہے کہ اگر کسی نے ایسی چیز کرایہ پر لی جس کی منفعت عام لوگوں کے لئے ہوا کرتی ہے جیسے غسل خانہ، ہوٹل دھوبی خانہ، پھر گراہکوں کی کمی یا کسی خوف، جنگ یا فرمانروا کی تبدیلی وغیرہ کی وجہ سے اس کی معروف منفعت میں کمی آگئی، تو منفعت میں کمی کے بقدر کرایہ دار سے کرایہ کم ہو جائے گا۔

۶- ابن قدامہ مذکورہ کتاب میں سابقہ جلد کے صفحہ (۲۹) پر فرماتے ہیں: کوئی شخص سواری

---

۱- واضح رہے کہ زمانہ قدیم میں پانی گرم کرنے کے لئے ایندھن کی ضرورت ہوتی تھی۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرایہ پر لے تا کہ کسی متعین جگہ تک اس پر سواری کرے یا بار برداری کا کام لے، لیکن کسی نئے اندیشہ کی بنا پر وہاں کا راستہ مسدود ہو جائے، یا سواری مکہ جانے کے لئے کرایہ پر لے، لیکن لوگ اس سال اس راستہ سے حج کے لئے نہ نکلیں تو ہر دو فریق کو فسخ کرنے کا اختیار ہو گا اور اگر حصول منفعت کے امکان تک معاملہ برقرار رکھنا چاہیں تو یہ بھی جائز ہے۔

فقہاء احناف میں سے کاسانی بدائع الصنائع کتاب الاجارۃ جلد ۴ صفحہ ۱۹۷ پر لکھتے ہیں: ''فسخ کا معاملہ دراصل نقصان سے بچنے کا نام ہے، عذر کے متحقق ہونے کے باوجود فسخ نہ کرنا عقل اور شریعت دونوں کے خلاف ہے، کیونکہ اس کا مطلب تو پھر یہ ہو گا کہ اگر کسی شخص کو دانت کی تکلیف ہو اور وہ دانت اکھڑوانے کے لئے ایک آدمی کو اجرت پر بلائے، پھر اس کے دانت کا درد جاتا رہے تو اس شخص کو دانت اکھڑوانے پر مجبور کیا جائے، یہ تو نہ عقلاً قابل تسلیم ہے اور نہ شرعاً پسندیدہ۔

فقہاء نے مزارعت، مساقات اور درخت لگانے کے ابواب میں بھی ہنگامی اعذار کی بناء پر تقریباً اجارہ کے ہی مثل احکام ذکر فرمائے ہیں۔

۷- رسول کریم ﷺ نے اور آپ ﷺ کے بعد صحابہ کرام نے فیصلے فرمائے اور بیشتر فقہائے مذاہب نے تصریح فرمائی ہے کہ اگر ٹھنڈک، برف باری، کیڑے یا ٹڈی دل جیسی آفات کی وجہ سے پھلوں کو نقصان پہنچ جائے تو درختوں پر لگے پھلوں میں سے جس قدر نقصان ہوا ہو، اسی نقصان کے بقدر قیمت میں بھی کمی ہو جائے گی اور اگر سارے پھلوں کو نقصان پہنچ گیا ہو تو پوری قیمت ساقط ہو جائے گی۔

۸- رسول کریم ﷺ کا یہ فرمان مروی ہے: ''لا ضرر ولا ضرار'' (نہ ابتداءً نقصان پہنچانا ہے اور نہ بدلہ میں نقصان پہنچانا ہے) فقہاء کرام نے اس فرمان نبوی کو ایک اہم



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فقہی قاعدہ تسلیم کیا اور اسے فقہ کا ایک بڑا اور بنیادی ستون قرار دے کر مختلف فقہی ابواب میں نقصان کے دفع وازالہ کے پیش نظر بے شمار جزوی احکام مرتب کئے ہیں۔

اس میں کوئی شک نہیں کہ ہر وہ معاملہ جو اپنے شرعی نظام کے مطابق طے پاتا ہے، درج ذیل آیت کریمہ کے مطابق فریقین پر اس کی پابندی لازم ہوتی ہے، اللہ تعالی کا ارشاد ہے: {یا أیها الذین آمنوا أوفوا بالعقود﴾ [سورہ المائدۃ ۱/۱] (اے ایمان والو! عہدوں کو پورا کرو) لیکن عقد کی لزومی قوت نص شرعی کی قوت سے بڑھ کر نہیں ہوسکتی جو اپنے تمام مخاطبین کے لئے لازمی ہے، شرعی احکام کے پیمانہ اور تشریعی حکمت کے معیاروں کے سلسلہ میں اکیڈمی کا احساس ہے کہ کوئی بھی شرعی حکم مشقت سے خالی نہیں ہوتا، نماز میں کھڑے ہونے کی مشقت اور روزہ میں بھوک و پیاس کی مشقت کی وجہ سے نہ تو حکم شرعی ساقط ہوتا ہے، نہ اس میں تخفیف ہوتی ہے، لیکن اگر مشقت اس حکم کی مشقت کے معروف دائرہ سے تجاوز کر جائے تو وہ حکم یا تو ساقط ہوجاتا ہے یا اس میں تخفیف ہوجاتی ہے، جیسے مریض کے لئے نماز میں کھڑے ہونے اور روزہ میں مشقت، جہاد میں نابینا اور لنگڑے کے لئے مشقت، لہذا اس ہنگامی اور استثنائی سبب کی بناء پر ناقابل برداشت مشقت کی صورت میں استثنائی تدبیر ضروری ہوتی ہے جو اس کی اضافی مشقت کو دور کردے، اس موضوع پر مکمل شرح وبسط کے ساتھ اور مثالوں کی روشنی میں امام شاطبی نے اپنی کتاب "الموافقات فی اصول الشریعۃ" میں گفتگو فرمائی ہے۔

ان تفصیلات سے واضح ہوتا ہے کہ معمول کے خسارہ کا تجارت کی الٹ پھیر پر کوئی اثر نہیں ہوتا، کیونکہ وہ تجارت کا مزاج اور اس کی طبیعت ہے، لیکن اگر یہی خسارہ سابقہ ہنگامی اسباب کی بناء پر اس کی معروف ومعمول حد سے بہت زیادہ آگے بڑھ جائے تو ایسی صورت میں استثنائی تدبیر لازم ہوگی۔

ابن قیمؒ اپنی کتاب "اعلام الموقعین" میں فرماتے ہیں:



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ تعالی نے اپنے رسولوں کی بعثت اور اپنی کتابوں کا نزول اس عدل کے ساتھ فرمایا ہے جس کے ذریعہ آسمان اور زمین قائم ہیں، لہذا ہر وہ معاملہ جو عدل سے نکل کر ظلم کی سرحد میں داخل ہو جائے، مصلحت کے بجائے مفسدہ ہو جائے، اس کا اللہ کی شریعت سے کوئی تعلق نہیں ہے، جہاں بھی عدل کی علامتوں کا ظہور ہو اور اس کی حقیقت روشن ہو جائے وہی اللہ کی شریعت اور اس کا حکم ہے، فریقین کے مقصود کی وضاحت اور تعیین عقد کے حالات سے ہوتی ہے، اس مقصود سے آنکھیں بند کر کے عقد کے ظاہری الفاظ کی پابندی خواہ نتائج کچھ بھی ہو جائیں، درست نہیں ہے، فقہ شریعت کا مقررہ اصول ہے کہ معاملات کے اندر ظاہری الفاظ کا نہیں بلکہ مقصود اور حقیقت کا اعتبار ہوتا ہے۔

لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ ایسے طویل المدت معاملات کے اندر مذکورہ حالات میں ظلم سے تحفظ اور عادلانہ حل کے حصول کے لئے دخل اندازی صرف عدالت ہی کر سکتی ہے، مذکورہ بالا قواعد اور نصوص جن سے اس نو پیدا شدہ اہم معاملہ کے صحیح فقہی حل کی رہنمائی ملتی ہے، کی روشنی میں درج ذیل امور طے پاتے ہیں:

۱- طویل مدتی نفاذ کے معاملات جیسے ٹھیکہ، ٹینڈر اور درآمدات کے معاملات کے اندر اگر حالات میں اتنی زیادہ تبدیلی آ جائے کہ صورت حال، اخراجات اور نرخ میں زبردست فرق پیدا ہو جائے اور اس کے اسباب ایسے عمومی ہنگامی ہوں جو ابتدائے معاملہ کے وقت متوقع بھی نہ ہوں اور معاملہ کی علی حالہ پابندی ذمہ دار فریق کے لئے غیر معمولی اور زبردست نقصانات کا باعث ہو اور اس کی وجہ اس فریق کی جانب سے اپنی ذمہ داری کی ادائیگی میں کوئی کمی یا کوتاہی نہیں بلکہ تجارتی طریقوں میں قیمتوں کا فرق ہو، تو ایسی صورت میں اختلاف پیدا ہونے اور درخواست کرنے پر قاضی کو یہ حق حاصل ہوگا کہ عقد سے متعلق حقوق اور ذمہ داریوں میں اس طور پر تبدیلی کرے کہ معاملہ سے زائد نقصانات



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فریقین پر تقسیم ہو جائیں، اسی طرح قاضی کو یہ بھی حق حاصل ہے کہ عقد کے جس قدر حصے باقی ہیں، اگر انہیں منسوخ کر دینا ہی زیادہ قرین مصلحت اور آسان ہو تو قاضی انہیں منسوخ کر دے، ساتھ میں معاملہ کے فریق اول صاحب حق کو عادلانہ معاوضہ بھی دلائے جس سے فسخ معاملہ کی وجہ سے پہنچنے والے نقصانات کے ایک معقول حصہ کی تلافی ہو سکے اور دونوں فریق کے ساتھ عدل ہو، کسی پر زیادتی نہ ہو۔ عدل وتوازن کی تعیین میں قابل اعتماد ماہرین کی رائے پر قاضی اعتماد کرے۔

۲- قاضی کو یہ بھی حق ہے کہ اگر اس کی نظر میں ہنگامی سبب وقتی اور ختم ہو جانے والا ہو تو ذمہ دار فریق کو موقع دے دے بشرطیکہ اس موقع اور رخصت سے دوسرے فریق کو زیادہ نقصان نہ پیش آئے۔

اکیڈمی کا یہ اجلاس محسوس کرتا ہے کہ شرعی اصولوں کی روشنی میں مستنبط اس حل سے معاملہ کے فریقین کو عدل وانصاف بھی مل جاتا ہے اور ایک فریق ایسے بڑے ضرر سے بھی محفوظ رہ جاتا ہے جس کے سبب میں اس کا کوئی دخل نہیں ہے، یہ حل شریعت کے حکیمانہ تفقہ نیز قواعد شریعت اور اس کے مقاصد اور عدل سے قریب ترین ہے۔

والله ولي التوفيق وصلى الله على نبينا محمد وآله وصحبه۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [مرض کے سبب معذرت] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| محمد علی الحرکان | عبداللہ بن حمید |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز | محمد محمود الصواف | صالح بن عثیمین |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[دستخط]
محمد بن عبداللہ بن السبیل

[غیر موجود]
مبروک العوادی

[دستخط]
محمد الشاذلی النیفر

[دستخط]
مصطفیٰ احمد الزرقاء

[دستخط سے پہلے روانگی]
عبدالقدوس الہاشمی

[دستخط]
محمد رشیدی

[معذرت]
ابوالحسن علی الحسنی الندوی

[دستخط]
ابوبکر محمود جومی

[غیر موجود]
حسنین محمد مخلوف

[دستخط]
محمد رشید قبانی

[غیر موجود]
محمود شیت خطاب

[دستخط]
محمد سالم عدود

[کنوینر]
محمد عبدالرحیم الخالد



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چھٹے سمینار

## منعقدہ ۹-۱۶ / ربیع الثانی ۱۴۰۳ھ

## کے فیصلے

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

☆☆☆

☆ پہلا فیصلہ: اسلامی فقہ اکیڈمی کی مجلس کے صدر کا انتخاب

☆ دوسرا فیصلہ: سورۂ اخلاص کی غلط تفسیر

☆ تیسرا فیصلہ: انڈونیشیا وغیرہ میں حق وباطل کی تلبیس کے مظاہر

☆ چوتھا فیصلہ: نجاشی کے قبول اسلام اور اس سلسلہ میں اسلامی مراجع پر اعتماد سے متعلق ایک مقالہ

☆ پانچواں فیصلہ: ''شیخ شعراوی کے نام ایک کھلا خط'' کے عنوان سے اسلام مخالف کیسٹوں کی ترویج

☆ چھٹا فیصلہ: ہوٹلوں کے کمروں میں قرآن کریم کے نسخوں کی تقسیم

☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پہلا فیصلہ:

## اسلامی فقہ اکیڈمی کی مجلس کے صدر کا انتخاب

**الحمد لله وحده والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد، أما بعد!**

اسلامی فقہ اکیڈمی کی مجلس نے اپنے پہلے اجلاس منعقدہ بروز یکشنبہ مؤرخہ ۹/۴/۱۴۰۳ھ میں سماحۃ الشیخ عبداللہ بن محمد بن حمید رحمہ اللہ کے بعد مجلس کے صدر کے انتخاب کے سلسلہ میں غور کیا، اکیڈمی کے دستور کی دفعہ چہارم کے تحت جس میں مذکور ہے کہ ''اکیڈمی کی مجلس کے صدر کا انتخاب مجلس کے ذریعہ مطلق اکثریت کی بنیاد پر عمل میں آئے گا'' مجلس نے بالاتفاق یہ فیصلہ کیا کہ صاحب السماحۃ معالی الشیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز اکیڈمی کی مجلس کے صدر رہوں گے۔

والله ولي التوفيق، وصلى الله على خير خلقه سيدنا محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| محمد علی الحرکان | عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز |

**ممبران**

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبداللہ العبدالرحمٰن البسام | صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان | محمد بن عبداللہ بن السبیل |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[دستخط]
مصطفیٰ احمد الزرقاء

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
صالح بن عثیمین

[دستخط]
محمد سالم عدود

[دستخط]
محمد رشید قبانی

[دستخط]
محمد الشاذلی النیفر

[دستخط]
ابوبکر جومی

[دستخط]
عبدالقدوس الہاشمی

[دستخط]
محمد رشیدی

[غیر موجود]
محمود شیت خطاب

[غیر موجود]
ابوالحسن علی الحسنی الندوی

[معذرت]
حسنین محمد مخلوف

[معذرت]
مبروک العوادی

[کنوینر]
محمد احمد قمر



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# دوسرا فیصلہ:

## سورۂ اخلاص کی غلط تفسیر

**الحمد لله وحده والصلاة والسلام علی من لا نبي بعده سیدنا محمد، أما بعد!**

کویتی اخبار ''سیاست'' کے شمارہ ۴۷۷۶ مؤرخہ ۱۷رذی الحجہ ۱۴۰۱ھ مطابق ۱۵/۱۰/۱۹۸۱ء میں سورہ اخلاص کی غلط اور قابل مذمت تفسیر شائع ہوئی ہے، اس تفسیر کا پرفریب عنوان رکھا گیا ہے'' توحید کا معنی اور سورہ اخلاص کی منطوق تفسیر اور اس کا انگریزی ترجمہ'' اور اس پر محمد احمد شامی نام کے ایک شخص کا دستخط ہے۔ اس تفسیر میں قرآنی معانی کے ساتھ کھلواڑ کرنے کی کوشش کی گئی ہے اور خلط، اوہام وجہل اور رکیک خیالی تصورات کا ایسا ملغوبہ پیش کیا گیا ہے جو صاحب تفسیر کے ذہنی پاگل پن کے سوا اور کچھ نہیں اور اس حرکت کو سورہ اخلاص کی تفسیر کا نام دیا گیا ہے!!

ان مفسر صاحب نے اپنی تفسیر کا آغاز ان الفاظ میں کیا ہے:'' قـــل '' خبر مقدم ہے، جس کا معنی ہے ایک ایسا فرد جس کا کوئی نہ ہو، مثلاً کہا جاتا ہے '' رجل قل ''، '' هو '' ضمیر ہے جو مبتداء ہے، خبر اس کی قل ہے، اور وہ بھی مفعول بہ کے محل میں ہے اس جملہ فعلیہ کے لئے جو آگے آرہا ہے اللہ احد، یعنی ''أن الـلــه أحـده '' یعنی اللہ نے اسے واحد بنایا، یا اسے حد بنایا، یا اسے دھار والا بنایا!!

ذہنی اختلاط کا شکار شخص اسی انداز کی تفسیر سورہ اخلاص کی دوسری آیتوں کی بھی کرتے ہوئے ''ولم یکن له کفوا أحد'' سے متعلق کہتا ہے:'' اس شخص کے ماضی میں کفو نہ تھے، اس



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے یہ لازم نہیں آتا کہ آئندہ بھی اس کے کفو نہ ہوں گے ورنہ تو خود اس کی ذات کے لئے روئے زمین پر ایک بار ظہور کے بعد دوسری بار ظہور ناممکن ہونا لازم آئے گا اور اس کے رسول منقطع ہو جائیں گے''۔ اکیڈمی کے اجلاس دوم مؤرخہ ۱۰ / ۴ / ۱۴۱۳ھ بمقام مکہ مکرمہ میں اس پر غور کیا گیا۔

اکیڈمی محسوس کرتی ہے کہ ذہنی اختلاط کے شکار اشخاص کی صف میں ایسے شخص کا پایا جانا کوئی حیرت انگیز نہیں ہے جو خود کو گہرا محقق عالم یا باریک بین فلسفی تصور کرتا ہو، یہ خود ایک مرض ہے، لیکن تعجب جس بات پر ہے وہ یہ کہ ایک عرب اسلامی ملک کا مشہور عربی اخبار اس ہرزہ سرائی کو جس کے سامنے پاگلوں کی بکواس بھی ہیچ ہے، ایک ایسے نمایاں عنوان کے ساتھ شائع کرتا ہے کہ سورہ اخلاص سے مستفاد توحید کا یہی مفہوم ہے، سورہ اخلاص کی یہ چھوٹی لیکن عظیم الشان سورت جس میں مختصر اور مستحکم الفاظ میں توحید کی حقیقت واشگاف کر دی گئی ہے، یہ سورت رہتی دنیا تک اپنی بلاغت اور پختگی میں بلند و مضبوط پہاڑوں سے زیادہ ٹھوس و مستحکم رہے گی، گمراہ کن افکار و رجحانات کے لئے چیلنج بنی رہے گی اور شرک والحاد کے لئے خطرہ رہے گی جو مختلف عوامل کی وجہ سے بعض انسانی عقلوں میں گمراہی اور انحطاط کی حیثیت رکھتے ہیں۔

اگر اس ہرزہ سرائی کا نام سورۂ اخلاص جیسی عظیم سورہ کی تفسیر منطوق ہے تو پھر ان مفسر صاحب نے باطنی فرقوں کے لئے کیا باقی چھوڑا ہے جو اپنے خبیث و ناپاک مقاصد کے تحت لوگوں کو گمراہ کرنے کے لئے قرآن کریم کی آیات کے ساتھ من مانی کھلواڑ کرتے ہیں۔

ایسا عمل اللہ کی آیات کے ساتھ کھلواڑ اور جرم اور اسلام سے ارتداد ہے۔

ایک عربی اخبار جس کا مالک اسلامی ملک میں رہتا اور اسلام سے نسبت رکھتا ہو، کیونکر اس کے لئے روا ہوا کہ اس جیسی مذموم حرکت کے لئے وہ اپنے صفحات پیش کرے، یہ اخبار اور قرآن عظیم کی آیات کا استہزاء کرنے والا شخص کیونکر اپنے ملک اور تمام اسلامی عرب ممالک کے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دستور، قوانین عقوبات اور مطبوعات کے قوانین سے بچ سکتے ہیں؟

اس بنا پر نیز اس وجہ سے کہ صحافت اور نشر و اشاعت میں اس طرح کی غیر ذمہ دارانہ حرکت عقائد اور مقدسات اسلامیہ پر حملہ ہے، اکیڈمی فیصلہ کرتی ہے کہ وہ ان ذمہ داران کی توجہ مبذول کرائے جن پر اسلامی مقدسات کے تحفظ کی ذمہ داری آتی ہے اور اس فیصلہ کو رابطہ عالم اسلامی کی امانت عامہ کو بھیجا جائے کہ وہ اسے کویت اور دیگر ممالک کے ذمہ داران کو ارسال کر کے مطالبہ کرے کہ قرآن اور سنت کے تحفظ کے بارے میں ان کے دین اور ان کی قوم کی طرف سے جو ذمہ داری ان پر عائد ہوتی ہے وہ اسے پورا کریں تا کہ ان کا تقدس پامال نہ ہو اور آزادی اشاعت کے غلط استعمال سے افکار میں گمراہی اور نوجوانوں میں کج روی پیدا کرنے والوں کے ہاتھوں وہ کھلواڑ نہ بن جائیں۔

واللہ ولي التوفيق وصلى الله على خير خلقه سيدنا محمد وعلى آله وصحبه وسلم ۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| محمد علی الحرکان | عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبداللہ العبدالرحمٰن البسام | صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان | محمد بن عبداللہ بن السبیل |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| مصطفیٰ احمد الزرقاء | محمد محمود الصواف | صالح بن عثیمین |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد سالم عدود | محمد رشید قبانی | محمد الشاذلی النیفر |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ابوبکر محمود جومی | عبدالقدوس الہاشمی | محمد رشیدی |
| [غیر موجود] | [غیر موجود] | [معذرت] |
| محمود شیت خطاب | ابوالحسن علی الحسنی الندوی | حسنین محمد مخلوف |
| [معذرت] | [کنوینر] | |
| مبروک العوادی | محمد احمد قمر | |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# تیسرا فیصلہ:

## انڈونیشیا وغیرہ میں حق و باطل کی تلبیس کے مظاہر

**الحمد لله وحده والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد، أما بعد!**

اسلامی فقہ اکیڈمی کے پانچویں اجلاس منعقدہ ۱۳/ ۴/ ۱۴۰۳ھ بروز پنجشنبہ میں انڈونیشیا وغیرہ میں حق و باطل کی تلبیس اور تشکیک کی صورت حال پر غور کیا گیا، اس سلسلہ میں پیش کی گئی رپورٹوں، تحقیقات، مقالات اور فتاوی کا بھی جائزہ لیا گیا، نیز بدھ مت وغیرہ کے ماننے والوں کے تہواروں اور تقریبات میں شرکت کے موضوع پر غور کیا گیا۔

بحث و مباحثہ اور تبادلۂ خیالات کے بعد اکیڈمی نے طے کیا کہ ان جیسے غیر اسلامی تہواروں اور تقریبات میں مسلمانوں کی شرکت شرعاً ممنوع اور ناجائز ہے۔ مسلمانوں کے لئے ان میں نہ شرکت جائز ہے، نہ ان کے ذمہ داروں کو ہدیہ پیش کرنا اور نہ ان کی رسومات میں ان کی موافقت کرنا اور نہ ان کے مقامات کی زیارت کرنا، کیونکہ ان میں اسلام مخالف امور انجام پاتے ہیں۔

والله ولي التوفيق، وصلى الله على خير خلقه محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| محمد علی الحرکان | عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبداللہ العبدالرحمٰن البسام | صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان | محمد بن عبداللہ بن السبیل |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| مصطفیٰ احمد الزرقاء | محمد محمود الصواف | صالح بن عثیمین |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد سالم عدود | محمد رشید قبانی | محمد الشاذلی النیفر |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ابوبکر محمود جومی | عبدالقدوس الہاشمی | محمد رشیدی |
| [غیر موجود] | [غیر موجود] | [معذرت] |
| محمود شیت خطاب | ابوالحسن علی الحسنی الندوی | حسنین محمد مخلوف |
| [معذرت] | [کنوینر] | |
| مبروک العوادی | محمد احمد قمر | |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چوتھا فیصلہ:

## نجاشی کے قبول اسلام اور اس سلسلہ میں اسلامی مراجع پر اعتماد سے متعلق ایک مقالہ

الحمد لله وحده والصلاة والسلام على من لا نبي بعده سيدنا ونبينا محمد،

أما بعد!

اسلامی فقہ اکیڈمی کے چھٹے سمینار منعقدہ ۹-۱۶/۴/۱۴۰۳ھ مطابق ۲۳-۳۰/۱/۱۹۸۳ء بمقام جنرل سکریٹرٹ رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ کی ساتویں نشست میں میجر جنرل محمود شیت خطاب کا وہ تحقیقی مقالہ زیر غور آیا جو حبشہ کے فرماں روا نجاشی کے قبول اسلام کے درست ہونے سے متعلق تھا، یہ مضمون دراصل بعض مستشرقین کی طرف سے کمزور دلائل کو بنیاد بنا کر نجاشی کے قبول اسلام کے سلسلہ میں شک پیدا کرنے کی طرز پر ایک عربی رسالہ میں شائع تحریر کے پیش نظر لکھا گیا ہے۔

محمود شیت خطاب نے نجاشی کے قبول اسلام کو کتب حدیث وسیرت کے بنیادی مآخذ سے ثابت کیا ہے اور ان لوگوں پر تنقید کی ہے جو اپنی معلومات محض غیروں سے اور ان کے ان مراجع سے لیتے ہیں جن میں اسلام کے بارے میں زیادہ تر غرض، دھوکہ، دسیسہ کاری اور تشکیک ہوا کرتی ہے۔

اجلاس کے خیال میں یہ تحریر انتہائی نفیس ہے، پختہ علمی طریقہ تحقیق کے مطابق ہے اور اصل مصادر کے حوالوں سے اسے مستند بنایا گیا ہے جس کی وجہ سے یہ تحریر ایک بہترین نمونہ بن گئی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہے، ہماری نئی نسل کو تحقیق کے اس اسلوب کی پیروی کرنی چاہئے، اس سے ان لوگوں کی غلطیاں واضح ہوجاتی ہیں جو صرف غیروں کے مراجع پر اعتماد کرتے ہیں۔

یہ اجلاس رابطہ عالم اسلامی کی امانت عامہ سے سفارش کرتا ہے کہ افادہ عام کی غرض سے اس مقالہ کو طبع کر کے تقسیم کیا جائے نیز اسلامی مجلّات میں بھی اسے شائع کرایا جائے۔

والله ولي التوفيق، وصلى الله على خير خلقه محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| محمد علی الحرکان | عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبداللہ العبدالرحمٰن البسام | صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان | محمد بن عبداللہ بن السبیل |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| مصطفیٰ احمد الزرقاء | محمد محمود الصواف | صالح بن عثیمین |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد سالم عدود | محمد رشید قبانی | محمد الشاذلی النیفر |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ابوبکر محمود جومی | عبدالقدوس الہاشمی | محمد رشیدی |
| [غیر موجود] | [غیر موجود] | [معذرت] |
| محمود شیت خطاب | ابوالحسن علی الحسنی الندوی | حسنین محمد مخلوف |
| [معذرت] | [کنوینر] | |
| مبروک العوادی | محمد احمد قمر | |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پانچواں فیصلہ:

## ”شیخ شعراوی کے نام ایک کھلا خط“ کے عنوان سے اسلام مخالف کیسٹوں کی ترویج

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا محمد، أما بعد!

”کھلا خط بنام شیخ شعراوی“ کے عنوان سے ایسے کیسٹس کویت میں رائج کئے جا رہے ہیں جن میں قرآن کریم کے معانی میں تحریف کی گئی ہے، اسلامی فقہ اکیڈمی کے ساتویں اجلاس منعقدہ ۱۶/ ۴/ ۱۴۰۳ھ بروز یکشنبہ میں اس پر غور کیا گیا، اس موضوع پر بحث ومناقشہ کے بعد اکیڈمی نے اس کی مذمت کی اور اسے اسلامی اصولوں پر حملہ اور اسلامی شعائر کے ساتھ استہزاء قرار دیا اور اسے کفر صریح، نیز اگر یہ حرکت اسلام سے نسبت رکھنے والے کسی شخص کی طرف سے ہوئی ہے تو اسے اسلام سے مرتد قرار دیا، نیز اکیڈمی نے یہ بھی فیصلہ کیا کہ اس مذمتی قرارداد کو اسلامی ممالک کے ذمہ دار اداروں تک پہنچایا جائے تاکہ وہ حالات پر سخت نظر رکھیں اور دین کے متعلق استہزاء اور اسلامی اصول وشعائر کے ساتھ کھلواڑ کا وسوسہ دل میں لانے والوں کو قرار واقعی سزا دیں۔

والله ولي التوفيق، وصلى الله على خير خلقه سيدنا ونبينا محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[دستخط]
نائب صدر
محمد علی الحرکان

[دستخط]
صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز

## ممبران

[دستخط]
عبداللہ العبدالرحمٰن البسام

[دستخط]
صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان

[دستخط]
محمد بن عبداللہ بن السبیل

[دستخط]
مصطفیٰ احمد الزرقاء

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
صالح بن عثیمین

[دستخط]
محمد سالم عدود

[دستخط]
محمد رشید قبانی

[دستخط]
محمد الشاذلی النیفر

[دستخط]
ابوبکر محمود جومی

[دستخط]
عبدالقدوس الہاشمی

[دستخط]
محمد رشیدی

[غیر موجود]
محمود شیت خطاب

[غیر موجود]
ابوالحسن علی الحسنی الندوی

[معذرت]
حسنین محمد مخلوف

[معذرت]
مبروک العوادی

[کنوینر]
محمد احمد قمر



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چھٹا فیصلہ:

## ہوٹلوں کے کمروں میں قرآن کریم کے نسخوں کی تقسیم

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد، أما بعد!

اسلامی فقہ اکیڈمی کے ساتویں اجلاس منعقدہ ۱۶/۴/۱۴۰۳ھ بروز یکشنبہ میں محمود شیت خطاب کا وہ خط زیر غور آیا جس میں انہوں نے ہوٹلوں کے کمروں میں قرآن کریم کے نسخے رکھے جانے کو توہین کے خوف سے نامناسب قرار دیا تھا۔

اس موضوع پر غور وفکر اور تبادلۂ خیال کے بعد اکیڈمی فیصلہ کرتی ہے کہ ہوٹلوں کے کمروں میں قرآن کریم کے نسخے رکھنے کی مصلحت واضح ہے، یعنی یہ کہ اس کی افادیت عام ہو اور شاید ایسے لوگ بھی اس سے مستفید ہوں جنہوں نے قرآن نہ پڑھا ہو یا نہ دیکھا ہو۔

اکیڈمی رابطہ کی امانت عامہ سے سفارش کرتی ہے کہ شیخ محمود شیت خطاب کو خط لکھ کر قرآن کریم کے بارے میں ان کی غیرت دینی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اکیڈمی کی اس رائے سے انہیں آگاہ کردیا جائے۔

والله ولي التوفيق، وصلى الله على خير خلقه سيدنا ونبينا محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[دستخط]
نائب صدر
محمد علی الحرکان

[دستخط]
صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز

## ممبران

[دستخط]
عبداللہ العبدالرحمٰن البسام

[دستخط]
صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان

[دستخط]
محمد بن عبداللہ بن السبیل

[دستخط]
مصطفیٰ احمد الزرقاء

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
صالح بن عثیمین

[دستخط]
محمد سالم عدود

[دستخط]
محمد رشید قبانی

[دستخط]
محمد الشاذلی النیفر

[دستخط]
ابوبکر محمود جومی

[دستخط]
عبدالقدوس الہاشمی

[دستخط]
محمد رشیدی

[غیر موجود]
محمود شیت خطاب

[غیر موجود]
ابوالحسن علی الحسنی الندوی

[معذرت]
حسنین محمد مخلوف

[معذرت]
مبروک العوادی

[کنویز]
محمد احمد قمر

◆◆◆



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# ساتویں سمینار

## منعقدہ ۱۱-۱۶/ربیع الثانی ۱۴۰۴ھ

## کے فیصلے

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

☆☆☆

☆ پہلا فیصلہ : اسٹاک ایکسچینج کا حکم

☆ دوسرا فیصلہ : مصحف عثمانی کے رسم الخط میں تبدیلی کا حکم

☆ تیسرا فیصلہ : اعداد کے عربی رسم الخط کو یورپی رسم الخط میں بدلنے کا عدم جواز

☆ چوتھا فیصلہ : ہندوستان میں جہیز کا رواج

☆ پانچواں فیصلہ: مصنوعی بارآوری اور ٹیسٹ ٹیوب بے بی کا حکم

☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پہلا فیصلہ:

## اسٹاک ایکسچینج کا حکم

**الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد، وبعد!**

اسٹاک ایکسچینج اور اس میں کاغذی نوٹوں، کمپنیوں کے شیئرز، تجارتی وحکومتی قرض سرٹیفکٹ اور سامانوں پر ہونے والی خرید وفروخت اور اس کی نقد وادھار کی شکلوں پر اس اجلاس میں غور کیا گیا۔

اسی طرح ماہرین اقتصادیات اور ایکسچینج سے وابستہ لوگوں کی نظر میں اس مارکٹ کے جو مفید اور مضر پہلو ہیں، ان کو بھی پیش نظر رکھا گیا۔

الف۔ اس مارکٹ کے مثبت اور مفید پہلو درج ذیل ہیں:

اول: اس کے ذریعہ ایک دائمی منڈی موجود رہتی ہے جہاں خریدار اور فروخت کنندہ کی ملاقات آسان ہوتی ہے اور شیئرز، سرٹیفکٹ اور سامانوں پر نقد وادھار معاملات انجام دیئے جاتے ہیں۔

دوم: اس میں شیئرز اور بانڈز فروختگی کے لئے پیش کئے جاتے ہیں جس کی وجہ سے صنعتی، تجارتی اور حکومتی اداروں کے لئے سرمایہ کی فراہمی آسان ہو جاتی ہے۔

سوم: اس کے ذریعہ شیئرز اور بانڈز کو دوسروں کے ہاتھ فروخت کرنا اور ان کی قیمت سے استفادہ آسان ہو جاتا ہے، جو کمپنیاں سندات جاری کرتی ہیں وہ سند والوں کی قیمت ادا نہیں کرتی ہیں۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چہارم: یہ مارکٹ شیئرز، بانڈز اور سامانوں کے نرخ کے معیار اور طلب ورسد کی رو سے باہمی معاملات کے میدان میں ان کے اتار چڑھاؤ کی اطلاع فراہم کرتی ہے۔

ب- مارکٹ کے مضر اور سلبی پہلو درج ذیل ہیں:

اول: اس مارکٹ میں انجام پانے والے بیشتر ادھار معاملات میں نہ تو حقیقی فروختگی ہوتی ہے اور نہ حقیقی خریداری، کیونکہ جن معاملات میں شرعاً عوضین یا کسی ایک عوض پر قبضہ ضروری ہوتا ہے ان پر قبضہ نہیں پایا جاتا۔

دوم: اس مارکٹ میں فروخت کنندہ عموماً ایسی کرنسی، شیئرز، بانڈز یا سامان فروخت کرتا ہے جو اس کی ملکیت میں نہیں ہوتیں، وہ صرف اس امید پر فروخت کرتا ہے کہ بازار سے خرید کر مقررہ وقت پر حوالہ کر دے گا اور عقد کے وقت قیمت پر قبضہ بھی نہیں پایا جاتا جو عقد سلم کی ایک شرط ہے۔

سوم: اس میں فروخت کنندہ خریدے ہوئے سامان پر قبضہ سے پہلے اسے فروخت کر دیتا ہے، اور دوسرا خریدار بھی سامان پر قبضہ سے قبل تیسرے کے ہاتھ فروخت کر دیتا ہے اور اس طرح ایک ہی شئ پر قبضہ سے پہلے متعدد خرید وفروخت انجام پاتے چلے جاتے ہیں اور معاملہ آخری خریدار تک پہنچ جاتا ہے جو یا تو پہلے فروخت کنندہ سے سامان بیع وصول کر لیتا ہے جس نے اس وقت بیچا تھا جب وہ مالک نہیں تھا، یا نفاذ کے وقت قیمتوں کے فرق سے اپنا حساب کرا لیتا ہے، یہ فائنل حساب کا دن ہوتا ہے، جب کہ پہلے اور آخری کے علاوہ درمیان کے تمام خریدار اور فروخت کنندگان کا رول صرف اس قدر ہوتا ہے کہ قیمت کے فرق کو نفع کی صورت میں وصول کر لیتے ہیں اور خسارہ کی صورت میں ادا کرتے ہیں، جیسا کہ جواری لوگوں کے درمیان ہوتا ہے۔

چہارم: سرمایہ دار لوگ شیئرز، بانڈز اور سامانوں کو بازار میں ذخیرہ کر لیتے ہیں تا کہ وہ ان فروخت



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کنندگان پر اپنا کنٹرول قائم کرلیں جنہوں نے اپنی ملکیت میں غیر موجود سامان کو اس امید پر فروخت کردیا تھا کہ حوالگی کے دن سے پہلے کم قیمت پر انہیں خرید کر مقررہ وقت پر حوالہ کردیں گے اور اس طرح سرمایہ دار ایسے فروخت کنندگان کو حرج میں ڈالتے ہیں۔

پنجم: اسٹاک ایکسچینج کی سنگینی اس وقت سامنے آتی ہے جب اسے بازار پر اثر اندازی کے لئے بطور وسیلہ اختیار کیا جاتا ہے، کیونکہ ان میں قیمتوں کا انحصار خرید یا فروخت کے ضرورت مندوں کی حقیقی رسد اور طلب پر بالکلیہ نہیں ہوتا، بلکہ بہت ساری دیگر اشیاء اثر انداز ہوتی ہیں جن میں کچھ بازار پر نگرانی رکھنے والوں کی یا سامان اور نوٹ کی ذخیرہ اندوزی کرنے والوں کی پیدا کردہ ہوتی ہیں، مثلاً جھوٹا پروپیگنڈہ وغیرہ، اس طرح یہ صورت حال شریعت کی نظر میں ممنوع قرار پاتی ہے، کیونکہ وہ قیمتوں میں غیر فطری اتار چڑھاؤ پیدا کرکے معاشی زندگی پر برے اثرات ڈالتی ہے، اس کی صرف ایک مثال یہ ہے کہ بڑے بڑے سرمایہ دار شیئرز یا بانڈز کا ایک مجموعہ جاری کردیتے ہیں اور رسد کی زیادتی کے نتیجہ میں ان کی قیمتیں گر جاتی ہیں اور ان کے چھوٹے مالکان انہیں اس اندیشہ کی وجہ سے کم قیمت پر فروخت کردیتے ہیں کہ کہیں قیمت اور زیادہ نہ گر جائے اور انہیں مزید نقصان کا سامنا کرنا پڑے، ان کے فروخت کرنے کی وجہ سے مزید زیادتی رسد کے نتیجہ میں قیمت میں اور بھی گراوٹ آجاتی ہے، تو بڑے مالکان انہیں کم قیمت پر خرید لیتے ہیں تاکہ زیادتیٔ طلب کی صورت میں اونچی قیمت پر فروخت کرسکیں، اس طرح نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ بڑے مالکان کو تو زبردست منافع حاصل ہوجاتے ہیں اور شیئرز کو مارکٹ میں لاکر غیر حقیقی رسد پیدا کرکے چھوٹے مالکان کو دھوکہ دے کر انہیں بہت زیادہ نقصان میں ڈال دیا جاتا ہے، یہی طریقہ سامانوں کی مارکٹ میں بھی اپنایا جاتا ہے۔

اسی وجہ سے ماہرین معاشیات کے درمیان اسٹاک ایکسچینج کے موضوع پر زبردست



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہنگامہ برپا ہوگیا ہے، جس کی وجہ یہ ہے کہ اقتصادی دنیا کی تاریخ میں بعض اوقات اس صورت حال نے کم وقت میں بے شمار سرمایہ کو برباد کردیا، دوسری جانب بغیر کسی محنت کے مالداروں کو بڑے منافع پہنچائے، بڑے بڑے بحران جب دنیا میں پیدا ہوئے تو ان ماہرین نے انہیں ختم کردینے کا مطالبہ کیا کہ ان کی وجہ سے دولت وسرمایہ تباہ ہوجاتے ہیں اور اقتصادی حالات بہت کم وقت میں انتہائی پستی میں چلے جاتے ہیں، جیسا کہ زلزلوں اور زمینی حادثات کے مواقع پر ہوتا ہے۔

اسی لئے اسٹاک ایکسچینج کی حقیقت اور اس کے اندر شیئرز، بانڈز، سامان اور نوٹ کے نقد وادھار معاملات پر شرعی احکام کی روشنی میں غور وخوض کرنے کے بعد اکیڈمی کا یہ اجلاس درج ذیل امور طے کرتا ہے:

اول: اسٹاک ایکسچینج کا مقصود ایک ایسی مستقل ودائمی مارکٹ کو وجود دینا ہے جہاں طلب اور رسد یکجا ہوں اور خریدار وفروخت کنندہ آمنے سامنے، یہ چیز بہتر اور مفید ہے جو پیشہ وروں کے استحصال کو روکتی ہے، جو ایسے سیدھے سادھے اور غافل لوگوں کو نشانہ بناتے ہیں جنہیں یہ پتہ نہیں ہوتا کہ کون خریداری کا ضرورت مند ہے اور کون فروختگی کا اور قیمتوں کی حقیقت کیا ہے لیکن اس نمایاں مصلحت کے ساتھ ساتھ اسٹاک ایکسچینج میں شرعاً چند ممنوع معاملات جوابازی، ناجائز استحصال اور غلط طریقہ سے لوگوں کا مال کھانے کی چیزیں بھی ہوتی ہیں، لہذا اس مارکٹ کے سلسلہ میں کوئی عام شرعی حکم نہیں دیا جاسکتا، بلکہ اس میں انجام پانے والے معاملات میں سے ہر ہر معاملہ کا علاحدہ علاحدہ حکم بیان کرنا ضروری ہے۔

دوم: ایسے سامانوں پر نقد معاملہ کیا جائے جو فروخت کرنے والے کی ملکیت میں موجود بھی ہوں اور جن سامانوں پر مجلس عقد میں، قبضہ شرط ہے ان میں قبضہ بھی پایا جائے تو وہ شرعاً



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جائز ہیں، بشرطیکہ ان سامانوں کی تجارت شرعاً حرام نہ ہو، لیکن اگر فروخت کئے جانے والے سامان فروخت کرنے والے کی ملکیت میں نہ ہوں تو اس عقد میں بیع سلم کی شرائط کا پایا جانا ضروری ہے، پھر قبضہ سے پہلے اس کی فروختگی مشتری کے لئے جائز نہیں ہوگی۔

سوم: کمپنیوں اور اداروں کے شیئرز جب فروخت کرنے والے کی ملکیت میں ہوں تو ان کی فروختگی شرعاً جائز ہے، بشرطیکہ ان کمپنیوں یا اداروں کا کاروبار شرعاً حرام نہ ہو، جیسے سودی بنکوں کی کمپنیاں اور شراب کی کمپنیاں وغیرہ، کیونکہ ایسی کمپنیوں کے شیئرز کی خرید و فروخت شرعاً حرام ہے۔

چہارم: بانڈز پر سود کے ساتھ نقد اور ادھار معاملات کی تمام شکلیں شرعاً ناجائز ہیں، اس لئے کہ یہ ایسے معاملات ہیں جن میں حرام ربا شامل ہے۔

پنجم: ادھار معاملات کی وہ تمام قسمیں جو ایسے شیئرز اور سامانوں پر ہوتی ہیں جو فروخت کرنے والے کی ملکیت میں نہ ہوں اور اس کیفیت کے ساتھ ہوں جو اسٹاک ایکسچینج مارکٹ میں رائج ہے، شرعاً ناجائز ہیں، کیونکہ ان میں اپنی ملکیت میں نہ ہونے والے سامان کو اس اعتماد پر فروخت کیا جاتا ہے کہ آئندہ اسے خرید کر مقررہ وقت پر حوالہ کردیا جائے گا، یہ شرعاً درست نہیں ہے، کیونکہ رسول کریم ﷺ سے ثابت ہے کہ "ایسی چیز فروخت مت کرو جو تمہارے پاس نہیں ہے"، اسی طرح ابوداؤد اور احمد نے صحیح سند کے ساتھ حضرت زید بن ثابتؓ سے روایت کی ہے کہ "نبی کریم ﷺ نے اس بات سے منع فرمایا ہے کہ سامانوں کو خریدنے کے بعد پھر فروخت کیا جائے جب تک کہ تاجر انہیں اپنے کجاووں میں نہ لے آئیں"۔

ششم: اسٹاک ایکسچینج میں رائج ادھار معاملات شریعت اسلامیہ کی بیع سلم سے میل نہیں کھاتے، کیونکہ ان دونوں میں درج ذیل دو جہتوں سے فرق ہے:



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الف: اسٹاک ایکسچینج کے اندر ادھار معاملات کی صورت میں مجلس عقد ہی میں قیمت ادا نہیں کی جاتی ، بلکہ قیمت کی ادائیگی کو حساب کے دن کے لئے مؤخر کر دیا جاتا ہے، جبکہ بیع سلم کی صورت میں مجلس عقد کے اندر ہی قیمت کی ادائیگی ضروری ہوتی ہے۔

ب: اسٹاک ایکسچینج کے اندر جس سامان پر معاملہ ہوتا ہے اور جو پہلے فروخت کنندہ کے ذمہ میں ہوتا ہے ، پہلے خریدار کے اس پر قبضہ کرنے سے قبل ہی متعدد بار اس کی فروختگی ہو چکی ہوتی ہے اور ان سے مقصود غیر حقیقی خریداروں اور فروخت کنندگان کے مابین قیمتوں کے فرق کی حصولیابی یا ادائیگی ہوتی ہے جو بالکل جوا کی طرح نفع و آمدنی کے خطرہ کا کھیل ہوتا ہے، جب کہ بیع سلم میں مبیع پر قبضہ سے پہلے اس کو فروخت کرنا جائز نہیں ہے۔

مذکورہ بالا امور کے پیش نظر اکیڈمی مناسب سمجھتی ہے کہ اسلامی ممالک کے سربراہان اپنے ممالک کے اندر اسٹاک ایکسچینج کو بالکل آزاد نہ چھوڑیں کہ وہ جس طرح چاہیں معاملات کریں، خواہ جائز معاملات ہوں یا حرام اور اسی طرح ان کے اندر قیمتوں سے کھلواڑ کرنے والوں کو بھی آزاد نہ چھوڑیں کہ وہ جو چاہیں کریں ، بلکہ وہاں انجام پانے والے معاملات کے اندر مشروع طریقوں کی رعایت و عمل داری کو ضروری بنائیں اور ناجائز معاملات کو ممنوع قرار دیں، تا کہ اس کھلواڑ پر بندش لگے جو مالی مشکلات پیدا کرتا ہے، عمومی اقتصادیات کو تباہ کرتا ہے اور بے شمار لوگوں کو نقصان پہنچاتا ہے۔ مکمل خیر و بہتری ہر ہر چیز میں اسلامی طریقہ کی پابندی ہی کے اندر ہے، اللہ تعالی کا ارشاد ہے: ﴿و أن هـذا صـراطي مستـقيما فاتبعوه و لا تتبعوا السبل فتفرق بكم عن سبيـله ذلكم وصاكم به لعلكم تتقون﴾ [سورہ الانعام/ ۱۵۳] (اور یہ کہ یہ دین میرا رستہ ہے جو کہ مستقیم ہے سو اس راہ پر چلو اور دوسری راہوں پر مت چلو کہ وہ راہیں تم کو



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ کی راہ سے جدا کر دیں گی، اس کا تم کو اللہ تعالیٰ نے تاکیدی حکم دیا ہے تاکہ تم احتیاط رکھو)۔

والله سبحانه هو ولي التوفيق، والهادي إلى سواء السبيل، وصلى الله على سيدنا ونبينا محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہی اکیڈمی |
| ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف | عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبداللہ العبدالرحمٰن البسام | صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان | محمد بن عبداللہ بن السبیل |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| مصطفیٰ احمد الزرقاء | محمد محمود الصواف | صالح بن عثیمین |
| [غیر موجود] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد سالم عدود | محمد رشید قبانی | محمد الشاذلی النیفر |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ابوبکر محمود جومی | عبدالقدوس الہاشمی | محمد رشیدی |
| [غیر موجود] | [غیر موجود] | [غیر موجود] |
| محمود شیت خطاب | ابوالحسن علی الحسنی الندوی | حسنین محمد مخلوف |
| [غیر موجود] | [کنوینر] | |
| مبروک العوادی | محمد احمد قمر | |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# دوسرا فیصلہ:

## مصحف عثمانی کے رسم الخط میں تبدیلی کا حکم

**الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد، وآله وصحبه أجمعين، أما بعد!**

اکیڈمی کے اجلاس میں جدہ کے شیخ ہاشم وہبہ عبد العال کا وہ خط پیش ہوا جس میں انہوں نے ''مصحف عثمانی کے رسم الخط کی املائی رسم الخط میں تبدیلی'' کے موضوع کا ذکر کیا ہے، نیز اس سلسلہ میں ھیئۃ کبار العلماء ریاض کی قرارداد نمبر (۷۱) مؤرخہ ۲۱/۱۰/۱۳۹۹ھ کو بھی پیش نظر رکھا جس میں عثمانی رسم الخط ہی میں قرآن شریف کو باقی رکھنے کے درج ذیل اسباب ذکر کئے گئے ہیں:

۱- یہ ثابت ہے کہ عثمانی رسم الخط میں قرآن کریم کی کتابت حضرت عثمانؓ کے عہد میں انجام پائی، انہوں نے کاتبین کو حکم دیا کہ قرآن کریم کی کتابت ایک مقررہ رسم الخط میں کریں، صحابہ کرام نے ان سے اتفاق کیا اور تابعین بھی اسی راہ پر گامزن رہے اور آج تک ہر دور کے لوگوں نے اس کی پابندی کی، نیز نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''تم پر میری سنت اور میرے بعد ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کی سنت کی پیروی ضروری ہے''، لہذا حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ اور تمام صحابہ کرامؓ کی پیروی اور ان کے اجماع پر عمل کرتے ہوئے قرآن کریم کو اسی رسم الخط میں تحریر کرنا متعین ہو جاتا ہے۔

۲- عثمانی رسم الخط کو چھوڑ کر موجودہ رائج املائی رسم الخط کو پڑھنے کی آسانی کی غرض سے اختیار کرنا دراصل پھر دوسری تبدیلی کو دعوت دینا ہے، کیونکہ یہ املائی رسم الخط ایک نوع کی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اصطلاح ہے جو آئندہ کسی دوسری اصطلاح میں بدل سکتی ہے اور ان تبدیلیوں کے نتیجہ میں قرآن کے بعض حروف میں کمی وزیادتی اور تبدیلی کی صورت میں قرآن کے اندر تحریف کا باعث بن جائے گی اور گذرتے ایام کے ساتھ قرآن کے مختلف نسخوں میں فرق واقع ہو جائے گا اور اسلام دشمنوں کو قرآن کریم پر انگشت نمائی کا موقع مل جائے گا، اسلام نے شر کے ذرائع اور فتنہ کے اسباب کا سد باب کیا ہے اور ان پر بندش لگائی ہے۔

۳- قرآن کریم کی کتابت میں اگر عثمانی رسم الخط کی پابندی نہ کی جائے تو اللہ کی کتاب لوگوں کے ہاتھوں میں کھلونا بن کر رہ جائے گی کہ جب جب کسی انسان کو کوئی نیا خیال سمجھ میں آئے گا تو اسے بروئے کار لے آئے گا، کوئی اسے لاطینی زبان میں اور کوئی کسی اور زبان میں تحریر کرنے کی تجویز پیش کرے گا جو ایک خطرناک عمل ہے اور مفاسد کا ازالہ مصالح کے حصول سے زیادہ اہم ہے۔

اجلاس میں اس موضوع پر غور وخوض کے بعد بالاتفاق فیصلہ کیا گیا کہ ھیئۃ کبار العلماء سعودی عرب کی اس قرارداد کی تائید کی جائے کہ قرآن کے عثمانی رسم الخط میں تبدیلی جائز نہیں ہے اور موجودہ رسم الخط ہی میں اسے باقی رکھنا واجب ہے تاکہ ایک دائمی دلیل وحجت اس بات کی ہو کہ قرآن کے متن میں کسی قسم کی تحریف یا تبدیلی نہیں ہوئی ہے، اس کی پابندی ہی میں صحابہ کرام اور ائمہ سلفؒ کی پیروی واتباع بھی ہے، جہاں تک بچوں کے لئے قرآن کریم کی تعلیم میں آسانی پیدا کرنے کا سوال ہے جو موجودہ املائی رسم الخط کے عادی ہوتے ہیں، تو اس ضرورت کی تکمیل اساتذہ کی تلقین سے ہو جاتی ہے، کیونکہ قرآن کی تعلیم کے لئے اساتذہ کی ضرورت سے کسی حال میں بھی بے نیاز نہیں ہوا جا سکتا ہے، وہ یہ طریقہ اپنا سکتے ہیں کہ بچوں کو تعلیم دیتے وقت عثمانی رسم الخط میں تحریر آیات کو املائی رسم الخط میں لکھ کر تعلیم دیں، بالخصوص جبکہ یہ ملاحظہ کیا گیا ہے کہ ایسے حروف کی تعداد بہت کم ہے لیکن وہ قرآن کریم میں بار بار بکثرت آتے ہیں، جیسے لفظ صلوۃ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(نماز)، سموات (آسمانوں) وغیرہ، جب بچے ایسے بار بار آنے والے الفاظ کو عثمانی رسم الخط میں سیکھ لیں گے تو پڑھنا آسان ہو جائے گا، جیسا کہ موجودہ رسم الخط کے قواعد میں ھذا اور ذلک کے رسم الخط میں ہوتا ہے۔

والله ولي التوفيق، وصلى الله على سيدنا محمد النبي الأمي، وعلى آله وصحبه، وسلم تسليماً كثيراً۔

[دستخط]
نائب صدر
ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف

[دستخط]
صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز

## ممبران

[دستخط]
عبداللہ العبدالرحمٰن البسام

[دستخط]
صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان

[دستخط]
محمد بن عبداللہ بن السبیل

[دستخط]
مصطفیٰ احمد الزرقاء

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
صالح بن عثیمین

[غیر موجود]
محمد سالم عدود

[دستخط]
محمد رشید قبانی

[دستخط]
محمد الشاذلی النیفر

[دستخط]
ابوبکر محمود جومی

[دستخط]
عبدالقدوس الہاشمی

[دستخط]
محمد رشیدی

[غیر موجود]
محمود شیت خطاب

[غیر موجود]
ابوالحسن علی الحسنی الندوی

[غیر موجود]
حسنین محمد مخلوف

[غیر موجود]
مبروک العوادی

[کنوینر]
محمد احمد قمر



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# تیسرا فیصلہ:

## اعداد (گنتیوں) کے عربی رسم الخط کو یورپی رسم الخط میں بدلنے کا عدم جواز

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد، وآله وصحبه، وسلم تسليماً كثيراً، أمابعد!

اکیڈمی کے سامنے اردن کے وزیر اوقاف استاذ کامل شریف کا خط اور مذکورہ بالا موضوع پر تحریر آئی، اس مضمون کا عنوان ہے "عربی اعداد تاریخی نقطۂ نظر سے"، اس میں بتایا گیا ہے کہ بعض دانشوروں کے درمیان ایک نظریہ عام ہو رہا ہے، اس نظریہ کا حاصل یہ ہے کہ عربی اعداد کی موجودہ شکل (۱، ۲، ۳، ۴ آخر تک) دراصل ہندی اعداد ہیں اور یورپ میں اعداد کو لکھے جانے کا طریقہ (1,2,3,4) وغیرہ ہی فی الواقع عربی اعداد ہے، یہ خیال ایک دوسرے قدم کی طرف دعوت بھی دیتا ہے، یعنی عرب ممالک میں اسی مغربی اعداد کو اختیار کیا جائے، اس خیال کے ساتھ یہ دلیل بھی دی جاتی ہے کہ یورپی اعداد ان بیرونی ممالک اور اداروں کے اندر حساب کا ذریعہ بن چکے ہیں، جو عرب ممالک کے اندر بھی سماجی اور اقتصادی میدانوں میں وسیع اثرات کے مالک ہو چکے ہیں، دوسری جانب حساب کے جدید آلات اور کمپیوٹر جن میں بھی یہی اعداد استعمال ہوتے ہیں، کے ظہور نے بھی اس امر کو پسندیدہ بنا دیا ہے۔ اگرچہ اسے ایسا قطعی لازم نہ کہا جائے جس کے بغیر کوئی چارہ کار ہی نہ ہو۔

اجلاس میں ان تاریخی بنیادوں کو بھی پیش نظر رکھا گیا جو عربی اور یورپی اعداد کے سلسلے میں اس مضمون میں بیان کی گئی ہیں۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نیز ھیئۃ کبار العلماء سعودی عرب کے اکیسویں اجلاس منعقدہ ریاض مؤرخہ ۱۷ تا ۲۸ ربیع الآخر ۱۴۰۳ھ کی طرف سے اس سلسلے میں جاری کی گئی قرارداد بھی پیش نظر رکھی گئی جس میں کہا گیا ہے کہ درج ذیل اسباب کی بناء پر عربی اعداد کو مغربی دنیا میں رائج حالیہ اعداد میں تبدیل کرنا درست نہیں ہے:

اول: تبدیلی کے علمبرداروں کا یہ دعویٰ ثابت نہیں ہوتا ہے کہ مغرب میں استعمال ہونے والے اعداد ہی عربی اعداد ہیں، ایسی بات نہ تو معروف ہے اور نہ مطابق حقیقت، دوسری طرف مختلف حالات اور مختلف میدانوں میں صدیوں تک ان اعداد کا استعمال بھی انہیں عربی اعداد کی حیثیت دیتا ہے، عربی زبان میں بعض ایسے الفاظ موجود ہیں جو اصلاً عربی نہیں ہیں، لیکن استعمال کے بعد اب عربی قرار پا چکے ہیں، بلکہ ایسے بعض الفاظ نے قرآن میں بھی جگہ پائی ہے، (اس طرح کے الفاظ ''معرب الفاظ'' کہلاتے ہیں)۔

دوم: اس نقطۂ نظر کے نتائج برے اور اثرات نقصان دہ ہوں گے، یہ اسلامی معاشرہ کو بتدریج مغرب کے رنگ میں رنگنے کی جانب ایک قدم ہے، اس کی تائید مذکورہ مضمون کے ساتھ ہمرشتہ رپورٹ کی دفعہ (۴) کی اس عبارت سے ہوتی ہے کہ ''وزارت نشریات کویت کی طرف سے ایک ہدایت نامہ جاری کیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ یورپ میں استعمال ہونے والے اعداد کو عام کرنے کی ضرورت ہے تا کہ عالمی سطح پر ثقافتی، سائنسی بلکہ سیاحتی اتحاد کو فروغ دیا جائے''۔

سوم: یہ خیال اس بات کا بھی پیش خیمہ بن سکتا ہے کہ عربی حروف کو لاطینی حروف میں لکھا جائے خواہ ایک عرصہ بعد ہی سہی۔

چہارم: یہ تصور بھی مغرب کی تقلید اور اس کے طریقوں کو اچھا سمجھنے کا ایک مظہر ہے۔

پنجم: تمام مصاحف، کتب تفسیر، ڈکشنریوں اور تصنیفات میں نمبر سازی اور حوالہ جات و مراجع



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کی طرف اشارہ کرنے کے لئے انہی اعداد کو استعمال کیا جاتا ہے، یہ سب ایک عظیم اور زبردست سرمایہ ہے، (عربی کی جگہ پر) موجودہ انگریزی اعداد کے استعمال کے نتیجہ میں آنے والی نسلوں کے لئے ان کتابوں سے آسانی کے ساتھ استفادہ ممکن نہیں رہے گا۔

ششم: اگر بعض عرب ممالک نے مغربی اعداد کو استعمال کرنا شروع کر دیا ہے تو ان ممالک کی پیروی ضروری نہیں ہے، کیونکہ ایسے بیشتر ممالک نے تو ان سے بھی بڑے اور اہم ترین مسئلہ کو پس پشت ڈال رکھا ہے، یعنی اللہ کی شریعت کے مطابق فیصلہ اور اس کی بالادستی جو دنیا اور آخرت دونوں میں عزت و شرف اور سربلندی کا سرچشمہ ہے، لہذا ایسے ممالک کا عمل ہمارے لئے دلیل نہیں ہے۔

ان امور کی روشنی میں اکیڈمی کا یہ اجلاس مندرجہ ذیل فیصلے کرتا ہے:

اول: ھیئۃ کبار العلماء کے اس فیصلہ کی تائید کی جاتی ہے جس کا ابھی اوپر ذکر ہوا اور جس میں عربی اعداد کو موجودہ مغربی دنیا میں استعمال ہونے والے انگریزی اعداد سے بدلنے کو ان اسباب کی بنیاد پر ناجائز قرار دیا گیا ہے جو ابھی بیان کئے گئے۔

دوم: یورپ میں استعمال ہونے والے اعداد کو پھیلانے اور عام کرنے سے متعلق رائے قابل قبول نہیں ہے، کیونکہ امت مسلمہ صدیوں سے رائج امر کو محض ایک ظاہری مصلحت کی خاطر نہیں چھوڑ سکتی اور دوسروں کی پیروی میں اس سے دست بردار نہیں ہو سکتی۔

سوم: عرب ممالک کے ذمہ داران و سربراہان کو اس معاملہ کی سنگینی سے آگاہ کیا جائے اور اسلامی و عربی سرمایہ کے حق میں انتہائی خطرناک نتائج رکھنے والے اس نظریہ کا شکار بننے سے انہیں روکا جائے۔

والله ولي التوفيق، وصلى الله على سيدنا محمد النبي الأمي، وعلى آله وصحبه، وسلم۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[دستخط]
نائب صدر
ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف

[دستخط]
صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز

## ممبران

[دستخط]
عبداللہ العبدالرحمٰن البسام

[دستخط]
صالح بن فوزان بن عبداللہ
الفوزان

[دستخط]
محمد بن عبداللہ بن السبیل

[دستخط]
مصطفیٰ احمد الزرقاء

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
صالح بن عثیمین

[غیر موجود]
محمد سالم عدود

[دستخط]
محمد رشید قبانی

[دستخط]
محمد الشاذلی النیفر

[دستخط]
ابوبکر محمود جومی

[دستخط]
عبدالقدوس الہاشمی

[دستخط]
محمد رشیدی

[غیر موجود]
محمود شیت خطاب

[غیر موجود]
ابوالحسن علی الحسنی الندوی

[غیر موجود]
حسنین محمد مخلوف

[غیر موجود]
مبروک العوادی

[کنوینر]
محمد احمد قمر



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چوتھا فیصلہ:

## ہندوستان میں جہیز کا رواج

الحمد لله وحده والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، وبعد!

اسلامی فقہ اکیڈمی کے اجلاس میں شیخ عبد القادر ہندی کی تحریر کا ترجمہ پیش ہوا جس میں جہیز کے خلاف قدم اٹھانے کی بات کہی گئی ہے۔ جہیز وہ رقم ہے جو ہندوستانی معاشرہ میں عورت کی طرف سے شادی کے عوض دی جاتی ہے اور ہندوستانی مسلمان صرف رجسٹر میں مہر کی رقم کا اندراج کراتے ہیں، لیکن عملاً ادائیگی نہیں کرتے ہیں، اس سلسلہ میں ٹمل زبان کے بہت سے مسلم اخبارات میں کثرت سے مضامین لکھے گئے۔ ہندوستان کے برادرم عبد القادر مزید لکھتے ہیں: ''پس ایسی شادی حرام ہے اور ان شادیوں سے ہونے والے بچے کتاب وسنت کی رو سے ناجائز ہیں''۔

اجلاس میں حضرت مولانا سید ابوالحسن علی ندوی صاحبؒ کا خط بنام سکریٹری جنرل رابطہ عالم اسلامی مؤرخہ ۱۶/ ۳/ ۱۴۰۴ھ کو بھی پیش نظر رکھا گیا، جس میں کہا گیا ہے کہ ''جہیز کا مسئلہ ہندوستانی مسلمانوں کے درمیان عام ہو چکا ہے۔ یہ مسئلہ دراصل ہندوؤں کا ہے جو مسلمانوں کے اندر بھی ان کے ساتھ رہتے رہتے پھیل گیا ہے، مسلم قائدین اس رواج کے خلاف مصروف پیکار ہیں، ہندوستان کی حکومت بھی اس رواج کے خلاف قدم اٹھا رہی ہے.... میرے خیال میں اکیڈمی کے اجلاس سے اس مسئلہ کے سلسلہ میں ایسا فتوی اور بیان جاری کر دینا کافی ہے جس میں انہیں اس جیسے ظالمانہ اور جاہلانہ رواج کی پیروی سے روکا جائے جو ان کے اندر



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غیروں کے یہاں سے آ گیا ہے، مجھے امید ہے کہ اگر ہندوستان کے تمام مسلم قائدین نے اس سلسلہ میں اپنی کوشش صرف کی تو اس رواج کے خاتمہ میں بڑی کامیابی مل سکتی ہے"۔

ان امور کی روشنی میں اکیڈمی کا اجلاس طے کرتا ہے کہ:

اول: حضرت مولانا سید ابو الحسن ندوی صاحب اور برادرم عبد القادر صاحب کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے کہ انہوں نے اس موضوع کو پیش کیا، اپنی دینی غیرت کا اظہار کیا اور اس برے رواج کے مقابلہ کے لئے آگے بڑھے، اجلاس امید رکھتا ہے کہ یہ حضرات اپنی کوششیں جاری رکھ کریہ اور اس طرح کے دیگر غلط رواج و رسوم کے ازالہ میں مصروف رہیں گے، اللہ سے دعا ہے کہ انہیں اور تمام مسلمانوں کو صحیح راہ پر چلنے کی توفیق نصیب ہو اور ان کی کوششوں کو قبولیت حاصل ہو۔

دوم: اجلاس برادرم عبد القادر اور دیگر لوگوں کو آگاہ کرتا ہے کہ ایسی شادی اگرچہ اس رخ سے شرعی شادی کے خلاف ہے، لیکن جمہور علماء کے نزدیک وہ شرعاً معتبر اور صحیح ہے، صرف بعض علماء نے یہ کہا ہے کہ اگر یہ شرط لگائی جائے کہ شوہر مہر نہیں دے گا تو ایسی شادی درست نہیں ہے، ان شادیوں سے پیدا ہونے والے بچے صحیح اور اپنے ماں باپ کی طرف شرعی طور پر منسوب ہوں گے، اس پر علماء کا اجماع ہے، حتی کہ وہ علماء بھی اسے تسلیم کرتے ہیں جو مہر نہ دینے کی شرط لگانے کی صورت میں نکاح کو درست تسلیم نہیں کرتے، ان علماء نے بھی اپنی کتابوں میں اولاد کو ان کے ماں باپ ہی کی طرف منسوب کیا ہے۔

سوم: اجلاس طے کرتا ہے کہ یہ رواج غلط، برا اور قبیح بدعت ہے اور قرآن وسنت اور اجماع علماء کے خلاف ہے اور ہر دور کے مسلمانوں کے عمل کے بھی خلاف ہے۔

قرآن کریم کی آیت ہے: ﴿وآتوا النساء صدقاتهن نحلة﴾ [سورہ النساء/۴]
(اور تم لوگ بیبیوں کو ان کے مہر خوش دلی سے دے دیا کرو)۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نیز ارشاد ہے: ﴿ولا جناح عليكم أن تنكحوهن إذا آتيتموهن أجورهن﴾ [سورہ الممتحنہ ر ۱۰] (اور تم کو ان عورتوں سے نکاح کرنے میں کچھ گناہ نہ ہوگا جب کہ تم ان کے مہر ان کو دے دو)، اور ارشاد ہے: {فما استمتعتم به منهن فآتوهن أجورهن فريضة﴾ [سورہ النساء ر ۲۴] (پھر جس طریق سے تم ان عورتوں سے متمتع ہوئے ہو سو ان کو ان کے مہر دو جو کچھ مقرر ہو چکے ہیں) اور دیگر آیات۔

حدیث کے اندر مہر کی مشروعیت رسول کریم ﷺ کے قول، فعل اور تقریر سے ثابت ہے، مسند امام احمد اور سنن ابوداؤد میں حضرت جابرؓ سے مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''اگر کسی شخص نے کسی خاتون کو بطور مہر لپ بھر کے غلہ دیا تو وہ عورت اس کے لئے حلال ہے'' یہ تو قول نبوی ہے، صحیح مسلم وغیرہ دیگر سنن میں آپ ﷺ کا عمل حضرت عائشہؓ سے مروی ہے، وہ فرماتی ہیں: ''آپ ﷺ کا مہر آپ ﷺ کی ازواج کے لئے ساڑھے بارہ اوقیہ تھا'' یہ آپ ﷺ کا عمل ہے۔

صحیحین وغیرہ میں مروی ہے کہ نبی کریم ﷺ نے حضرت عبد الرحمٰن بن عوف کی ہتھیلی پر زرد رنگ کا اثر دیکھا تو پوچھا یہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا: میں نے ایک گٹھلی کے برابر سونے پر ایک خاتون سے شادی کرلی ہے، آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تمہیں برکت دے''، یہ آپ ﷺ کی تائید ہے، اس پر ہر زمانہ میں اور ہر جگہ مسلمانوں کا عمل اور اتفاق رہا ہے۔

ان بنیادوں پر اجلاس طے کرتا ہے کہ شوہر اپنی بیوی کو مہر ادا کرے خواہ مہر معجّل ہو یا مؤجل، اور خواہ بعض حصہ معجّل اور بعض حصہ مؤجل (ادھار) اس طور پر ہو کہ فی الواقع سہولت کے وقت ان کی ادائیگی کا ارادہ ہو، بغیر مہر کے شادی کرنا حرام ہے۔

اجلاس سفارش کرتا ہے کہ سنت یہی ہے کہ مہر میں تخفیف اور سہولت رکھی جائے، نکاح کے معاملہ کو آسان بنایا جائے، اسراف وتبذیر سے بچا جائے اور زائد اخراجات وتکلفات کو ترک



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کیا جائے، کیونکہ اس میں بڑے فوائد ہیں۔

چہارم: اجلاس تمام علماء، شرفاء اور ذمہ داران ہند وغیرہ سے اپیل کرتا ہے کہ وہ اس رواج کے خلاف قدم اٹھائیں اور اپنے ملک اور علاقہ سے اسے ختم کرنے کے لئے بھرپور جدوجہد کریں، کیونکہ یہ تمام آسمانی شریعتوں کے خلاف اور عقل سلیم کے بھی خلاف ہے۔

پنجم: یہ رواج بد اسلام مخالف ہونے کے علاوہ اس لئے بھی برا ہے کہ اس سے خواتین کو سخت نقصانات پہنچتے ہیں، نوجوان ایسی صورت میں صرف ان ہی لڑکیوں سے شادی کریں گے جن کے خاندان والے رقم پیش کر کے انہیں اپنی طرف مائل کرلیں، اس کے نتیجہ میں مالدار گھرانوں کی لڑکیاں تو شادی کے کنگن پہن لیں گی لیکن غریب لڑکیاں غیر شادی شدہ بیٹھی رہ جائیں گی اور اس کے جو نقصانات سامنے آئیں گے وہ کسی سے مخفی نہیں، دوسری جانب ایسی صورت میں شادیاں مالی طمع وغرض پر مبنی ہوا کریں گی، فضیلت وشرافت کی بنیاد پر نہیں، مغربی دنیا میں آج یہ بات دیکھی جاسکتی ہے کہ غریب لڑکیاں اپنی نوجوانی کے حسین دنوں کو نوکری اور کمائی میں بسر کردیتی ہیں تاکہ اتنی دولت وہ اکٹھا کرسکیں جس سے اپنی شادی کے لئے مردوں کو مائل کرسکیں، اسلام نے عورت کو عزت دی اور اس کے ساتھ شادی کے خواہاں مرد پر واجب قرار دیا کہ اسے مہر کے نام سے اتنی رقم دے جس سے وہ اپنی کچھ تیاری کرلے اور اس طرح اسلام نے غریب لڑکیوں کی شادی کا دروازہ کھولا، کیونکہ ان کے لئے قلیل مہر بھی کافی ہے اور ان کے ساتھ غیر دولت مند مردوں کے لئے شادی کرنا آسان ہے۔

والله ولي التوفيق، وصلى الله على سيدنا محمد النبي الأمي، وعلى آله وصحبه، وسلم۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف | عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبداللہ العبدالرحمٰن البسام | صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان | محمد بن عبداللہ بن السبیل |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| مصطفیٰ احمد الزرقاء | محمد محمود الصواف | صالح بن عثیمین |
| [غیر موجود] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد سالم عدود | محمد رشید قبانی | محمد الشاذلی النیفر |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ابوبکر محمود جومی | عبدالقدوس الہاشمی | محمد رشیدی |
| [غیر موجود] | [غیر موجود] | [غیر موجود] |
| محمود شیت خطاب | ابوالحسن علی الحسنی الندوی | حسنین محمد مخلوف |
| [غیر موجود] | [کنوینر] | |
| مبروک العوادی | محمد احمد قمر | |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پانچواں فیصلہ:

## مصنوعی بارآوری اور ٹسٹ ٹیوب بے بی کا حکم

**الحمد لله وحده، والصلاة والسلام علی سیدنا ونبینا محمد، وبعد!**

اس اجلاس میں اکیڈمی کے رکن شیخ مصطفیٰ احمد زرقاء کی مذکورہ عنوان سے تحقیقی تحریر پیش ہوئی جو لوگوں کا موضوع بحث اور عالمی سطح پر وقت کا اہم ترین مسئلہ ہے۔ اجلاس میں اس میدان میں ہوئی طبی پیش رفت اور سائنس اور ٹکنالوجی کی ان جدید ترین تحقیقات کا بھی جائزہ لیا گیا جو انسانی بچوں کی پیدائش کو ممکن بنانے اور بانجھ پن کے مختلف اسباب پر قابو پانے کے سلسلہ میں ہوسکی ہیں۔

مذکورہ مفصل تحریر سے یہ واضح ہوتا ہے کہ اولاد حاصل کرنے کے لئے مصنوعی بار آوری (یعنی مرد اور عورت کے درمیان براہ راست جنسی تعلق کے بغیر غیر فطری طریقہ) کے درج ذیل دو بنیادی طریقے ہیں:

- اندرونی بارآوری کا طریقہ: یعنی مرد کے نطفہ کو عورت کے اندر مناسب مقام پر انجکٹ کردیا جائے۔
- بیرونی بارآوری کا طریقہ: یعنی مرد کے نطفہ اور عورت کے انڈے کو ایک ٹسٹ ٹیوب میں رکھ کر طبی لیبارٹری میں بارآوری کی جائے، پھر اس بارآور انڈے کو عورت کے رحم میں ڈال دیا جائے۔

ان دونوں طریقوں میں عورت کی بے پردگی اس کام کو انجام دینے والے کے سامنے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لازمی ہے۔

اس موضوع پر پیش کردہ تحقیقی تحریر اور اس پر بحث ومناقشہ کے بعد اجلاس کے سامنے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ حمل وتولید کی غرض سے اندرونی یا بیرونی بار آوری کے لئے اپنائے جانے والے وسائل اور اسالیب مختلف حالات میں درج ذیل سات ہیں:

اندرونی بار آوری کے دو اور بیرونی کے پانچ طریقے ہیں، حلت یا حرمت سے قطع نظر یہ طریقے درج ذیل ہیں:

## اندرونی مصنوعی بار آوری کے درج ذیل طریقے ہیں:

پہلا طریقہ: ایک شادی شدہ مرد کا نطفہ لے کر اس کی زوجہ کی اندام نہانی یا رحم میں مناسب مقام پر انجکٹ کر دیا جائے جہاں نطفہ فطری طریقہ پر اس انڈے کے ساتھ مل جائے جو بیوی کی انڈا دانی خارج کرتی ہے، اس طرح دونوں میں بار آوری ہو، پھر باذن خداوندی رحم کی دیوار میں وہ چمٹ جائیں جس طرح مباشرت کی صورت میں ہوتا ہے، اس طریقہ کو اس وقت اختیار کیا جاتا ہے جب مرد کے اندر کوئی ایسی کمی ہو کہ وہ اپنا مادہ منویہ دوران مباشرت عورت کے مناسب مقام تک نہ پہنچا سکے۔

دوسرا طریقہ: ایک شخص کا نطفہ لے کر دوسرے شخص کی بیوی کے اندر مناسب مقام پر انجکٹ کر دیا جائے جہاں اندرونی طور پر بار آوری پھر رحم میں علوق ہو جائے، اس طریقہ کو اس وقت اپنایا جاتا ہے جب شوہر بانجھ ہو، اس کے مادۂ منویہ میں انڈے نہ ہوں تو دوسرے مرد سے نطفہ حاصل کیا جاتا ہے۔

## بیرونی بار آوری کا طریقہ:

تیسرا طریقہ: شوہر کا نطفہ اور اس کی زوجہ کا انڈا لے کر مقررہ فیزیکلی شرائط کے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مطابق ایک طبی ٹسٹ ٹیوب میں رکھا جائے جہاں ان دونوں میں بار آوری ہو، پھر جب بار آور شدہ حصہ تقسیم اور بکھراؤ کا عمل شروع کر دے تو مناسب وقت میں اسے ٹسٹ ٹیوب سے نکال کر اسی خاتون کے رحم میں ڈال دیا جائے تا کہ اس کے رحم کی دیوار میں چمٹ کر ایک عام جنین کی طرح افزائش و تخلیق کے مراحل سے گذرے اور فطری حمل کی مدت مکمل ہونے کے بعد بیوی سے بچہ یا بچی کی پیدائش ہو، یہی وہ ٹسٹ ٹیوب بے بی ہے جو سائنسی کارنامہ ہے جسے اللہ نے آسان فرمادیا اور اس طریقہ سے بچے، بچیاں اور جوڑواں بچے پیدا ہو چکے ہیں جن کی خبریں عالمی اخبارات وذرائع ابلاغ میں آئی ہیں۔

اس تیسرے طریقہ کو اس وقت اپنایا جاتا ہے جب بیوی اس وجہ سے بانجھ ہو کہ وہ ٹیوب بند ہو جو اس کی انڈادانی اور رحم کے درمیان جڑی ہوتی ہے (فلوپین ٹیوب)۔

چوتھا طریقہ: زوج کا نطفہ اور کسی دوسری عورت جو اس کی زوجہ نہیں ہے (جسے رضا کار کہتے ہیں) کے انڈے کو لے کر ٹسٹ ٹیوب کے اندر بیرونی بار آوری کی جائے، پھر بار آور ہونے کے بعد اسے اس شخص کی بیوی کے رحم میں ڈال دیا جائے۔

اس طریقہ کو اس وقت اپناتے ہیں جب بیوی کی انڈادانی موجود نہ ہو یا ناکارہ ہو لیکن اس کا رحم درست اور علوق کے قابل ہو۔

پانچواں طریقہ: ایک مرد کا نطفہ اور ایک عورت جو اس کی بیوی نہیں ہے کا انڈا (یہ دونوں رضا کار کہلاتے ہیں) لے کر ٹسٹ ٹیوب میں بیرونی بار آوری کے لئے رکھا جائے، پھر بار آور شدہ حصہ کو کسی دوسری شادی شدہ عورت کے رحم میں ڈال دیا جائے۔

اس طریقہ کو اس وقت اپناتے ہیں جب وہ شادی شدہ عورت جس کے اندر بار آور شدہ حصہ ڈالا گیا ہے انڈادانی کے ناکارہ ہونے کی وجہ سے بانجھ ہو لیکن اس کی بچہ دانی درست ہو اور اس عورت کا شوہر بھی بانجھ ہو لیکن دونوں اولاد کی خواہش رکھتے ہوں۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

**چھٹا طریقہ:** ٹسٹ ٹیوب کے اندر بیرونی بارآوری زوجین کے انڈوں کے درمیان کی جائے، پھر اسے حمل کے لئے رضا کار عورت کے رحم میں ڈال دیا جائے۔

اس طریقہ کو ایسے موقع پر اختیار کیا جاتا ہے جب زوجہ کا رحم کسی وجہ سے حمل کی قدرت نہ رکھتا ہو، لیکن اس کی انڈا دانی درست ہو، یا وہ از راہ فیشن حمل کے لئے تیار نہ ہو اور دوسری رضا کار عورت حمل کا بار اٹھائے۔

**ساتواں طریقہ:** یہ طریقہ سابقہ چھٹا طریقہ ہی ہے، فرق یہ ہے کہ بارآوری کے بعد اسے نطفہ والے مرد کی دوسری زوجہ کے اندر داخل کردیا جائے جو اپنی سوکن کے بچہ کے لئے رضا کارانہ حمل کے لئے تیار ہو۔

یہ آخری طریقہ ان بیرونی ممالک میں جاری نہیں ہے جہاں تعدد ازدواج ممنوع ہے، بلکہ صرف انہی ممالک میں جاری ہے جہاں تعدد ازدواج کی اجازت ہے۔

عدم حمل کے اسباب کے معالجہ کے لئے سائنس کی دریافت کردہ مصنوعی بارآوری کے یہ طریقے ہیں۔

اجلاس میں اس عمومی صورت حال پر بھی غور کیا گیا کہ یہ طریقے یوروپ وامریکہ کے اندر مختلف مقاصد کے تحت اپنائے جارہے ہیں، جن میں کچھ تو تجارتی ہیں اور کچھ کو "نوع بشری کی خوبصورتی" کا نام دیا گیا ہے اور کچھ ممتا کی خواہش پوری کرنے کے لئے جو غیر شادی شدہ خواتین کے اندر یا شادی شدہ ان خواتین کے اندر ہوتی ہے جو خود اپنے کسی سبب یا شوہروں کے کسی سبب سے حاملہ نہیں ہو پاتی ہیں، نیز انہی مختلف اغراض کے لئے انسانی نطفوں کے بنک بھی قائم ہو چکے ہیں، جہاں تکنیکی طریقہ پر مردوں کے نطفوں کو محفوظ رکھا جاتا ہے اور ایک طویل مدت تک قابل بارآوری رہتا ہے، یہ نطفے معین یا غیر معین اشخاص سے رضا کارانہ یا بالعوض حاصل کئے جاتے ہیں۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسلامی فقہ اکیڈمی کا یہ اجلاس اس ضمن میں حاصل شدہ قابل اعتماد معلومات، اس سلسلہ میں لکھی اور شائع شدہ تحریروں اور شرعی مقاصد و قواعد کی روشنی میں درج ذیل تفصیلی فیصلے کرتا ہے:

## اول: عمومی احکام

الف- مسلم خاتون کی بے پردگی ایسے شخص کے سامنے جس کے درمیان اور اس خاتون کے درمیان جنسی تعلق شرعاً درست نہیں ہے، کسی حال میں جائز نہیں ہے، اِلا یہ کہ کوئی ایسا مقصد ہو جسے شریعت نے ایسی بے پردگی کے لئے وجہ جواز تسلیم کیا ہو۔

ب- عورت کو اگر کسی تکلیف دہ مرض سے علاج کی ضرورت ہو، یا کوئی جسمانی غیر فطری حالت پریشان کن بن رہی ہو تو یہ ایک جائز مقصد ہے جس کی وجہ سے علاج کے لئے شوہر کے علاوہ کسی شخص کے سامنے قابل ستر حصہ کھولنے کی اجازت ہے، ایسی صورت میں بقدر ضرورت ہی قابل ستر حصہ کھولنے پر اکتفا کیا جائے گا۔

ج- اگر جسم کا قابل ستر حصہ کسی جائز مقصد سے کسی ایسے شخص کے سامنے کھولا جائے جس کے ساتھ جنسی تعلق جائز نہیں ہے، تو ایسی صورت میں ضروری ہے کہ اگر ممکن ہو تو معالج مسلمان خاتون ہو، ورنہ غیر مسلم خاتون اور وہ بھی نہ ہو تو قابل اعتماد مسلمان مرد ڈاکٹر ورنہ غیر مسلم مرد ڈاکٹر۔

معالج اور زیر علاج خاتون کے درمیان خلوت جائز نہیں ہے، شوہر یا کسی دوسری خاتون کی موجودگی ضروری ہے۔

## دوم: مصنوعی بار آوری کا حکم

ا- شادی شدہ عورت جو حاملہ نہیں ہو سکتی ہے، اس کے اور اس کے شوہر کے لئے بچہ کی ضرورت ایک جائز مقصد ہے جس کے لئے مصنوعی بار آوری کا جائز طریقہ اپنا کر علاج



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرانا درست ہے۔

۲- پہلا طریقہ (جس میں شادی شدہ مرد کا نطفہ اسی مرد کی بیوی کے رحم میں انجکٹ کر کے داخلی بارآوری کی جاتی ہے) اوپر مذکورہ شرائط کی رعایت کے ساتھ اور اس تحقیق کے بعد جائز ہے کہ حمل کے لئے عورت اس طریقہ کی محتاج ہے۔

۳- تیسرا طریقہ (جس میں شوہر اور بیوی کے نطفہ اور انڈے لے کر ایک ٹسٹ ٹیوب میں خارجی بارآوری کی جاتی ہے پھر اسے اسی انڈے والی بیوی کے رحم میں داخل کر دیا جاتا ہے) شرعی نقطۂ نظر سے اپنی ذات میں اصولاً درست ہے، لیکن اس سے وابستہ دیگر امور اور شک کے اسباب سے پوری طرح محفوظ نہیں ہے، لہذا اس طریقہ کو انتہائی ضرورت کے حالات میں ہی اور مذکورہ شرائط کے ساتھ اختیار کرنا چاہئے۔

۴- ساتواں طریقہ (جس میں شوہر اور بیوی کے نطفہ اور انڈے کو ٹسٹ ٹیوب میں بار آور کرنے کے بعد اسی شوہر کی اس دوسری بیوی کے رحم میں داخل کر دیا جاتا ہے جو رحم سے محروم اپنی سوکن کی طرف سے حمل کا بار اٹھانے کے لئے رضا کارانہ طور پر خود کو پیش کرتی ہے) اکیڈمی کے اجلاس کے خیال میں ضرورت کے وقت اور مذکورہ عمومی شرائط کا لحاظ کرتے ہوئے یہ جائز ہے۔

۵- مذکورہ تینوں جائز طریقوں میں اکیڈمی طے کرتی ہے کہ نومولود کا نسب نطفہ اور انڈا دینے والے زوجین سے ثابت ہوگا، میراث اور دیگر حقوق ثبوت نسب کے تابع ہوتے ہیں، لہذا بچہ کا نسب جس مرد و عورت سے ثابت ہوگا وراثت اور دیگر احکام بھی بچہ اور ان کے درمیان جاری ہوں گے جن کے ساتھ بچہ کا نسب ثابت ہوا ہے۔

سوکن کی طرف سے حمل کے لئے رضا کارانہ تیار ہونے والی زوجہ (جو ساتویں طریقہ میں مذکور ہے) بچہ کے لئے رضاعی ماں کے درجہ میں ہوگی، کیونکہ بچہ نے اس کے جسم و عضو سے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

استفادہ اس سے کہیں زیادہ کیا ہے جتنا ایک شیر خوار بچہ مدت رضاعت (جس کی وجہ سے وہ رشتے حرام ہو جاتے ہیں جو نسب کی وجہ سے ہوتے ہوں) کے اندر دودھ پلانے والی خاتون سے کرتا ہے۔

٦- اوپر مذکورہ خارجی اور داخلی بار آوری کے طریقوں میں سے بقیہ چاروں طریقے شرعاً حرام ہیں، ان میں کسی طرح بھی جواز کی گنجائش نہیں ہے، کیونکہ ان میں یا تو نطفہ اور انڈا زوجین کے نہیں ہیں یا رضا کار حاملہ عورت نطفہ اور انڈے والے زوجین کے لئے اجنبی ہے۔

مصنوعی بار آوری میں عام طور پر حتی کہ اس کی جائز شکلوں میں بھی دوسرے امور وابستہ ہوتے ہیں، نطفوں یا بار آور حصوں کے ٹسٹ ٹیوب میں اختلاط کے امکانات ہوتے ہیں، بالخصوص جب کہ یہ کام کثرت سے اور عام ہو جائے، اس لئے اکیڈمی دین کا جذبہ رکھنے والوں کو نصیحت کرتی ہے کہ وہ اس طریقہ کو اختیار نہ کریں، الا یہ کہ انتہائی سخت ضرورت ہو اور آخری درجہ احتیاط اور نطفوں یا بار آور شدہ حصوں کے اختلاط سے مکمل تحفظ کے ساتھ کیا جائے۔

وقت کے اس اہم ترین اور انتہائی حساس مسئلہ کے سلسلہ میں اکیڈمی کا یہ نقطۂ نظر ہے، اللہ سے امید ہے کہ یہ درست ہوگا۔ واللہ سبحانه أعلم وهو الهادي إلى سواء السبيل وولي التوفيق۔

(نوٹ) اکیڈمی کے صدر عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز مذکورہ تینوں حالات میں اس رائے کے موافق نہیں بلکہ انہوں نے توقف کیا ہے، اس لئے کہ اس کے جواز میں خطرے ہیں، شیخ محمد بن عبداللہ السبیل نے دوسری اور تیسری حالت میں توقف کیا ہے اور شیخ محمد رشید قبانی نے تیسری صورت میں جواز کا حکم دینے سے توقف کیا ہے۔

ایک وضاحت: ''توقیعات'' سے یہ نوٹ لیا گیا ہے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[دستخط]
نائب صدر
ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف

[دستخط]
صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز

## ممبران

[دستخط]
عبداللہ العبدالرحمٰن البسام

[دستخط]
صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان

[دستخط]
محمد بن عبداللہ بن السبیل

[دستخط]
مصطفیٰ احمد الزرقاء

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
صالح بن عثیمین

[غیر موجود]
محمد سالم عدود

[دستخط]
محمد رشید قبانی

[دستخط]
محمد الشاذلی النیفر

[دستخط]
ابو بکر محمود جومی

[دستخط]
عبدالقدوس الہاشمی

[دستخط]
محمد رشیدی

[غیر موجود]
محمود شیت خطاب

[غیر موجود]
ابوالحسن علی الحسنی الندوی

[غیر موجود]
حسنین محمد مخلوف

[غیر موجود]
مبروک العوادی

[کنوینر]
محمد احمد قمر

● ● ●



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# آٹھویں سمینار

## منعقدہ ۲۸ ربیع الثانی - ۷ جمادی الاولی ۱۴۰۵ھ

## کے فیصلے

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

☆☆☆

☆ پہلا فیصلہ : اعضاء کی پیوند کاری

☆ دوسرا فیصلہ : مصنوعی بار آوری اور ٹیسٹ ٹیوب بے بی کا حکم

☆ تیسرا فیصلہ : اجتہاد

☆ چوتھا فیصلہ : پاکستان میں زکاۃ اور عشر کی جمع و تقسیم

☆ پانچواں فیصلہ: لکڑی کے تابوت میں مسلمانوں کی تدفین

☆ چھٹا فیصلہ : نبی کریمؐ اور تمام انبیاء کرام کی تصاویر بنانے کی مذمت

☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پہلا فیصلہ:

## اعضاء کی پیوند کاری

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد،
أما بعد!

رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ میں ۲۸ ربیع الثانی بروز سنیچر تا ۷ جمادی الاولی ۱۴۰۵ھ بروز پیر، مطابق ۱۹-۲۸/جنوری ۱۹۸۵ء منعقد ہونے والے اسلامی فقہ اکیڈمی کے آٹھویں اجلاس میں اس موضوع پر غور کیا گیا کہ کیا ایک انسان کے کسی عضو کی پیوندکاری دوسرے کسی ضرورت مند انسان کے اندر اس غرض سے کی جاسکتی ہے کہ وہ وہ پیوند کیا گیا عضو اس ضرورت مند شخص کے کسی ناکارہ عضو کا بدل بن سکے۔ جدید طب نے اس تک رسائی حاصل کی ہے اور جدید وسائل کے ذریعہ اس میدان میں اہم کارنامے انجام دئے ہیں۔ اکیڈمی کی طرف سے اس موضوع پر بحث امریکہ میں قائم رابطہ عالم اسلامی کے دفتر کی درخواست پر کی گئی۔

اس موضوع پر شیخ عبداللہ بن عبدالرحمٰن البسام کی تحقیقی تحریر اکیڈمی کے سامنے آئی جس میں انہوں نے اعضاء کی منتقلی اور پیوندکاری کے موضوع پر معاصر فقہاء کے اختلافات اور ہر فریق کے دلائل نقل کیے ہیں۔

اس موضوع پر تفصیلی بحث ومناقشہ کے بعد اجلاس کا خیال ہے کہ قائلین جواز کے استدلالات ہی راجح ہیں، اس لئے اجلاس درج ذیل فیصلے کرتا ہے:



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اول: کسی زندہ انسان کے جسم سے کوئی عضو لینا اور اسے اس دوسرے انسان کے جسم میں لگا دینا جو اپنی زندگی بچانے کے لئے یا اپنے بنیادی اعضاء کے عمل میں سے کسی عمل کو بحال کرنے کے لئے اس کا ضرورت مند ہو ایک جائز عمل ہے جو عضو دینے والے کے حوالہ سے انسانی کرامت کے منافی نہیں ہے، دوسری طرف یہ عضو لینے والے کے حق میں ایک نیک تعاون اور بڑی مصلحت پر مبنی خدمت ہے جو ایک جائز اور قابل تعریف عمل ہے بشرطیکہ درج ذیل شرائط موجود ہوں:

۱۔ عضو کے لینے سے اس شخص کی طبعی زندگی کو کوئی نقصان نہ پہنچے جو اسے دے رہا ہے، کیونکہ شریعت کا اصول ہے کہ کسی نقصان کے ازالہ کے لئے اسی جیسے یا اس سے بڑے نقصان کو گوارہ نہیں کیا جائے گا نیز اس لئے بھی کہ ایسی صورت میں عضو کی پیشکش اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے کے مرادف ہوگی جو شرعاً ناجائز ہے۔

۲۔ عضو دینے کا عمل عضو دینے والے کی طرف سے رضا کارانہ اور بغیر کسی دباؤ کے ہو۔

۳۔ ضرورت مند مریض کے علاج کے لئے عضو کی پیوند کاری ہی طبی نقطۂ نظر سے تنہا ممکن ذریعہ رہ گیا ہو۔

۴۔ عضو لینے اور عضو لگانے کے عمل کی کامیابی غالباً یا عادۃً یقینی ہو۔

دوم: مندرجہ ذیل حالتیں بدرجۂ اولی جائز شمار کی جائیں گی:

۱۔ کسی مردہ انسان کا عضو دوسرے ضرورت مند انسان کے تحفظ کے لئے حاصل کیا جائے، بشرطیکہ جس کا عضو لیا جا رہا ہو وہ مکلّف ہو اور اپنی زندگی میں اس کی اجازت دے چکا ہو۔

۲۔ کسی مطلقاً ماکول اللحم اور ذبح شدہ جانور کا یا بوقت ضرورت دوسرے کسی جانور کا عضو کسی ضرورت مند انسان میں پیوند کاری کے لئے لیا جائے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳۔ انسانی جسم سے کوئی حصہ لینا تا کہ اسی انسان کے جسم میں اس کی پیوندکاری کی جائے، مثلاً کھال یا ہڈی کا کوئی ٹکڑا لے کر جسم کے کسی دوسرے مقام پر بوقت ضرورت لگایا جائے۔

۴۔ معدنی یا کسی اور دھات کے مصنوعی ٹکڑے کو کسی مرض کے علاج کے لئے انسان کے جسم میں لگایا جائے جیسے جوڑوں اور قلب کے والو وغیرہ کے لئے استعمال کیا جائے۔

یہ چاروں حالتیں سابقہ شرائط کے ساتھ اکیڈمی کی رائے میں جائز ہیں۔

مندرجہ ذیل ڈاکٹرس مذکورہ موضوع پر مباحثہ کے لئے اس اجلاس میں شریک ہوئے:

۱۔ ڈاکٹر سید محمد علی البار۔

۲۔ ڈاکٹر عبداللہ باسلامہ۔

۳۔ ڈاکٹر خالد امین محمد حسن۔

۴۔ ڈاکٹر عبدالمعبود عمارہ السید

۵۔ ڈاکٹر عبداللہ جمعہ

۶۔ ڈاکٹر غازی الحاجم۔

وصلی الله علی سیدنا محمد، وعلی آله وصحبه، وسلم تسلیماً کثیراً،

والحمد لله رب العالمین۔

(نوٹ) شیخ صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان کا کہنا یہ ہے کہ میت سے کسی عضو کو منتقل کرنا جائز نہیں جبکہ ابوبکر زید متوقف ہیں۔

[دستخط]
نائب صدر
ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف

[دستخط]
صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## ممبران

[دستخط] عبداللہ العبدالرحمٰن البسام

[دستخط] صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان

[دستخط] محمد بن عبداللہ بن السبیل

[دستخط] مصطفیٰ احمد الزرقاء

[دستخط] محمد محمود الصواف

[دستخط] صالح بن عثیمین

[دستخط] محمد رشید قبانی

[دستخط] محمد الشاذلی النیفر

[دستخط] ابوبکر جومی

[دستخط] محمد بن جبیر

[دستخط] ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ

[دستخط] محمد الحبیب بن الخوجہ

[دستخط] ڈاکٹر ابوبکر ابوزید

[دستخط] مبروک بن مسعود العوادی

[دستخط] محمد بن سالم عبدالودود

[کنوینر]
ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## دوسرا فیصلہ:

# مصنوعی بارآوری اور ٹسٹ ٹیوب بے بی کا حکم

الحمد للہ وحدہ والصلاۃ والسلام علی سیدنا ونبینا محمد، وبعد!

اسلامی فقہ اکیڈمی کے آٹھویں اجلاس منعقدہ دفتر رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ از ۲۸/ربیع الآخر بروز سنیچر تا ۷/جمادی الاولی ۱۴۰۵ھ بروز پیر مطابق ۱۹-۲۸/جنوری ۱۹۸۵ء میں ان ملاحظات پر غور کیا گیا جو اکیڈمی کے بعض ارکان نے اکیڈمی کے ساتویں اجلاس منعقدہ ۱۱-۱۶/ربیع الآخر ۱۴۰۴ھ کی منظور کردہ پانچویں قرارداد کی دفعہ دوم کی شق چہارم سے متعلق پیش کئے، اس دفعہ کی مذکورہ شق کی عبارت یہ تھی:

''ساتواں طریقہ (جس میں شوہر اور بیوی کے نطفہ اور انڈے کو ٹسٹ ٹیوب میں بار آور کرنے کے بعد اسی شوہر کی دوسری بیوی کے رحم میں داخل کر دیا جاتا ہے جو رحم سے محروم اپنی سوکن کی طرف سے حمل کا بار اٹھانے کے لئے رضا کارانہ طور پر خود کو پیش کرتی ہے) اکیڈمی کے اجلاس کے خیال میں ضرورت کے وقت اور مذکورہ عمومی شرائط کا لحاظ کرتے ہوئے یہ جائز ہے''۔

اس فیصلہ پر آنے والے تبصروں کا خلاصہ یہ ہے:

''ممکن ہے کہ دوسری بیوی جس کے رحم میں پہلی بیوی کا بار آور شدہ انڈا ڈالا گیا ہے، اس انڈے پر رحم کے بند ہونے سے پہلے اپنے شوہر کے ساتھ قریبی مدت کے اندر مباشرت کے نتیجہ میں دوبارہ حاملہ ہو جائے، پھر جڑواں بچے پیدا ہوں اور یہ معلوم نہ ہو سکے کہ انڈے سے پیدا ہونے والا بچہ کون ہے اور شوہر سے مباشرت کے نتیجہ میں پیدا ہونے والا بچہ کون ہے، اسی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طرح یہ معلوم نہیں ہو سکے گا کہ اس انڈے والے بچہ کی ماں کون ہے اور شوہر کے ساتھ ہمبستری کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے بچہ کی ماں کون ہے، اسی طرح ہو سکتا ہے کہ علقہ یا مضغہ کی صورت میں کسی ایک حمل کی موت ہو جائے اور دوسرے حمل کی ولادت کے ساتھ ہی وہ ساقط ہو تو معلوم نہیں ہو سکے گا کہ وہ انڈے سے پیدا شدہ بچہ ہے یا شوہر کی مباشرت کے نتیجہ میں پیدا ہونے والا بچہ ہے، یہ صورت حال حقیقی ماں کے تعلق سے دونوں طرح کے حمل کے درمیان اختلاط نسب پیدا کرے گی اور اس پر مرتب ہونے والے احکام میں التباس ہوگا، ان تمام باتوں سے لازم آتا ہے کہ اکیڈمی مذکورہ طریقہ کے بارے میں اپنا فیصلہ نہ سنائے''۔

اکیڈمی نے اجلاس میں شریک حمل اور ولادت کے ماہر اطباء کی آراء کو بھی پیش نظر رکھا جو اس بات کی تائید کرتی ہیں کہ دوسری بیوی جس کے رحم میں پہلی بیوی کا بارآور شدہ انڈا ڈالا گیا ہے دوبارہ حاملہ ہو سکتی ہے اور اس طرح مذکورہ تبصرہ کے مطابق اختلاط نسب کا خدشہ پیدا ہو جاتا ہے۔

اس موضوع پر بحث ومناقشہ کے بعد اجلاس طے کرتا ہے کہ اکیڈمی کے ساتویں اجلاس منعقدہ ۱۴۰۴ھ کی منظور کردہ اس قرارداد کی دفعہ دوم کی شق چہارم میں مذکور جواز کی اس تیسری حالت سے متعلق، جو بارآوری کا ساتواں طریقہ ہے، اکیڈمی کا فیصلہ واپس لیا جائے، اب اکیڈمی کی قرارداد درج ذیل ہوگی:

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على سيدنا ونبينا محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم أما بعد:

اس اجلاس میں اکیڈمی کے رکن شیخ مصطفیٰ احمد زرقاء کی ایک تحریر مذکورہ عنوان کے ساتھ پیش ہوئی۔ یہ موضوع وقت کا اہم ترین مسئلہ ہے، اجلاس میں اس میدان میں ہوئی طبی پیش رفت اور سائنس اور ٹکنالوجی کی ان جدید ترین تحقیقات کا بھی جائزہ لیا گیا جو انسانی بچوں کی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پیدائش کوممکن بنانے اور بانجھ پن کے مختلف اسباب پر قابو پانے کے سلسلہ میں ہوسکی ہیں۔

مذکورہ مفصل تحریر سے یہ واضح ہوتا ہے کہ اولاد حاصل کرنے کے لئے مصنوعی بار آوری (یعنی مرد اور عورت کے درمیان براہ راست جنسی تعلق کے بغیر غیر فطری طریقہ ) کے درج ذیل دو بنیادی طریقے ہیں:

- اندرونی بار آوری کا طریقہ: یعنی مرد کے نطفہ کو عورت کے اندر مناسب مقام پر انجکٹ کردیا جائے۔
- بیرونی بار آوری کا طریقہ: یعنی مرد کے نطفہ اور عورت کے انڈے کو ایک ٹسٹ ٹیوب میں رکھ کر طبی لیبارٹری میں بار آوری کی جائے، پھر اس بار آور شدہ انڈے کو عورت کے رحم میں ڈال دیا جائے۔

ان دونوں طریقوں میں عورت کی بے پردگی اس کام کو انجام دینے والے کے سامنے لازمی ہے۔

اس موضوع پر بحث ومناقشہ کے بعد یہ بات سامنے آئی کہ حمل اور تولید کی غرض سے اندرونی یا بیرونی بار آوری کے لئے اپنائے جانے والے مسائل اور اسالیب مختلف حالات میں درج ذیل سات ہیں:

اندرونی بار آوری کے دو اور بیرونی کے پانچ طریقے ہیں، حلت یا حرمت سے قطع نظر یہ طریقے درج ذیل ہیں:

## اندرونی مصنوعی بار آوری:

پہلا طریقہ: ایک شادی شدہ مرد کا نطفہ لے کر اس کی بیوی کی اندام نہانی یا رحم میں اس مناسب مقام پر انجکٹ کر دیا جائے جہاں نطفہ فطری طریقہ پر اس انڈے کے ساتھ مل جائے جو بیوی کی انڈادانی خارج کرتی ہے، اس طرح دونوں میں بار آوری ہو، پھر باذن خداوندی رحم کی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دیوار میں وہ چمٹ جائیں جس طرح مباشرت کی صورت میں ہوتا ہے، اس طریقہ کو اس وقت اختیار کیا جاتا ہے جب مرد کے اندر کوئی ایسی کمی ہو کہ وہ اپنا مادہ منویہ دوران مباشرت عورت کے مناسب مقام تک نہ پہنچا سکے۔

دوسرا طریقہ: ایک شخص کا نطفہ لے کر دوسرے شخص کی بیوی کے اندر مناسب مقام پر انجکٹ کر دیا جائے جہاں اندرونی طور پر بار آوری پھر رحم میں علوق ہو جائے، اس طریقہ کو اس وقت اپنایا جاتا ہے جب شوہر بانجھ ہو، اس کے مادۂ منویہ میں انڈے نہ ہوں تو دوسرے مرد سے نطفہ حاصل کیا جاتا ہے۔

## بیرونی بار آوری کا طریقہ:

تیسرا طریقہ: شوہر کا نطفہ اور اس کی بیوی کا انڈا لے کر مقررہ فیزیکلی شرائط کے مطابق ایک طبی ٹسٹ ٹیوب میں رکھا جائے جہاں ان دونوں میں بار آوری ہو، پھر جب بار آور شدہ حصہ تقسیم اور بکھراؤ کا عمل شروع کر دے تو مناسب وقت میں اسے ٹسٹ ٹیوب سے نکال کر اسی خاتون کے رحم میں ڈال دیا جائے تاکہ اس کے رحم کی دیوار میں چمٹ کر ایک عام جنین کی طرح افزائش اور تخلیق کے مراحل سے گذرے اور فطری حمل کی مدت مکمل ہونے کے بعد بچہ یا بچی کی پیدائش ہو، یہی وہ ٹسٹ ٹیوب بے بی ہے جو سائنسی کارنامہ ہے جسے اللہ نے آسان فرمادیا اور اس طریقہ سے بچے، بچیاں اور جوڑے پیدا ہو چکے ہیں جن کی خبریں عالمی اخبارات وذرائع ابلاغ میں آئی ہیں۔

اس تیسرے طریقہ کو اس وقت اپنایا جاتا ہے جب بیوی بانجھ ہو، اس کی وہ ٹیوب بند ہو جو اس کی انڈادانی اور رحم کے درمیان جڑی ہوتی ہے (فلوپین ٹیوب)۔

چوتھا طریقہ: شوہر کا نطفہ اور کسی دوسری عورت جو اس کی بیوی نہیں ہے (جسے رضاکار کہتے ہیں) کے انڈے کو لے کر ٹسٹ ٹیوب کے اندر بیرونی بار آوری کی جائے، پھر بار آور



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہونے کے بعد اسے اس شخص کی بیوی کے رحم میں ڈال دیا جائے۔

اس طریقہ کو اس وقت اپناتے ہیں جب بیوی کی انڈا دانی موجود نہ ہو یا ناکارہ ہو لیکن اس کا رحم درست اور علوق کے قابل ہو۔

پانچواں طریقہ: ایک مرد کا نطفہ اور ایک عورت جو اس کی بیوی نہیں ہے کا انڈا (یہ دونوں رضا کار کہلاتے ہیں) لے کر ٹسٹ ٹیوب میں بیرونی بار آوری کے لئے رکھا جائے، پھر بار آور شدہ حصہ کو کسی دوسری شادی شدہ عورت کے رحم میں ڈال دیا جائے۔

اس طریقہ کو اس وقت اپناتے ہیں جب وہ شادی شدہ عورت جس کے اندر بار آور شدہ حصہ ڈالا گیا ہے انڈا دانی کے ناکارہ ہونے کی وجہ سے بانجھ ہو لیکن اس کی بچہ دانی درست ہو اور اس عورت کا شوہر بھی بانجھ ہو لیکن دونوں اولاد کی خواہش رکھتے ہوں۔

چھٹا طریقہ: ٹسٹ ٹیوب کے اندر بیرونی بار آوری زوجین کے انڈوں کے درمیان کی جائے، پھر اسے حمل کے لئے رضا کار عورت کے رحم میں ڈال دیا جائے۔

اس طریقہ کو ایسے موقع پر اختیار کیا جاتا ہے جب بیوی کا رحم کسی وجہ سے حمل کی قدرت نہ رکھتا ہو، لیکن اس کی انڈا دانی درست ہو، یا وہ از راہ فیشن حمل کے لئے تیار نہ ہو اور دوسری رضا کار عورت حمل کا بار اٹھائے۔

عدم حمل کے اسباب کے ازالہ کے لئے سائنس کی دریافت کردہ مصنوعی بار آوری کے یہ طریقے ہیں۔

اجلاس میں یوروپ و امریکہ کے اندر مختلف مقاصد کے تحت اپنائے جارہے مختلف طریقوں پر بھی غور کیا گیا، ان میں بعض تو تجارتی ہیں اور بعض کو "نوع انسانی کی خوبصورتی" کا نام دیا گیا ہے اور کچھ ممتا کی خواہش پوری کرنے کے لئے جو غیر شادی شدہ خواتین کے اندر یا ان شادی شدہ خواتین کے اندر ہوتی ہے جو خود اپنے کسی سبب سے یا شوہروں کے کسی سبب سے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حاملہ نہیں ہو پاتی ہیں، ان مختلف اغراض کے لئے انسانی نطفوں کے بنک بھی قائم ہو چکے ہیں، جہاں تکنیکی طریقہ پر مردوں کے نطفوں کو محفوظ رکھا جاتا ہے اور وہ ایک طویل مدت تک قابل بارآوری رہتے ہیں، یہ نطفے معین یا غیر معین اشخاص سے رضا کارانہ یا بالعوض حاصل کئے جاتے ہیں۔

اجلاس اس ضمن میں حاصل شدہ معلومات، اس سلسلہ میں لکھی گئی تحریروں اور شرعی مقاصد وقواعد کی روشنی میں درج ذیل تفصیلی قرارداد منظور کرتا ہے:

## اول: عمومی احکام:

الف- مسلم خاتون کی بے پردگی ایسے شخص کے سامنے جس کے اور اس خاتون کے درمیان جنسی تعلق شرعاً درست نہیں ہے، کسی حال میں جائز نہیں، الا یہ کہ کوئی ایسا مقصد ہو جسے شریعت نے ایسی بے پردگی کے لئے وجہ جواز تسلیم کیا ہو۔

ب- عورت کو اگر کسی تکلیف دہ مرض سے علاج کی ضرورت ہو، یا کوئی غیر فطری جسمانی حالت پریشان کن بن رہی ہو تو یہ ایک جائز مقصد ہے جس کے حصول کی خاطر علاج کے لئے شوہر کے علاوہ کسی شخص کے سامنے قابل ستر حصہ کو کھولنے کی اجازت ہے، ایسی صورت میں بقدر ضرورت ہی جسم کا حصہ کھولنا جائز ہوگا۔

ج- اگر کسی ایسے شخص کے سامنے جس کے ساتھ جنسی تعلق جائز نہیں، کسی جائز مقصد سے جسم کا قابل ستر حصہ کھولا جائے تو ایسی صورت میں ضروری ہے کہ اگر ممکن ہو تو معالج مسلمان خاتون ہو، ورنہ غیر مسلم خاتون اور وہ بھی نہ ہو تو قابل اعتماد مسلمان مرد ڈاکٹر ورنہ غیر مسلم مرد ڈاکٹر۔

معالج اور زیر علاج خاتون کے درمیان خلوت جائز نہیں ہے، شوہر یا کسی دوسری خاتون کی موجودگی ضروری ہے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوم: مصنوعی بارآوری کا حکم:

۱- شادی شدہ عورت جو حاملہ نہ ہوسکتی ہو، اس کے لئے اور اس کے شوہر کے لئے بچہ کی ضرورت ایک جائز مقصد ہے جس کے لئے مصنوعی بارآوری کا جائز طریقہ اپنا کر علاج کرانا درست ہے۔

۲- پہلا طریقہ (جس میں شادی شدہ مرد کا نطفہ اسی مرد کی بیوی کے رحم میں انجکٹ کر کے داخلی بارآوری کی جاتی ہے) اوپر مذکورہ شرائط کی رعایت کے ساتھ اور اس تحقیق کے بعد جائز ہے کہ حمل کے لئے عورت اس طریقہ کی محتاج ہے۔

۳- تیسرا طریقہ (جس میں شوہر اور بیوی کے نطفہ اور انڈے کو لے کر ایک ٹسٹ ٹیوب میں خارجی بارآوری کی جاتی ہے پھر اسے اسی انڈے والی بیوی کے رحم میں داخل کر دیا جاتا ہے) شرعی نقطہ نظر سے اپنی ذات میں اصولاً درست ہے، لیکن اس سے وابستہ دیگر امور اور شک کے اسباب سے پوری طرح محفوظ نہیں ہے، لہذا اس طریقہ کو انتہائی ضرورت کے حالات میں ہی اور مذکورہ شرائط کے ساتھ اختیار کرنا چاہئے۔

۴- مذکورہ دونوں جائز طریقوں میں اکیڈمی طے کرتی ہے کہ نومولود کا نسب نطفہ اور انڈا دینے والے زوجین سے ثابت ہوگا، میراث اور دیگر حقوق ثبوت نسب کے تابع ہوتے ہیں، لہذا وراثت اور دیگر احکام بھی بچہ اور ان کے درمیان جاری ہوں گے جن کے ساتھ بچہ کا نسب ثابت ہوا ہے۔

۵- اوپر مذکورہ خارجی اور داخلی بارآوری کے طریقوں میں سے بقیہ طریقے شرعاً حرام ہیں، ان میں سے کسی کے بھی جواز کی گنجائش نہیں ہے، کیونکہ ان میں یا تو نطفہ اور انڈا زوجین کے نہیں ہیں یا رضا کار حاملہ عورت نطفہ اور انڈا والے زوجین کے لئے اجنبی ہے۔

مصنوعی بارآوری میں عام طور پر حتی کہ اس کی جائز شکلوں میں بھی دوسرے امور وابستہ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوتے ہیں، اسی طرح نطفوں یا بارآورشدہ حصوں کے ٹسٹ ٹیوب میں اختلاط کے امکانات ہوتے ہیں، بالخصوص جبکہ یہ کام کثرت سے اور عام ہو جائے، اس لئے اکیڈمی دین کا جذبہ رکھنے والوں کو نصیحت کرتی ہے کہ وہ اس طریقہ کو اختیار نہ کریں، الا یہ کہ انتہائی سخت ضرورت ہو اور انتہائی احتیاط کے ساتھ اور نطفوں یا بارآورشدہ حصوں کے اختلاط سے مکمل تحفظ کے ساتھ کیا جائے۔

وقت کے اس اہم ترین اور انتہائی حساس مسئلہ کے بارے میں اکیڈمی کا یہ نقطۂ نظر ہے، اللہ سے امید ہے کہ یہ درست ہوگا۔

واللہ سبحانہ أعلم وھو الھادي إلی سواء السبیل، وولي التوفیق، وصلی اللہ علی سیدنا محمد، وعلی آلہ وصحبہ، وسلم تسلیماً کثیراً، والحمد للہ رب العالمین۔

(نوٹ) اکیڈمی کے صدر عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز نے پہلی اور تیسری حالت میں توقف کیا ہے، جہاں تک بقیہ چاروں طریقوں کا تعلق ہے تو ان کے حرام ہونے میں کوئی اختلاف نہیں ہے، شیخ محمد بن عبداللہ السبیل نے تیسرے طریقہ کے جواز میں توقف کیا ہے اور ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ نے صرف پہلے طریقہ سے اتفاق کیا ہے، ڈاکٹر بوبکر ابوزید متوقف ہیں اور شیخ مبروک بن مسعود العوادی نے بھی تمام طریقوں میں توقف کیا ہے۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف | عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبداللہ العبدالرحمٰن البسام | صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان | محمد بن عبداللہ بن السبیل |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| مصطفیٰ احمد الزرقاء | محمد محمود الصواف | صالح بن عثیمین |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد رشید قبانی | محمد الشاذلی النیفر | ابوبکر جومی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن جبیر | ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ | محمد الحبیب بن الخوجہ |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر بوبکر ابوزید | مبروک بن مسعود العوادی | محمد بن سالم عبدالودود |

[کنوینر]

ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ

اس اجلاس میں درج ذیل حضرات کی شرکت نہ ہوسکی:

ڈاکٹر یوسف القرضاوی، ڈاکٹر محمد رشیدی، شیخ عبدالقدوس ہاشمی، میجر جنرل محمود شیت خطاب، شیخ حسنین محمد مخلوف اور شیخ ابوالحسن علی حسنی ندوی۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# تیسرا فیصلہ:

## اجتہاد

**الحمد لله وحده، والصلاة والسلام علی من لا نبی بعده، سیدنا ونبینا محمد،**

**أما بعد!**

اسلامی فقہ اکیڈمی کے آٹھویں اجلاس منعقدہ دفتر رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ از ۲۷ ربیع الآخر تا ۸ رجمادی الاولی ۱۴۰۵ھ مطابق ۱۸-۲۹ رجنوری ۱۹۸۵ء میں اجتہاد جس کا مفہوم ہے دلائل شرعیہ سے استنباط کے ذریعہ کوئی شرعی حکم معلوم کرنے کی کوشش کرنا، کے موضوع پر غور کیا گیا۔

چونکہ اجتہاد کا بنیادی ڈھانچہ تمام شرائط کی موجودگی سے بھرپور واقفیت چاہتا ہے، اس لئے اجتہاد کے ان شرائط کا پایا جانا ضروری ہے تاکہ اس فرض کفایہ کی تکمیل ہوسکے ﴿فلو لا نفر من کل فرقة منهم طائفة لیتفقهوا فی الدین﴾ [سورہ التوبہ ۱۲۲] (سو ایسا کیوں نہ کیا جاوے کہ ان کی ہر ہر بڑی جماعت میں سے ایک چھوٹی جماعت جایا کرے تاکہ وہ دین کی سمجھ بوجھ حاصل کریں)۔

یہ آیت بتاتی ہے کہ دین میں تفقہ یکسوئی چاہتا ہے، لہذا صحیح فقہی فہم تک رسائی کے لئے اجتہاد میں مکمل احتیاط کا ہونا ضروری ہے۔

علامہ سیوطی نے اجتہاد کی فرضیت کی مکمل وضاحت فرمائی ہے اور یہ کہ اس کا سلسلہ منقطع نہیں ہوا، یہ ان کی کتاب "الرد علی من أخلد إلی الأرض و جهل أن الاجتهاد



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

في كل عصر فرض" میں بیان ہوا ہے، لہٰذا اجتہاد کا دروازہ بند نہیں ہوا اور نہ کوئی اس کو بند کرنے کا اختیار رکھتا ہے، علماء اصول نے بالخصوص جہاں اس مسئلہ پر بحث کی ہے کہ کوئی زمانہ مجتہد سے خالی ہوسکتا ہے یا نہیں، وہاں انہوں نے اس پر اتفاق کیا ہے کہ اجتہاد کا دروازہ ہر ایسے شخص کے لئے کھلا ہوا ہے جس کے اندر اس کی شرائط موجود ہوں، اس وقت ہمتیں اجتہاد کے مرتبہ تک پہنچنے سے قاصر ہوچکی ہیں جو قرآن اور سنت مطہرہ کے علوم، اصول فقہ، احوال زمانہ، مقاصد شریعت اور دلائل میں تعارض کے وقت ترجیح کے قواعد میں درک کے ساتھ مجتہد کے اندر عدل، تقوی اور اپنے دین پر اعتماد سے عبارت ہے۔

اجتہاد کی چار قسمیں ہیں:

پہلی قسم: مجتہد مطلق، وہ ائمہ جن کی تقلید کی جاتی ہے۔

دوسری قسم: مجتہد فی المذہب، اس کی چار صورتیں ہیں جن کا ذکر اہل اصول کے یہاں ملتا ہے

تیسری قسم: مجتہد ترجیح۔

چوتھی قسم: کسی فن یا چند مسائل میں مجتہد، تجزی اجتہاد چونکہ درست ہے اس لئے یہ قسم درست ہے۔

ان امور کے پیش نظر یہ اجلاس بالاتفاق طے کرتا ہے کہ:

۱- موجودہ دور میں اجتہاد کی سخت ترین ضرورت ہے، کیونکہ آج ایسے مسائل پیش آرہے ہیں جو پہلے وجود میں نہیں آئے تھے اور آئندہ بھی نئے مسائل پیدا ہوں گے، نبی کریم ﷺ نے حضرت معاذ بن جبلؓ کی اس بات پر تائید فرمائی کہ جب اللہ کی کتاب اور رسول اللہ کی سنت میں کوئی حکم نہیں ملے گا تو وہ اجتہاد کریں گے، حضرت معاذ بن جبلؓ کے الفاظ ہیں "میں اپنی رائے سے اجتہاد کروں گا اور کوتاہی نہیں کروں گا" اسی وقت اسلام کے اندر جدت اور ہر زمانہ سے اس کی مناسبت باقی رہے گی، نیز معاملات اور



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جدید سرمایہ کاریوں کی مشکلات اور دیگر سماجی مسائل کے حل نکلتے رہیں گے۔

بہتر ہے کہ کوئی ایسا ادارہ قائم ہو جو اکیڈمیوں، کانفرنسوں اور ورکشاپس کی قرار دادوں کو جمع کر کے ان سے فائدہ اٹھائے اور انہیں شریعہ فیکلٹی اور اسلامک اسٹڈیز کو فراہم کرے، اس طرح اسلام کی روشنی پھیلے گی اور اسی میں درست اور بہتر زندگی کی ضمانت ہے۔

۲۔ اجتہاد اجتماعی ہو اور وہ اس طرح کہ ایک فقہی اکیڈمی ہو جس میں عالم اسلام کے نمائندہ علماء ہوں اور اس سے فیصلے صادر ہوں، اجتماعی اجتہاد ہی خلفائے راشدین کے زمانہ میں رائج تھا جیسا کہ علامہ شاطبی نے الموافقات میں ذکر فرمایا ہے کہ حضرت عمر اور دیگر کبار صحابہ کے پاس مسائل آتے، وہ خیر القرون کا زمانہ تھا، لیکن وہ اہل حل وعقد صحابہ کو جمع کرتے اور بحث ومباحثہ کے بعد فتوی دیتے۔

تابعین بھی اسی راہ پر گامزن رہے، چنانچہ فتاوی میں فقہاء سبعہ مرجع تھے، جیسا کہ حافظ ابن حجر نے التہذیب میں لکھا ہے کہ جب ان کے پاس کوئی مسئلہ آتا تو سارے لوگ اس پر غور کرتے اور قاضی اس وقت تک فیصلہ نہ کرتا جب تک ان کے پاس نہ پیش کیا جاتا اور وہ اس پر غور نہ کر لیتے۔

۳۔ مجتہدین کے اندر اجتہاد کے مطلوبہ شرائط کا پایا جانا ضروری ہے، کیونکہ وسائل کے بغیر اجتہاد نہیں ہوسکتا، تاکہ افکار میں کجروی اور حکم خداوندی سے دوری نہ پیش آجائے، ان شرائط کے ذریعہ ہی قرآن کریم اور سنت رسول میں ذکر کردہ مقاصد شرع کا سمجھنا ممکن ہے۔

۴۔ اسلاف سے رہنمائی حاصل کی جائے تاکہ اجتہاد صحیح رخ پر ہو اور ہر معاملہ میں اسلاف کی سابقہ کوشش سے واقفیت کے بعد ہی نئی راہ اپنائی جائے اور اسلاف کی کوششوں سے فائدہ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اٹھایا جائے، ورنہ راستہ گڈمڈ ہو جائے گا، قرآن اور سنت سے مستنبط فقہ اسلامی کی کتابوں میں بہت کچھ مواد موجود ہے، جن سے نئے مسائل کے حل میں ان کے نظائر پر قیاس کر کے آسانی حاصل ہوتی ہے۔

۵- اس اصول کا لحاظ رکھا جائے کہ قطعی الثبوت اور قطعی الدلالۃ نص کی موجودگی میں اجتہاد درست نہیں ہے ورنہ شریعت کی بنیادیں زمیں بوس ہو جائیں گی۔

وصلى الله على سيدنا محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم تسليماً كثيراً،

والحمد لله رب العالمين۔

(نوٹ) شیخ عبدالعزیز بن باز نے فرمایا کہ اجتہاد کا اجتماعی ہونا شرط نہیں ہے بلکہ عالم کے لئے جائز ہے کہ وہ اختلافی مسائل میں اجتہاد کرے اور جو قول دلیل سے قریب تر ہو اسی کو ترجیح دے، اسی طرح شیخ محمد بن عبداللہ بن السبیل بھی اس کے قائل ہیں کہ اس کا اجتماعی ہونا شرط نہیں ہے۔

[دستخط]
نائب صدر
ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف

[دستخط]
صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز

## ممبران

[دستخط]
عبداللہ العبدالرحمٰن البسام

[دستخط]
صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان

[دستخط]
محمد بن عبداللہ بن السبیل

[دستخط]
مصطفٰی احمد الزرقاء

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
صالح بن عثیمین

[دستخط]
محمد رشید قبانی

[دستخط]
محمد الشاذلی النیفر

[دستخط]
ابوبکر محمود جومی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن جبیر | ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ | محمد الحبیب بن الخوجہ |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر ابوبکر ابوزید | مبروک بن مسعود العوادی | محمد بن سالم عبد الودود |

[کنوینر]

ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ

نوٹ:

اس اجلاس میں جناب ڈاکٹر یوسف القرضاوی، ڈاکٹر محمد رشیدی، شیخ عبد القدوس الہاشمی، میجر جنرل محمود شیت خطاب، شیخ حسنین محمد مخلوف، شیخ ابوالحسن علی الحسنی الندوی شریک نہیں ہو سکے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چوتھا فیصلہ:

## پاکستان میں زکاۃ وعشر کی جمع وتقسیم

الحمد لله رب العالمين، والصلاة والسلام على نبينا محمد،
وعلى آله وصحبه أجمعين، وبعد!

جدہ میں واقع پاکستانی سفارت خانہ کی طرف سے جو خط نمبر ۴ سیاسیہ ۳۶/۳۸ تاریخ ۲۷/ جون ۱۹۸۳ء صدر اجلاس عالی جناب شیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز کے پاس بھیجا گیا اور جس کے ساتھ ایک استفتاء بعنوان مذکورہ صدر محترم شیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز کی طرف سے ان کے خط نمبر ۲۶۰۱ / ۲ تاریخ ۱۶ ذوالقعدہ ۱۴۰۳ھ کے ساتھ اکیڈمی کی مجلس میں پیش کیا گیا، مجلس نے اپنے آٹھویں سمینار منعقدہ مکہ مکرمہ ۲۷/ ربیع الآخر تا ۸/ جمادی الاولی ۱۴۰۵ھ میں اس پر غور کیا اور اس استفتاء کے ترجمہ سے واقف ہونے کے بعد جس میں پوچھا گیا تھا کہ آیت کریمہ میں زکاۃ کے مذکورہ آٹھ مصارف میں سے ایک مصرف جو "في سبيل الله" ہے کیا اس کا مصداق صرف اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے ہی ہیں یا اس کا مفہوم ومصداق عام ہے اور اس میں تمام عمومی مصالح اور رفاہی کام جیسے مساجد، سرائے اور پلوں کی تعمیر، تعلیم کی اشاعت اور داعیان کرام کی ترسیل.....وغیرہ داخل ہیں؟

نیز موضوع کی تحقیق اور مناقشہ وتبادلۂ خیالات کے بعد یہ بات سامنے آئی کہ اس مسئلہ میں علماء کی دو رائیں ہیں:

اول: قرآن میں مذکور زکاۃ کے مصرف فی سبیل اللہ سے مراد صرف راہ خدا کے مجاہد اور غازی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں، جمہور علماء کی یہی رائے ہے اور ان کے مطابق فی سبیل اللہ کے مصرف کی زکاۃ اللہ کی راہ میں قتال کرنے والے مجاہدین پر ہی صرف کی جائے گی۔

دوم: فی سبیل اللہ کا مفہوم عام ہے اور اس میں مسلمانوں کے عمومی مصالح اور فلاح و بہبود کے سارے کام جیسے مساجد کی تعمیر و مرمت، مدارس اور قیام گاہوں کی تعمیر، راستے اور پلوں کی تعمیر، جنگی سامانوں کی تیاری اور داعیان کرام کو بھیجنے وغیرہ وہ سارے کام داخل ہیں جو دین اور مسلمانوں کے لئے نفع بخش ہوں، متقدمین علماء میں سے صرف چند اصحاب کی یہ رائے ہے جسے متاخرین میں سے بہت سارے علماء نے اختیار کیا ہے۔

اجلاس میں موضوع پر غور و خوض اور فریقین کے دلائل پر مناقشہ کے بعد اکثریت کی رائے سے درج ذیل فیصلے کئے گئے:

۱- دوسری رائے کو بعض علماء اسلام نے اختیار کیا ہے اور قرآن کریم کی بعض آیات میں یک گونہ اس مفہوم کا لحاظ رکھا گیا ہے، جیسا کہ درج ذیل آیت ہے: ﴿الذين ينفقون أموالهم في سبيل الله ثم لا يتبعون ما أنفقوا منا ولا أذى﴾ [سورہ البقرہ/ ۲۶۲] (جو لوگ اپنا مال اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں پھر خرچ کرنے کے بعد نہ تو احسان جتلاتے ہیں اور نہ آزار پہنچاتے ہیں)، اسی طرح حدیث شریف میں بھی یہ مفہوم مراد لیا گیا ہے، چنانچہ سنن ابو داؤد میں ہے کہ ایک شخص نے ایک اونٹنی فی سبیل اللہ وقف کر دی، اس کی بیوی نے حج کرنا چاہا تو اس سے نبی کریم ﷺ نے فرمایا: اس پر سواری کر لو، حج بھی "فی سبیل اللہ" (اللہ کی راہ) ہے۔

۲- جہاد بالسلاح کا مقصود چونکہ اعلاء کلمۃ اللہ ہے اور اعلاء کلمۃ اللہ جس طرح قتال سے ہوتا ہے، اسی طرح داعیوں کی تیاری اور ان کی مدد و تعاون کے ذریعہ دعوت الی اللہ اور اشاعت دین سے بھی ہوتا ہے، لہذا دونوں طریقے جہاد ہی کے ہیں، چنانچہ امام



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

احمد اور نسائی نے حضرت انسؓ سے روایت کی ہے جسے حاکم نے صحیح قرار دیا ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''مشرکین کے ساتھ اپنے مال، اپنی جان اور اپنی زبان سے جہاد کرو''۔

۳- اسلام پر آج ملحدین، یہود و نصاریٰ اور دشمنان دین کی طرف سے فکری اور اعتقادی حملے ہو رہے ہیں اور ان کو اپنے حمایتیوں کی طرف سے مادی اور معنوی مدد مل رہی ہے، ان حالات میں انتہائی ضروری ہے کے مسلمان ان کا مقابلہ ان ہی ہتھیاروں سے کریں جن سے وہ اسلام پر حملہ کرتے ہیں یا ان سے سخت ہتھیار سے مقابلہ کریں۔

۴- اسلامی ممالک میں جنگوں کے لئے مخصوص وزارتیں ہوتی ہیں اور ہر ملک کے بجٹ میں ان کے لئے مالی ضوابط ہوتے ہیں، جبکہ دعوتی جہاد کے لئے بیشتر ممالک کے بجٹ میں کوئی تعاون و مدد بھی نہیں ہوتی ہے۔

مذکورہ بالا امور کے پیش نظر اکیڈمی اکثریت کی رائے سے یہ فیصلہ کرتی ہے کہ دعوت الی اللہ اور اس کے معاون اعمال آیت کریمہ میں مذکور زکاۃ کے مصرف فی سبیل اللہ کے مفہوم میں داخل ہیں۔

وصلى الله على نبينا محمد وعلى آله وصحبه أجمعين۔

نوٹ: شیخ صالح بن فوزان بن عبد اللہ الفوزان، شیخ محمد بن عبد اللہ السبیل، شیخ محمد رشید قبانی اور ڈاکٹر بکر ابو زید کو مذکورہ قرارداد سے اتفاق نہیں ہے اور ان حضرات کی رائے میں فی سبیل اللہ کو صرف عسکری مجاہدین کے لئے مخصوص رکھنا ضروری ہے۔

شیخ محمد محمود الصواف کو اس قرارداد سے اتفاق ہے بلکہ ان کی رائے میں یہ توسع اس قدر ہے کہ اللہ کی راہ میں انجام پانے والے خیر کے تمام کام اس میں شامل ہیں۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[دستخط]
نائب صدر
ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف

[دستخط]
صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز

## ممبران

[دستخط]
عبداللہ العبدالرحمٰن البسام

[دستخط]
صالح بن فوزان بن عبداللہ
الفوزان

[دستخط]
محمد بن عبداللہ بن السبیل

[دستخط]
مصطفیٰ احمد الزرقاء

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
صالح بن عثیمین

[دستخط]
محمد رشید قبانی

[دستخط]
محمد الشاذلی النیفر

[دستخط]
ابوبکر محمود جومی

[دستخط]
محمد بن جبیر

[دستخط]
ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ

[دستخط]
محمد الحبیب بن الخوجہ

[دستخط]
ڈاکٹر بوبکر ابوزید

[دستخط]
مبروک بن مسعود العوادی

[دستخط]
محمد بن سالم عبدالودود

[کنوینر]
ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## پانچواں فیصلہ:

# لکڑی کے تابوت میں مسلمانوں کی تدفین

**الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد،**

**أما بعد!**

آسٹریلیا کے وکٹوریہ صوبہ میں وفد جمعیت اسلامی کے صدر اور شباب اسلامی کے نگران اعلی کی طرف سے آئے ہوئے اس سوال پر اسلامی فقہ اکیڈمی کے اجلاس میں غور کیا گیا کہ عیسائیوں کے طریقہ کے مطابق لکڑی کے تابوت میں مسلمانوں کی تدفین کا کیا حکم ہے، یہاں کے بعض مسلمان اب تک اسی طریقہ کو بہتر سمجھتے اور اپناتے ہیں، حالانکہ صوبائی حکومت نے مسلمانوں کو تابوت کے بغیر کفن شرعی میں اسلامی طریقہ کے مطابق تدفین کی اجازت دے رکھی ہے، غور ومباحثہ کے بعد اکیڈمی نے فیصلہ کیا کہ:

۱- مسلمان کے لئے غیر مسلموں کی مشابہت اور تقلید کی نیت سے اختیار کیا جانے والا کوئی بھی عمل اور سلوک شرعاً ممنوع اور صریح احادیث کی رو سے ناجائز ہے۔

۲- تابوت میں تدفین سے اگر غیر مسلموں کی مشابہت مقصود ہو تو حرام ہے اور اگر ان کی مشابہت مقصود نہ ہو تو بغیر کسی ضرورت کے اختیار کرنا مکروہ ہے، ضرورت ہو تو کوئی حرج نہیں ہے۔

**وصلى الله على سيدنا محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم تسليماً كثيراً،**

**والحمد لله رب العالمين۔**



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[دستخط]
نائب صدر
ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف

[دستخط]
صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز

## ممبران

[دستخط]
عبداللہ العبدالرحمٰن البسام

[دستخط]
صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان

[دستخط]
محمد بن عبداللہ بن السبیل

[دستخط]
مصطفیٰ احمد الزرقاء

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
صالح بن عثیمین

[دستخط]
محمد رشید قبانی

[دستخط]
محمد الشاذلی النیفر

[دستخط]
ابوبکر محمود جومی

[دستخط]
محمد بن جبیر

[دستخط]
ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ

[دستخط]
محمد الحبیب بن الخوجہ

[دستخط]
ڈاکٹر بوبکر ابوزید

[دستخط]
مبروک بن مسعود العوادی

[دستخط]
محمد بن سالم عبدالودود

[کنوینر]
ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چھٹا فیصلہ:

## نبی کریم ﷺ اور تمام انبیاء کرام کی تصاویر بنانے کی مذمت

الحمد لله وحده والصلاة والسلام على من لا نبي بعده سيدنا ونبينا محمد،

أما بعد!

اسلامی فقہ اکیڈمی کے آٹھویں سمینار منعقدہ ۲۷ ربیع الآخر تا ۸ جمادی الاولی ۱۴۰۵ھ میں ادارہ برائے علمی تحقیقات وافتاء ودعوت وارشاد کے سکریٹری جنزل سماحۃ الشیخ عبدالعزیز بن باز کا پیش کردہ وہ خط دیکھا گیا جو قطر کے مکتب الرئاسہ کی طرف سے مؤرخہ ۲۵ ربیع الاول ۱۴۰۵ھ کو ان کے پاس بھیجا گیا تھا، خط نمبر یہ ہے: ۵:۱۲۔ خط کے ساتھ ایک کتابچہ بھی تھا جس میں کسی شخص نے دو تصویریں بنائی تھیں، ان میں سے ایک کو اس نے رسول اللہ ﷺ کی اور دوسری کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی تصویر قرار دیا تھا۔ شیخ بن باز نے اپنے خط نمبر ۸۱۳/۲ مورخہ ۳۰ ربیع الاول ۱۴۰۵ھ کے ساتھ اسے اکیڈمی کے پاس بھیج کر رائے معلوم کرنی چاہی۔

اجلاس میں ان دونوں تصاویر کو دیکھنے کے بعد درج ذیل فیصلہ کیا گیا:

نبی کریم ﷺ کا مقام اللہ تعالی اور مسلمانوں کے نزدیک انتہائی عظیم ہے، آپ ﷺ کی بلند مقامی اور علو مرتبت دین کا ایک لازمی اور معروف امر ہے، اللہ تعالی نے آپ ﷺ کو سارے عالم کے لئے رحمت بنایا اور اپنی مخلوق کے پاس آپ ﷺ کو بشیر ونذیر، اللہ کی جانب دعوت دینے والا اور روشن چراغ بنا کر بھیجا، آپ ﷺ کا ذکر بلند اور مقام اونچا بنایا



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور آپ پر اپنی رحمت نازل فرمائی ، اللہ کے فرشتوں نے آپ ﷺ کے لئے دعائے رحمت کی اور تمام مسلمانوں کو آپ ﷺ پر درود و سلام بھیجنے کا حکم دیا گیا، آپ ﷺ اولاد آدم کے سردار اور صاحب مقام محمود ہیں۔

آپ ﷺ کا احترام و عظمت اور آپ ﷺ کے شایان شان تعظیم تمام مسلمانوں پر واجب ہے، آپ ﷺ کی کسی بھی قسم کی (نعوذ باللہ) توہین یا مقام و مرتبہ میں تنقیص کفر اور اسلام سے ارتداد ہے۔

آپ ﷺ کی ذات شریفہ کی خالی تصویر بنا کر پیش کرنا خواہ تصویر متحرک ہو یا غیر متحرک اور خواہ جسم اور سایہ کے ساتھ ہو یا اس کے بغیر حرام اور ناجائز ہے، کسی بھی مقصد، کسی بھی غرض اور کسی بھی مصلحت کے لئے ایسا عمل یا اس کی تائید جائز نہیں ہے اور اگر توہین مقصود ہو تو کفر ہے، کیونکہ اس سے بڑے سنگین مفاسد اور خطرات وابستہ ہیں، مسلم سربراہوں، ذمہ داروں، پریس کی وزارتوں اور اشاعتی مراکز کے مالکان کی ذمہ داری ہے کہ قصوں، ڈراموں، ناولوں، بچوں کی کتابوں، فلم و سینما اور ٹیلی ویژن وغیرہ کسی بھی ذریعۂ نشر و اشاعت میں حضور ﷺ کی تصویر بنانے سے روکیں اس کو مسترد کرنا اور اگر کہیں کچھ موجود ہو تو اسے ختم کرنا ان پر واجب ہے۔

یہی حکم صحابہ کرام کے حق میں بھی ہے، رسول کریم ﷺ کے ساتھ شرف صحبت، جہاد، دین کے دفاع، اللہ اور اس کے رسول اور دین کے لئے خیر خواہی اور اس دین و علم کو ہم تک منتقل کرنے کا جو مقام انہیں حاصل ہے اس کے پیش نظر ان کی قدر، احترام اور تعظیم واجب ہے۔

نبی کریم ﷺ کی مانند تمام انبیاء کرام کے حق میں بھی یہی حکم ہے کہ ان کی تصاویر بنانا حرام ہے، اس لئے اجلاس فیصلہ کرتا ہے کہ ان میں سے کسی کی بھی تصویر بنانا حرام اور ناجائز ہے، اور اس پر بندش لگانا واجب ہے۔

وسلام علی المرسلین، والحمد للہ رب العالمین۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(نوٹ) شیخ محمد شاذلی النیفر کے نزدیک نبی کریم ﷺ کی تصویر بنانے کا انجام کفر ہے۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف | عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| عبداللہ العبدالرحمٰن البسام | صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان | محمد بن عبداللہ بن السبیل |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| مصطفیٰ احمد الزرقاء | محمد محمود الصواف | صالح بن عثیمین |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد رشید قبانی | محمد الشاذلی النیفر | ابوبکر محمود جومی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن جبیر | ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ | محمد الحبیب بن الخوجہ |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| د/بکر ابوزید | مبروک بن مسعود العوادی | محمد بن سالم عبدالودود |

[کنوینر]

ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# نویں سمینار

# منعقدہ ۱۲-۱۹ رجب ۱۴۰۶ھ

# کے فیصلے

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

☆☆☆

☆ پہلا فیصلہ: مساجد میں نمازوں کے لئے کیسٹ کے ذریعہ اذان کا حکم

☆ دوسرا فیصلہ: قرآن کریم اور اس سے متعلق معلومات کی کمپیوٹر پروگرامنگ

☆ تیسرا فیصلہ: ہر محلّہ میں مسجد بنانے کی ضرورت

☆ چوتھا فیصلہ: مؤلفین کے حقوق تالیف

☆ پانچواں فیصلہ: اموال زکاۃ سے یورپی ممالک میں مدارس اور اسپتالوں کی تعمیر اور وہاں زکاۃ فنڈ کا قیام

☆ چھٹا فیصلہ: بلند عرض البلد پر واقع علاقوں میں نماز اور روزے کے اوقات

☆ ساتواں فیصلہ: زکاۃ میں مجاہدین کے حصہ کو ان کی صحت و تربیت اور ذرائع ابلاغ سے متعلق پروجیکٹوں میں صرف کرنا

☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پہلا فیصلہ:

## مساجد میں نمازوں کے لئے کیسٹ کے ذریعہ اذان کا حکم

الحمد لله وحده والصلاة والسلام على رسول الله وعلى آله وصحبه،

أما بعد!

رابطہ عالم اسلامی کی اسلامی فقہ اکیڈمی کے نویں سمینار منعقدہ مکہ مکرمہ بروز سنیچر بتاریخ ۱۲/۷/۰۶ ۱۴ھ تا ۱۹/۷/۰۶ ۱۴ھ بروز سنیچر میں وزیر اوقاف شام کے استفتاء نمبر ۲۴۱۲/۴/۱ مؤرخہ ۲۱/۹/۰۵ ۱۴ھ پر غور کیا گیا جس میں مساجد کے اندر ریکارڈ کئے ہوئے کیسٹ کے ذریعہ اذان نشر کرنے کا حکم معلوم کیا گیا ہے تاکہ ایک ہی شہر میں فرض نماز کے لئے اذان کی ادائیگی میں مختلف مساجد کے درمیان وقت کا فرق باقی نہ رہے۔

اس سلسلہ میں اکیڈمی نے بعض ارکان کی جانب سے اس موضوع پر تیار کردہ مقالات کو دیکھا، نیز اس موضوع پر سعودی عرب کے سابق مفتی شیخ محمد بن ابراہیم آل الشیخ کا فتوی نمبر ۳۵ مؤرخہ ۱۳/۱/۸۷ ۱۳ھ، ہیئۃ کبار العلماء سعودی عرب کے بارہویں اجلاس منعقدہ ربیع الآخر ۱۳۹۸ھ کا فیصلہ، الرئاسۃ العامہ لادارات البحوث العلمیہ والافتاء والدعوۃ والارشاد سعودی عرب کی ہیئت عامہ کا فتوی نمبر ۵۷۷۹ مؤرخہ ۴/۷/۰۳ ۱۴ھ کو دیکھا، ان تینوں فتاوی میں کیسٹ کے ذریعہ اذان کو جائز قرار نہیں دیا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ نماز کا وقت ہونے پر مساجد میں ٹیپ ریکارڈ وغیرہ کے ذریعہ اذان دینا اس عبادت کی ادائیگی کے لئے کافی نہیں، سابقہ مقالات اور فتاوی نیز مناقشہ کی روشنی میں اکیڈمی کا یہ اجلاس درج ذیل فیصلے کرتا ہے:



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۱- اذان اسلام کے ان شعائر میں سے ہے جو نمایاں طور پر عبادت کا پہلو رکھتے ہیں اور جن کا ضروریات دین میں سے ہونا نص اور مسلمانوں کے اجماع سے ثابت ہے، اسی لئے اذان مسلم اور غیر مسلم علاقہ کے درمیان امتیاز کرنے والی علامتوں میں سے ہے اور اس مسئلہ پر اتفاق نقل کیا گیا ہے کہ اگر کسی شہر کے لوگ اذان نہ دینے پر اتفاق کرلیں تو ان سے جنگ کی جائے گی۔

۲- مسلمانوں کے درمیان پہلی صدی ہجری میں اذان کے آغاز سے آج تک مسلسل یہ عمل چلا آرہا ہے کہ ہر مسجد میں پانچوں نمازوں میں سے ہر نماز کے لئے اذان دی جاتی ہے، خواہ ایک ہی شہر میں کئی مساجد ہوں۔

۳- حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: ''جب نماز کا وقت آجائے تو تم میں سے ایک شخص تمہارے لئے اذان دے اور تم میں سے جو بڑا ہو وہ امامت کرے (متفق علیہ)۔

۴- اذان کے لئے ایک شرط نیت بھی ہے، اسی لئے مجنون اور نشہ میں مدہوش جیسے لوگوں کی اذان درست نہیں ہوتی، کیونکہ اس صورت میں اذان کی ادائیگی میں نیت نہیں پائی گئی، ٹیپ ریکارڈ سے اذان میں بھی یہی صورت ہے۔

۵- اذان ایک بدنی عبادت ہے، ابن قدامہ رحمہ اللہ نے المغنی ۱/ ۴۲۵ میں فرمایا: کسی شخص کے لئے درست نہیں ہے کہ وہ دوسرے کی اذان پر بناء کرے، اس لئے کہ اذان ایک بدنی عبادت ہے، لہٰذا نماز کی طرح یہ بھی دو شخصوں کی طرف سے درست نہیں ہوگی۔

۶- (سوال میں) مذکورہ طریقہ پر ٹیپ ریکارڈ کے ذریعہ تمام مساجد کے لئے اذان کی یکسانیت میں کئی نقصانات اور خطرات ہیں، جن میں سے چند درج ذیل ہیں:

الف- اذان کی مشروعیت سے یہ بات بھی متعلق ہے کہ ہر مسجد میں ہر نماز کے لئے کچھ سنن اور



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آداب ہیں، ریکارڈنگ کے ذریعہ اذان دینا ان سنن وآداب کو فوت کرنا اور ان کی اشاعت کو ختم کرنا ہے، نیز اس اذان میں نیت کی شرط بھی فوت ہو جاتی ہے۔

ب۔ اس سے مسلمانوں میں دین کے ساتھ کھلواڑ اور عبادات وشعائر دین میں بدعات کے داخلہ کا دروازہ کھلتا ہے، کیونکہ اس کے نتیجہ میں اذان دینا بالکلیہ ختم ہو کر ٹیپ ریکارڈ پر اکتفا کرنا رہ جائے گا۔

مذکورہ بالا امور کے پیش نظر اکیڈمی درج ذیل فیصلہ کرتی ہے:

نماز کا وقت ہونے پر مساجد کے اندر ٹیپ ریکارڈ وغیرہ کے ذریعہ اذان نشر کرنے پر اکتفا کرنا کافی نہیں ہے اور اس عبادت کی ادائیگی کے لئے یہ طریقہ درست نہیں ہے، اس سے اذان کے شرعی حکم کی تعمیل نہیں ہوتی ہے، مسلمانوں پر واجب ہے کہ ہر مسجد میں ہر نماز کے وقت کے لئے براہ راست اذان دیں جو طریقہ مسلمانوں میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے اب تک معمول بہ چلا آرہا ہے۔

واللہ الموفق، وصلی اللہ علی سیدنا ونبینا محمد، وعلی آلہ وصحبہ أجمعین ۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر |
| ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف | عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن جبیر | عبداللہ العبدالرحمن البسام | صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن عبداللہ بن سبیل | مصطفیٰ احمد زرقاء | محمد محمود صواف |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| صالح بن عثیمین | محمد رشید قبانی | محمد الشاذلی النیفر |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ابوبکر جومی | ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ | محمد الحبیب بن الخوجہ |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر بکر ابوزید | یوسف القرضاوی | محمد بن سالم بن عبدالودود |
| [دستخط] | [.......] | |
| ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ | ابوالحسن علی الحسنی الندوی | |
| (کنوینر) | | |

(نوٹ: شیخ عبدالقدوس ہاشمی، میجر جنرل محمود شیت خطاب، شیخ حسنین محمد مخلوف اور شیخ مبروک مسعود العوادی اجلاس میں شریک نہیں ہوسکے)۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## دوسرا فیصلہ:

# قرآن کریم اور اس سے متعلق معلومات کی کمپیوٹر پروگرامنگ

**الحمد لله وحده والصلاة والسلام على من لا نبي بعده سيدنا ونبينا محمد،**

**أما بعد!**

اکیڈمی نے اپنے نویں سمینار منعقدہ مکہ مکرمہ بروز سنیچر از ۱۲/رجب ۱۴۰۶ھ تا ۱۹/رجب بروز سنیچر ۱۴۰۶ میں اس موضوع پر غور کیا جو قرآن کریم اور اس سے متعلق معلومات کی پروگرامنگ اور ان کو کمپیوٹر میں جو الکٹرونک دماغ کہلاتا ہے، اسٹور کرنے سے متعلق ہے، اس کا مقصد ان قرآنی علوم کا تحفظ ہے جنہیں سابق علماء اسلام نے اس موضوع پر مخصوص کتابیں لکھ کر محفوظ ومدون کیا ہے، نیز قرآن سے متعلق دیگر ان معلومات کا بھی اس پروگرام میں اضافہ کیا جاتا ہے جن کی ضرورت موجودہ دور میں دنیا کی جامعات اور تمام علمی مراکز کے اندر محققین کو پیش آتی ہے۔

اکیڈمی کے اجلاس سے اس موضوع پر شرعی نقطۂ نظر سے رائے طلب کی گئی ہے، اکیڈمی نے اس موضوع کو اس غرض سے مؤخر رکھا ہے کہ کمپیوٹر، اس کے طریقۂ عمل، اس کے خصائص اور ان جیسی وہ تمام معلومات مکمل طور پر حاصل کی جائیں جن پر قرآنی علمی پروگرامنگ کا شرعی حکم موقوف ہے، اکیڈمی نے متعدد جامعات، اکیڈمیوں اور علمی شخصیات کو لکھ کر ان سے گذارش کی کہ ان تمام پہلوؤں پر وہ معلومات فراہم کریں، چنانچہ اس سلسلہ میں ان کی تحریریں



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

موصول ہوئیں، اکیڈمی کی درخواست پر آنے والی ان تمام تحریروں کی روشنی میں اکیڈمی کے رکن محترم جناب ڈاکٹر محمد الحبیب بن الخوجہ صاحب نے ایک جامع و مفصل تحریر تیار کر کے اکیڈمی کو دی۔

اس تفصیل سے واضح ہوا کہ کمپیوٹر اس دور کی ایک ایسی ایجاد ہے جس میں ایک خاص فنی طریقہ پر جسے پروگرامنگ کہتے ہیں ایسی تمام معلومات اور عبارتوں کو محفوظ کیا جا سکتا ہے جن کی ضرورت محققین کو پیش آتی ہے، خواہ ان معلومات کا حجم کتنا ہی زیادہ ہو اور وہ کیسی ہی متنوع ہوں، اسی طرح یہ بھی ممکن ہے کہ اس میں مزید نئی معلومات شامل کر کے انہیں اسٹور کیا جائے، پھر ان معلومات میں سے جس چیز کو دیکھنے کی ضرورت ہو وہ حیرتناک طریقہ پر فوراً ہی کمپیوٹر کے اسکرین پر آجاتی ہے اور دیکھنے والا اپنی ضرورت کے مطابق معلومات اور عبارتوں کو دیکھ لیتا ہے۔

اب کمپیوٹر میں یہ پروگرامنگ عربی زبان میں ممکن ہوگئی ہے، چنانچہ علوم حدیث اور سنت مطہرہ کے بعض ماہر اساتذہ نے حدیث کی کتابوں کی کمپیوٹر پروگرامنگ کی اور اس کے اچھے نتائج سامنے آئے، کمپیوٹر میں معلومات محفوظ ہوگئیں اور بوقت ضرورت ان کی جانب مراجعت آسان ہوگئی، اسی لئے اس پروگرام کے حقیقی فوائد اور ممکنہ نقصانات پر ارکان اکیڈمی کے درمیان مباحثہ کے بعد علوم قرآن کی پروگرامنگ کے بارے میں بالاتفاق اور نص قرآن کی پروگرامنگ کے بارے میں اکثریت کی رائے سے یہ فیصلہ ہوا کہ کمپیوٹر میں قرآن اور اس کے علوم کی اسٹورنگ جائز بلکہ شرعی نقطۂ نظر سے مستحسن ہے، کیونکہ اس صورت میں علوم قرآن کی نمایاں خدمت اور محققین اور اہل علم کے لئے انتہائی سہولت ہے، البتہ اس کے لئے درج ذیل شرائط ہیں:

اول: اس کام میں فنی اعتبار سے ایسے ماہرین کی مدد لی جائے جو کمپیوٹر کا استعمال انتہائی دقت اور احتیاط کے ساتھ کریں تاکہ استعمال میں کسی غلطی کی وجہ سے معلومات میں کوئی تبدیلی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہ ہو جائے۔

دوم: یہ پروگرامنگ عربی زبان میں کی جائے اور قرآن وحدیث کی عبارات اور دوسرے الفاظ کو مکمل اور صحیح طریقہ پر لکھا جائے اور قرآنی الفاظ عثمانی رسم الخط میں ہوں۔

سوم: اس کام میں قرآن اور علوم قرآن کے ماہر علماء اسلام کے ساتھ فنی ماہرین شریک ہوں اور دونوں باہم مل کر کمپیوٹر کے اندر معلومات کو ڈالنے اور اسٹور کرنے کا کام انجام دیں۔

چہارم: کام مکمل ہونے کے بعد مستند ذمہ دار علماء علمی پہلو سے ان معلومات کے نتائج کی توثیق کریں تاکہ ان کی صحت اور درستگی کا یقین ہو جائے۔

واللہ سبحانه تعالى أعلم، وهو الهادي إلى سواء السبيل، وولي التوفيق، وصلى الله على سيدنا محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم تسليماً كثيراً، والحمد لله رب العالمين۔

نوٹ: شیخ صالح بن فوزان اور ڈاکٹر بکر ابوزید کو نص قرآنی کی پروگرامنگ میں توقف ہے اور ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ کی رائے ہے کہ مصحف کی پروگرامنگ نہ کی جائے۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر |
| ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف | عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز |

ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن جبیر | عبداللہ العبد الرحمٰن البسام | صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
| --- | --- | --- |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن عبداللہ بن سبیل | مصطفیٰ احمد زرقاء | محمد محمود صواف |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| صالح بن عثیمین | محمد رشید قبانی | محمد الشاذلی النیفر |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ابوبکر جومی | ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ | محمد الحبیب بن الخوجہ |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر بکر ابوزید | یوسف القرضاوی | محمد بن سالم بن عبدالودود |
| [دستخط] | [.......] | |
| ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ (کنوینر) | ابوالحسن علی الحسنی الندوی | |

(نوٹ: شیخ عبدالقدوس ہاشمی، میجر جنرل محمود شیت خطاب، شیخ حسنین محمد مخلوف اور شیخ مبروک مسعود العوادی اجلاس میں شریک نہیں ہو سکے)۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# تیسرا فیصلہ:

## ہر محلّہ میں مسجد بنانے کی ضرورت کے متعلق

**الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد، أما بعد!**

اسلامی فقہ اکیڈمی کے نویں سمینار منعقدہ دفتر رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ ۱۲-۱۹ رجب ۱۴۰۶ھ میں مسلم آبادی والے ہر محلّہ میں مسجد بنانے کی ضرورت سے متعلق مجلس اعلی برائے امور مساجد کی طرف سے پیش کردہ موضوع پر غور کیا گیا۔

اکیڈمی نے ان آراء اور رپورٹوں کا جائزہ لیا جو بعض ارکان نے اس موضوع پر پیش کیں اور مساجد میں ظاہری صورت کے ساتھ باجماعت نماز کے سلسلہ میں فقہی مسالک کی آراء نقل کیں کہ یہ واجب عینی ہے یا واجب کفائی یا انتہائی مؤکد سنت، کیونکہ باجماعت نماز ان شعائر اسلام میں سے ہے جن کو مسلم سماج میں علانیہ ادا کرنا واجب ہے اور یہ اختلاف جمعہ کے علاوہ نمازوں سے متعلق ہے، جہاں تک جمعہ کا تعلق ہے تو اس پر اجماع ہے کہ نماز جمعہ فرض عین ہے جو کسی شخص سے شرعی عذر کی بنا پر ہی ساقط ہو سکتا ہے۔

اس موضوع پر ارکان اکیڈمی کے مباحثہ کے بعد اجلاس کی رائے ہوئی کہ سال کے مختلف موسموں میں شہروں اور دیہاتوں کے اندر باجماعت نماز کا قیام ایسی مساجد قائم کئے بغیر ممکن نہیں ہے جہاں پانچوں اوقات نماز میں نمازی اکٹھا ہو سکیں، اس لئے کہ اچھی جگہ ہر عمل کے لئے بنیادی حیثیت رکھتی ہے اور اصول اور فقہی قواعد میں یہ طے شدہ امر ہے کہ کسی واجب کی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ادائیگی جس چیز کے بغیر نہ ہو وہ چیز بھی واجب ہوتی ہے۔

دوسری طرف یہ امر بھی قابل لحاظ ہے کہ اسلام میں عہد نبوی ﷺ سے ہی مسجد کا مقصود صرف پنج وقتہ نمازوں کا قیام نہیں ہے، بلکہ مسجد ہی نماز ادا کرنے والوں، قرآن کی تلاوت کرنے والوں، دین کی ضروری تعلیم حاصل کرنے والوں اور اسلامی علوم کے کسی بھی حصے پر مذاکرہ کرنے والوں کا مرکز رہی ہے، نیز مساجد مسلمانوں کے معاشرتی مسائل اور عمومی اسلامی مصالح سے متعلق معاملات کے سلسلہ میں مشورہ کے مراکز بھی ہیں اور یہ تمام امور مجموعی طور پر واجبات کفایہ میں سے ہیں۔

اسی لئے اکیڈمی کا اجلاس طے کرتا ہے کہ ان تمام محلوں میں جہاں مسلمان آباد ہیں حسب ضرورت واستطاعت مساجد کا قیام واجب ہے، اس حکم میں اسلامی ممالک اور غیر مسلم ممالک جہاں مسلم اقلیت جماعت کی شکل میں رہتی ہو، کے درمیان کوئی فرق نہیں ہے۔

اکیڈمی سفارش کرتی ہے کہ اسلامی ممالک اور ان کی حکومتیں اس عمومی فریضہ کے قیام کی راہ میں ضرورت مند مسلم سماج کے ساتھ تعاون کریں۔

والله ولي التوفيق، وصلى الله على سيدنا محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم تسليماً كثيراً، والحمد لله رب العالمين۔

نوٹ: شیخ محمد بن عبداللہ السبیل اور ڈاکٹر بکر ابو زید کی رائے میں اس موضوع پر کسی قرارداد کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ یہ ایک معروف ومتوارث عمل ہے۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر |
| ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف | عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن جبیر | عبداللہ العبد الرحمٰن البسام | صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن عبداللہ بن سبیل | مصطفیٰ احمد زرقاء | محمد محمود صواف |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| صالح بن عثیمین | محمد رشید قبانی | محمد الشاذلی النیفر |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ابوبکر جومی | ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ | محمد الحبیب بن الخوجہ |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر بکر ابوزید | یوسف القرضاوی | محمد بن سالم بن عبدالودود |
| [دستخط] | [.......] | |
| ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ (کنوینر) | ابوالحسن علی الحسنی الندوی | |

(نوٹ: شیخ عبدالقدوس ہاشمی، میجر جنرل محمود شیت خطاب، شیخ حسنین محمد مخلوف اور شیخ مبروک مسعود العوادی اجلاس میں شریک نہیں ہو سکے)۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چوتھا فیصلہ:

## مؤلفین کے حقوق تالیف

**الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد، أما بعد!**

اسلامی فقہ اکیڈمی کے نویں سمینار منعقدہ دفتر رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ بروز سنیچر ۱۲/رجب ۱۴۰۶ھ تا ۱۹/رجب ۱۴۰۶ھ بروز سنیچر میں اس موضوع پر غور کیا گیا کہ حقوق تالیف کیا کتابوں، مقالات اور علمی رسائل کے مؤلفین کے لئے محفوظ ہیں؟ یہ حقوق ان کے مالکان کی ملکیت ہیں؟ اور کیا ان حقوق کا معاوضہ وصول کرنا اور ناشرین سے ان پر معاملہ کرنا شرعاً جائز ہے؟ اور کیا کسی دوسرے شخص کے لئے جائز ہے کہ مؤلف کی اجازت کے بغیر اس کی کتابوں اور مقالات کو شائع کرے اور فروخت کرے، اس بنیاد پر کہ یہ ہر ایک کے لئے مباح ہے، یا ایسا کرنا جائز نہیں ہے؟

اکیڈمی کے اجلاس میں وہ مقالات اور تحقیقی تحریریں بھی پیش ہوئیں جنہیں اکیڈمی کے بعض ارکان نے اس موضوع پر تیار کیا تھا، اجلاس نے معاصر محققین کی اس رائے پر بھی بحث کی کہ مؤلف جن علمی کتابوں کی تالیف اور اشاعت کرتا ہے ان پر اس کا جائز مالی حق نہیں ہے، کیونکہ علم کو لوگوں سے روکنا شرعاً جائز نہیں ہے، بلکہ علماء کی ذمہ داری ہے کہ علم کو عام کریں اور جو شخص علم کو چھپائے گا، قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے آگ کی نکیل پہنائے گا، پس جس شخص کے پاس بھی کسی جائز طریقہ سے کسی مؤلف کی کوئی کتاب آئے اس کے لئے جائز ہے کہ اس کی نقل تیار



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرے، اس کو شائع کرے اور جس طرح چاہے اس کی اشاعت میں سرمایہ لگا کر اور اس کے نسخے فروخت کر کے تجارت کرے، مؤلف کو اس سے منع کرنے کا حق نہیں ہے۔

اجلاس نے اس کے برعکس رائے پر بھی غور کیا اور حقوق اختراع، جسے ادبی ملکیت اور صنعتی ملکیت کا نام دیا جاتا ہے، کے بارے میں شائع شدہ تحریروں کو دیکھا، اس رائے کا حاصل یہ ہے کہ جو شخص کسی کتاب کا مؤلف یا تحقیق یا کسی فنی عمل یا کسی مفید آلہ کا موجد ہو، تنہا اسی شخص کو حق ہے کہ اپنی تالیف یا ایجاد و اختراع کی اشاعت، پیداوار اور فروختگی کے ذریعہ ان کی سرمایہ کاری کرے اور جس شخص کو چاہے اپنا حق بالعوض یا بلا عوض اور جن شرائط پر چاہے دے دے، کسی دوسرے کو یہ حق نہیں ہے کہ کسی کی تالیف کردہ کتاب یا اس کا تحریری مقالہ اس کے مؤلف کی اجازت کے بغیر شائع کرے اور نہ یہ درست ہے کہ موجد کی رضامندی کے بغیر اس کی ایجاد کی نقل تیار کرے یا اس کی تجارت کرے، اجلاس نے مفصل غور وخوض کے بعد درج ذیل فیصلے کئے:

۱- ان چھاپہ خانوں کے رواج سے پہلے جہاں سے اب ایک کتاب کے ہزاروں نسخے تیار ہو کر نکلتے ہیں، ماضی میں کتاب کی اشاعت کا صرف ایک ذریعہ ہاتھ سے نقل کرنے کا تھا اور ایک کاتب کو ایک بڑی کتاب کی ایک نقل تیار کرنے میں کئی سال لگ جاتے تھے، اُس دور میں جو کاتب اپنے قلم سے کسی مصنف عالم کی کتاب کی ایک یا چند نقلیں تیار کرتا تھا وہ دراصل اس عالم کی خدمت کرتا تھا، کیونکہ اگر وہ ایسا نہ کرتا تو مؤلف کا صرف اصل نسخہ باقی رہتا اور یہ خطرہ لگا رہتا کہ اگر یہ اصل نسخہ ضائع ہوا تو کتاب ہمیشہ کے لئے ختم ہوگئی، اس لئے کاتب کا نقل کرنا نہ تو مؤلف کتاب پر زیادتی تھی اور نہ دوسرے کے علم اور اس کی محنت سے کاتب کا فائدہ اٹھانا تھا، بلکہ اس کے برعکس کاتب کا یہ عمل مؤلف کی خدمت اور اس کے علم ومحنت کی شہرت کا باعث تھا۔

۲- لیکن چھاپہ خانوں کے رواج کے بعد اب معاملہ بالکل برعکس ہوگیا ہے، ایک مؤلف



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایک مفید کتاب کی تالیف میں عمر کا بڑا حصہ صرف کرتا ہے، پھر اسے طبع کرتا ہے تاکہ اسے فروخت کرے کہ اچانک کوئی دوسرا شخص اس کتاب کا نسخہ حاصل کر کے جدید طریقۂ طباعت کے ذریعہ اس کی نقل یا طباعت کرالیتا ہے، پھر مؤلف کے مقابلہ میں آ کر اس کو فروخت کرتا ہے یا اس کتاب کو مفت تقسیم کراتا ہے تاکہ تقسیم کر کے ایسی شہرت حاصل کرلے جس کے سامنے مؤلف کی کاوش اور محنت ماند پڑ جائے، یہی بات ایجاد کے اندر بھی ہوتی ہے۔

اس صورت حال سے تالیف و ایجاد کے کام میں اہل علم و دانش کی ہمت شکنی ہوتی ہے، کیونکہ وہ دیکھتے ہیں کہ ان کی کاوش جیسے ہی منظر عام پر آئے گی دوسرے لوگ ان کی محنت کو لوٹ لیں گے اور جنہوں نے تالیف یا ایجاد میں کوئی محنت نہیں کی ہے وہ مؤلف اور موجد کے مقابلہ میں آ کر اس کی تجارت کرنے لگیں گے۔

غرض زمانہ کی تبدیلی اور نئی ایجادات کے ظہور کی وجہ سے صورت حال بدل گئی ہے، جس کا بنیادی اثر سابق اور موجودہ حکم پر ہوگا اور اس کا تقاضا ہے کہ اس پر اس طرح غور کیا جائے کہ ہر صاحب محنت کی محنت اور حق کی حفاظت ہو سکے۔

پس ضروری ہے کہ تالیف اور ایجاد میں صاحب تالیف اور صاحب ایجاد کے حق کو معتبر مانا جائے، یہ حق شرعاً اس کی ملکیت ہے، اس کی اجازت کے بغیر کسی دوسرے کے لئے اس پر دست درازی جائز نہیں ہے، البتہ اس کے لئے یہ شرط ہے کہ اس کتاب یا مقالہ میں کسی منکر کی دعوت اور کسی بدعت یا گمراہی کی اشاعت نہ کی گئی ہو، اگر ایسی کتاب ہے تو اس کو ضائع کر دینا واجب ہے اور اس کو شائع کرنا جائز نہیں ہے۔

اسی طرح جس ناشر کے ساتھ مصنف کا معاملہ طے ہوتا ہے اس کے لئے یا کسی اور شخص کے لئے یہ درست نہیں ہے کہ کتاب کے مضمون میں کوئی تبدیلی یا کسی قسم کا تغیر مؤلف کی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رضامندی کے بغیر کرے، اس حق میں وراثت بھی جاری ہوگی اور یہ حق ان تمام بین الاقوامی معاہدات، نظام اور دستور کا پابند ہوگا جو شریعت کے خلاف نہ ہوں اور جن کے ذریعہ صاحب حق کی وفات کے بعد اس کے خاص حق اور عام حق کی تنظیم وتحدید ہوتی ہو، اس لئے کہ ہر تصنیف یا اختراع میں پچھلے لوگوں کے افکار ونتائج سے استفادہ کیا جاتا ہے، خواہ پہلے کی عمومی معلومات اور موجود وسائل ہی سے استفادہ کیا گیا ہو۔

لیکن جس مؤلف یا موجد سے کوئی اشاعتی ادارہ اجرت پر کام لیتا ہے تاکہ وہ اس کے لئے کوئی کتاب تالیف کرے، یا کوئی ادارہ کسی خاص مقصد کے لئے اس سے کوئی تخلیق تیار کراتا ہے، تو اس شخص کی تحقیقات اجرت پر کام لینے والے ادارہ کی ملکیت ہوں گی اور ایسا شخص اپنے حق میں ان شرائط کا پابند ہوگا جو باہمی معاملہ کے ضوابط کے مطابق دونوں فریق کے درمیان طے پائے ہوں۔

**والله ولي التوفيق، وصلى الله على سيدنا محمد، وعلى آله وصحبه ۔**

نوٹ: ڈاکٹر بکر ابوزید کی رائے ہے کہ بحث کو مالی حد تک محدود رکھنا چاہئے۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر |
| ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف | عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن جبیر | عبداللہ العبد الرحمٰن البسام | صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن عبداللہ بن سبیل | مصطفیٰ احمد زرقاء | محمد محمود صواف |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| صالح بن عثیمین | محمد رشید قبانی | محمد الشاذلی النیفر |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ابوبکر محمود جومی | ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ | محمد الحبیب بن الخوجہ |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر بکر ابوزید | یوسف القرضاوی | محمد بن سالم بن عبدالودود |
| [دستخط] | [.......] | |
| ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ (کنوینر) | ابوالحسن علی الحسنی الندوی | |

(نوٹ: شیخ عبدالقدوس ہاشمی، میجر جنرل محمود شیت خطاب، شیخ حسنین محمد مخلوف اور شیخ مبروک مسعود العوادی اجلاس میں شریک نہیں ہو سکے)۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## پانچواں فیصلہ:

# اموال زکاۃ سے یورپی ممالک میں مدارس اور اسپتالوں کی تعمیر اور وہاں زکاۃ فنڈ کا قیام

**الحمد لله وحده والصلاة والسلام على من لا نبي بعده سيدنا ونبينا محمد،**

**أما بعد!**

اسلامی فقہ اکیڈمی کے نویں سمینار منعقدہ دفتر رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ بروز سنیچر شنبہ ۱۲؍رجب ۱۴۰۶ھ روز سنیچر ۱۹؍رجب ۱۴۰۶ھ میں مجلس اعلی برائے امور مساجد کے تحت قائم یورپی فقہی ریسرچ اکیڈمی کی اس سفارش پر غور کیا گیا جو یورپی ممالک میں مدارس اور اسپتالوں کی تعمیر کے لئے زکاۃ کے اموال سے استفادہ سے متعلق مجلس کے نائب صدر اور مذکورہ ریسرچ اکیڈمی کے سکریٹری جنرل کی طرف سے کی گئی تھی۔

اجلاس نے موضوع پر غور وخوض اور مناقشہ کے بعد طے کیا کہ اکیڈمی کے آٹھویں اجلاس کی اس قرارداد کی تائید کی جائے کہ دعوت إلی اللہ اور وہ تمام امور جو اس میں معاون بنتے ہوں اور دعوت کے اعمال کو تقویت پہنچاتے ہوں وہ مصرف "فی سبیل اللہ" میں داخل ہیں جو قرآن کی سورہ توبہ کی آیت ۶۰ میں منصوص آٹھ مصارف میں سے ایک ہے، اس کی وجہ یہ ہے کہ اسلام میں جہاد صرف قتال بالسیف تک محدود نہیں ہے بلکہ دعوت، تبلیغ اسلام اور اس راہ کی مشقتوں پر صبر بھی جہاد میں شامل ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول ﷺ کو مخاطب کرتے ہوئے قرآن کے سلسلہ میں فرمایا:



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

"فلا تطع الکافرین وجاهدھم به جهاداً کبیراً" (فرقان:۵۲)۔

اور حدیث شریف میں ہے: "مشرکین کے ساتھ اپنے مال، اپنی جان اور اپنی زبان سے جہاد کرو"، اس حدیث کی روایت احمد، ابوداؤد، نسائی، ابن حبان اور حاکم نے کی ہے اور حاکم نے اسے صحیح قرار دیا ہے۔

موجودہ دور میں یہ صورت حال گذشتہ کسی بھی دور سے بڑھ کر موجود ہے، آج مسلمانوں پر ان کے گھروں کے اندر گھس کر مختلف اقوام و مذاہب اور باطل فلسفے حملے کر رہے ہیں، یہ حملے فکر اور ثقافت کے ذریعہ ہو رہے ہیں نہ کہ تلوار اور توپ کے ذریعہ اور تعلیمی اور سماجی اداروں کے ذریعہ ہو رہے ہیں نہ کہ فوجی طاقت کے ذریعہ اور لوہے کو لوہا ہی کاٹ سکتا ہے، لہذا ضروری ہے کہ طاغوت کی دعوت کا مقابلہ اللہ کی طرف دعوت سے کیا جائے، باطل تعلیمات کا مقابلہ حق کی تعلیمات سے کیا جائے، اور غیر اسلامی افکار کا جواب اسلامی افکار سے دیا جائے، جیسا کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے حضرت خالد رضی اللہ عنہ سے فرمایا تھا: "ان سے اسی طرح جنگ کرو جس طرح وہ تم سے کرتے ہیں، تلوار ہو تو تلوار سے اور نیزہ ہو تو نیزہ سے"۔

آج دعوت کے وسائل اور اس کے طریقے حد درجہ متنوع ہو گئے ہیں اور صرف تقریر و تحریر اور کتابوں کی اشاعت تک محدود نہیں رہ گئے ہیں، گو آج بھی یہ دعوت کے بڑے وسائل میں سے ہیں لیکن ان سب سے بڑھ کر تعلیم گاہیں ہیں جو نوخیز نسل کی عقل کو ڈھالتی، اس کے ذوق و رجحان کو متاثر کرتی اور اس کے اندر اپنی مرضی کے افکار و نظریات کا بیج بوتی ہیں، اسی طرح اسپتال ہیں جو مریضوں کا استقبال کرتے ہیں اور انسانی خدمات کے نام سے ان پر اثر انداز ہونے کی کوشش کرتے ہیں۔

اسلام دشمن مشنریز وغیرہ نے امت مسلمہ پر یلغار کے لئے ان وسائل کو استعمال کیا ہے اور وہ امت کی پہچان ختم کرنے اور انہیں ان کے عقیدہ سے منحرف کرنے کے لئے کوشاں ہیں، چنانچہ انہوں نے اس ناپاک مقصد کے لئے اسکول اور اسپتال قائم کئے ہیں اور ان



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پر لاکھوں، کروڑوں ڈالر خرچ کئے ہیں، اس خطرہ کا سب سے زیادہ شکار مسلمان اور بالخصوص وہ مسلم نوجوان ہیں جو اسلامی ملک سے باہر ہوتے ہیں۔

اس لئے اکیڈمی طے کرتی ہے کہ تعلیمی اور سماجی ادارے، اسکول اور اسپتال وغیرہ اگر غیر مسلم ملکوں میں بنائے جائیں تو آج وہ لوازم دعوت میں اور جہاد فی سبیل اللہ کے وسائل میں شمار ہوں گے اور یہ نہ صرف دعوتی کاموں میں معاون ہیں بلکہ فکر وعقیدہ کے اس بگاڑ کے مقابلہ میں جو مشنری اور لادینی اسکول اور ادارے پھیلا رہے ہیں، مسلمانوں کے عقائد اور ان کے دینی تشخص کی حفاظت کے لئے ضرورت کا درجہ رکھتے ہیں، شرط یہ ہے کہ یہ ادارے خالصتاً اسلامی ہوں اور ان کی غرض صرف دعوت وتبلیغ اور عام مسلمانوں کو نفع پہنچانا ہو، محض تجارتی اغراض نہ ہوں جن کا نفع بعض مخصوص افراد اور کسی خاص گروہ تک محدود ہو۔

جہاں تک زکاۃ فنڈ کے قیام کا مسئلہ ہے کہ اصحاب نصاب سے اسے جمع کیا جائے اور شریعت کی طرف سے مقررہ مصارف میں خرچ کیا جائے جن میں سے ایک وہ بھی ہے جو اوپر ذکر ہوا، تو یہ شرعاً ایک اچھا مقصد ہے، کیونکہ اس سے مسلمانوں کے مفادات پورے ہوں گے، بشرطیکہ یہ کام وہ لوگ انجام دیں جو ثقہ اور قابل اعتماد ہوں اور زکاۃ کی وصولی اور تقسیم کے احکام سے واقف ہوں۔

والله ولي التوفيق، وصلى الله على سيدنا محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم تسليماً كثيراً، والحمد لله رب العالمين۔

(نوٹ): شیخ محمد بن جبیر، ڈاکٹر صالح بن فوزان، شیخ محمد بن عبداللہ بن السبیل اور ڈاکٹر بکر ابوزید کی رائے میں "فی سبیل اللہ" کا مصرف "مجاہدین" کے لئے خاص ہے، ڈاکٹر محمد رشید قبانی کا بھی یہی نقطۂ نظر ہے اور ان کی رائے ہے کہ مدارس اور اسپتال وغیرہ کی تعمیر کے مذکورہ مد میں صدقۂ نافلہ خرچ کرنا چاہئے اور ڈاکٹر محمود الصواف کی رائے ہے کہ اسے دیار کفر کے ساتھ خاص نہ کیا جائے بلکہ عام رکھا جائے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر |
| ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف | عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن جبیر | عبداللہ العبدالرحمٰن البسام | صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن عبداللہ بن سبیل | مصطفیٰ احمد زرقاء | محمد محمود صواف |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| صالح بن عثیمین | محمد رشید قبانی | محمد الشاذلی النیفر |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ابوبکر جومی | ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ | محمد الحبیب بن الخوجہ |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر بکر ابوزید | یوسف القرضاوی | محمد بن سالم بن عبدالودود |
| [دستخط] | [.......] | |
| ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ (کنوینر) | ابوالحسن علی الحسنی الندوی | |

(نوٹ: شیخ عبدالقدوس ہاشمی، میجر جنرل محمود شیت خطاب، شیخ حسنین محمد مخلوف اور شیخ مبروک مسعود العوادی اجلاس میں شریک نہیں ہوسکے)۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## چھٹا فیصلہ:

### اونچے ڈگری والے عرض البلد پر واقع علاقوں میں نماز اور روزے کے اوقات

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد،
أما بعد!

اسلامی فقہ اکیڈمی کے نویں سمینار منعقدہ دفتر رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ بروز سنیچر ۱۲/رجب ۱۴۰۶ھ تا روز سنیچر ۱۹/رجب ۱۴۰۶ھ میں اس موضوع پر غور کیا گیا اور روح شریعت کی رعایت کرتے ہوئے جو حرج کو دفع کرنے اور آسانی پیدا کرنے پر مبنی ہے نیز ماہرین فلکیات کی کمیٹی کی طرف سے کی گئی رہنمائی کی روشنی میں مندرجہ ذیل فیصلے کئے گئے:

اول: چونکہ حساب لگانے کے طریقے مختلف ہیں اس لئے اس اختلاف کی وجہ سے پیدا ہونے والے مسائل اور الجھنوں کو دور کرنے کے لئے اوقات نماز کی تحدید ان فلکی علامتوں سے کی جائے گی جو شریعت کی ہدایات نیز ان علامتوں کے آسمان میں سورج کے افق کے اوپر یا نیچے ہونے سے متعلق فلکی حسابات میں بدلنے کی جو توضیحات شرعی اوقات کے ماہرین نے کی ہیں ان سے بھی ہم آہنگ ہوں، یہ درج ذیل ہیں:

**۱- فجر:**

اس کا وقت روشنی کی پہلی دھاری کے نمودار ہونے اور چوڑائی میں افق پر پھیلنے سے شروع ہوتا ہے اسے صبح صادق کہتے ہیں، اس وقت زاویہ مشرقی افق کے نیچے ۱۸/ڈگری پر ہوتا ہے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

### ۲-طلوع آفتاب:

اس کا وقت مشرقی افق کے نیچے سے سورج کی ٹکیا کے اوپری حصہ کے ظہور کی ابتدا سے شروع ہوتا ہے اور زاویہ کا اندازہ افق کے نیچے ۵۰ ڈگری زاویہ کیا جاتا ہے۔

### ۳-ظہر کا وقت:

اس کا وقت سورج کی ٹکیا کے مرکزی حصہ کے دائرہ زوال کو عبور کرنے سے شروع ہوتا ہے، اس وقت سورج دن کی سب سے زیادہ بلندی پر ہوتا ہے اور سر والے اجسام کا سایہ گھٹتے گھٹتے بہت چھوٹا ہو جاتا ہے۔

### ۴-عصر:

اس کا وقت اس وقت شروع ہوتا ہے جب سورج ایسی جگہ پہنچ جائے کہ ہر چیز کا سایہ بشمول اس سایہ کے جو زوال کے وقت تھا اس کے طول کے برابر ہو جائے، اس مقام کا زاویہ زمان ومکان کے فرق سے بدلتا رہتا ہے۔

### ۵-مغرب:

مغربی افق کے نیچے سورج کی ٹکیا کے مکمل طور پر چھپ جانے سے اس کا وقت ہوتا ہے، اس کا زاویہ افق کے نیچے ۵۰/ڈگری زاویہ پر ہوتا ہے۔

### ۶-عشاء:

اس کا وقت سرخ شفق کے غائب ہونے سے ہوتا ہے، جس وقت سورج مغربی افق کے نیچے ۱۷/ڈگری پر چلا جاتا ہے۔

دوم: اوقات کی تعیین کے ساتھ ظہر، عصر، مغرب اور عشاء کے اوقات میں زمانی طور پر دو منٹ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بڑھانے اور فجر اور طلوع آفتاب کے وقت میں دو منٹ گھٹانے پر اکتفاء کیا جائے۔

سوم: اونچی ڈگری والے عرض البلد پر واقع علاقوں کی تین قسمیں ہیں:

منطقہ اولیٰ:

یہ وہ منطقہ ہے جو شمال وجنوب میں ۴۵/اور ۴۸/ڈگری عرض البلد کے درمیان پڑتا ہے۔اس علاقہ میں دن خواہ چھوٹا ہو یا بڑا ۲۴ گھنٹے میں اوقات کی ظاہری علامتیں ممتاز ہوتی ہیں۔

منطقہ ثانیہ:

یہ شمال وجنوب میں ۴۸/ڈگری اور ۶۶/ڈگری عرض البلد کے درمیان واقع ہوتا ہے اور اس علاقہ میں سال کے بعض دنوں میں اوقات کی بعض فلکیاتی علامتیں معدوم ہوجاتی ہیں،مثلاً وہ شفق غائب نہیں ہوتا ہے جس سے عشاء کا وقت شروع ہوتا ہے اور مغرب کا وقت دراز ہوکر فجر میں داخل ہوجاتا ہے۔

منطقہ ثالثہ:

یہ شمال وجنوب میں قطبین کی طرف ۶۶/ڈگری عرض البلد کے اوپر واقع ہوتا ہے اور اس میں سال کے بڑے حصہ میں دن یا رات میں اوقات کی ظاہری علامتیں معدوم ہوجاتی ہیں۔

چہارم: منطقہ اولی کا حکم یہ ہے کہ وہاں کے رہنے والے نمازیں ان کے شرعی اوقات میں ادا کریں گے،شرعی وقت پر روزہ رکھیں گے،یعنی فجر صادق کے ظاہر ہونے سے غروب شمس تک،جیسا کہ نصوص شرعیہ میں ہے،اگر کوئی شخص کسی دن کا روزہ نہ رکھ سکے یا طول وقت کے باعث دن کا روزہ مکمل نہ کرسکے تو دوسرے مناسب دنوں میں قضا کرلے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پنجم: منطقہ ثانیہ کا حکم یہ ہے کہ فجر اور عشاء کی نمازوں کا وقت اس سے قریب تر جگہ جہاں دونوں نمازوں کے اوقات نمایاں ہوں، وہاں کی رات کا اندازہ کر کے متعین کیا جائے، اکیڈمی کی رائے میں ۴۵ رڈگری عرض البلد کا علاقہ اس سلسلہ میں قریب ترین جگہ ہوگی جہاں عبادت اور اوقات میں امتیاز آسان ہوتا ہے، لہذا ۴۵ رڈگری عرض البلد میں اگر عشاء کا وقت مثال کے طور پر ایک تہائی رات کے بعد شروع ہوتا ہے تو اسی وقت میں وہاں بھی عشاء کا وقت سمجھا جائے جہاں تعیین اوقات مطلوب ہے۔ یہی حکم فجر کے بارے میں بھی ہے۔

ششم: منطقہ ثالثہ کا حکم یہ ہے کہ اس میں تمام نمازوں کے اوقات ۴۵ رڈگری عرض البلد والے علاقہ کی نمازوں کے اوقات پر قیاس کر کے متعین کئے جائیں گے، اس طرح کہ قطبین کی جانب ۶۶ رڈگری کے منطقہ میں ۲۴ رگھنٹے کی تقسیم اس طرح کی جائے گی جس طرح ۴۵ رڈگری عرض البلد کے علاقہ میں موجود اوقات کی تقسیم کی جاتی ہے، جو آٹھ گھنٹے کے برابر ہوگا، لہذا اگر سورج آٹھ بجے ڈوبے گا اور عشاء کا وقت ۱۱ ربجے ہوگا تو اسی حساب سے اس جگہ میں بھی تعیین اوقات ہوگی جہاں مطلوب ہے، اور اگر ۶۶ ڈگری عرض البلد والے علاقہ میں فجر کا وقت صبح کے دو بجے ہوگا تو اس مطلوبہ جگہ میں بھی فجر کا وقت اسی طرح مانا جائے گا اور روزہ بھی اس وقت سے شروع ہو کر مقررہ وقت مغرب تک رکھا جائے گا۔

اس کی بنیاد وہ حدیث دجال ہے جس میں آیا ہے کہ "ہم نے پوچھا: یا رسول اللہ! دجال زمین میں کتنے دن ٹھہرے گا، آپؑ نے فرمایا: ۴۰ ردن، ایک دن ایک سال کے برابر، ایک دن ایک مہینہ کے برابر اور ایک دن ایک ہفتہ کے برابر ہوگا، یہاں تک کہ راوی کہتے ہیں کہ ہم نے پوچھا: یا رسول اللہ! جو دن ایک سال کے برابر ہوگا کیا اس میں صرف ایک دن ورات کی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نمازیں پڑھی جائیں گی، فرمایا: نہیں، اس دن کے لئے اس کا اندازہ کرو' (مسلم اور ابوداؤد)۔

نوٹ: استاذ مصطفیٰ احمد زرقاء کی رائے ہے کہ طویل عرض البلد کے علاقوں میں نماز اور روزہ کے لئے حجاز یا جزیرۃ العرب میں سال کے سب سے چھوٹے دن اور رات کو معیار بنایا جائے)۔

**والله ولي التوفيق، والصلاة والسلام على سيدنا محمد، وعلى آله وصحبه أجمعين۔**

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر |
| ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف | عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن جبیر | عبداللہ العبد الرحمٰن البسام | صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن عبداللہ بن سبیل | مصطفیٰ احمد زرقاء | محمد محمود صواف |
| [.....] | [دستخط] | [دستخط] |
| صالح بن عثیمین | محمد رشید قبانی | محمد الشاذلی النیفر |
| [دستخط] | [دستخط] | [.....] |
| ابوبکر جومی | ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ | محمد الحبیب بن الخوجہ |
| [دستخط] | [دستخط] | [.....] |
| ڈاکٹر بکر ابوزید | یوسف القرضاوی | محمد بن سالم بن عبدالودود |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [.......] | [دستخط] |
| ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ | ابوالحسن علی الحسنی الندوی | ڈاکٹر محمد الہواری |
| (کنوینر) | | (فلکیاتی کمیٹی کے نمائندہ) |

(نوٹ: شیخ عبدالقدوس ہاشمی، میجر جنرل محمود شیت خطاب، شیخ حسنین محمد مخلوف اور شیخ مبروک مسعود العوادی اجلاس میں شریک نہیں ہو سکے)۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## ساتواں فیصلہ:

### زکاۃ میں مجاہدین کے حصہ کو ان کی صحت وتربیت اور ذرائع ابلاغ سے متعلق پروجیکٹوں میں صرف کرنا

الحمد لله وحده والصلاة والسلام على من لا نبي بعده سيدنا ونبينا محمد،

أما بعد!

اسلامی فقہ اکیڈمی کے نویں سیمینار منعقدہ دفتر رابطہ عالم اسلامی مکہ مکرمہ بروز سنیچر ۱۲/رجب ۱۴۰۶ھ تا ۱۹/رجب بروز سنیچر ۱۴۰۶ھ میں کویت کی جمعیۃ الاصلاح الاجتماعی کے ماتحت قائم کمیٹی برائے دعوت اسلامی کے صدر کی طرف سے بھیجا گیا یہ سوال زیر بحث آیا کہ کیا افغان مجاہدین کے لئے جمع کئے گئے دعوت اسلامی کے مد کے مال ان کی صحت وتربیت اور ان سے متعلق ذرائع ابلاغ کے پروجیکٹوں میں لگائے جاسکتے ہیں، صدر مجلس نے اجلاس میں اس سوال کے پیش کرنے کا حکم دیا تھا۔

اجلاس نے اس موضوع سے متعلق ممبران کے جوابات پر غور کیا، اس سے پہلے اس موضوع پر منظور کی جانے والی قراردادوں نیز مملکت کے ھیئۃ کبار العلماء کے فتووں کا جائزہ لیا، اس سلسلہ میں جو مباحثے ہوئے ان کو سنا اور یہ فیصلہ کیا کہ سوال میں ذکر کئے گئے مدوں میں ان اموال کو صرف کرنا جائز ہے، اس کے متعدد وجوہ ہیں:

اول: جہاں تک ان کے مستحق ہونے کا تعلق ہے تو بحیثیت مجاہدین اور مہاجرین کے وہ فقراء یا مساکین یا مسافرین ہیں، حتی کہ جو اپنے شہر میں صاحب زمین وجائداد بھی تھا وہ ہجرت



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور جلاوطنی کے بعد ان سے محروم ہو کر مسافر ہو گیا اور فقراء اور محتاجوں پر مال زکاۃ کو خرچ کرنا ان کے کھلانے اور پلانے تک محدود نہیں ہے بلکہ اس میں ہر وہ چیز شامل ہے جس کی انھیں ضرورت ہو اور ان کی زندگی کی تنظیم اس سے ہوتی ہو، ان کی صحت اور تعلیم سے متعلق منصوبے بھی اسی کے ذیل میں آتے ہیں جن کو موجودہ زندگی کی ضرورتوں میں سمجھا جاتا ہے۔

امام نوویؒ نے اپنے شافعی اصحاب سے نقل کیا ہے کہ کفایت میں اعتبار روٹی، کپڑا اور مکان کا ہوگا، ان کے علاوہ ان چیزوں کا اعتبار ہوگا جن کی اسے ضرورت ہو اور جو اس جیسے شخص اور اس کے زیر کفالت افراد کے حسب حال ہوں (المجموع ۶/۱۹۰)۔

امام شافعی کا جملہ "وہ تمام چیزیں جن کی اسے ضرورت ہو" ایک عام جملہ ہے، اس میں زمان ومکان اور احوال کی تبدیلی سے بدلنے والی ضرورتیں بھی داخل ہیں، ہمارے زمانہ میں تعلیم اور صحت کے ادارے نفس اور عقل کی حفاظت کا تتمہ شمار ہوتے ہیں اور یہ دونوں شرع کی معتبر پانچ ضروریات میں داخل ہیں، بلکہ کفایت میں فقہاء نے شادی اور اہل علم کے لئے علمی کتابیں بھی داخل کی ہیں، (حنبلی مسلک کی کتاب) "الانصاف" میں نقل کیا گیا ہے کہ فقیر کے لئے کتابیں خریدنے کے مقصد سے بھی زکاۃ لینی جائز ہے، کیونکہ علمی کتابیں اس کے دینی اور دنیاوی فائدہ کے لئے ضروری ہیں (۳/۱۶۵، ۲۱۸)۔

دوم: اس کے علاوہ سوال میں مذکور منصوبوں میں انفاق مصرف فی سبیل اللہ کے تحت بھی آئے گا، حتی کہ تب بھی جب فی سبیل اللہ کو صرف عسکری جہاد کے لئے مخصوص مانا جائے، کیونکہ جہاد آج صرف مجاہدین کی ذات پر ہی منحصر نہیں، بلکہ داخلی محاذ کو پرامن بنانا اور اس کو قوت فراہم کرنا بھی ایک لازمی جز ہے جسے آج کی اصطلاح میں عسکری اسٹریٹجی کہتے ہیں۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مہاجرین کو جو مشکلات اور مصیبتیں پیش آئی ہیں وہ جنگ کے کچھ اثرات ونتائج ہیں، لہذا ان کی دیکھ ریکھ اور ان کو مناسب زندگی مہیا کرنا، ان کے بچوں کی تعلیم اور علاج کرنا ضروری ہے تاکہ مجاہدین کو یہ اطمینان رہے کہ ان کے اہل وعیال ان کی غیر موجودگی میں ضائع نہیں ہوں گے، اس طرح وہ استقلال و پامردی کے ساتھ محاذ پر ڈٹے رہیں گے، اس جہت سے کوئی بھی کمی اور کمزوری جہاد کو نقصان پہنچائے گی۔

اس کی تائید ایک صحیح حدیث سے بھی ہوتی ہے جس میں ہے: ''من خلف غازياً في أهله بخير فقد غزا'' (جس نے کسی غازی کے اہل وعیال کی خبر گیری کی اس نے بھی جہاد کیا)، اس میں مجاہد اور غازی کے کنبہ کی پرورش کو جہاد وغزوہ میں شمار کیا گیا ہے، لہذا اس میں انفاق بھی جہاد فی سبیل اللہ میں شمار ہوگا۔

اسی بنیاد پر بعض فقہاء نے صراحت کی ہے کہ غازی کو فی سبیل اللہ کی مد سے اس کے اپنے اور اہل وعیال کے اخراجات کے لئے دیا جائے گا جو اس کے جانے، ٹھہرنے اور واپس آنے کے لئے ہو (المجموع ۶/۲۲۷)۔

جہاں تک ذرائع ابلاغ کی سرگرمیوں کا تعلق ہے تو آج یہ بھی کامیاب جنگ کے لوازم میں شمار ہوتا ہے اور فوجی امور کے ماہرین اس پر متفق ہیں۔ مجاہدین کو جہاد پر آمادہ کرنے اور ان کی معنوی روح کو تقویت پہنچانے کے لئے یہ ضروری ہیں، ان کے پس پشت شہریوں اور معاونین کے دلوں میں اعتماد بحال رکھنے اور بھروسہ قائم رکھنے کے لئے بھی یہ لازمی ہیں، دشمنوں کے دلوں میں خوف پیدا کرنے کے لئے بھی یہ ضروری ہیں، کیونکہ فتح رعب سے بھی ملتی ہے، اسی طرح رائے عامہ کو اپنے حق میں ہموار کرنے اور اپنے مسئلہ کی حمایت حاصل کرنے کے لئے بھی یہ تمام سرگرمیاں ضروری ہیں۔ اور شرعی اصول ہے کہ واجب کے حصول کا ذریعہ بھی واجب کے حکم میں ہوتا ہے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس کے علاوہ یہ جہاد باللسان کی ایک قسم ہے جو رسول اللہ ﷺ کے اس فرمان کے عموم میں داخل ہے:"وجاهدوا المشركين بأموالكم وأنفسكم وألسنتكم" (مشرکین سے اپنے مال، اپنی جان اور اپنی زبان سے جہاد کرو)۔

اسی بنیاد پر اکیڈمی کی رائے میں سوال میں مذکور مدات میں اموال زکاۃ کو صرف کرنا جائز ہے، واللہ اعلم۔

والله ولي التوفيق، وصلى الله على سيدنا محمد، وعلى آله وصحبه وسلم، تسليماً كثيراً، والحمد لله رب العالمين۔

نوٹ: شیخ صالح بن فوزان کی رائے ہے کہ زکاۃ کو آٹھ مصارف میں محدود رکھا جائے، شیخ محمد بن عبد اللہ بن السبیل اور ڈاکٹر بکر ابو زید کے نزدیک فی سبیل اللہ کا مصرف مجاہدین کے لئے خاص ہے اور شیخ محمد رشید قبانی کی رائے میں فی سبیل اللہ کی رقم صرف رضا کار مجاہدین اور آلات حرب پر خرچ ہوگی، سوال میں مذکور مقاصد کے حصول کے لئے نفلی صدقات خرچ کئے جائیں)۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر |
| ڈاکٹر عبد اللہ عمر نصیف | عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز |

ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن جبیر | عبد اللہ العبد الرحمٰن البسام | صالح بن فوزان بن عبد اللہ الفوزان |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن عبداللہ بن سبیل | مصطفیٰ احمد زرقاء | محمد محمود صواف |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| صالح بن عثیمین | محمد رشید قبانی | محمد الشاذلی النیفر |
| [دستخط] | [دستخط] | [.....] |
| ابوبکر جومی | ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ | محمد الحبیب بن الخوجہ |
| [دستخط] | [دستخط] | [.....] |
| ڈاکٹر بکر ابوزید | یوسف القرضاوی | محمد بن سالم بن عبدالودود |
| [دستخط] | [.......] | |
| ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ | ابوالحسن علی الحسنی الندوی | |
| (کنوینز) | | |

(نوٹ: شیخ عبدالقدوس ہاشمی، میجر جنرل محمود شیت خطاب، شیخ حسنین محمد مخلوف اور شیخ مبروک مسعود العوادی اجلاس میں شریک نہیں ہو سکے)۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# دسویں سمینار

منعقدہ ۲۴-۲۸ صفر المظفر ۱۴۰۸ھ

مطابق ۱۷-۲۱ اکتوبر ۱۹۸۷ء

کے فیصلے

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

☆☆☆

☆ پہلا فیصلہ: لاش کا پوسٹ مارٹم

☆ دوسرا فیصلہ: موت کے بارے میں قطعی حکم اور انسانی جسم سے طبی آلات کی علاحدگی

☆ تیسرا فیصلہ: باکسنگ، فری اسٹائل فائٹنگ اور بیل کے ساتھ کشتی

☆ چوتھا فیصلہ: بجلی کے شاک سے ماکول اللحم جانور ذبح کرنا

☆ پانچواں فیصلہ: ''بنکوں کے بارے میں شریعت اسلامی کا موقف'' کے
موضوع پر مشیر قانونی ابراہیم بن عبداللہ الناصر کی تحقیق اور اس کا جائزہ

☆ چھٹا فیصلہ: بین الاقوامی اسلامی ریلیف کمیٹی شمالی امریکہ کے سوالات

☆ ساتواں فیصلہ: رابطہ کو مال اور سامان کی صورت میں حاصل ہونے والے عطیات
اور ان کے مصارف سے متعلق رابطہ کے اسلامی ریلیف بورڈ کے سوالات

☆ آٹھواں فیصلہ: کیسٹ میں قرآن کریم کی ریکارڈنگ

☆ نواں فیصلہ: مختلف مسالک کے درمیان فقہی اختلاف
اور ان کے بعض متبعین کا مسلکی تعصب

☆ دسواں فیصلہ: افغانستان کے بارے میں عالم اسلام کی حکومتوں اور عوام سے اپیل

☆ گیارہواں فیصلہ: وقف کی آمدنی کو خرچ کرنے سے متعلق
جناب ابوبکر محی الدین کا سوال

☆ بارہواں فیصلہ: مسئلہ فلسطین پر عالم اسلام کی حکومتوں اور عوام سے اپیل

☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پہلا فیصلہ:

## لاش کا پوسٹ مارٹم

**الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد وعلى آله وصحبه وسلم۔**

رابطہ عالم اسلامی کے ماتحت قائم اسلامی فقہ اکیڈمی کے دسویں اجلاس منعقدہ مکہ مکرمہ مؤرخہ ۲۴-۲۸/صفر ۱۴۰۸ھ مطابق ۱۷-۲۱/اکتوبر ۱۹۸۷ء میں مذکورہ موضوع پر غور وخوض اور مباحثہ کیا گیا۔

اکیڈمی نے محسوس کیا کہ لاشوں کا پوسٹ مارٹم ایک ایسی ضرورت ہے جس کی بنیاد پر پوسٹ مارٹم کی مصلحت انسانی لاش کی بے حرمتی کے مفسدہ پر فوقیت رکھتی ہے۔

چنانچہ اکیڈمی نے درج ذیل فیصلے کئے:

اول: مندرجہ ذیل مقاصد کے تحت لاشوں کا پوسٹ مارٹم جائز ہے:

الف- اگر تعزیراتی مقدمہ میں موت یا جرم کے اسباب کی دریافت قاضی کے لئے دشوار ہو اور پوسٹ مارٹم کے ذریعہ ہی اس کی دریافت ہو سکتی ہو۔

ب- اگر پوسٹ مارٹم کے متقاضی امراض کی دریافت مطلوب ہو تا کہ اس کی روشنی میں ان امراض کے لئے مناسب علاج اور ضروری احتیاطی اقدامات کئے جا سکیں۔

ج- اگر طب کی تعلیم وتدریس مقصود ہو جیسا کہ میڈیکل کالجز میں رائج ہے۔

دوم: بغرض تعلیم پوسٹ مارٹم میں درج ذیل شرائط کی رعایت ضروری ہے:



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الف۔ لاش اگر کسی معلوم شخص کی ہو تو موت سے قبل حاصل کی گئی خود اس کی اجازت یا موت کے بعد وارثین کی اجازت ضروری ہے، معصوم الدم لاش کا پوسٹ مارٹم بغیر ضرورت کے نہیں ہونا چاہئے۔

ب۔ پوسٹ مارٹم بقدر ضرورت ہی کیا جائے تا کہ لاشوں کے ساتھ کھلواڑ کی صورت نہ پیدا ہو۔

ج۔ خواتین کی لاشوں کا پوسٹ مارٹم خواتین ڈاکٹروں کے ذریعہ ہی کرنا ضروری ہے سوائے اس صورت کے جب خاتون ڈاکٹرس نہ ملیں۔

سوم: تمام حالات میں پوسٹ مارٹم شدہ لاش کے تمام اجزاء کی تدفین واجب ہے۔

**وصلی اللہ علی سیدنا محمد، وعلی آلہ وصحبه، وسلم تسلیماً کثیراً، والحمد للہ رب العالمین۔**

نوٹ: شیخ صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان کو طبی تعلیم کے مقصد سے مسلم لاش کے پوسٹ مارٹم کے جواز سے اتفاق نہیں ہے، اسی طرح محمد بن عبداللہ السبیل کو دفعہ اول کی شق "ج" کے بارے میں تحفظ ہے اور ڈاکٹر بکر ابوزید اس کے مخالف ہیں اور تعلیم اور امراض کی تحقیق کے لئے مسلم لاش کے پوسٹ مارٹم کے جواز سے متفق نہیں ہیں۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف | عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن جبیر | ڈاکٹر بکر عبداللہ ابوزید | عبداللہ العبدالرحمٰن البسام |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان | محمد بن عبداللہ بن السبیل | مصطفیٰ احمد الزرقاء |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد محمود الصواف | ابوالحسن علی الحسنی الندوی | محمد رشید راغب قبانی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد الشاذلی النیفر | ابوبکر جومی | ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ |
| [دستخط] | [دستخط] | [کنوینر] |
| محمد الحبیب بن الخوجہ | محمد سالم بن عبدالودود | ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ |

ڈاکٹر یوسف القرضاوی، شیخ صالح بن عثیمین، شیخ عبدالقدوس الہاشمی، میجر جنرل محمود شیت خطاب، شیخ حسنین محمد مخلوف اور شیخ مبروک مسعود العوادی اس اجلاس میں شریک نہیں ہوسکے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# دوسرا فیصلہ:

## موت کے بارے میں قطعی حکم اور انسانی جسم سے طبی آلات کی علاحدگی

**الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد وعلى آله وصحبه وسلم، أما بعد!**

اسلامی فقہ اکیڈمی نے اپنے دسویں سمینار منعقدہ مکہ مکرمہ بروز سنیچر ۲۴ر صفر ۱۴۰۸ھ مطابق ۱۷ر اکتوبر ۱۹۸۷ء تا روز بدھ ۲۸ر صفر ۱۴۰۸ھ مطابق ۲۱ر اکتوبر ۱۹۸۷ء میں اس موضوع پر غور کیا کہ کیا یقینی طبی علامات کے ذریعہ موت کا فیصلہ کیا جاسکتا ہے اور یہ کہ شدید نگہداشت (Intensive Care) کی حالت میں مریض کے جسم سے لگے ہوئے زندہ رکھنے کے آلات کو ہٹا لینے کا کیا حکم ہے؟ اجلاس میں سعودی عرب کی وزارت صحت نیز ماہر اطباء کی طرف سے پیش کئے گئے زبانی اور تحریری بیانات و آراء پر غور کیا گیا، اجلاس میں تنظیم اسلامی کانفرنس کے ماتحت قائم اسلامی فقہ اکیڈمی جدہ کے اجلاس منعقدہ عمان (اردن) میں اس سلسلہ میں کئے گئے فیصلہ نمبر (۵) مؤرخہ ۳ر ۷ر ۱۹۸۶ء کو بھی پیش نظر رکھا گیا۔

موضوع کے تمام پہلوؤں پر غور وخوض کے بعد اکیڈمی نے درج ذیل فیصلے کئے:

جس مریض کے جسم میں زندگی برقرار رکھنے والے آلات لگے ہوں، اگر اس کے دماغ کی کارکردگی مکمل طور پر بند ہوجائے اور تین ماہر ڈاکٹر اس بات پر متفق ہوں کہ اب دماغ کی یہ کارکردگی دوبارہ بحال نہیں ہوسکتی تو اس مریض کے جسم سے لگے ہوئے آلات ہٹا لینا



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

درست ہے، خواہ ان آلات کی وجہ سے مریض میں حرکت قلب اور نظام تنفس قائم ہو، البتہ مریض کی موت شرعاً اس وقت سے معتبر مانی جائے گی جب ان آلات کے ہٹانے کے بعد قلب اور تنفس اپنا کام بند کردیں۔

**وصلى الله على سيدنا محمد، وعلى آله وصحبه وسلم تسليماً كثيراً،**

**والحمد لله رب العالمين۔**

نوٹ: شیخ محمد بن جبیر کے نزدیک اگر ڈاکٹر فیصلہ کردیں کہ مریض کے دماغ کی پوری کارکردگی ختم ہو چکی ہے تو اسے مردہ قرار دے دیا جائے گا اور شیخ مصطفیٰ احمد زرقاء کو بھی مذکورہ فیصلہ کے آخری جزء ''البتہ مریض کی موت شرعاً....الخ'' سے اختلاف ہے۔

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف | عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن جبیر | ڈاکٹر بکر عبداللہ ابوزید | عبداللہ العبدالرحمٰن البسام |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان | محمد بن عبداللہ بن السبیل | مصطفیٰ احمد الزرقاء |
| [دستخط] | [دستخط نہیں ہے] | [دستخط] |
| محمد محمود الصواف | ابوالحسن علی الحسنی الندوی | محمد رشید راغب قبانی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد الشاذلی النیفر | ابوبکر جومی | ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [کنوینر] |
| محمد الحبیب بن الخوجہ | محمد سالم بن عبدالودود | ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ |

ڈاکٹر یوسف القرضاوی، شیخ صالح بن عثیمین، شیخ عبدالقدوس الہاشمی، میجر جنرل محمود شیت خطاب، شیخ حسنین محمد مخلوف اور شیخ مبروک مسعود العوادی اس اجلاس میں شریک نہیں ہو سکے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## تیسرا فیصلہ:

### باکسنگ، فری اسٹائل فائٹنگ اور بیل کے ساتھ کشتی

**الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد صلى الله عليه، وعلى آله وصحبه، وسلم ، أما بعد!**

رابطہ عالم اسلامی کے ماتحت قائم اسلامی فقہ اکیڈمی نے اپنے دسویں سمینار منعقدہ مکہ مکرمہ از سنیچر ۲۴ رصفر ۱۴۰۸ھ مطابق ۱۷/ اکتوبر ۱۹۸۷ء تا بدھ ۲۸ رصفر ۱۴۰۸ھ مطابق ۲۱/ اکتوبر ۱۹۸۷ء میں باکسنگ، فری اسٹائل فائٹنگ جنہیں صحیح جسمانی ورزش تصور کیا جاتا ہے نیز بعض غیر مسلم ممالک میں رائج بیلوں کے ساتھ کشتی کے موضوع پر غور کیا، ورزشی کھیلوں کے نام پر ہونے والی ان کشتیوں کو اسلامی اور غیر اسلامی ممالک میں ٹیلی ویژن کے پروگراموں پر بھی نشر کیا جاتا ہے، اس سلسلہ میں اکیڈمی کے گذشتہ اجلاس میں تشکیل دی گئی ماہر اطباء کی کمیٹی کی تحقیقات اور ان کھیلوں کے خطرناک نتائج کے اعداد وشمار پر غور کرنے کے بعد درج ذیل فیصلے کئے گئے:

**اول: باکسنگ:**

اجلاس کی متفقہ رائے ہے کہ ان دنوں باکسنگ (مکے بازی) کے جو مقابلے منعقد ہوتے ہیں وہ شریعت اسلامی میں بالکل حرام ہیں، کیونکہ ان میں فریق مقابل کو ایسی شدید جسمانی اذیت پہنچانے کو بالکل جائز تصور کیا جاتا ہے جس سے ہوسکتا ہے کہ مد مقابل اندھے پن، سخت نقصان، دماغی چوٹ یا گہرے ٹوٹ پھوٹ بلکہ موت سے بھی دوچار ہوجائے، اس میں مارنے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والے پر اس نقصان کی کوئی ذمہ داری بھی عائد نہیں ہوتی ہے، جیتنے والے کے حامیوں کو اس کی جیت پر خوشی اور مدمقابل کی اذیت پر مسرت ہوتی ہے جو اسلام میں ہر اعتبار سے حرام اور نا قابل قبول ہے، اللہ تعالی کا ارشاد ہے: "ولا تلقوا بأيديكم إلى التهلكة" [سورہ البقرہ/ ۱۹۵] (اور اپنے آپ کو اپنے ہاتھوں تباہی میں مت ڈالو) نیز ارشاد ہے: "ولا تقتلوا أنفسكم إن الله كان بكم رحيماً" [سورہ النساء/ ۲۹] (اور تم اپنے نفسوں کو قتل نہ کرو، بلا شبہ اللہ تعالیٰ تم پر بڑا مہربان ہے)۔

نبی کریم ﷺ کا فرمان ہے: "لا ضرر ولا ضرار" (نہ نقصان اٹھاؤ اور نہ نقصان پہنچاؤ)۔

فقہاء اسلام نے صراحت سے لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص اپنا خون دوسرے کے لئے مباح کر دے اور کہے کہ مجھے قتل کر دو تو بھی اس کا قتل جائز نہیں ہے، اگر دوسرا شخص ایسا کرتا ہے تو وہ اس کا ذمہ دار اور سزا کا مستحق ہوگا۔

لہذا اکیڈمی طے کرتی ہے کہ باکسنگ نہ تو جائز ہے اور نہ اسے جسمانی ورزش کا نام دینا صحیح ہے، کیونکہ ورزش میں مشقت ہوتی ہے، دوسرے کو ایذاء یا ضرر پہنچانا نہیں ہوتا، علاقائی ورزشی پروگراموں کی فہرست سے اسے خارج کرنا اور اس کے عالمی مقابلوں میں شرکت نہ کرنا واجب ہے، اکیڈمی یہ بھی فیصلہ کرتی ہے کہ ٹی وی پروگراموں پر انہیں نشر کرنا جائز نہیں ہے، تا کہ نئی نسل کے بچے انہیں سیکھنے اور نقل کرنے سے محفوظ رہیں۔

## دوم: فری اسٹائل فائٹنگ:

فری اسٹائل فائٹنگ جس میں لڑنے والے ایک دوسرے کی ایذا رسانی کو مباح سمجھتے ہیں، اکیڈمی کے اس اجلاس کے خیال میں پوری طرح باکسنگ کے مشابہ ہے، دونوں کی ظاہری شکلوں میں فرق کے باوجود وہ تمام شرعی ممنوعات جن کا باکسنگ کے تحت ذکر ہوا، فری اسٹائل



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فائٹنگ میں بھی پائی جاتی ہیں جن کے مقابلے منعقد ہوتے ہیں، لہذا یہ بھی شرعاً حرام ہیں، کشتی کی دوسری شکلیں جو محض جسمانی ورزش کے لئے کھیلی جاتی ہیں اوران میں ایذاء رسانی کو مباح نہیں سمجھا جاتا ہے شرعاً جائز ہیں، اوراجلاس کے خیال میں ان میں کوئی شرعی مانع نہیں ہے۔

## سوم: بیلوں کے ساتھ کشتی:

بعض ممالک میں بیلوں کے ساتھ کشتی کا رواج ہے، اس میں تربیت یافتہ مسلح انسان اپنی مہارت سے مدمقابل بیل کو موت کے گھاٹ اتار دیتا ہے، اسلام کی نظر میں یہ بھی شرعاً حرام ہے، کیونکہ اس میں جانور کو ایذاء پہنچا کر اور جسم میں نیزے بھونک کر قتل کیا جاتا ہے اور بیشتر اوقات خود بیل بھی اپنے مقابل انسان کو ختم کر دیتا ہے، یہ لڑائی ایک وحشیانہ عمل ہے جسے اسلامی شریعت تسلیم نہیں کرتی ہے، رسول کریم ﷺ سے صحیح حدیث میں مروی ہے کہ "ایک عورت نے ایک بلی کو باندھ رکھا تھا، نہ اسے کھلاتی پلاتی تھی اور نہ اسے چھوڑتی ہی تھی کہ وہ خود گھوم پھر کر زمین سے کھالے، اپنے اس عمل کی وجہ سے وہ عورت جہنم میں ڈالی گئی"، لہذا جب بلی کو باندھ کر رکھنے سے قیامت کے دن جہنم میں داخل ہونا پڑے تو بیل کو اسلحہ سے تکلیف پہنچا پہنچا کر مار ڈالنا کیونکر درست ہوسکتا ہے۔

## چہارم: جانوروں کی لڑائی:

اکیڈمی طے کرتی ہے کہ بعض ممالک میں اونٹوں، مینڈھوں، مرغوں وغیرہ کے لڑانے کا جو رواج ہے جن میں ایک جانور دوسرے کو زخمی یا ختم کر دیتا ہے، یہ بھی حرام ہے۔

وصلى الله على سيدنا محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم تسليماً كثيراً،

والحمد لله رب العالمين۔

اس موضوع کے مناقشہ میں ڈاکٹر محمد عبداللہ عبدالواحد بھی کویت سے تشریف لائے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف | عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن جبیر | ڈاکٹر بکر عبداللہ ابوزید | عبداللہ العبدالرحمٰن البسام |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان | محمد بن عبداللہ بن السبیل | مصطفیٰ احمد الزرقاء |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد محمود الصواف | ابوالحسن علی الحسنی الندوی | محمد رشید راغب قبانی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد الشاذلی النیفر | ابوبکر جومی | ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ |
| [دستخط] | [دستخط] | [کنوینر] |
| محمد الحبیب بن الخوجہ | محمد سالم بن عبدالودود | ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ |

ڈاکٹر یوسف القرضاوی، شیخ صالح بن عثیمین، شیخ عبدالقدوس الہاشمی، میجر جنرل محمود شیت خطاب، شیخ حسنین محمد مخلوف اور شیخ مبروک مسعود العوادی اس اجلاس میں شریک نہیں ہوسکے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چوتھا فیصلہ:

## بجلی کے شاک سے ماکول اللحم جانور ذبح کرنا

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا محمد وعلى آله وصحبه، وسلم۔ أما بعد!

اکیڈمی نے اس موضوع پر غور وفکر اور بحث ومباحثہ کے بعد درج ذیل فیصلے کئے:

اول: اگر ماکول اللحم جانور کو بجلی کا شاک لگایا جائے، پھر اسے زندہ حالت میں ذبح یا نحر کیا جائے تو یہ شرعی ذبح ہے اور اس جانور کا کھانا اس آیت قرآنی کے عموم کی وجہ سے حلال ہے:

"حرمت عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير وما أهل لغير الله به والمنخنقة والموقوذة والمتردية والنطيحة وما أكل السبع إلا ما ذكيتم"

[سورہ المائدہ/۳] (تم پر حرام کئے گئے ہیں مردار اور خون اور خنزیر کا گوشت اور جو جانور کہ غیر اللہ کے نامزد کر دیا گیا ہو اور جو گلا گھٹنے سے مر جاوے اور جو کسی ضرب سے مر جاوے اور جو اونچے سے گر کر مر جاوے اور جو کسی کی ٹکر سے مر جاوے اور جس کو کوئی درندہ کھانے لگے لیکن جس کو ذبح کر ڈالو)۔

دوم: وہ جانور جسے بجلی کا شاک دیا جائے اور ذبح یا نحر کرنے سے پہلے اس کی روح نکل جائے مردار ہے، اس کا کھانا حرام ہے، اس لئے کہ اللہ تعالی کا ارشاد: "حرمت عليكم الميتة..." عام ہے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سوم: بجلی کے انتہائی تیز شاک لگانا ذبح سے پہلے جانور کو تکلیف پہنچانا ہے جو اسلام میں ممنوع ہے، اسلام جانور کے ساتھ شفقت اور نرمی کا حکم دیتا ہے، نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے: اللہ تعالیٰ نے ہر کام میں اچھائی اور نرمی کا حکم دیا ہے، پس جب تم قتل کرو تو حسن سلوک اور نرمی کے ساتھ قتل کرو اور ذبح کرو تو حسن سلوک اور نرمی کے ساتھ ذبح کرو' اور اپنی چھری کو تیز کرلو اور جانور کو راحت پہنچاؤ (مسلم)۔

چہارم: اگر بجلی کے شاک ہلکے اور معمولی ہوں کہ جانور کو اس سے تکلیف نہ پہنچتی ہو اور اس سے مقصود یہ ہو کہ ذبح سے جانور کو کم سے کم تکلیف پہنچے اور اس کی قوت مدافعت میں کمی آجائے تو اس مصلحت کے پیش نظر اس میں شرعاً کوئی حرج نہیں ہے۔

وصلی اللہ علی سیدنا محمد، وعلی آلہ وصحبہ، وسلم تسلیماً کثیراً، والحمد للہ رب العالمین۔

[دستخط]
نائب صدر
ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف

[دستخط]
صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز

## ممبران

[دستخط]
محمد بن جبیر

[دستخط]
ڈاکٹر بکر عبداللہ ابوزید

[دستخط]
عبداللہ العبدالرحمٰن البسام

[دستخط]
صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان

[دستخط]
محمد بن عبداللہ بن السبیل

[دستخط]
مصطفیٰ احمد الزرقاء

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
ابوالحسن علی الحسنی الندوی

[دستخط]
محمد رشید راغب قبانی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد الشاذلی النیفر | ابوبکر جومی | ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ |
| [دستخط] | [دستخط] | [کنوینر] |
| محمد الحبیب بن الخوجہ | محمد سالم بن عبدالودود | ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ |

ڈاکٹر یوسف القرضاوی، شیخ صالح بن عثیمین، شیخ عبدالقدوس الہاشمی، میجر جنرل محمود شیت خطاب، شیخ حسنین محمد مخلوف اور شیخ مبروک مسعود العوادی اس اجلاس میں شریک نہیں ہوسکے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پانچواں فیصلہ:

## "بنکوں کے بارے میں شریعت اسلامی کا موقف" کے موضوع پر مشیر قانونی ابراہیم بن عبداللہ الناصر کی تحقیق اور اس کا جائزہ

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام علی من لا نبي بعده، سیدنا ونبینا محمد، وعلی آله وصحبه، وسلم۔

رابطہ عالم اسلامی کے تحت قائم اسلامی فقہ اکیڈمی نے اپنے دسویں سمینار منعقدہ مکہ مکرمہ بروز شنبہ ۲۴ر صفر ۱۴۰۸ھ مطابق ۱۷ر اکتوبر ۱۹۸۷ء تا بدھ ۲۸ر صفر ۱۴۰۸ھ مطابق ۲۱ر اکتوبر ۱۹۸۷ء میں مؤسسۃ النقد السعودی کے مشیر قانونی ابراہیم عبد اللہ الناصر کے مقالہ کا جائزہ لیا جس میں سودی قرض اور متعین شرح پر مضاربت کے جواز کا دعوی کیا گیا ہے۔

اکیڈمی اس تحریر کو درج ذیل وجوہات کی بناء پر بالکل ہی غلط اور باطل قرار دیتی ہے۔

اول: مقالہ نگار نے سودی قرض جس کے بارے میں قرآنی حکم نازل ہوا تھا کو دور جاہلیت کے ربا سے علاحدہ قرار دیتے ہوئے جائز قرار دیا ہے، یہ قرآن و حدیث اور اجماع کے سراسر خلاف ہے۔

دوم: دین کے بنیادی اور لازمی امور سے ناواقفیت کی بناء پر یا تجاہل برتتے ہوئے حقائق کو الٹ پلٹ کر پیش کیا گیا ہے اور بنک سے سودی قرض لینے کو مباح تجارت اور مشروع مضاربت تصور کیا گیا ہے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سوم: بعض معاصرین کی بے بنیاد اور دلائل سے عاری تحریروں کا سہارا لے کر مقررہ شرح منفعت کے ساتھ مضاربت کو درست قرار دیا گیا ہے جو فقہاء کی متفقہ رائے کے خلاف ہے۔

چہارم: ظالمانہ اور جسارت آمیز دعوی کیا گیا ہے کہ غیر سودی بنکوں کا قیام ناممکن ہے اور بنکوں کے بغیر اسلام کے لئے طاقت کا حصول ناممکن ہے اور سودی قرض دینے والے بنک زندگی کے لئے لازمی مصلحت ہیں، حالانکہ امت مسلمہ بغیر بنکوں کے اب تک پوری قوت کے ساتھ موجود رہی ہے اور خود موجودہ دور میں متعدد اسلامی ممالک میں سرمایہ کار بنکوں کا قیام مذکورہ دعوی کو کھوکھلا ثابت کرنے کے لئے کافی ہے۔

نیز یہ دعوی کہ سودی قرض دینے والے بنک لوگوں کی مصلحت آمیز ضرورت ہیں، بالکل غلط ہے، حقیقت یہ ہے کہ سود لوگوں کے لئے مفسدہ ہے، اگر اسے مصلحت کہا بھی جائے تو یہ از روئے شرع ناقابل اعتبار ہے، کیونکہ سود کی حرمت دلائل سے ثابت ہے۔

پنجم: مذکورہ تحریر کو اجتہاد کا نام دیا گیا ہے، حالانکہ واضح نصوص اور قطعی اجماع کی مخالفت کی وجہ سے ایسا اجتہاد باطل ہے، اس میں مقاصد شریعت سے نابلد لوگوں کے بودے اور بے بنیاد شبہات کو نقل کر کر کے کہا گیا ہے کہ قرض کی مدت کے دوران قرض دینے والا اپنے مال سے محروم رہتا ہے اور سود اسی محرومی کا عوض ہوتا ہے، یہ سود کو حلال کرنے کی یہودی کوشش کے مشابہ ہے۔

اکیڈمی اسلامی شریعت کے موضوع پر لکھنے والے تمام لوگوں کو متنبہ کرتی ہے کہ وہ اللہ سے ڈریں اور جو کچھ بھی لکھیں واضح دلائل کی بنیاد پر لکھیں، ان کی ہر تحقیق بصیرت کی بنیاد پر ہو، وہ شبہات پھیلانے اور مسلمانوں کے دین کو ان کی نظر میں مشتبہ بنانے سے باز رہیں، اللہ کا قول برحق ہے اور ہدایت اسی کے ہاتھ میں ہے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وصلى الله على نبينا وسيدنا محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم تسليماً كثيراً،
والحمد لله رب العالمين۔

[دستخط]
نائب صدر
ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف

[دستخط]
صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز

## ممبران

[دستخط]
محمد بن جبیر

[دستخط]
ڈاکٹر بکر عبداللہ ابوزید

[دستخط]
عبداللہ العبد الرحمٰن البسام

[دستخط]
صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان

[دستخط]
محمد بن عبداللہ بن السبیل

[دستخط]
مصطفیٰ احمد الزرقاء

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
ابوالحسن علی الحسنی الندوی

[دستخط]
محمد رشید راغب قبانی

[دستخط]
محمد الشاذلی النیفر

[دستخط]
ابوبکر جومی

[دستخط]
ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ

[دستخط]
محمد الحبیب بن الخوجہ

[دستخط]
محمد سالم بن عبدالودود

[کنوینر]
ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ

ڈاکٹر یوسف القرضاوی، شیخ صالح بن عثیمین، شیخ عبدالقدوس الہاشمی، میجر جنرل محمود شیت خطاب، شیخ حسنین محمد مخلوف اور شیخ مبروک مسعود العوادی اس اجلاس میں شریک نہیں ہوسکے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چھٹا فیصلہ:

## بین الاقوامی اسلامی ریلیف کمیٹی شمالی امریکہ کے سوالات

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد وعلى آله وصحبه وسلم۔ أما بعد!

رابطہ عالم اسلامی کے ماتحت قائم اسلامی فقہ اکیڈمی کے دسویں سمینار منعقدہ مکہ مکرمہ از روز سنیچر ۲۴ رصفر ۱۴۰۸ھ مطابق ۱۷ر اکتوبر ۱۹۸۷ء تا روز بدھ ۲۸ رصفر ۱۴۰۸ھ مطابق ۲۱ر اکتوبر ۱۹۸۷ء میں بین الاقوامی اسلامی ریلیف کمیٹی کی طرف سے پیش کئے گئے مندرجہ ذیل دوسوالات زیر بحث آئے:

پہلا سوال: غیر مسلموں سے اعانت و چندہ لینا کیسا ہے؟

دوسرا سوال: کیا کسی ادارہ میں کام کرنے والوں کو آمدنی کا اتنا حصہ جو پندرہ فیصد (۱۵٪) سے زیادہ نہ ہو، اس غرض سے دیا جاسکتا ہے کہ اس سے ان کی ضروریات زندگی پوری ہوں اور کام کا تسلسل برقرار رہے؟

مذکورہ دونوں سوالات پر غور وخوض کیا گیا، پہلے سوال کے متعلق یہ فیصلہ کیا گیا کہ:

اگر یہ اعانت صرف مالی ہو اور دینے والوں کی طرف سے اطمینان ہو، نیز یہ کہ اس کے لینے سے مسلمانوں کو اس قسم کا کوئی نقصان بھی نہ ہو کہ دینے والے اس سے اپنے مسلمان مخالف مقاصد پورے کریں یا اعانت دے کر انہیں ذلیل کریں تو اس صورت میں اجلاس کی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رائے ہے کہ یہ محض ایک تعاون اور مدد ہے اور اس کے قبول کرنے میں کوئی حرج نہیں، نبی کریم ﷺ سے ثابت ہے کہ آپ ﷺ ابن حضرمی کی دیت کے سلسلہ میں تعاون طلب کرنے کے لئے بنونضیر کے یہودیوں کے پاس تشریف لے گئے تھے جن سے آپ ﷺ کا معاہدہ تھا۔

دوسرے سوال کے بارے میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ:

مقررہ تناسب سے لینے میں کوئی حرج نہیں ہے، البتہ اجلاس کی رائے میں تناسب متعین نہ کیا جائے، انہیں اجرت مثل یا اس سے کم دی جائے اور ان کو کاموں کے بقدر دیا جائے، کیونکہ یہ اموال دراصل مصیبت زدہ اور پریشان حال لوگوں کی اعانت کے لئے ہوتے ہیں، لہذا ان کو ان ہی مصارف میں صرف کرنا ضروری ہے جن کے لئے یہ حاصل کئے گئے ہیں، کام کرنے والوں کو ان کے کام کے مطابق اجرت دی جاسکتی ہے جس طرح زکاۃ کی رقم سے عاملین کو اجرت دی جاتی ہے، البتہ یہ ضروری ہے کہ پہلے ایسے لوگ تلاش کئے جائیں جو رضا کارانہ ان کاموں کو انجام دینے کے لئے تیار ہوں، اسی طرح یہ بھی دیکھا جائے کہ جو لوگ کام کررہے ہیں ان کی واقعی ضرورت کیا ہے، اس کا اندازہ اسلامی اداروں اور تنظیموں کے ذمہ داران خود لگائیں، کام کرنے والوں پر نہ چھوڑ دیں۔

اسلامی اداروں اور تنظیموں کی انتظامی کمیٹی یا ان کے نظام کے مطابق عمومی میٹنگوں میں اس کا تعین کیا جائے۔

وصلی اللہ علی سیدنا محمد، وعلی آلہ وصحبہ، وسلم تسلیماً کثیراً، والحمد للہ رب العالمین۔

[دستخط]
نائب صدر
ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف

[دستخط]
صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن جبیر | ڈاکٹر بکر عبداللہ ابوزید | عبداللہ العبد الرحمٰن البسام |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان | محمد بن عبداللہ بن السبیل | مصطفیٰ احمد الزرقاء |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد محمود الصواف | ابوالحسن علی الحسنی الندوی | محمد رشید راغب قبانی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد الشاذلی النیفر | ابوبکر جومی | ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ |
| [دستخط] | [دستخط] | [کنوینر] |
| محمد الحبیب بن الخوجہ | محمد سالم بن عبدالودود | ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ |

ڈاکٹر یوسف القرضاوی، شیخ صالح بن عثیمین، شیخ عبدالقدوس الہاشمی، میجر جنرل محمود شیت خطاب، شیخ حسنین محمد مخلوف اور شیخ مبروک مسعود العوادی اس اجلاس میں شریک نہیں ہو سکے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# ساتواں فیصلہ:

## رابطہ کو مال اور سامان کی صورت میں حاصل ہونے والے عطیات اور ان کے مصارف سے متعلق رابطہ کے اسلامی ریلیف بورڈ کے سوالات

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم، أما بعد!

رابطہ عالم اسلامی کے ماتحت قائم اسلامی فقہ اکیڈمی نے اپنے دسویں سمینار منعقدہ مکہ مکرمہ از روز سنیچر ۲۴ر صفر ۱۴۰۸ھ مطابق ۱۷ر اکتوبر ۱۹۸۷ء تا روز بدھ ۲۸ر صفر ۱۴۰۸ھ مطابق ۲۱ر اکتوبر ۱۹۸۷ء میں ان چار سوالات پر غور کیا جو رابطہ کے سکریٹری جنرل ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف کی طرف سے ادارہ برائے تحقیقات علمی اور شعبۂ افتاء ودعوت وارشاد کے سکریٹری جنرل شیخ عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز کے پاس بھیجے گئے تھے، اکیڈمی نے ان پر غور وخوض کے بعد درج ذیل جوابات دیئے:

سوال-۱: رابطہ کے پاس مخصوص مدوں کے لئے عطیات آتے ہیں، کیا رابطہ ان عطیات سے ان کو جمع کرنے والے، ان کا نظم کرنے والے اور انہیں ان کے مستحقین تک پہنچانے کا کام کرنے والے عملہ کی تنخواہیں دے سکتا ہے؟

جواب: مستحقین تک پہنچانے اور مقررہ مدوں میں ان کے خرچ پر آنے والے اخراجات خواہ وہ ملازمین کی تنخواہیں ہوں، مزدوروں کی اجرت ہو، ٹرانسپورٹ کے اخراجات ہوں، ان عطیات کے حصول کے لئے سفر کرنے والوں کے ٹکٹ اور دیگر ایسے تمام اخراجات



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جن کے بغیر یہ عطیات اپنے مستحقین تک نہیں پہنچ سکتے، ان سے ادا کئے جا سکتے ہیں۔ یہ اخراجات اگر مال زکاۃ سے ادا کئے جارہے ہوں تو ان لوگوں کو عاملین زکاۃ تصور کیا جائے گا اور اگر نفلی صدقات وعطیات وغیرہ سے ادا کئے جارہے ہوں تو انہیں محصلین پر قیاس کر کے بدرجہ اولی اسے جائز قرار دیا جائے گا، ان اخراجات میں درج ذیل دو امور کا لحاظ رکھنا ضروری ہے:

اول: ادائیگی عملہ اور عاملین کے کاموں اور ضروری اخراجات کے بقدر ہی کی جائے۔

دوم: تنخواہیں اور اخراجات وقتی ہوں، بایں معنی کہ نہ تو دوسرے کاموں پر انہیں ان اموال سے تنخواہیں دی جائیں اور نہ کام ختم ہونے کے بعد اس کا سلسلہ جاری رہے۔

سوال-۲: رابطہ کے پاس مخصوص مدوں کے لئے آنے والے اموال کیا ایسے ہنگامی حالات پر خرچ کئے جا سکتے ہیں جن سے اچانک مسلمان دوچار ہو جاتے ہیں، جیسے آفات و حوادث وغیرہ کہ اس وقت ان اموال کے مقررہ مدوں کی بہ نسبت مصیبت زدہ لوگ ان کے زیادہ محتاج ہوتے ہیں۔

جواب: مقررہ مدوں کے اموال کو دوسرے مدوں یا افراد پر خرچ کرنا اصلاً تو درست نہیں ہے کہ اس سے عطیہ دینے والے کے مقصد اور ہدایت کی مخالفت لازم آتی ہے اور اس میں صدقہ اور عطیہ کے مقصود پر زیادتی پائی جاتی ہے، اسی لئے ان کو ان کے مقرر کردہ مدوں ہی میں خرچ کرنا ضروری ہے۔ علماء کرام نے ان اوقاف ووصایا کے باب میں جو کسی خاص مد و جہت پر وقف ووصیت ہوں مد اور جہت کی پابندی کی صراحت کی ہے اور یہ اسی کے مشابہ ہے۔

لیکن اگر بعض مسلمانوں کو انتہائی سنگین ضرورت پیش آجائے جن کی تلافی اس مد سے خرچ کئے بغیر ممکن نہ ہو تو ایسی صورت میں شرعاً جواز ہو جائے گا، اللہ تعالی نے مضطر اور سخت ضرورت مند شخص کو مردار کا گوشت کھانے کی اجازت دی ہے، اسی طرح ایسی حالت میں دوسرے کا مال اس کی اجازت کے بغیر بھی مباح قرار دیا ہے، صرف ضرورت کی حالت میں ہی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایسی تبدیلی کی گنجائش ہے اور ضرورت کا تعین رابطہ عالم اسلامی کرے گا۔

سوال۔ ۳: رابطہ کے پاس دنیا کے مسلم یتیم بچوں کی نگہداشت کے لئے اموال آتے ہیں، ایسے لوگ دستیاب نہیں ہیں جو رضا کارانہ یہ کام انجام دیں اور خود رابطہ میں ایسا کوئی نظام نہیں ہے کہ وہ ان کو ان کے مصارف میں خرچ کر سکے، تو کیا رابطہ کے لئے یہ جائز ہوگا کہ اس پروگرام کے نفاذ اور دنیا کے مختلف حصوں میں بکھرے ان کے کیمپوں تک ان عطیات کو پہنچانے پر آنے والے انتظامی اخراجات اور اس پروگرام سے وابستہ لوگوں کی تنخواہیں ان سے ادا کرے؟

جواب: شرعاً اس میں کوئی حرج نہیں کہ یتیم مسلم بچوں کے لئے حاصل ہونے والے ان عطیات کی وصولی اور تقسیم پر آنے والے انتظامی اخراجات ان ہی اموال سے پورے کئے جائیں، کیونکہ یہ ایک عظیم خدمت اور مصلحت ہے اور یہ اس امدادی سلسلہ کی بقاء نیز اس کے مستحقین تک تسلسل کے ساتھ پہنچتے رہنے کا ایک ذریعہ ہے، البتہ یہ بات ملحوظ رہے کہ کام کرنے والوں کی واقعی ضروریات کے بقدر ہی انہیں تنخواہیں وغیرہ دی جائیں اور اسی صورت میں دی جائیں جب رابطہ کے پاس ایسے لوگ موجود نہ ہوں جو رضا کارانہ طور پر یہ خدمت انجام دے سکیں، اسی طرح ان کاموں پر آنے والے اخراجات کے بقدر ہی ادائیگی کی جائے، ان کے کام سے زائد ادائیگی درست نہیں ہوگی۔

اللہ تعالی کا ارشاد ہے: ''ولا تقربوا مال اليتيم إلا بالتي هي أحسن'' [سورہ الانعام/ ۱۵۲] (اور یتیم کے مال کے پاس نہ جاؤ مگر ایسے طریقہ سے جو کہ مستحسن ہے)۔

اس امر کا جواز مندرجہ ذیل حکم قرآنی کے تحت آتا ہے: ''ومن كان غنياً فليستعفف ومن كان فقيراً فليأكل بالمعروف'' [سورہ النساء/ ۶] (اور جو شخص مستغنی ہو سو وہ تو اپنے کو بالکل بچائے اور جو شخص حاجت مند ہو تو وہ مناسب مقدار سے کھالے)۔

سوال۔ ۴: رابطہ کے پاس ایسے استعمالی سامان آتے ہیں جنہیں کسی مد میں دینا ممکن



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہیں ہوتا، یا تو اس وجہ سے کہ ان سے فائدہ نہیں، یا اس وجہ سے کہ وہ جلد ختم ہو جانے والے ہوتے ہیں یا اس وجہ سے کہ ان سے کوئی نفع نہیں اٹھایا جا سکتا، کیا رابطہ کے لئے یہ جائز ہے کہ ایسے سامانوں کو فروخت کر کے ان کی جگہ دوسرے ایسے سامان خرید لے جس سے لوگ فائدہ اٹھا سکیں؟

**جواب:** کھانے پینے وغیرہ کی ایسی اشیاء جو تا دیر نہ رہ سکتی ہوں یا ان کے مخصوص مدوں میں ان کا استعمال غیر مفید ہو، انہیں ایسی اشیاء میں تبدیل کرنا درست ہے جن سے عطیہ دینے والوں کے مقصد کی تکمیل ہوتی ہو۔ گری پڑی چیز کو اٹھانے والا اگر یہ محسوس کرتا ہے کہ وہ فوراً برباد ہو جائے گی، یا اگر وہ جانور ہو تو اس پر اخراجات آئیں گے تو ایسی صورت میں فقہاء نے ایسے شخص کو اختیار دیا ہے کہ صاحب سامان کے مفاد کی رعایت میں اس سامان کو اپنی ذات پر خرچ کر کے یا اسے فروخت کر کے اس کی قیمت محفوظ رکھے، یا اسے جوں کا توں برقرار رکھے، یہ تبدیلی ان امور کے نگراں کے حسب خواہش نہیں بلکہ صاحب سامان کے مفاد کی رعایت میں ہوتی ہے۔

**والله أعلم، وصلى الله على سيدنا محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم تسليماً كثيراً، والحمد لله رب العالمين۔**

| | |
|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] |
| نائب صدر | صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی |
| ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف | عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز |

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن جبیر | ڈاکٹر بکر عبداللہ ابوزید | عبداللہ العبدالرحمٰن البسام |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان | محمد بن عبداللہ بن السبیل | مصطفیٰ احمد الزرقاء |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد محمود الصواف | ابوالحسن علی الحسنی الندوی | محمد رشید راغب قبانی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد الشاذلی النیفر | ابوبکر جومی | ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ |
| [دستخط] | [دستخط] | [کنوینر] |
| محمد الحبیب بن الخوجہ | محمد سالم بن عبدالودود | ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ |

ڈاکٹر یوسف القرضاوی، شیخ صالح بن عثیمین، شیخ عبدالقدوس الہاشمی، میجر جنرل محمود شیت خطاب، شیخ حسنین محمد مخلوف اور شیخ مبروک مسعود العوادی اس اجلاس میں شریک نہیں ہو سکے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## آٹھواں فیصلہ:

# کیسٹ میں قرآن کریم کی ریکارڈنگ

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد، وعلى آله وصحبه وسلم، أما بعد!

رابطہ عالم اسلامی کے تحت قائم اسلامی فقہ اکیڈمی نے اپنے دسویں سمینار منعقدہ مکہ مکرمہ بروز سنیچر ۲۴؍صفر ۱۴۰۸ھ مطابق ۱۷؍اکتوبر ۱۹۸۷ء تا روز بدھ ۲۸؍صفر ۱۴۰۸ھ مطابق ۲۱؍اکتوبر ۱۹۸۷ء میں مذکورہ موضوع پر شیخ محمود مختار کی تحریر ملاحظہ کرنے کے بعد درج ذیل فیصلہ کیا:

کیسٹ میں قرآن کریم کی ریکارڈنگ کے بعد بھی قرآن کریم قاری کی آواز میں موجود رہتا ہے، قرآن کریم کو ٹیپ کرنا شرعاً جائز ہے، اس میں شرع کی کوئی مخالفت نہیں، بلکہ اس کے بے شمار فوائد ہیں جن میں قرآن کریم کی سماعت، اس پر تدبر، لوگوں کو صحیح تلاوت کی تعلیم اور خواہش مندوں کے لئے اسے یاد کرنے کی آسانیاں ہیں۔

کیسٹ سے قرآن کریم سننے والا اسی طرح ثواب کا مستحق ہے جس طرح خود قاری سے سننے والا، کیسٹ میں قرآن کریم کی ریکارڈنگ اللہ تعالی کی ایک نعمت ہے، اس طرح مسلمانوں کے درمیان قرآن کریم کی اشاعت ہوتی ہے، اس کے ذریعہ انہیں اسلام کے احکام وآداب سے واقف کرایا جاسکتا ہے اور غیر مسلموں کی اسلام کی طرف رہنمائی کا موقع بھی فراہم



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوتا ہے۔

کیسٹ میں گانوں کی ریکارڈنگ کے رواج کی وجہ سے قرآن کریم کی ریکارڈنگ ناجائز نہیں ہو جائے گی اور نہ اس سے قرآن کریم کے مقام بلند پر کوئی حرف آئے گا ہے، جس طرح کہ کاغذ پر گانے لکھے جاتے ہیں، لیکن اس پر قرآن کریم کی کتابت سے اس کی شان میں کوئی کمی نہیں آتی۔ واللہ اعلم۔

**وصلى الله على سيدنا محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم تسليماً كثيراً، والحمد لله رب العالمين۔**

[دستخط]
نائب صدر
ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف

[دستخط]
صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز

## ممبران

[دستخط]
محمد بن جبیر

[دستخط]
ڈاکٹر بکر عبداللہ ابو زید

[دستخط]
عبداللہ العبدالرحمٰن البسام

[دستخط]
صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان

[دستخط]
محمد بن عبداللہ بن السبیل

[دستخط]
مصطفیٰ احمد الزرقاء

[دستخط]
محمد محمود الصواف

[دستخط]
ابوالحسن علی الحسنی الندوی

[دستخط]
محمد رشید راغب قبانی

[دستخط]
محمد الشاذلی النیفر

[دستخط]
ابو بکر جومی

[دستخط]
ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ

[دستخط]
محمد الحبیب بن الخوجہ

[دستخط]
محمد سالم بن عبدالودود

[کنوینر]
ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ڈاکٹر یوسف القرضاوی، شیخ صالح بن عثیمین، شیخ عبدالقدوس الہاشمی، میجر جنرل محمود شیت خطاب، شیخ حسنین محمد مخلوف اور شیخ مبروک مسعود العوادی اس اجلاس میں شریک نہیں ہوسکے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# نواں فیصلہ:

## مختلف مسالک کے درمیان فقہی اختلاف اوران کے بعض متبعین کا مسلکی تعصب

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم، أما بعد!

رابطہ عالم اسلامی کے تحت قائم اسلامی فقہ اکیڈمی نے اپنے دسویں سمینار منعقدہ مکہ مکرمہ بروز شنبہ ۲۴ رصفر ۱۴۰۸ھ مطابق ۱۷/۱۰کتوبر ۱۹۸۷ء تا روز بدھ ۲۸ رصفر ۱۴۰۸ھ مطابق ۲۱/۱۰کتوبر ۱۹۸۷ء میں مروجہ مسالک کے درمیان فقہی اختلاف کے ساتھ ساتھ اس صورت حال پر بھی غور کیا کہ ان مسالک کے کچھ ماننے والوں کے اندر اپنے مسلک کے تئیں سخت اور ناروا تعصب پایا جاتا ہے جو اعتدال کی سرحدوں سے آگے نکل کر دوسرے مسالک اوران کے علماء پر طعن وتشنیع تک جا پہنچتا ہے، اختلاف مسالک کے تئیں جدید ذہن کے مسائل اور تصورات کا بھی اجلاس میں جائزہ لیا گیا، اجلاس نے محسوس کیا کہ جدید نسل اس اختلاف کی بنیاد اور مفہوم سے ناآشنا ہے اور گمراہ کرنے والے انہیں باور کراتے ہیں کہ جب شریعت ایک ہے، اس کے اصول قرآن اور سنت ایک ہیں تو پھر یہ فقہی مسالک کا اختلاف کیوں ہے؟ ان سارے مسالک کو کیوں نہ ایک کردیا جائے تاکہ تمام مسلمانوں کا مسلک بھی ایک ہو اور احکام شریعت کا فہم بھی ایک ہو، اجلاس میں مسلکی تعصب اور اس سے پیدا ہونے والے مسائل کا بھی جائزہ لیا گیا، جن میں خصوصاً جدید رجحانات کے پیروکار ایک نئی اجتہادی لائن کی آواز اٹھا رہے ہیں اور بالکل ابتدائی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسلامی صدیوں سے قائم نیز امت مسلمہ کے درمیان قبول عام حاصل کیے ہوئے ان فقہی مسالک پر طعن وتشنیع کرتے ہیں، ان مسالک کے ائمہ مجتہدین پر زبان درازی اور بعض ائمہ کو گمراہ بتا کر لوگوں کے درمیان فتنہ برپا کرتے ہیں۔

اس موضوع کے مختلف پہلوؤں، اس سے وابستہ امور ومسائل اور فتنہ وگمراہی کے نتائج کے پیش نظر تعصب پسند اور گمراہ کرنے والے ہر دو فریق کو تنبیہ کے طور پر اکیڈمی اپنے درج ذیل فیصلہ سے آگاہ کرتی ہے:

اول: اختلاف مسالک: اسلامی ممالک میں پائے جانے والے فکری مسالک کے اختلافات دو نوعیت کے ہیں:

(الف) اعتقادی مذاہب کا اختلاف۔

(ب) فقہی مذاہب کا اختلاف۔

پہلی نوعیت یعنی اعتقادی اختلاف فی الواقع ایسی مصیبت ہے جس نے عالم اسلام میں بڑے بڑے حادثات برپا کیے ہیں، مسلمانوں کی صفوں میں انتشار اور اختلاف کو خوب ہوا دی ہے جو بہت ہی افسوسناک امر ہے اور اس کا خاتمہ بہت ضروری ہے، پوری امت کا فرض ہے کہ اہل سنت والجماعت کا مسلک اختیار کرے جو عہد رسالت اور عہد خلافت راشدہ جسے اللہ کے رسول نے عہد رسالت کا امتداد قرار دیتے ہوئے اعلان فرمایا تھا کہ ''تم لوگ میری سنت اور میرے بعد خلفائے راشدین کی سنت کو مضبوطی سے تھامو اور اس پر جم جاؤ''، دونوں کا نمائندہ ہے۔

دوسری نوعیت جو بعض مسائل میں فقہی اختلاف کی ہے اس کے پس پشت کچھ علمی اسباب ہیں جن میں اللہ کی عظیم حکمت اور بندوں پر اس کی رحمت کارفرما ہے، ساتھ ہی اس کی وجہ سے نصوص سے استنباط احکام کے دائرہ میں وسعت پیدا ہوئی ہے، یہ اختلاف ایک نعمت اور عظیم



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قانونی فقہی سرمایہ ہے جس نے امت مسلمہ کو اپنے دین و شریعت کے سلسلہ میں انتہائی کشادگی اور آسانی عطا کی ہے، امت مسلمہ اس کی وجہ سے کسی ایک شرعی تطبیق میں اس طرح محدود ہو کر نہیں رہ جاتی ہے کہ اس سے تجاوز کا امکان نہ ہو، بلکہ اگر کبھی ایک مسلک کے لحاظ سے کوئی تنگی و دشواری آجاتی ہے تو دوسرے مسلک میں اس کے لئے کشایش اور آسانی میسر ہو جاتی ہے، عبادات و معاملات سے لے کر خانگی امور اور قضاء و جنایات تک تمام میدانوں میں شرعی دلائل کی روشنی میں یہ کشایش میسر رہتی ہے۔

دوسری نوعیت کا یہ فقہی اختلاف ہمارے دین میں کوئی نقص یا تناقض نہیں ہے اور نہ کبھی اسے تناقض اور نقص قرار دیا جا سکتا ہے، دنیا میں کوئی ایسی قوم نہیں ہے جس کے پاس فقہ و اجتہاد کے ساتھ قانون سازی کا مکمل نظام ہو اور اس میں یہ فقہی اور اجتہادی اختلاف نہ ہو۔

حقیقت یہ ہے کہ ایسے اختلاف کا نہ ہونا ناممکن ہے، کیونکہ اصل نصوص بیشتر امور میں ایک سے زائد مفہوم و معنی کا احتمال رکھتے ہیں، نیز یہ نصوص تمام امکانی واقعات کا احاطہ کر بھی نہیں سکتے ہیں، بقول بعض علماء نصوص محدود ہیں اور واقعات لامحدود، لہذا قیاس کی طرف رجوع کرنا اور علل احکام، شارع کی غرض اور شریعت کے عام مقاصد پر نظر رکھنا اور شریعت کو واقعات اور نئے نئے حادثات میں حکم بنانا ضروری ہے اور اس تطبیق و اجتہاد میں علماء کے فہم و فقہ اور احتمالات کے درمیان ترجیحات کی تعیین میں اختلاف ایک فطری بات ہے، جس کی وجہ سے ایک ہی موضوع پر مختلف علماء کے احکام مختلف ہو جاتے ہیں، جبکہ حق کی تلاش اور دریافت ہی ہر ایک کا مقصود ہوتا ہے اور اس میں جس کا اجتہاد صحیح ہو وہ دوہرے اجر کا مستحق ہوتا ہے اور جس سے غلطی ہو جائے وہ بھی ایک اجر کا مستحق ہوتا ہے، اس طرح کشایش کا دائرہ وسیع ہوتا رہتا ہے اور دشواری و تنگی دور ہو جاتی ہے۔


محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پس اس فقہی اختلاف کے وجود میں کہاں سے کوئی نقص ہوگا، یہ تو سراپا خیر و رحمت اور فی الواقع بندوں پر اللہ کی رحمت وشفقت اور نعمت ہے اور ساتھ ہی فقہ وقانون سازی کی دنیا میں ایسا عظیم سرمایہ اور امتیاز ہے جس پر امت مسلمہ بجا طور پر فخر کرسکتی ہے، لیکن اسلام کو اپنی آنکھوں میں کھٹکنے والا کانٹا سمجھنے والے دشمنان اسلام مسلم نوجوانوں، بالخصوص بیرونی ممالک میں تعلیم حاصل کرنے والے مسلم طلبہ کی اسلامی ثقافت ومعلومات میں کمی کا استحصال کرتے ہوئے انہیں یہ باور کرانے کی ناپاک کوشش کرتے ہیں کہ فقہی اختلاف بھی اعتقادی اختلاف کی مانند ظلم اور شریعت میں تناقض وتضاد ہے اور دونوں کے درمیان کے زبردست فرق پر پردہ ڈال جاتے ہیں۔

دوم: جہاں تک دوسرے طبقہ کا تعلق ہے جو ان تمام مسالک ہی کو پس پشت ڈال دینا چاہتا ہے اور لوگوں کو ایک نئے اجتہاد کی دعوت دیتے ہوئے موجودہ فقہی مسالک اور ان کے ائمہ عظام کو طعن وتشنیع کا نشانہ بناتا ہے، اوپر پیش کردہ ان فقہی مسالک کی اہمیت وامتیاز اور ان کے ائمہ کی عظیم خدمات کے پیش نظر اس طبقہ کو چاہئے کہ اس ناپسندیدہ اور گھٹیا طرز عمل سے گریز کرے جس کے ذریعہ وہ لوگوں کو گمراہ کرتا ہے، ان کی صفوں میں انتشار پیدا کرتا ہے اور انہیں ایسے نازک وقت میں منتشر کرتا ہے جس میں دشمنان اسلام کی خطرناک سازشوں کے مقابلہ میں پوری امت کو ایک جھنڈے تلے جمع ہوجانے کی سخت ترین ضرورت درپیش ہے۔

وصلى الله على سيدنا محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم تسليماً كثيراً،

والحمد لله رب العالمين۔

[دستخط]
نائب صدر
ڈاکٹر عبداللہ عمر نصیف

[دستخط]
صدر مجلس اسلامی فقہ اکیڈمی
عبدالعزیز بن عبداللہ بن باز



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن جبیر | ڈاکٹر بکر عبداللہ ابوزید | عبداللہ العبدالرحمٰن البسام |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| صالح بن فوزان بن عبداللہ الفوزان | محمد بن عبداللہ بن السبیل | مصطفیٰ احمد الزرقاء |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد محمود الصواف | ابوالحسن علی الحسنی الندوی | محمد رشید راغب قبانی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد الشاذلی النیفر | ابوبکر جومی | ڈاکٹر احمد فہمی ابوسنہ |
| [دستخط] | [دستخط] | [کنوینر] |
| محمد الحبیب بن الخوجہ | محمد سالم بن عبدالودود | ڈاکٹر طلال عمر بافقیہ |

ڈاکٹر یوسف القرضاوی، شیخ صالح بن عثیمین، شیخ عبدالقدوس الہاشمی، میجر جنرل محمود شیت خطاب، شیخ حسنین محمد مخلوف اور شیخ مبروک مسعود العوادی اس اجلاس میں شریک نہیں ہو سکے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# دسواں فیصلہ:

## افغانستان کے بارے میں عالم اسلام کی حکومتوں اور عوام سے اپیل

**الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد وعلى آله وصحبه، وسلم، أما بعد!**

# منعقدہ ۲۱-۲۶ شوال ۱۴۲۲ھ

# مطابق ۵-۱۰/جنوری ۲۰۰۲ء

# کے فیصلے

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

☆☆☆

☆ پہلا فیصلہ: دَین (قرض) کی بیع

☆ دوسرا فیصلہ: مسلمانوں کی جن بیویوں نے غیر اسلامی عدالتوں سے طلاق حاصل کی ان کو اسلامی مراکز وغیرہ سے طلاق دلوانے کا جواز

☆ تیسرا فیصلہ: اسلامی بینکوں میں سرمایہ کاری کے حسابات کی حفاظت

☆ چوتھا فیصلہ: تنضیض حکمی (حکماً نقد قیمت بنانا)

☆ پانچواں فیصلہ: انتخابات میں غیر مسلموں کے ساتھ مسلمانوں کی شرکت

☆ چھٹا فیصلہ: الکحل اور نشہ آور عناصر پر مشتمل دوائیں

☆ ساتواں فیصلہ: جینیٹک نشان اور اس سے استفادہ کے میدان

☆ آٹھواں فیصلہ: جین (Gen) کی تشخیص

☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پہلا فیصلہ:

## دَین (قرض) کی بیع

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام علی من لا نبي بعده، أما بعد!

اسلامی فقہ اکیڈمی کے سولہویں اجلاس منعقدہ مکہ مکرمہ از ۲۱ تا ۲۶/شوال ۱۴۲۲ھ مطابق ۵ تا ۱۰/جنوری ۲۰۰۲ء میں اس موضوع پر غور کیا گیا، پیش کردہ مقالات اور ان پر ہوئے مباحثہ کو پیش نظر رکھا گیا اور معاملات کے سلسلے میں اس اصول کو سامنے رکھا گیا کہ بیع میں اصل جواز ہے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "وأحل الله البيع وحرم الربا" (سورۂ بقرہ: ۲۷۵)، لیکن بیع کے کچھ ارکان وشرائط ہیں جن کا پورا ہونا ضروری ہے، لہٰذا اگر ارکان وشرائط مکمل ہوں اور اس کے درست ہونے میں کوئی شرعی رکاوٹ نہ ہو تو بیع صحیح ہوگی، سیمنار میں جو مقالات پیش کئے گئے ان سے معلوم ہوا کہ دَین کی فروختگی کی کئی صورتیں ہیں، ان میں بعض جائز ہیں اور بعض ممنوع۔ ممنوع صورتوں میں سود کی دونوں قسمیں ربا الفضل اور ربا النسیئہ شامل ہیں، اگر ان میں سے کوئی ایک قسم بھی کسی صورت میں پائی جائے گی تو معاملہ حرام ہوگا، جیسے ربوی دین کو اس کے ہم جنس کے ساتھ فروخت کرنا یا ایسے غرر کا پایا جانا جس سے بیع فاسد ہو جاتی ہے، اسی طرح وہ بیع بھی حرام ہوگی جس میں دَین کو فروخت کرنے کی صورت میں اس کو حوالہ کرنے کی قدرت باقی نہ رہے وغیرہ۔ کیونکہ نبی علیہ ﷺ نے "بيع الكالئ بالكالئ" (ادھار کی ادھار سے بیع) سے منع کیا ہے۔

دیون کے سلسلہ میں کچھ نئی شکلیں بھی رواج پذیر ہوگئی ہیں جن پر بنکوں اور مالیاتی اداروں میں عمل ہو رہا ہے، ان میں سے بعض شکلیں جائز نہیں ہیں، کیونکہ وہ بیع کی لازمی شرعی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شرائط وضوابط کے خلاف ہیں، اس بناء پر اکیڈمی کے اجلاس نے درج ذیل فیصلے کیئے:

اول: دَین کو فروخت کرنے کی ایک جائز صورت یہ ہے کہ:

دَین مقروض ہی کے ہاتھ نقد قیمت پر فروخت کیا جائے، اس صورت میں حوالگی کی شرط پائی جا رہی ہے، کیونکہ جو اس کے ذمہ میں ہے وہ حکماً اسی کے قبضہ میں ہے، اس لئے دَین کی بیع میں جو رکاوٹ تھی یعنی اس کو حوالہ کرنے پر قادر نہ ہونا، وہ اس صورت میں نہیں پائی جاتی۔

دوم: دَین کو فروخت کرنے کی ناجائز صورتیں مندرجہ ذیل ہیں:

الف- دَین مقروض کو دین کی مقدار سے زیادہ قیمت پر ادھار بیچنا، کیونکہ یہ ربا میں داخل ہے جو شرعاً ممنوع ہے، اسی کو قرض کی شیڈولنگ کہتے ہیں۔

ب- دَین مقروض کے علاوہ کسی اور شخص کو ادھار قیمت پر دین کی جنس یا اس کے علاوہ جنس سے فروخت کرنا، اس لئے کہ یہ بیع الکالی بالکالی (دوطرفہ ادھار خرید وفروخت) کی صورت ہو جائے گی جو شرعاً ممنوع ہے۔

سوم: دیون میں تصرف کے بعض نئے مروج طریقے:

الف- تجارتی کاغذات (جیسے، چیک، کریڈٹ کارڈ، بل آف ایکسچینج) کی کٹوتی یا ان کے لین دین پر لگایا جانے والا کمیشن شرعاً جائز نہ ہوگا، کیونکہ یہ دین کو غیر مدیون کے ہاتھ فروخت کرنا ہے جو سود پر مشتمل ہے۔

ب- سودی سرٹیفکٹ جاری کرنے یا لینے اور فروخت کرنے کا معاملہ جائز نہیں ہے، کیونکہ یہ سود پر مشتمل ہے۔

ج- دیون کو چیک کی شکل میں دینا کہ ثانوی بازار میں ان کا استعمال کیا جائے، جائز نہیں ہے، کیونکہ وہ ان تجارتی کاغذات کی کٹوتی کرنے کے معنی میں ہوگا جس کا



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بیان شق نمبر(۱) میں گذرا۔

چہارم: اکیڈمی کی رائے یہ ہے کہ تجارتی کاغذات کی کٹوتی کرنے اور سرٹیفکٹ کی بیع کا شرعی بدل یہ ہے کہ ان کو تجارتی سامانوں کے عوض بیچا جائے، اس شرط کے ساتھ کہ عقد کے وقت ہی فروخت کنندہ انہیں وصول کرلے خواہ سامان کی قیمت تجارتی نوٹ کی قیمت سے کم ہو، کیونکہ نقد قیمت سے زیادہ قیمت پر بہ طور ادھار خریدنے میں شرعاً کوئی حرج نہیں۔

پنجم: اکیڈمی سفارش کرتی ہے کہ دین کے پہلو سے اسلامی مالیاتی اداروں میں مروج معاملات کی رپورٹ تیار کی جائے کہ اس میں کون سی صورتیں جائز اور کون سی ناجائز ہیں؟

والله ولي التوفيق۔ وصلى الله على نبينا محمد۔

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن ابراہیم بن جبیر | ڈاکٹر صالح بن فوزان الفوزان | ڈاکٹر محمد رشید راغب قبانی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر مصطفیٰ سیر بتش | ڈاکٹر نصر فرید واصل | ڈاکٹر الصدیق محمد الامین الضریر |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر محمد الحبیب بن الخوجہ | محمد سالم بن عبدالودود | محمد بن عبداللہ السبیل |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط سے قبل روانگی] |
| ڈاکٹر رضاء اللہ محمد ادریس المبارکفوری | ڈاکٹر عبدالکریم زیدان | محمد تقی العثمانی |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[دستخط]
ڈاکٹر وہبہ مصطفیٰ الزحیلی

[دستخط]
ڈاکٹر یوسف بن عبداللہ القرضاوی

[دستخط]
ڈاکٹر عبدالستار فتح اللہ سعید

[دستخط]
ڈاکٹر صالح بن زابن المرزوقی
(سکریٹری جنرل)

[دستخط]
ڈاکٹر عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی
(نائب صدر)

[دستخط]
عبدالعزیز بن عبداللہ آل الشیخ
(صدر)



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## دوسرا فیصلہ:

# مسلمانوں کی جن بیویوں نے غیر اسلامی عدالتوں سے طلاق حاصل کی ان کو اسلامی مراکز وغیرہ سے طلاق دلوانے کا جواز

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، أما بعد!

اسلامی فقہ اکیڈمی کے سولہویں اجلاس منعقدہ مکہ مکرمہ بتاریخ ۲۱ تا ۲۶ر شوال ۱۴۲۲ھ مطابق ۵ تا ۱۰ر جنوری ۲۰۰۲ء میں اس موضوع پر پیش کردہ مقالات اور مباحثوں کے جائزہ کے بعد درج ذیل فیصلہ کیا گیا:

موضوع کی اہمیت، اس پر مزید بحث کی ضرورت اور اس مسئلہ سے متعلق لوگوں اور ماہرین کی رایوں کو جاننے کی ضرورت کے پیش نظر اکیڈمی نے مناسب سمجھا کہ اس پر فیصلہ کو مؤخر کیا جائے، لہذا اجلاس رابطہ عالم اسلامی سے اپیل کرتا ہے کہ وہ مسلمان اقلیتوں اور ان کی مشکلات ومسائل پر جلد از جلد ایک سمینار منعقد کرے جس میں علماء اور اس موضوع سے تعلق رکھنے والے لوگوں کو غیر مسلم اکثریت کے ملکوں سے بلایا جائے اور مسلمان اقلیتوں کے حالات ومشکلات کو جاننے کے لئے ضروری لوازم مہیا کرائے جائیں، بطور خاص ان معاملات پر جو خاندان سے متعلق ہیں اور رابطۂ عالم اسلامی جو تمام مسلم قوموں کا نمائندہ پلیٹ فارم ہے، مناسب اور ممکن شرعی ذرائع سے ان حکومتوں سے رابطہ کرے جہاں مسلمان اقلیتیں رہتی ہیں تاکہ وہ اقلیتیں پرسنل لا سے متعلق مسائل میں شریعت سے رجوع کرسکیں جیسے کہ دوسری اقلیتیں بھی اس حق سے مستفید ہوتی ہیں اور سمینار کے نتائج وسفارشات کو اکیڈمی کے آئندہ اولین اجلاس میں



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پیش کیا جائے تاکہ ان پر غور وفکر ہو سکے۔

والله ولي التوفيق، وصلى الله على نبينا محمد،

## ممبران

[دستخط]
محمد بن ابراہیم بن جبیر

[دستخط]
ڈاکٹر صالح بن فوزان الفوزان

[دستخط]
ڈاکٹر محمد رشید راغب قبانی

[دستخط]
ڈاکٹر مصطفیٰ سیر بتش

[دستخط]
ڈاکٹر نصر فرید واصل

[دستخط]
ڈاکٹر الصدیق محمد الامین الضریر

[دستخط]
ڈاکٹر محمد الحبیب بن الخوجہ

[دستخط]
محمد سالم بن عبدالودود

[دستخط]
محمد بن عبداللہ السبیل

[دستخط]
ڈاکٹر رضاء اللہ محمد ادریس المبارکفوری

[دستخط]
ڈاکٹر عبدالکریم زیدان

[دستخط سے قبل روانگی]
محمد تقی العثمانی

[دستخط]
ڈاکٹر وہبہ مصطفیٰ الزحیلی

[دستخط]
ڈاکٹر یوسف بن عبداللہ القرضاوی

[دستخط]
ڈاکٹر عبدالستار فتح اللہ سعید

[دستخط]
ڈاکٹر صالح بن زابن المرزوقی
(سکریٹری جنرل)

[دستخط]
ڈاکٹر عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی
(نائب صدر)

[دستخط]
عبدالعزیز بن عبداللہ آل الشیخ
(صدر)



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# تیسرا فیصلہ:

## اسلامی بینکوں میں سرمایہ کاری کے حسابات کی حفاظت

**الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، أما بعد!**

اسلامی فقہ اکیڈمی نے اپنے سولہویں اجلاس منعقدہ مکہ مکرمہ بتاریخ ۲۱ تا ۲۶ر شوال ۱۴۲۲ھ مطابق ۵ تا ۱۰ر جنوری ۲۰۰۲ء میں اس موضوع پر غور کیا اور پیش کردہ مقالات اور اس پر ہونے والی بحثوں کے جائزہ کے بعد درج ذیل فیصلے کئے:

اول: اسلامی بینکوں میں سرمایہ کاری کے حسابات کی حفاظت، خواہ اس کے تحفظ کا پہلو ہو یا اصلاح کا پہلو، شرعاً ایک مطلوب امر ہے، بشرطیکہ ان کی حفاظت کے لئے جائز وسائل استعمال کئے جائیں، کیونکہ مال کی حفاظت بھی شریعت کا ایک مقصد ہے۔

دوم: اسلامی بینکوں پر واجب ہے کہ سرمایہ کاروں کے اموال کا انتظام دیکھتے وقت ان کے اکاؤنٹس کے تحفظ اور خطرات کو کم سے کم کرنے کے لئے بینکاری کے میدان میں معروف اور جائز حفاظتی تدبیریں اور وسائل اختیار کریں۔

سوم: مضاربت کرنے والے بینک کو خسارہ ہوجانے کی صورت میں اکیڈمی اپنے چودھویں اجلاس منعقدہ ۲۰/۸/۱۴۱۵ھ میں کئے گئے اس فیصلہ کو دہراتی ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ مضاربت کے مال میں خسارہ کا ذمہ دار رب المال ہوگا، مضارب ذمہ دار نہ ہوگا، سوائے اس صورت کے کہ وہ مال کے معاملہ میں زیادتی کا مرتکب ہو [illegible] کی حفاظت میں کوتاہی کرے اور کاروبار میں عرف کی رو سے [illegible]



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہ نہ دے۔

چہارم: اکیڈمی علمی، مالیاتی اورنگراں اداروں کو ترغیب دیتی ہے کہ وہ شرعی حساب کی بنیادوں اور معیارات کو ترقی دیں تاکہ ان کی روشنی میں زیادتی یا کوتاہی واقع ہونے کا فیصلہ کیا جاسکے، اسی طرح اکیڈمی حکومتوں سے اپیل کرتی ہے کہ وہ اس بارے میں ضروری قوانین اور ضوابط نافذ کریں۔

پنجم: سرمایہ کار (رب المال) جو سرمایہ کاری کے حسابات کے مالک ہیں، کے لئے اپنے سرمایہ کاری کے حسابات کا میچول انشورنس کرانا اس طریقہ پر جائز ہوگا جو اکیڈمی کے پہلے اجلاس منعقدہ ۱۳۹۸ھ کی قرارداد نمبر ۵۵ میں طے کیا گیا ہے۔

واللہ ولي التوفيق، وصلى الله على نبينا محمد۔

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن ابراہیم بن جبیر | ڈاکٹر صالح بن فوزان الفوزان | ڈاکٹر محمد رشید راغب قبانی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر مصطفیٰ سیرتش | ڈاکٹر نصر فرید واصل | ڈاکٹر الصدیق محمد الامین الضریر |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر محمد الحبیب بن الخوجہ | محمد سالم بن عبد الودود | محمد بن عبد اللہ السبیل |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط سے قبل روانگی] |
| ڈاکٹر رضاء اللہ محمد ادریس المبارکفوری | ڈاکٹر عبد الکریم زیدان | محمد تقی العثمانی |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر وہبہ مصطفیٰ الزحیلی | ڈاکٹر یوسف بن عبداللہ القرضاوی | ڈاکٹر عبدالستار فتح اللہ سعید |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر صالح بن زابن المرزوقی (سکریٹری جنرل) | ڈاکٹر عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی (نائب صدر) | عبدالعزیز بن عبداللہ آل الشیخ (صدر) |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چوتھا فیصلہ:

## تنضیض حکمی (حکماً نقد قیمت بنانا)

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، أمابعد!

اسلامی فقہ اکیڈمی کے سولہویں اجلاس منعقدہ مکہ مکرمہ بتاریخ ۲۱ تا ۲۶/ شوال ۱۴۲۲ھ مطابق ۵ تا ۱۰/ جنوری ۲۰۰۲ء میں اس بارے میں غور کیا گیا، ''تنضیض حکمی'' کا مفہوم یہ ہے کہ موجود سامانوں اور دیون کی نقد قیمت لگائی جائے، جیسی کہ فی الواقع سامانوں کی بیع ہوئی ہوتی اور دیون حاصل ہوئے ہوتے، یہ تنضیض حقیقی کا بدل ہے، جس میں صنعتوں اور سرمایہ کاری کے مشترکہ سامانوں جیسے سرمایہ کاری کے فنڈز کا فائنل حساب ہوتا ہے، تمام موجود سامانوں کو فروخت کر دیا جاتا ہے اور تمام قرضے وصول کر لئے جاتے ہیں، اس موضوع پر پیش کردہ مقالات اوران پر ہوئے مباحثوں کے جائزہ کے بعد اجلاس نے درج ذیل فیصلے کئے:

اول: مشترک مضاربت یا سرمایہ کاری کے فنڈز یا عام کمپنیوں کے فوائد ومنافع کی تقسیم یا تحدید کے لئے حکمی قیمت لگانے میں کوئی شرعی مانع نہیں ہے، یہ تقسیم فائنل ہوگی اور شرکاء کے مابین، صراحتاً یا ضمناً ایک دوسرے کو بری کر دینا متصور ہوگا، اس کی دلیل قیمت لگانے سے متعلق احادیث ہیں، مثلاً حدیث: ''تقطع اليد في ربع دينار فصاعدا أو فيما قيمته ربع دينار فصاعداً'' (بخاری) (چوتھائی دینار یا اس سے زائد میں یا ایسی چیز میں جس کی قیمت چوتھائی دینار یا اس سے زائد ہو، ہاتھ کاٹا جائے گا) اور دوسری حدیث میں ہے: جو شخص کسی غلام میں اپنا حصہ آزاد کر دے تو اگر غلام کے پاس مال ہو تو



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہ مال دے کر آزاد ہو جائے گا اور اگر مال نہ ہو تو اس کی عدل کے ساتھ قیمت لگائی جائے گی، پھر غلام محنت کر کے اسے ادا کرے گا اور جس نے اپنا حصہ آزاد نہیں کیا اسے مناسب قیمت دی جائے گی (مسلم)۔

اس رائے کی تائید صاحب ''المغنی'' کی اس عبارت سے بھی ہوتی ہے کہ اگر مضارب موت کی وجہ سے یا اہلیت ختم ہونے کی وجہ سے بدل جائے، جبکہ سامان ابھی قیمت کی شکل میں نہ ہو، تو مضارب کے جانشین اور صاحب سرمایہ کے مابین مضاربت کو جاری رکھنے کے لئے اس کی قیمت لگانا درست ہوگا، اس کے علاوہ قیمت لگانے کی اور بھی متعدد شرعی مثالیں موجود ہیں جیسے زکاۃ کے لئے تجارتی سامانوں کی قیمت لگانا اور مشترک اموال کی تقسیم کرنا وغیرہ۔

دوم: حکمی قیمت لگانے میں ضروری ہوگا کہ ہر میدان کے ماہرین اسے انجام دیں اور اس صورت میں ان کی تعداد تین سے کم نہ ہو اور تخمینے الگ ہونے کی صورت میں متوسط تخمینہ کو لیا جائے اور قیمت کی تعیین میں اعتبار منصفانہ بازاری قیمت کا ہوگا۔

والله ولي التوفيق، وصلى الله على نبينا محمد۔

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن ابراہیم بن جبیر | ڈاکٹر صالح بن فوزان الفوزان | ڈاکٹر محمد رشید راغب قبانی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر مصطفیٰ سیر بتش | ڈاکٹر نصر فرید واصل | ڈاکٹر الصدیق محمد الامین الضریر |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر محمد الحبیب بن الخوجہ | محمد سالم بن عبدالودود | محمد بن عبداللہ السبیل |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

[دستخط]
ڈاکٹر رضاء اللہ محمد ادریس المبارکفوری

[دستخط]
ڈاکٹر عبدالکریم زیدان

[دستخط سے قبل روانگی]
محمد تقی العثمانی

[دستخط]
ڈاکٹر وہبہ مصطفیٰ الزحیلی

[دستخط]
ڈاکٹر یوسف بن عبداللہ القرضاوی

[دستخط]
ڈاکٹر عبدالستار فتح اللہ سعید

[دستخط]
ڈاکٹر صالح بن زابن المرزوقی
(سکریٹری جنرل)

[دستخط]
ڈاکٹر عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی
(نائب صدر)

[دستخط]
عبدالعزیز بن عبداللہ آل الشیخ
(صدر)



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## تعین قیمت کے مطابق منافع کی حتمی تقسیم سے میرے عدم اتفاق کے اسباب یہ ہیں:

۱- یہ فیصلہ اس طے شدہ امر کے خلاف ہے کہ نفع اسی وقت لازم ہوتا ہے جب اس کی تقسیم کی جائے، یہی فیصلہ اسلامی فقہ اکیڈمی جدہ کی قرارداد میں آیا ہے کہ "نفع کا استحقاق نفع ظاہر ہونے سے ہوگا اور قیمت کی شکل ہونے پر ملکیت میں آئے گا اور لازم اس وقت ہوگا جب اس کی تقسیم کی جائے" اور تقسیم ممکن ہی نہیں ہے جب تک کہ قیمت نہ بن جائے اور نہ یہ سامان کے باقی رہتے ہوئے اس کی حکمی تنضیض سے ہی ممکن ہے۔

۲- منافع کی حتمی تقسیم کے نتیجہ میں ظلم واقع ہوتا ہے، یا تو سرمایہ کاروں میں سے باہر نکلنے والے شخص پر یا باقی لوگوں پر، جب سامان اس قیمت سے ہٹ کر فروخت ہوں جو لگائی گئی ہو، چنانچہ فیصلہ میں بھی اس ظلم کا اعتراف کرتے ہوئے اس کا علاج "مبارأۃ" یعنی ایک دوسرے کو بری کرنے کے ذریعہ کیا گیا ہے، یہ مبارأۃ ہزاروں ارباب اموال کے درمیان کیوں کر ممکن ہے؟

۳- فیصلہ میں جن دلائل کا سہارا لیا گیا ہے وہ اس موضوع پر منطبق نہیں ہوتے، وہ تعین قیمت کے جواز میں ہیں جس سے کسی کو اختلاف نہیں۔

۲۶رشوال ۱۴۲۲ الصدیق محمد الامین الضریر

۱۰/۱۰/۲۰۰۲ء



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پانچواں فیصلہ:

## انتخابات میں غیر مسلموں کے ساتھ مسلمانوں کی شرکت

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، أمابعد!

اسلامی فقہ اکیڈمی، کے سولھویں اجلاس منعقدہ مکہ مکرمہ بتاریخ ۲۱ تا ۲۶ رشوال ۱۴۲۲ھ مطابق ۵ تا ۱۰ ارجنوری ۲۰۰۲ء میں اس موضوع پر غور کیا گیا، اس کے بارے میں پانچ مقالات پیش کیے گئے، مقالہ نگاروں کی جانب سے ان کے خلاصے پیش ہوئے، پھر ان پر سیر حاصل مباحثہ ہوا، جس سے اس نئے پیدا شدہ مسئلہ کی اہمیت پر روشنی پڑی اور واضح ہوا کہ غیر مسلم اکثریتی ملکوں میں رہنے والے مسلمانوں کو اس کے جواز وعدم جواز سے متعلق شرعی حکم جاننے کی شدید ضرورت ہے، کیونکہ شہریت کے حق کی بنا پر انہیں وہاں ووٹ دینے کا حق حاصل ہے اور اس حق کے استعمال سے ان کے مفادات کا تحفظ ہوگا، یا کم از کم وہ نقصانات کو کم کرسکیں گے، جس معاشرہ میں وہ زندگی گذار رہے ہیں اس کی سماجی سرگرمیوں میں ان کی شرکت ہوگی اور جو قوانین اور نظام بنائے جائیں گے ان پر مباحثہ میں بھی کسی درجہ میں شرکت ہوسکے گی اور بسا اوقات وہ ان میں تبدیلی یا ان کے ضرر کو کم کرا سکیں گے اور میونسپلٹی، صوبائی اور پارلیمنٹری کمیٹیوں میں جب ان کی تعداد بڑھے گی تو ملک کی خارجہ اور داخلہ پالیسیاں بنانے میں بھی ان کی شرکت ہوگی اور وہ ان پر اس طرح اثر انداز ہوں گے جس سے ان کے اور دوسرے مسلمان بھائیوں کے بعض مفادات کا تحفظ ہوگا یا کم سے کم نقصانات میں تخفیف ہوسکے گی۔

ان مباحثوں سے ظاہر ہوا کہ ملی مصالح کی تعیین اور ان میں اس بات کی تعیین کہ کون



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے مصالح حقیقی اور راجح ہیں اور کون سے محض وہم پر مبنی ہیں اور مرجوح ہیں؟ اس کے لئے مزید غور وفکر اور ان ملکوں کے مسلمانوں کے حالات سے مزید واقفیت درکار ہے تاکہ یہ دیکھا جاسکے کہ مسلمانوں کے مفادات کیسے حاصل ہوسکتے ہیں، اس احتیاط کے ساتھ کہ مسلمان ان غیر مسلم معاشروں میں ضم ہوکر اپنا تشخص نہ کھو بیٹھیں جو کہ ایک بڑا خطرہ ہے اور ان متوقع دنیوی مفادات سے بڑھ کر ہے جو اس کے مقابلہ میں حاصل ہوسکتے ہیں۔

اس لئے اجلاس اس موضوع پر فیصلہ کو مؤخر کرتا ہے اور اسے مسلم اقلیتوں سے متعلق سیمینار کے حوالہ کرتا ہے جس کے جلد ہی انعقاد کی سفارش رابطہ عالم اسلامی نے کی ہے، جب وہاں دستیاب معلومات اکیڈمی کے پاس آئیں گی تو ان کے مطالعہ اور جائزہ کے بعد مناسب فیصلہ کیا جائے گا۔

واللہ ولي التوفيق، وصلی اللہ علی نبينا محمد۔

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن ابراہیم بن جبیر | ڈاکٹر صالح بن فوزان الفوزان | ڈاکٹر محمد رشید راغب قبانی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر مصطفیٰ سیرتش | ڈاکٹر نصر فرید واصل | ڈاکٹر الصدیق محمد الامین الضریر |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر محمد الحبیب بن الخوجہ | محمد سالم بن عبدالودود | محمد بن عبداللہ السبیل |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط سے قبل روانگی] |
| ڈاکٹر رضاء اللہ محمد ادریس المبارکفوری | ڈاکٹر عبدالکریم زیدان | محمد تقی العثمانی |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر وہبہ مصطفیٰ الزحیلی | ڈاکٹر یوسف بن عبداللہ القرضاوی | ڈاکٹر عبدالستار فتح اللہ سعید |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر صالح بن زابن المرزوقی | ڈاکٹر عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی | عبدالعزیز بن عبداللہ آل الشیخ |
| (سکریٹری جنرل) | (نائب صدر) | (صدر) |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چھٹا فیصلہ:

## الکحل اور نشہ آور عناصر پر مشتمل دوائیں

**الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، أما بعد!**

اسلامی فقہ اکیڈمی کے سولہویں اجلاس منعقدہ مکہ مکرمہ بتاریخ ۲۱ تا ۲۶ر شوال ۱۴۲۲ھ مطابق ۵ تا ۱۰ر جنوری ۲۰۰۲ء میں اس موضوع پر غور کیا گیا اور الکحل ومنشیات کے بارے میں پیش کردہ مقالات اور ان پر ہوئے مباحثے کو سامنے رکھ کر اور اس بات کے پیش نظر کہ شریعت رفع حرج، دفع مشقت اور ممکن حد تک دفع ضرر پر مبنی ہے، نیز ضرورتیں ممنوعات کو مباح کردیتی ہیں اور دو ضرر میں سے زیادہ بڑے ضرر سے بچنے کے لئے چھوٹے ضرر کو انگیز کیا جاسکتا ہے، اس میں درج ذیل فیصلے کئے گئے:

اول: خالص شراب کا استعمال دوا کے بطور کسی بھی حال میں جائز نہیں، کیونکہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا ہے: "إن الله لم يجعل شفاء كم فيما حرم عليكم" (اللہ نے جس چیز کو تم پر حرام کیا ہے اس میں تمہارے لئے شفاء نہیں رکھی ہے) (بخاری)، اسی طرح فرمایا: "إن الله أنزل الداء وجعل لكل داء دواء فتداووا ولا تتداووا بحرام" (اللہ نے بیماری نازل کی اور ہر بیماری کی دوا بنائی تو دوا علاج کرو اور کسی حرام سے علاج نہ کرو) (ابوداؤد، ابن السنی اور ابونعیم)، طارق بن سوید نے شراب کو دوا بنانے کے بارے میں دریافت کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: "إن ذلك ليس بشفاء ولكنه داء" (وہ شفاء نہیں بلکہ بیماری ہے) (ابن ماجہ، ابونعیم)۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوم: ان دواؤں کا استعمال جائز ہے جن میں الکحل کی صرف اتنی مقدار ہو جو دوا بنانے کے لئے ضروری ہو اور اس کا متبادل نہ ہو، اس شرط کے ساتھ کہ کسی راست باز طبیب نے وہ دوا تجویز کی ہو، اسی طرح زخموں کی خارجی صفائی، جراثیم کو مارنے نیز تیلوں اور کریم وغیرہ میں بھی الکحل کا استعمال جائز ہے۔

سوم: اکیڈمی اسلامی ملکوں کی دواساز کمپنیوں، فارمیسیوں اور دوائیں اکسپورٹ کرنے والوں سے اپیل کرتی ہے کہ دواؤں میں الکحل کے استعمال سے بچنے اور اس کا متبادل تلاش کرنے کی حتی الامکان کوشش کریں اور اس کا بدل تلاش کریں۔

چہارم: اسی طرح اکیڈمی ڈاکٹروں سے اپیل کرتی ہے کہ حتی الامکان وہ الکحل والی دوائیں تجویز کرنے سے احتراز کریں۔

واللہ ولي التوفيق، وصلی اللہ علی نبینا محمد۔

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن ابراہیم بن جبیر | ڈاکٹر صالح بن فوزان الفوزان | ڈاکٹر محمد رشید راغب قبانی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر مصطفیٰ سیر بتش | ڈاکٹر نصر فرید واصل | ڈاکٹر الصدیق محمد الامین الضریر |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر محمد الحبیب بن الخوجہ | محمد سالم بن عبد الودود | محمد بن عبد اللہ السبیل |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط سے قبل روانگی] |
| ڈاکٹر رضاء اللہ محمد ادریس المبارکفوری | ڈاکٹر عبد الکریم زیدان | محمد تقی العثمانی |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر وہبہ مصطفیٰ الزحیلی | ڈاکٹر یوسف بن عبداللہ القرضاوی | ڈاکٹر عبدالستار فتح اللہ سعید |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر صالح بن زابن المرزوقی (سکریٹری جنرل) | ڈاکٹر عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی (نائب صدر) | عبدالعزیز بن عبداللہ آل الشیخ (صدر) |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# ساتواں فیصلہ:

## جینیٹک نشان اور اس سے استفادہ کے میدان

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لانبي بعده، أما بعد!

اسلامی فقہ اکیڈمی نے اپنے سولہویں اجلاس منعقد مکہ مکرمہ بتاریخ ۲۱ تا ۲۶ رشوال ۱۴۲۲ھ مطابق ۵ تا ۱۰ رجنوری ۲۰۰۲ء میں جنیٹک نشان کی اس تعریف کو دیکھا جو اکیڈمی کے سولہویں اجلاس میں یوں کی گئی تھی: ''وراثتی علامت (جین) ہی وہ بنیاد ہے جو انسان کی الگ اور مستقل شخصیت کی دلیل ہوتی ہے''، تحقیقات اور علمی مقالات سے واضح ہوتا ہے کہ سائنٹیفک طریقہ پر شرعی علاج کو مزید آسان بنانے میں اس کا کردار اہم ہوسکتا ہے اور اسے پیشاب، منی، تھوک اور خون کے کسی بھی خلیہ سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

اس بارے میں اکیڈمی نے اپنے پندرہویں اجلاس میں اس پر مفصل اور واقعاتی تحقیق پر مشتمل رپورٹ تیار کرنے کا کام ایک کمیٹی کو سونپا تھا، اس کمیٹی کی رپورٹ کا مطالعہ کیا گیا، نیز فقہاء، ڈاکٹرز اور ماہرین کے مقالات دیکھے گئے اور ان پر ہوئے مباحثوں کے ملاحظہ کے بعد اکیڈمی کے سامنے یہ چیز آئی کہ جینیٹک نشان کے نتائج والدین کی طرف اولاد کی نسبت یا عدم نسبت کے بارے میں تقریباً قطعی ہیں، اسی طرح واقعہ کے وقت اور جگہ میں پائے جانے والے خون، منی یا تھوک کے نمونہ کی نسبت اصل آدمی کی طرف قطعی ہے اور یہ عام قیافہ شناسی کے مقابلہ میں زیادہ قوی ہے (قیافہ میں اصل وفرع کے مابین جسمانی مشابہت کی بنیاد پر نسب کو ثابت کیا جاتا ہے) اور اس میں اگر کوئی غلطی ہوتی ہے تو وہ موروثی نشان کی ماہیت کی جہت سے نہیں



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہوتی ہے، بلکہ انسانی کوشش اور آلودگی کے عوامل کے باعث ہوتی ہے، اس بنا پر اکیڈمی نے مندرجہ ذیل فیصلے کئے:

اول: جرائم کی تفتیش میں جینیٹک علامتوں سے استفادہ کرنے میں کوئی شرعی مانع نہیں ہے اور ایسے جرائم کے ثبوت میں اس کو بنیاد بنایا جاسکتا ہے جن میں حد شرعی اور قصاص نہ ہو، کیونکہ حدیث میں ہے: ''ادرء وا الحدود بالشبہات'' (حدود کو شبہات کی بنیاد پر ساقط کرو)، اس سے سماج میں امن وامان اور انصاف پھیلے گا، مجرم اپنے کیفر کردار کو پہنچے گا اور بے قصور کو بچایا جاسکے گا جو شرع کے مقاصد میں سے ایک اہم مقصد ہے۔

دوم: نسب کے سلسلہ میں جینیٹک نشان کا استعمال حد درجہ احتیاط اور رازداری سے ہونا چاہئے، اسی لئے اس پر شرعی قواعد اور نصوص کو مقدم رکھا جائے گا۔

سوم: نسب کی نفی میں شرعاً جینیٹک علامت پر اعتماد کرنا درست نہ ہوگا، اسی طرح لعان پر اسے مقدم نہیں کیا جاسکتا۔

چہارم: جو نسب شرعاً صحیح ثابت ہیں ان کو مزید مؤکد کرنے کے لئے اس کا استعمال درست نہ ہوگا، لوگوں کے نسب اور عزت وآبرو کی حفاظت کے لئے متعلقہ ذمہ داروں پر اسے روکنا اور تادیبی کارروائیاں کرنا ضروری ہوگا۔

پنجم: ذیل کے حالات میں اثبات نسب کے لئے جینیٹک نشان پر اعتماد جائز ہوگا:

الف- مجہول النسب پر تنازع کی مختلف صورتوں میں جن کا فقہاء نے ذکر کیا ہے، خواہ تنازعہ اس نوعیت کا ہو کہ مجہول النسب کے بارے میں دلیل ہی نہ ہو یا دلائل مساوی ہوں یا وطی بالشبہہ وغیرہ میں اشتراک پایا جائے۔

ب- اسپتالوں میں بچوں کی پیدائش یا بچہ گھروں میں پیدائش یا ٹسٹ ٹیوب بے بی وغیرہ میں اشتباہ کی صورتیں۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ج- ایسے ہی حادثات، آفات اور جنگ وغیرہ میں بچے ضائع ہو جائیں، یا مل جُل جائیں اور ان کے گھر والوں کو پہچانا نہ جا سکے، یا ایسی نعشیں ہوں جن کی شخصیت کا پتہ لگانا دشوار ہو، یا جنگ کے قیدیوں اور مفقودین کی تحقیق مقصود ہو۔

ششم: کسی جنس، قوم یا فرد کے بشری جینوم کو فروخت کرنا کسی بھی غرض کے لئے جائز نہیں، نہ ہبہ کرنا جائز ہے، کیونکہ اس کی بیع اور ہبہ میں بہت سے مفاسد ہیں۔

ہفتم: اکیڈمی درج ذیل سفارش کرتی ہے:

الف- حکومت اس وقت تک جینیٹک علامت کی تحقیق کی اجازت نہ دے جب تک کہ عدالت اس کا آرڈر نہ دے اور یہ کام متعینہ مخصوص لبارٹریوں میں ہی کیا جائے، پیسہ کمانے کی نیت رکھنے والے پرائیوٹ سیکٹر کو اس تحقیق سے روک دیا جائے، کیونکہ اس میں بڑے خطرات ہیں۔

ب- ہر ملک میں جینیٹک علامتوں سے متعلق ایک خاص کمیٹی بنائی جائے، جس میں انتظامیہ کے ساتھ ڈاکٹرز اور شرعی ماہرین بھی شامل ہوں اور اس کا کام جینیٹک علامتوں کے نتائج کی نگرانی اور اس کے قابل اعتبار ہونے کی تصدیق کرنا ہو۔

ج- جینیٹک علامتوں کی لیبارٹریز میں دھوکہ، جعل سازی، ماحولیاتی آلودگی اور انسانی کوشش سے متعلق کمزوریوں کو روکنے کے لئے ایک ٹھوس نظام تشکیل دیا جائے تاکہ نتائج حقیقت کے مطابق ہوں، لیبارٹریز کی اہلیت ومعیار کا جائزہ لیا جائے اور تحقیق کے لئے اتنے ہی جینز استعمال کیے جائیں جتنے کو ماہرین شک دور کرنے کے لئے ضروری قرار دیں۔

والله ولي التوفيق، وصلى الله على نبينا محمد۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# ممبران

| | | |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| محمد بن ابراہیم بن جبیر | ڈاکٹر صالح بن فوزان الفوزان | ڈاکٹر محمد رشید راغب قبانی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر مصطفیٰ سیر بتش | ڈاکٹر نصر فرید واصل | ڈاکٹر الصدیق محمد الامین الضریر |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر محمد الحبیب بن الخوجہ | محمد سالم بن عبدالودود | محمد بن عبداللہ السبیل |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط سے قبل روانگی] |
| ڈاکٹر رضاء اللہ محمد ادریس المبارکفوری | ڈاکٹر عبدالکریم زیدان | محمد تقی العثمانی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر وہبہ مصطفیٰ الزحیلی | ڈاکٹر یوسف بن عبداللہ القرضاوی | ڈاکٹر عبدالستار فتح اللہ سعید |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر صالح بن زابن المرزوقی | ڈاکٹر عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی | عبدالعزیز بن عبداللہ آل الشیخ |
| (سکریٹری جنرل) | (نائب صدر) | (صدر) |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# آٹھواں فیصلہ:

## جین (Gen) کی تشخیص

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لانبي بعده، أما بعد!

اسلامی فقہ اکیڈمی کے سولہویں اجلاس منعقدہ مکہ مکرمہ بتاریخ ۲۱ تا ۲۶رشوال ۱۴۲۲ھ مطابق ۵ تا ۱۰رجنوری ۲۰۰۲ء میں ان مقالات کو دیکھا گیا جو فقہ اکیڈمی اور ''مرکز طبی اخلاقیات اور بایولوجیکل علوم'' کے اشتراک سے ریاض کے اسپیشل کنگ فیصل اسپتال میں جین کی تشخیص کے سلسلہ میں منعقد سمینار میں ڈاکٹروں کی ٹیم نے پیش کیے تھے، ان مقالات کے سننے کے بعد اکیڈمی نے درج ذیل فیصلے کیے:

اول: مرکز طبی اخلاقیات سے مطالبہ کیا جاتا ہے کہ ان امور کے بارے میں ایک مفصل نوٹ تیار کرے جن کی شرعی حیثیت کے بارے میں مرکز اکیڈمی کی شرعی رائے جاننا اور اس سلسلہ میں فیصلہ کرانا چاہتا ہے۔

دوم: اکیڈمی کی جنرل سکریٹریٹ اکیڈمی کے ممبران، ماہرین اور فقہاء اور اس میدان کے اصحاب اختصاص سے مقالے لکھوائے اور جو تحقیقات سامنے آئیں انہیں اکیڈمی کے آئندہ اجلاس میں پیش کیا جائے۔

والله ولي التوفيق، وصلى الله على نبينا محمد۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## ممبران

[دستخط]
محمد بن ابراھیم بن جبیر

[دستخط]
ڈاکٹر صالح بن فوزان الفوزان

[دستخط]
ڈاکٹر محمد رشید راغب قبانی

[دستخط]
ڈاکٹر مصطفیٰ سیر بتش

[دستخط]
ڈاکٹر نصر فرید واصل

[دستخط]
ڈاکٹر الصدیق محمد الامین الضریر

[دستخط]
ڈاکٹر محمد الحبیب بن الخوجہ

[دستخط]
محمد سالم بن عبدالودود

[دستخط]
محمد بن عبداللہ السبیل

[دستخط]
ڈاکٹر رضاء اللہ محمد ادریس المبارکفوری

[دستخط]
ڈاکٹر عبدالکریم زیدان

[دستخط سے قبل روانگی]
محمد تقی العثمانی

[دستخط]
ڈاکٹر وہبہ مصطفیٰ الزحیلی

[دستخط]
ڈاکٹر یوسف بن عبداللہ القرضاوی

[دستخط]
ڈاکٹر عبدالستار فتح اللہ سعید

[دستخط]
ڈاکٹر صالح بن زابن المرزوقی
(سکریٹری جنرل)

[دستخط]
ڈاکٹر عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی
(نائب صدر)

[دستخط]
عبدالعزیز بن عبداللہ آل الشیخ
(صدر)

◆◆◆



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسلامک فقہ اکیڈمی مکہ مکرمہ کے سولہویں فقہی سمینار

منعقدہ ۲۱-۲۶ شوال ۱۴۲۲ھ

مطابق ۵--۱۰ جنوری ۲۰۰۲ء کی طرف سے

خادم الحرمین الشریفین شاہ فہد بن عبدالعزیز آل سعود کی زیر نگرانی

جاری کردہ اعلان مکہ مکرمہ

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

☆

☆ اعلان مکہ مکرمہ

☆ اپیل

☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

**الحمد لله، والصلاة والسلام على أفضل خلق الله، نبينا محمد، وعلى آله وصحبه، ومن والاه، أما بعد!**

اللہ کی مدد اور توفیق سے رابطہ عالم اسلامی کے تحت قائم اسلامی فقہ اکیڈمی کا سولہواں اجلاس اختتام پذیر ہوا۔ یہ خادم الحرمین الشریفین شاہ فہد بن عبد العزیز آل سعود کی زیر نگرانی مکہ مکرمہ میں بتاریخ ۲۱-۲۶ رشوال ۱۴۲۲ھ مطابق ۵-۱۰ رجنوری ۲۰۰۲ء منعقد ہوا جن کی نیابت کرتے ہوئے سربراہ مکہ مکرمہ عزت مآب شاہزادہ عبد المجید بن عبد العزیز آل سعود نے سمینار کا افتتاح کیا اور ایک عظیم الشان اصلاحی تقریر کی، اس موقع پر اکیڈمی نے درج ذیل اعلان جاری کیا:



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# اعلان مکہ مکرمہ

## الحمد لله، والصلاة والسلام على رسول الله، وبعد:

رابطہ عالم اسلامی کی اسلامی فقہ اکیڈمی کے ارکان روئے زمین کی سب سے مقدس ترین جگہ مکہ مکرمہ میں بیت اللہ الحرام کے جوار میں اکٹھے ہوئے ہیں، ان کے لئے سب سے زیادہ تشویشناک اور فکرانگیز چیز یہ ہے کہ موجودہ دور میں اسلام پر غلط الزامات چسپاں کئے جارہے ہیں اور اس کے لئے ظالمانہ ابلاغی یورش کی پوری قوت جھونک دی گئی ہے جو اسلام، مسلمانوں اور متعدد اسلامی ممالک کے خلاف اور بالخصوص مملکت سعودی عرب کے خلاف زہریلے نشتر چلارہے ہیں، حالانکہ سعودی عرب میں اللہ کی شریعت کا نفاذ ہوتا ہے، اللہ کی کتاب اور اس کے رسول ﷺ کی سنت پر فیصلہ ہوتا ہے، وہ ہر جگہ کے مسلمانوں کی مدد کرتا ہے، مسلمانوں کے مسائل میں ان کو قوت بہم پہنچاتا ہے اور ان میں اتحاد کے لئے کوشاں رہتا ہے۔

ارکان اکیڈمی نے محسوس کیا کہ یہ ابلاغی حملے منصوبہ بند طریقہ پر کئے جارہے ہیں اور صرف جھوٹ وبکواس ہیں جو تکلیف دہ اور عداوت آمیز ذرائع ابلاغ اور صحافت کی پیداوار ہیں، یہ سارا کھیل صہیونی ذرائع ابلاغ کے ادارے انجام دے رہے ہیں تاکہ اسلام اور مسلمانوں کے خلاف نفرت وبغض کی آگ بھڑکے اور اللہ کے آخری دین پر غلط الزامات تھوپے جائیں جن میں سب سے بڑا الزام دہشت گردی کا ہے۔

اکیڈمی کے ارکان نے واضح طور پر محسوس کیا کہ ذرائع ابلاغ کے ذریعہ مسلسل اسلام پر دہشت گردی کا الزام لگانا دراصل ان لوگوں کو اسلام سے متنفر کرنے کی کوشش ہے جو اسلام کی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طرف لپک رہے ہیں اور جوق در جوق اسلام میں داخل ہو رہے ہیں، ارکان اکیڈمی رابطہ عالم اسلامی، دیگر مسلم تنظیموں اور عام مسلمانوں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ اسلام کے دفاع کے لئے ایسے وسائل کے ساتھ سامنے آئیں جو اس اہم ترین مقصد کے مناسب ہوں۔

اسلام پر افترا پردازی اور دہشت گردی کے الزام کو رد کرتے ہوئے ارکان اکیڈمی نے واضح کیا کہ دہشت گردی ایک عالمی صورتحال ہے جس کا کسی دین اور کسی قوم کے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے، یہ رویہ اس انتہا پسندی سے پیدا ہوتا ہے جس سے موجودہ دور کا کوئی معاشرہ خالی نہیں ہے، انہوں نے واضح کیا کہ انتہا پسندی کی کئی نوعیتیں ہیں جیسے سیاسی انتہا پسندی، فکری انتہا پسندی اور مذہبی انتہا پسندی۔ دین میں غلو سے پیدا ہونے والی انتہا پسندی کسی متعین مذہب کے ماننے والوں کے ساتھ مخصوص نہیں ہے، اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں اہل کتاب کے دین میں غلو کرنے کا ذکر فرمایا اور انہیں اس سے منع فرمایا، قرآن میں ہے: "قل یا أهل الکتاب لا تغلوا فی دینکم ولا تتبعوا أهواء قوم قد ضلوا من قبل وأضلوا کثیراً وضلوا عن سواء السبیل" (مائدہ:۷۷) (آپ کہہ دیجئے اے اہل کتاب اپنے دین میں ناحق غلو نہ کرو اور ان لوگوں کی من مانی باتوں پر نہ چلو جو پہلے (خود بھی) گمراہ ہو چکے ہیں اور بہتوں کو گمراہ کر چکے ہیں اور راہ راست سے (بہت) بھٹک چکے ہیں)۔

۱۱ ستمبر ۲۰۰۱ء کے واقعات کے بعد تشکیکی حملوں کے بڑھتے دائرہ کو روکنے کے لئے اکیڈمی کے ارکان تمام علماء، فقہاء، ان کی تنظیموں اور اداروں کے لئے یہ ضروری سمجھتے ہیں کہ وہ اسلام اور مسلمانوں کے دفاع کے لئے نیز مسلمانوں اور غیر مسلموں کو حقائق سے آگاہ کرنے کے لئے اپنی ذمہ داریوں کو انجام دیں۔

اکیڈمی نے ان حملوں کا جواب دینے کی اپنی ذمہ داری کو ادا کرتے ہوئے متعدد اہم مسائل کو غور وخوض کا موضوع بنایا اور ان کے بارے میں اسلامی شریعت کا موقف واضح کیا جو



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

درج ذیل ہیں:

## اول: اسلام اور مسلمانوں پر ابلاغی اور ثقافتی حملوں کی سنگینی:

اکیڈمی نے اسلام اور مسلمانوں پر مسلسل ہونے والے ابلاغی اور ثقافتی حملوں کے بڑھتے رجحان پر گہری نظر رکھی اور ان سے انسانی معاشرہ اور لوگوں کے امن کو لاحق ہونے والے خطرات سے آگاہ کیا، کیونکہ یہ حملے درج ذیل مقاصد کے لئے بڑی تیزی سے انجام دیئے جا رہے ہیں:

۱- مغربی معاشروں کو خصوصاً اس بات پر آمادہ کرنا کہ وہ کمیونزم کی جگہ پر اسلام کو نیا دشمن سمجھیں اور اسلام کے اصول، قانون سازی اور الٰہی احکام پر ثقافتی یلغار کرنا۔

۲- مغربی اقوام کے درمیان صلیبی نعروں کو بھڑکانا اور انہیں اس بات پر ابھارنا کہ اسلام پر مغرب کی فتح اب ضروری ہے۔

۳- اسلام اور مسلمانوں کے خلاف مختلف قسم کی نفرت اور نسلی امتیاز کو بڑھاوا دینا اور اقلیتوں اور اسلامی آبادیوں کو تنگ دائروں میں محدود کر دینے کی کوشش کرنا۔

۴- سموئیل ہنٹنگٹن کے نظریہ "تہذیبوں کی کشمکش" کو فروغ دینا۔

ان بھڑکائے گئے حملوں کے نتیجہ میں مغربی معاشرہ میں مسلمانوں کی بعض جماعتوں کو ایذا پہنچائی گئی، متعدد لوگوں کو زنداں کے حوالہ کیا گیا اور ان کی مساجد اور ثقافتی مراکز کو نقصان پہنچایا گیا جس کی وجہ سے وہاں کے مسلمان سخت حالات سے دوچار ہیں۔

اکیڈمی ان ناپاک عزائم کے حامل حملوں، فریب کاریوں اور اسلام پر بالقصد افترا پردازیوں کی شدید مذمت کرتی ہے اور بغیر کسی سبب کے مسلمانوں کی ایذا رسانی اور ان کے اداروں کو نقصان پہنچانے پر سخت احتجاج کرتی ہے۔

اکیڈمی مسلسل ان حالات پر نظر رکھتے ہوئے جو اسلام سے تعلق رکھنے کے سبب



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسلمانوں کے ساتھ مغرب میں پیش آ رہے ہیں، یہ یاد دلانا چاہتی ہے کہ اسلام اس بات کی ہمت افزائی کرتا ہے کہ مسلمانوں اور غیر مسلموں کے درمیان مشترک مفادات ومصالح کی خاطر باہمی تعاون، تعارف اور ہم آہنگی برقرار رکھی جائے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "یا أیها الناس إنا خلقناکم من ذکر وأنثی وجعلناکم شعوبا وقبائل لتعارفوا إن أکرمکم عند الله أتقاکم" (حجرات: ۱۳) (اے لوگو! ہم نے تم سب کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا ہے اور تم کو مختلف قومیں اور خاندان بنا دیا ہے کہ ایک دوسرے کو پہچان سکو۔ بے شک تم میں سے پرہیزگارتر اللہ کے نزدیک معززتر ہے)۔

اکیڈمی تمام انسانی معاشروں کو مخاطب کرتے ہوئے اعلان کرتی ہے کہ دین اسلام تمام انسانوں کے لئے اللہ کا پیغام ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "وما أرسلناک إلا کافة للناس بشیراً ونذیراً" (سبا: ۲۸) (اور ہم نے آپ کو سارے انسانوں کے لئے (پیمبر بنا کر) بھیجا ہے بطور خوشخبری سنانے والے اور ڈرانے والے کے)، چنانچہ اسلام پچھلے تمام الٰہی پیغامات کا اعتراف کرتا ہے اور تمام انبیاء پر ایمان لانے کو ایمان کے ارکان میں شمار کرتا ہے، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "آمن الرسول بما أنزل إلیه من ربه والمؤمنون کل آمن بالله وملائکته وکتبه ورسله لا نفرق بین أحد من رسله وقالوا سمعنا وأطعنا غفرانک ربنا وإلیک المصیر" (بقرہ: ۲۸۵) (پیغمبر ایمان لائے اس پر جو ان پر ان کے پروردگار کی طرف سے نازل ہوا ہے اور مومنین بھی یہ سب ایمان رکھتے ہیں اللہ پر اور اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر اور اس کے پیمبروں پر، ہم اس کے پیمبروں میں باہم کوئی فرق بھی نہیں کرتے اور کہتے ہیں کہ ہم نے سن لیا اور ہم نے اطاعت کی۔ ہم تیری مغفرت طلب کرتے ہیں اے ہمارے پروردگار اور تیری ہی طرف واپسی ہے)، اسلام کا پیغام یہ امتیاز رکھتا ہے کہ وہ ہمہ گیر اور لچک آمیز اصولوں کے ذریعہ دین اور دنیا دونوں کے درمیان ربط قائم رکھتا ہے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## دوم: اسلام میں انسان کا شرف ومقام:

اسلام نے انسان کو جو شرف وعزت بخشی ہے وہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان سے بالکل واضح ہے:"ولقد كرمنا بني آدم وحملناهم في البر والبحر ورزقناهم من الطيبات وفضلناهم على كثير ممن خلقنا تفضيلاً" (اسراء:٧٠)(اور ہم نے بنی آدم کو عزت دی ہے اور ہم نے انہیں خشکی اور دریا (دونوں) میں سوار کیا اور ہم نے ان کو نفیس چیزیں عطا کیں اور ہم نے ان کو اپنی بہت سی مخلوقات پر بڑی فضیلت دی ہے)، اللہ نے انسان کے لئے جو فرائض اور حقوق متعین فرمائے ہیں وہ انسان کو دنیا اور آخرت دونوں میں باعزت زندگی کی ضمانت دیتے ہیں۔

اکیڈمی دنیا کے تمام لوگوں کے سامنے واضح کرتی ہے کہ بغیر کسی امتیاز کے ہر انسان عزت وشرف رکھتا ہے جیسا کہ اسلام کا طے شدہ اصول ہے، یہی وہ بنیاد ہے جس سے اقوام وملل کے درمیان بقائے باہم پیدا ہوتا ہے، انسانیت کی عزت وسربلندی، اس کا عروج اور ترقی اور مختلف اقوام کے درمیان امن وآشتی اور تعاون کے ساتھ بقائے باہم صرف اسی وقت ہوسکتا ہے جب اصولوں اور اقدار کی بالادستی ہو، جن میں سب سے اہم عدل وانصاف کا قیام اور اقوام کا باہمی احترام ہے جو ان ہدایات کی روشنی میں ہو جو آسمانی کتابوں میں نازل ہوئیں اور جنہیں اللہ کے انبیاء اور سب سے آخری نبی رحمت عالم اور محسن انسانیت جناب محمد رسول اللہ ﷺ لے کر آئے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:"وما أرسلناك إلا رحمة للعالمين" (انبیاء:١٠٧) (اور ہم نے آپ کو دنیا جہاں میں رحمت ہی کے لئے بھیجا ہے)۔

اکیڈمی اعلان کرتی ہے کہ انسان کی عزت وشرف کا تقاضا ہے کہ اسے تحفظ حاصل ہو، چنانچہ اسلام نے انسان کے خون، مال اور آبرو کو معصوم قرار دیا، بلکہ اسلام نے مسلم ملک کے غیر مسلم کو بھی معصوم ومحفوظ قرار دیا، حدیث نبوی ہے: " ان کو وہی حقوق حاصل ہیں جو



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہمیں حاصل ہیں اور ان پر وہی ذمہ داریاں ہیں جو ہمارے اوپر ہیں'' اور امت مسلمہ اس ہدایت نبوی کی پابند ہے۔

## سوم: اسلام اور دہشت گردی:

اسلامی فقہ اکیڈمی پوری طرح واضح کرتی ہے کہ انتہا پسندی، تشدد اور دہشت گردی کا اسلام سے کچھ بھی تعلق نہیں ہے، دہشت گردی ایسے خطرناک اعمال ہیں جن کے نتائج بہت بھیانک ہیں، اس میں انسان پر زیادتی اور ظلم ہوتا ہے، جو شخص بھی شریعت اسلامیہ کے دونوں سرچشموں اللہ کی کتاب اور اس کے نبی ﷺ کی سنت پر غور کرے گا اسے ان دونوں میں انتہا پسندی، تشدد اور دہشت گردی کے بارے میں ایسی کوئی بات نہیں ملے گی جس سے ناحق دوسروں پر زیادتی کا مفہوم نکلتا ہو۔

اکیڈمی کے ارکان نے مناسب سمجھا کہ دہشت گردی کی ایسی تعریف متعین کی جائے جس پر مسلمانوں کے نقاط نظر اور موقف کا اتفاق ہو، چنانچہ دہشت گردی کی حقیقت کو واشگاف کرنے اور اسلام کے ساتھ انتہا پسندی اور دہشت گردی کو جوڑنے کی سنگینی کو واضح کرنے کے لئے اسلامی فقہ اکیڈمی ذیل میں تمام مسلمانوں اور پوری دنیا کے لئے دہشت گردی کی تعریف اور اسلام کا موقف پیش کر رہی ہے۔

## دہشت گردی کی تعریف:

دہشت گردی (ارہاب) وہ زیادتی ہے جو افراد، جماعتیں یا ممالک انسان کے دین، خون، عقل، مال اور آبرو پر بطور سرکشی انجام دیں، اس میں خوف زدہ کرنا، ایذاء پہنچانا، دھمکی دینا اور ناحق قتل کرنا سب شامل ہیں، اسی طرح اس میں مسلح جنگ، بدامنی اور تشدد یا دھمکی سے تعلق رکھنے والی ہر وہ شکل داخل ہے جسے انفرادی یا اجتماعی طور پر کسی مجرمانہ منصوبہ کی تکمیل کے لئے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انجام دیا جائے اور اس کا مقصد لوگوں میں رعب ڈالنا، انہیں ایذاء پہنچا کر خوف زدہ کرنا یا ان کی جان، آزادی، امن اور حالات کو خطرہ میں ڈالنا ہے، ماحولیات کو یا رفاہ عام کی چیزوں کو اور عمومی یا خصوصی املاک کو نقصان پہنچانا یا کسی ملکی یا قدرتی وسائل کو خطرہ میں ڈالنا بھی دہشت گردی ہی کی قسمیں ہیں، یہ سب فساد فی الارض کی صورتیں ہیں جن سے اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کو اپنے اس قول میں منع فرمایا ہے: "ولا تبغ الفساد في الأرض إن الله لا يحب المفسدين" (قصص: ۷۷) (اور روئے زمین پر فساد مت پھیلا، بیشک اللہ فساد کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا)۔

اللہ تعالیٰ نے دہشت گردی، زیادتی اور فساد کے لئے عبرتناک سزا مقرر فرمائی ہے اور اسے اللہ اور اس کے رسول سے جنگ قرار دیا ہے، ارشاد ہے: "إنما جزاء الذين يحاربون الله ورسوله ويسعون في الأرض فسادا أن يقتلوا أو يصلبوا أو تقطع أيديهم وأرجلهم من خلاف أو ينفوا من الأرض ذلك لهم خزي في الدنيا ولهم في الآخرة عذاب عظيم" (مائدہ: ۳۳) (جو لوگ اللہ اور اس کے رسول سے لڑتے ہیں اور ملک میں فساد پھیلانے میں لگے رہتے ہیں ان کی سزا بس یہی ہے کہ وہ قتل کیے جائیں یا سولی دیئے جائیں، یا ان کے ہاتھ اور پیر مخالف جانب سے کاٹے جائیں، یا وہ ملک سے نکال دیئے جائیں، یہ تو ان کی رسوائی دنیا میں ہوئی اور آخرت میں ان کے لئے بڑا عذاب ہے)۔ کسی انسانی قانون میں سزا کی ایسی شدت نہیں ملتی، کیونکہ یہ زیادتی انتہائی سنگین ہے جسے شریعت اسلامیہ میں اللہ کے حدود کے خلاف اور اس کی مخلوق کے خلاف جنگ تصور کیا گیا ہے۔

اکیڈمی واضح کرتی ہے کہ دہشت گردی کی ایک قسم سرکاری دہشت گردی ہے، اس کی سب سے واضح اور بدترین شکل وہ دہشت گردی ہے جسے یہود نے فلسطین میں برپا کر رکھا ہے اور جسے سرب نے بوسنیا، ہرزے گوینا اور کوسووا میں انجام دیا تھا، اکیڈمی سمجھتی ہے کہ دہشت گردی کی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یہ قسم دنیا کے امن اور سلامتی کے لئے سب سے زیادہ خطرناک ہے اور اکیڈمی کی نظر میں اس کا مقابلہ جان کا دفاع اور اللہ کے راستہ میں جہاد ہے۔

## چہارم: انتہا پسندی، تشدد اور دہشت گردی کا اسلامی حل:

دہشت گردی سے مقابلہ میں اور انسانی سماج کو اس کے خطرات سے محفوظ بنانے میں دنیا کے تمام قوانین پر اسلام کو سبقت حاصل ہے اور اس میں سر فہرست انسان کی حفاظت اور اس کی جان، آبرو، مال، دین اور عقل کا تحفظ ہے، اسلام نے اس کے لئے کچھ واضح حدود متعین کر کے ان سے تجاوز کرنے کو منع کر دیا ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "ومن يتعد حدود الله فأولئك هم الظالمون" (بقرہ:۲۲۹) (اور جو کوئی اللہ کے ضابطہ سے باہر نکل جائے گا سو ایسے لوگ (اپنے حق میں) ظلم کرنے والے ہیں)۔ یہ حکم تمام انسانوں کے لئے ہے۔

انسانی کرامت کا لحاظ کرتے ہوئے اسلام نے ایک انسان کو دوسرے انسان پر سرکشی کرنے سے منع کر دیا اور ہر ایسے عمل کو حرام قرار دیا جس سے انسان پر ظلم ہوتا ہو، چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "قل إنما حرم ربي الفواحش ما ظهر منها وما بطن والإثم والبغي بغير الحق" (اعراف:۳۳) (آپ کہہ دیجئے کہ میرے پروردگار نے تو بس بیہودگیوں کو حرام کیا ہے ان میں سے جو ظاہر ہوں ان کو بھی اور جو پوشیدہ ہوں ان کو بھی اور گناہ کو اور ناحق کسی پر زیادتی کو)۔

اسلام نے ان لوگوں کی شناعت و مذمت کی جو زمین کے کسی بھی حصہ میں انسانوں کو ایذاء پہنچاتے ہیں اور اس کو صرف مسلم ممالک کے ساتھ خاص نہیں رکھا ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "وإذا تولى سعى في الأرض ليفسد فيها ويهلك الحرث والنسل والله لا يحب الفساد، وإذا قيل له اتق الله أخذته العزة بالإثم فحسبه جهنم ولبئس المهاد" (بقرہ:۲۰۵، ۲۰۶) (اور جب پیٹھ پھیر جاتا ہے تو اس دوڑ دھوپ میں رہتا ہے کہ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زمین میں فساد کرے اور کھیتی اور جانوروں کو تلف کرے درآنحالیکہ اللہ فساد کو بالکل پسند نہیں کرتا اور جب اس سے کہا جاتا ہے کہ خوف خدا کرو، تو اسے نخوت گناہ پر آمادہ کر دیتی ہے سو اس کے لئے جہنم بس ہے اور بری سے بری آرام گاہ ہے)۔

اسلام نے ہر اس عمل سے بچنے کا حکم دیا جو لوگوں میں فتنہ بھڑکائے اور اس کے خطرات سے آگاہ کیا، اللہ تعالیٰ نے فرمایا: "واتقوا فتنة لا تصيبن الذين ظلموا منكم خاصة واعلموا أن الله شديد العقاب" (انفال: ۲۵) (اور ڈرتے رہو اس وبال سے جو خاص انہی لوگوں پر واقع نہ ہوگا جو تم میں سے ظلم کے مرتکب ہوئے ہیں اور جانتے رہو کہ بے شک اللہ سخت ہے سزا دینے میں)۔

دین اسلام میں فرد اور جماعت کو اعتدال کی رہنمائی کی گئی ہے اور جانب داری وانتہا پسندی کے محرکات اور ان دونوں کے پس پشت کارفرما دین میں ہر قسم کے غلو کی بیخ کنی کی گئی ہے، اس لئے کہ اس میں یقینی ہلاکت ہے، حدیث میں ہے: "دین میں غلو کرنے سے بچو، تم سے پہلے لوگوں کو دین میں غلو نے ہلاک کیا ہے" (مسند احمد ونسائی)۔

اسلام نے ان تمام اسباب کا علاج کیا ہے جو خوف زدہ کرنے، دہشت زدہ کرنے، مرعوب کرنے اور ناحق قتل کرنے کا ذریعہ بنتے ہیں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "کسی مسلمان کے لئے حلال نہیں ہے کہ وہ دوسرے مسلمان کو خوف زدہ کرے" (ابوداؤد) اور آپ ﷺ نے فرمایا: "جس نے اپنے بھائی کی طرف کسی دھار دار چیز سے اشارہ کیا اس پر ملائکہ لعنت بھیجتے رہتے ہیں، جب تک وہ رک نہ جائے، خواہ وہ اس کا حقیقی بھائی کیوں نہ ہو" (مسلم)۔

اللہ تعالیٰ نے اہل ذمہ کے ساتھ انصاف اور عدل کا معاملہ کرنے کا حکم دیا ہے، چنانچہ ان کے لئے حقوق رکھے اور ان پر ذمہ داریاں رکھیں اور مسلم ممالک میں انہیں امان دیا اور ان میں سے کسی کو غلطی سے قتل کرنے پر کفارہ اور دیت واجب کیا، چنانچہ ارشاد فرمایا: "وإن كان من



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قوم بينكم وبينهم ميثاق فدية مسلمة إلى أهله وتحرير رقبة مؤمنة" (نساء:۹۲) (اور اگر ایسی قوم سے ہو کہ تمہارے اور ان کے درمیان معاہدہ ہے تو خون بہا واجب ہے جو اس کے عزیزوں کے حوالہ کیا جائے گا اور ایک مسلم غلام کا آزاد کرنا بھی)۔

مسلم ممالک میں رہنے والے ذمی کو قتل کرنا حرام قرار دیا، ارشاد نبوی ہے: "جس نے کسی معاہدہ والے کو قتل کیا اسے جنت کی خوشبو نہیں ملے گی" (بخاری، احمد، ابن ماجہ)۔

اللہ نے مسلمانوں کو غیر مسلموں کے ساتھ نیکی اور حسن سلوک کرنے سے نہیں روکا جب تک کہ انہوں نے مسلمانوں کے ساتھ جنگ نہ کی ہو اور نہ انہیں ان کے گھروں سے نکالا ہو، جیسا کہ ارشاد ہے: "لا ينهاكم الله عن الذين لم يقاتلوكم في الدين ولم يخرجوكم من دياركم أن تبروهم وتقسطوا إليهم إن الله يحب المقسطين" (ممتحنہ:۸) (اللہ تمہیں ان لوگوں کے ساتھ حسن سلوک اور انصاف کرنے سے نہیں روکتا جو تم سے دین کے بارے میں نہیں لڑے اور تم کو تمہارے گھروں سے نہیں نکالا، بیشک اللہ انصاف کا برتاؤ کرنے والوں ہی کو دوست رکھتا ہے)۔

اللہ نے غیر مسلم اہل ذمہ واہل امان کے ساتھ معاملہ میں عدل کرنا واجب قرار دیا، فرمایا: "ولا يجرمنكم شنآن قوم على ألا تعدلوا اعدلوا هو أقرب للتقوى واتقوا الله إن الله خبير بما تعملون" (مائدہ:۸) (اور کسی جماعت کی دشمنی تمہیں اس پر نہ آمادہ کردے کہ تم اس کے ساتھ انصاف ہی نہ کرو، انصاف کرتے رہو کہ وہ تقویٰ سے بہت قریب ہے اور اللہ سے ڈرتے رہو بیشک اللہ کو اس کی پوری خبر ہے کہ تم کیا کرتے رہتے ہو)۔

اسی لئے اکیڈمی اعلان کرتی ہے کہ کسی ایک شخص کو ناحق قتل کرنا اسلام میں اپنی شناعت کی وجہ سے تمام انسانوں کے قتل کے برابر ہے، خواہ قتل ناحق کسی مسلمان کا ہو یا کسی غیر مسلم کا، جیسا کہ اس آیت کریمہ سے واضح ہے: "من أجل ذلك كتبنا على بني إسرائيل أنه من



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قتل نفسا بغير نفس أو فساد في الأرض فكأنما قتل الناس جميعا ومن أحياها فكأنما أحيا الناس جميعاً" (مائدہ:۳۲)(اسی باعث ہم نے بنی اسرائیل پر یہ مقرر کردیا کہ جو کوئی کسی کو کسی جان کے عوض یا زمین پر فساد کے عوض کے بغیر مار ڈالے تو گویا اس نے سارے آدمیوں کو مار ڈالا) اور حدود وقصاص کے نفاذ کا اختیار صرف سربراہ امت کو ہے، افراد یا جماعتوں کو نہیں ہے۔

## پنجم: جہاد دہشت گردی نہیں ہے:

اسلام میں جہاد کی مشروعیت حق کی نصرت، ظلم کے ازالہ، عدل، سلامتی اور امن کے قیام اور اس رحمت کو عام کرنے کے لئے ہوئی ہے جسے پوری دنیا کے لئے لے کر جناب رسول اللہ ﷺ تشریف لائے تھے تاکہ لوگوں کو تاریکیوں سے روشنی کی طرف لائیں، جو دہشت گردی کی تمام صورتوں کا خاتمہ کرتا ہے، پس جہاد مذکورہ مقاصد کے لئے مشروع ہوا ہے اور زمین پر قبضہ اور ذخائر کو لوٹنے کے خلاف وطن کے تحفظ کے لئے، لوگوں کو ان کے گھروں سے نکال باہر کردینے والی استعماریت کے خلاف، ان لوگوں کے خلاف جو گھروں سے نکالنے میں تعاون دیتے ہیں اور مظاہرہ کرتے ہیں اور ان کے خلاف جو عہد وپیمان کو توڑتے ہیں اور مسلمانوں کے فتنۂ دین کو دفع کرنے اور اسلام کی پرامن دعوت کی آزادی کو چھینے جانے کے خلاف مشروع ہوا ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:"لا ينهاكم الله عن الذين لم يقاتلوكم في الدين ولم يخرجوكم من دياركم أن تبروهم وتقسطوا إليهم إن الله يحب المقسطين، إنما ينهاكم الله عن الذين قاتلوكم في الدين وأخرجوكم من دياركم وظاهروا على إخراجكم أن تولوهم ومن يتولهم فأولئك هم الظالمون" (ممتحنہ:۸،۹) (اللہ تمہیں ان لوگوں کے ساتھ حسن سلوک اور انصاف کرنے سے نہیں روکتا جو تم سے دین کے بارے میں نہیں لڑے اور تم کو تمہارے گھروں سے نہیں نکالا بیشک اللہ انصاف کا برتاؤ کرنے والوں



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہی کو دوست رکھتا ہے، اللہ تو منع کرتا ہے تم کو ان سے جو لڑے تم سے دین میں اور نکالا تم کو تمہارے گھروں سے اور شریک ہوئے تمہارے نکالنے میں کہ ان سے دوستی کرو اور جو کوئی ان سے دوستی کرے سو وہی لوگ گنہگار ہیں)۔

مشروع جہاد کے لئے اسلام میں واضح احکام اور آداب ہیں، چنانچہ جنگ نہ کرنے والوں کو قتل کرنا حرام ہے، بوڑھوں، بچوں اور عورتوں میں سے معصوموں کو قتل کرنا حرام ہے، میدان جنگ سے بھاگنے والوں کا پیچھا کرنا حرام ہے، سپر انداز ہو جانے والوں کو قتل کرنا، قیدیوں کو ایذاء پہنچانا، مقتولوں کی لاشوں کے ٹکڑے کرنا یا صنعتوں، رہائش گاہوں اور مکانات جن کا جنگ سے تعلق نہ ہو، کو منہدم کرنا حرام ہے۔

ظالم اور سرکش لوگوں کی دہشت گردی وتشدد جو وطن کو غصب کرتے ہیں، انسانی شرافت کو پامال کرتے ہیں، مقدس مقامات کی تذلیل کرتے ہیں اور ملک کی دولت کو لوٹتے کھسوٹتے ہیں اس مشروع دفاع کے حق کے برابر نہیں ہوسکتا جو اپنے جائز حقوق کی بازیابی کے لئے کمزور و نہتے لوگ جہاد کے ذریعہ کرتے ہیں۔

ان سب کے پیش نظر اکیڈمی اقوام وملل اور عالمی تنظیموں کو دعوت دیتی ہے کہ وہ ظلم وسرکشی کو ختم کرنے اور حق وانصاف کو قائم کرنے کے لئے ہونے والے مشروع جہاد اور اس ظالمانہ تشدد میں فرق کریں جو دوسروں کی زمین پر قبضہ کرتا ہے، وہاں کی علاقائی حکومت کے اقتدار اعلیٰ پر شب خوں مارتا ہے، پر امن شہریوں کو دہشت زدہ کرتا ہے اور انہیں پناہ گزیں بنا دیتا ہے۔

اکیڈمی دنیا اور عالمی اداروں کو آواز دیتی ہے کہ وہ اس ظالمانہ تشدد کا علاج کریں اور ریاستی دہشت گردی پر بندش لگائیں جسے یہودی استعمار نے فلسطین میں جاری کر رکھا ہے، اکیڈمی اسرائیل کی تمام ظالمانہ سرگرمیوں کی مذمت کرتی ہے جو وہ فلسطین، فلسطینی قوم اور وہاں کے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اسلامی مقدسات کے خلاف روا رکھے ہوا ہے اور اکیڈمی دنیا کے تمام امن پسند ممالک کو آواز دیتی ہے کہ وہ فلسطینی قوم کی مدد کریں اور فلسطینی آزاد حکومت کے اعلان کی تائید کریں جس کی راجدھانی شہر القدس ہو۔

اکیڈمی آگاہ کرتی ہے کہ انسانی مشکلات کے حل میں عدل وانصاف کو نظرانداز کرنا اور عالمی تعلقات میں طاقت اور برتری کا رویہ اپنانا بہت ساری مصیبتوں اور جنگوں کا سبب رہا ہے اور فلسطینی قوم کے مسئلہ کو عادلانہ بنیادوں پر حل نہ کرنا مسلسل کشمکش اور تشدد کا ذریعہ بنا ہوا ہے، اس لئے ضروری ہے کہ اس قوم کے حقوق اس کو لوٹائے جائیں، اس پر ہونے والے ظلم کا دفاع کیا جائے اور اس کے علاوہ دنیا کی دیگر مسلم اقلیتوں اور اقوام پر ہونے والے مظالم ختم کئے جائیں۔

چونکہ دین اسلام دہشت گردی کو حرام قرار دیتا ہے اور سرکشی سے روکتا ہے اور لوگوں کے درمیان عدل ورواداری اور پروقار مکالمہ اور ربط وتعلق کی تائید کرتا ہے، اس لئے اکیڈمی انسانی اقوام اور عالمی تنظیموں کو آواز دیتی ہے کہ وہ اسلام کی واقفیت اس کے بنیادی مراجع سے حاصل کریں، تاکہ انہیں معلوم ہو کہ اسلام میں انسانی مشکلات کے لئے کیا حل ہیں اور یہ کہ اسلام تمام انسانوں کے لئے امن وسلامتی کا دین ہے اور وہ سرکشی پر بندش لگاتا ہے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ”ولا تعتدوا إن الله لا يحب المعتدين“ (بقرہ: ۱۹۰) (اور حد سے باہر مت نکلو کہ اللہ حد سے باہر نکل جانے والوں کو پسند نہیں کرتا)۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# مسلمانوں سے اکیڈمی کی اپیل

اسلامی فقہ اکیڈمی محسوس کرتی ہے کہ حالیہ واقعات کے حوالہ سے بہت سارے مسلمانوں کے موقف میں اختلاف ہے، چنانچہ مسلمانوں کو ایک موقف پر لانے کی ضرورت میں اپنا حصہ ادا کرتے ہوئے اکیڈمی مسلمانوں سے درج ذیل اپیل کرتی ہے:

۱- قرآن اور سنت کو مضبوطی سے تھاما جائے، ان ہی کو اپنا فیصل بنایا جائے اور مستند اہل علم کی جانب رجوع کیا جائے، اس لئے کہ وہی اہل معرفت وخشیت وتقوی ہیں، اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "إنما یخشی اللہ من عبادہ العلماء إن اللہ عزیز غفور" (فاطر: ۲۸) (اللہ سے ڈرتے تو بس وہی بندے ہیں جو علم والے ہیں بیشک اللہ زبردست ہے، بڑا مغفرت والا ہے) یہی اہل علم لوگوں کی رہنمائی کرنے اور ان کا اعتماد حاصل کرنے کے زیادہ اہل ہیں۔

۲- مسلمانوں کو درپیش مشکلات ومسائل کو حل کرنے کی راہ میں حکمراں، علماء اور اسلامی اداروں کا باہمی تعاون ضروری ہے اور اس کے لئے شریعت اسلامیہ اور اس کے دونوں سرچشمے قرآن کریم اور سنت نبویہ کی طرف رجوع کیا جائے، اللہ تعالیٰ نے اس تعاون کا حکم دیتے ہوئے فرمایا: "وتعاونوا علی البر والتقوی ولا تعاونوا علی الإثم والعدوان واتقوا اللہ إن اللہ شدید العقاب" (مائدہ: ۲) (ایک دوسرے کی مدد نیکی اور تقویٰ میں کرتے رہو اور گناہ اور زیادتی میں ایک دوسرے کی مدد نہ کرو اور اللہ سے ڈرتے رہو، بے شک اللہ سخت سزا دینے والا ہے)۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۳- توسط واعتدال کی جڑوں کو مضبوط کیا جائے اور غلو سے گریز کیا جائے جس کی اسلام نے مذمت کی ہے اور قول، عمل اور رویہ میں دین کا وہ معتدل ومتوسط رخ اختیار کیا جائے جسے قرآن نے اس امت کا وصف بتایا ہے: "وکذلک جعلناکم أمة وسطا لتکونوا شھداء علی الناس ویکون الرسول علیکم شھیداً" (بقرہ: ۱۴۳) (اور اسی طرح ہم نے تمہیں ایک امت عادل بنادیا ہے تاکہ تم گواہ رہو لوگوں پر اور رسول گواہ رہیں تم پر)۔

۴- اکیڈمی مسلم اقلیتوں سے اپیل کرتی ہے کہ وہ اپنے دین کی حفاظت اور اپنی شناخت کے تحفظ کے لئے اپنی پوری کوشش وطاقت لگادیں، اکیڈمی یہ بھی واضح کرتی ہے کہ یہ اقلیتیں جن ملکوں میں آباد ہیں وہاں کی شہریت واقامت اور معاہدہ کے تقاضوں کی پابند رہیں تاکہ دوسروں کی جان ومال کی حفاظت ہو اور ملک کے عمومی نظام کی رعایت ہو، اقلیتیں اس بات کی حسب استطاعت پوری کوشش کریں کہ نئی نسل کی اسلامی تربیت کی جائے اور اس کے لئے مدارس ومراکز کی سرپرستی کی جائے، اسلامی اخوت کے دائرہ میں وہ اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑیں اور جن مسائل میں اختلاف پیدا ہو ان کے حل میں سکون وسنجیدگی کے ساتھ بات چیت کا راستہ اپنائیں اور اس بات کی سنجیدہ کوشش کریں کہ جن ممالک میں وہ قیام پذیر ہیں وہاں کی حکومتیں ان کو اور ان کے حقوق کو تسلیم کرکے بحیثیت ایک مذہبی اقلیت کے ان کو اپنے تمام حقوق اور بالخصوص خانگی حقوق سے مستفید ہونے کی آزادی دیں، جس طرح کہ دیگر مذہبی اقلیتوں کو یہ سہولت حاصل ہے، اکیڈمی رابطہ عالم اسلامی سے امید کرتی ہے کہ وہ اس مقصد کے حصول کے لئے دنیا کی ایک بہت بڑی عوامی اسلامی تنظیم ہونے کی حیثیت سے اپنی کوشش کرے گی۔

۵- اکیڈمی واضح کرتی ہے کہ اسلام میں فتوی کی زبردست اہمیت اور مقام ہے، کبار علماء



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سلف اور بعد کے اہل علم واستقامت فتوی دینے سے گھبراتے تھے کہ اللہ ورسول کی طرف کوئی بات لاعلمی میں منسوب نہ ہو جائے، اسے اللہ تعالیٰ نے شرک کے ساتھ جوڑ کر بیان کیا ہے، فرمایا: ''قل إنما حرم ربي الفواحش ما ظهر منها وما بطن والإثم والبغي بغير الحق وأن تشركوا بالله ما لم ينزل به سلطانا وأن تقولوا على الله ما لا تعلمون'' (اعراف: ۳۳) (آپ کہہ دیجئے کہ میرے پروردگار نے تو بس بیہودگیوں کو حرام کیا ہے ان میں سے جو ظاہر ہوں ان کو بھی اور جو پوشیدہ ہیں ان کو بھی اور گناہ کو اور ناحق کسی پر زیادتی کو اور اس کو کہ تم اللہ کے ساتھ شریک کرو جس کے لئے اللہ نے کوئی دلیل نہیں اتاری اور اس کو کہ تم اللہ کے ذمہ ایسی بات جھوٹ لگا دو جس کی تم کوئی سند نہیں رکھتے)۔ فتوی میں تساہل سے اکیڈمی چوکنا کرتی ہے اور مسلم حکام وعوام کو متوجہ کرتی ہے کہ وہ فتوی اور اس کے اہل لوگوں کو اہمیت دیں، لہذا ایسے افراد کے پاس نہ جائیں جو فتوی کے اہل نہیں ہیں، اکیڈمی مسلمانوں کو بھی آگاہ کرتی ہے کہ ایسی آراء اور فتاوی کے پیچھے نہ دوڑیں جو معتبر اہل علم کی جانب سے نہ جاری کئے گئے ہوں۔

۶- اکیڈمی اس ناپاک حملہ پر بھی نظر رکھتی ہے جو مدارس، اسلامی اسکول اور مسلم ممالک کے خطابت ودعوت کے مراکز پر کئے جارہے ہیں، ان حملوں میں یہ مطالبہ کیا جارہا ہے کہ نظام تعلیم کو بدلا جائے یا ان کے کردار کو گھٹایا جائے، اکیڈمی مسلمانوں کو اس خطرہ کی سنگینی سے آگاہ کرتی ہے، وہ ان کو ہدایت کرتی ہے کہ وہ اس کے پیچھے اس طرح نہ دوڑیں کہ اس کے نتیجہ میں ان کا اسلامی تشخص ختم ہو جائے اور مسلمان اپنے دین سے جاہل وناواقف ہو کر رہ جائیں، اکیڈمی اسلامی تشخص کی تعمیر اور معاشرہ کی مضبوطی میں شرعی تعلیم کی اہمیت کو ضروری سمجھتی ہے جو کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ کے مطابق ہو،



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اکیڈمی رابطہ عالم اسلامی سے گذارش کرتی ہے کہ وہ اسلامی ممالک کے تعلیمی اداروں اور تعلیم کی وزارتوں کے ساتھ مل کر اس اہم موضوع پر کام جاری رکھے۔

## رابطہ عالم اسلامی سے اکیڈمی کی سفارشات:

مسلمانوں میں اتحاد اور ان کی صفوں کو متحد کرنے کے مقصد سے اکیڈمی رابطہ عالم اسلامی سے درج ذیل سفارشات کرتی ہے:

۱- رابطہ عالم اسلامی کے ماتحت مکہ مکرمہ میں علماء اسلام کا ایک عالمی اتحاد یا تنظیم قائم کی جائے جو مسلمانوں اور مسلم اقلیات کی زندگی میں پیش آنے والے مسائل ومشکلات پر غور کرے۔

۲- رابطہ عالم اسلامی کے ماتحت اسلامی تنظیموں کے ایک عالمی اتحاد کے قیام کی کوشش کی جائے تاکہ ان کے کاموں میں ہم آہنگی پیدا ہو اور باہم ایک دوسرے کا تعاون ہو، جیسا کہ اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے نیکی وتقوی کے میدان میں اور اسلام اور مسلمانوں کی خدمت کے میدانوں میں تعاون کا حکم دیا ہے: ''واعتصموا بحبل الله جميعاً ولا تفرقوا'' (آل عمران: ۱۰۳) (اور اللہ کی رسی سب مل کر مضبوط تھامے رہو اور باہم نااتفاقی نہ کرو) اور ارشاد ہے: ''وأطيعوا الله ورسوله ولا تنازعوا فتفشلوا وتذهب ريحكم'' (انفال: ۴۶) (اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے رہو اور آپس میں جھگڑا مت کرو ورنہ کم ہمت ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی)۔

۳- ایک ایسا میثاق تیار کیا جائے جس کی پابندی اسلامی رفاہی کام کرنے والے دنیا کے تمام ادارے کریں تاکہ ان کی کوششوں میں ہم آہنگی، کاموں میں باہمی تعاون اور باہمی اتحاد پیدا ہو اور ان پر لگائے جانے والے غلط الزامات کا ازالہ ہو۔

۴- اس بات کی کوشش کی جائے کہ مسلم اقلیتوں کو بھی وہ قانونی حقوق حاصل ہوں جو دوسری



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اقلیتوں کو مل رہے ہیں اور جس ملک میں مسلم اقلیت رہتی ہے وہاں کی حکومت اسلام کو تسلیم کرے، ساتھ ہی ہر ملک میں اسلامی تنظیم قائم کرنے کی کوشش کی جائے جو سرکاری اور انتظامی اداروں کے سامنے مسلمانوں کی نمائندگی کرے تاکہ مسلمانوں کو اپنے حقوق حاصل کرنے میں سہولت ہو جس طرح دوسروں کو یہ حقوق حاصل ہیں۔

۵- اسلامی حکومتیں اور تنظیمیں باہمی تعاون کے ساتھ اس بات کی کوشش کریں کہ عالمی اسلامی فضائی چینل قائم ہوں جو مختلف زبانوں میں اپنے پروگرام نشر کریں اور اسلام کے محاسن اور انسانیت کے لئے اسلام کی ضرورت کو نمایاں کریں اور اسلام اور مسلمانوں پر ہونے والے ظالمانہ ثقافتی وابلاغی حملوں کے دفاع میں حصہ لیں۔

۶- مسلم علماء کی ایک ایسی ٹیم بنائی جائے جو مغرب کی مؤثر حکومتوں، پارلیمنٹ اور اداروں کے ساتھ اور حقوق انسانی کی تنظیموں کے ساتھ مسلسل رابطہ رکھے، نسلی امتیاز ونفرت کا مقابلہ کرے، ان اداروں کے ذمہ داران کے ساتھ ملاقات اور مراسلت کر کے انہیں آگاہ کرے کہ اسلام نے انسانیت کی بھلائی، آشتی اور امن کے لئے کیا تعلیمات دی ہیں اور اسلام اور مسلمانوں کے خلاف اٹھائے جانے والے ہر معاملہ کے بارے میں اسلام کا صحیح موقف پیش کرے۔

آخری بات یہ ہے کہ مسلم اقوام کا فرض ہے کہ وہ خطرات کے مقابلہ کے لئے متحد ہو جائیں اور یہ جان لیں کہ ان کی بقاء ان کے دین کی بقاء کے ساتھ وابستہ ہے اور اسلام ایک ایسی نعمت ہے جس کی حفاظت کی جانی چاہئے اور ایک ایسا احسان ہے جس پر شکر ادا کیا جانا چاہئے، اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: "يمنون عليک أن أسلموا قل لا تمنوا علي إسلامكم بل الله يمن عليكم أن هداكم للإيمان إن كنتم صادقين" (حجرات:۱۷) (یہ لوگ آپ پر احسان رکھتے ہیں کہ مطیع ہو گئے ہیں، آپ کہہ دیجئے کہ مجھ پر اپنے مطیع ہو جانے کا احسان



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہ رکھو البتہ یہ تو اللہ کا تم پر احسان ہے کہ اس نے تمہیں ایمان کی ہدایت دی بشرطیکہ تم (دعوائے ایمان میں) سچے ہو)۔ مکہ مکرمہ کے اس مقدس مقام میں رابطہ عالم اسلامی کی قیادت میں جمع ہوئے علماء یہ اعلان تمام انسانوں کو سناتے ہیں اور دنیا اور اس کی تنظیموں کو دعوت دیتے ہیں کہ وہ دیکھیں کہ انسانیت کو درپیش خطرات کو جڑ سے اکھاڑ پھینکنے کے لئے انہیں کیا کرنا چاہیے۔

اسلامی فقہ اکیڈمی اپنے اجلاس کے اختتام پر مملکت سعودی عرب کے سامنے اپنے جذبات تشکر وامتنان کا اظہار کرتی ہے جہاں اسلام کا نفاذ، دین کا دفاع اور اسلامی اداروں اور مسلمانوں کی مدد ونصرت اور ہر جگہ کے مسلمانوں کا تعاون کیا جارہا ہے، خصوصی شکر خادم الحرمین الشریفین ملک فہد بن عبدالعزیز آل سعود، ولی عہد و نائب صدر کیبنٹ وچیف نیشنل گارڈ امیر عبداللہ بن عبدالعزیز، نائب دوم رئیس کیبنٹ، وزیر دفاع وہوابازی وانسپکٹر جنرل امیر سلطان بن عبدالعزیز کا ادا کیا جاتا ہے جو اسلام کی خدمت اور مسلمانوں کے مصالح کے تحفظ میں مصروف ہیں، اکیڈمی مکہ مکرمہ کے امیر عبدالمجید بن عبدالعزیز کا شکریہ ادا کرتی ہے جو اکیڈمی کے افتتاحی اجلاس میں تشریف لائے، شرکاء نے رابطہ عالم اسلامی سے گذارش کی کہ وہ خادم الحرمین الشریفین، ولی عہد اول، ولی عہد دوم اور امیر منطقہ مکہ مکرمہ کے شکریہ کا تار انہیں بھیجے، دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کے ذریعہ اپنے دین کی نصرت فرمائے اور اپنے کلمہ کو بلند فرمائے اور تمام مسلمانوں حکمراں ورعایا کو قرآن وسنت پر عمل کی توفیق عطا فرمائے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# سترہویں سمینار

# منعقدہ ۱۹-۲۳ شوال المکرّم ۱۴۲۳ھ

# کے فیصلے

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

☆☆☆

☆ پہلا فیصلہ: فکری انحراف کی اصلاح کے وسائل

☆ دوسرا فیصلہ: بعض بنکوں میں جاری بیع تورق کا معاملہ

☆ تیسرا فیصلہ: جسم کے بنیادی خلیوں کا استعمال

☆ چوتھا فیصلہ: ایسی دواؤں کا استعمال جن میں خنزیر وغیرہ نجس العین کی آمیزش ہو اور اس کا متبادل کم فائدہ کا حامل موجود ہو جیسے نیوہیپارین

☆ پانچواں فیصلہ: خون کے موروثی امراض

☆ چھٹا فیصلہ: حج میں ازدحام کا مسئلہ اور اس کا شرعی حل

☆ ساتواں فیصلہ: کتاب ''ہیروغلیفی زبان سے قرآن کی تشریح'' کے بارے میں اکیڈمی کی رائے

☆ آٹھواں فیصلہ: انکم ٹیکس

☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پہلا فیصلہ:

## فکری انحراف کی اصلاح کے وسائل

رابطہ عالم اسلامی کے ماتحت قائم اسلامی فقہ اکیڈمی نے اپنے سترہویں فقہی سمینار منعقدہ ۱۹رتا ۲۳رشوال ۱۴۲۴ھ مطابق ۱۳رتا ۱۷ردسمبر ۲۰۰۳ء میں شرکاء اجلاس کے نام خادم الحرمین الشریفین ملک فہد بن عبد العزیز کے جامع خطاب کو دیکھا، اس میں فکری انحراف کے خطرات کی جانب اشارہ کیا گیا ہے۔ یہ انحراف امت کے کچھ نوجوانوں کے اندر اسلامی احکام سے ناواقفیت کے سبب پیدا ہوا ہے، اکیڈمی کا اجلاس اس پر غور وخوض کے بعد درج ذیل نتائج پر پہنچا:

اول: خادم الحرمین الشریفین کے خطاب کو اجلاس کا دستاویزی ریکارڈ قرار دیا جاتا ہے اور اس بات کے لئے ان کا شکریہ ادا کیا جاتا ہے کہ انہوں نے اکیڈمی کے کاموں اور مسلمانوں کے مسائل سے دلچسپی لی۔

دوم: فکری انحراف اور کچھ مسلمانوں کی جانب سے دہشت گردانہ واقعات پیش آنے کے بعض اسباب درج ذیل ہیں:

الف- اسلامی شریعت کے احکام سے ناواقفیت پائی جاتی ہے جس کا فائدہ اٹھاتے ہوئے امت کے نوجوانوں کو جرائم وسرکشی اور بگاڑ پیدا کرنے والے گروہوں میں شامل کرلیا جاتا ہے اور ایسے تصورات کو بنیاد بنایا جاتا ہے جن میں مسلمانوں کی تکفیر اور ان کے خون کو مباح بتایا جاتا ہے۔

ب- مستند علماء اور بعض نوجوانوں کے درمیان مضبوط ربط نہیں پایا جاتا ہے اور جب ایسے نوجوانوں کو مکمل رہنمائی اور تربیت نہیں مل سکی تو وہ غلو پسندوں کا شکار ہوگئے اور فکری



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انحراف ان کا آئیڈیل بن گیا۔

ج- اللہ کے دین سے انحراف کے مظاہر پائے جاتے ہیں، بالخصوص بعض ذرائع ابلاغ کے اندر ایسے مظاہر ہیں، اس کی وجہ سے کچھ لوگوں کے اندر ردعمل پیدا ہوتا ہے اور وہ فکری غلو کا شکار ہو جاتے ہیں اور اسلام کی ان ہدایات کو چھوڑ بیٹھتے ہیں جن میں مسلمانوں کے ساتھ تعلق و ہمدردی، محبت وتعاون، رواداری اور درگذر کی ترغیب دی گئی ہے۔

اکیڈمی نے نوٹ کیا کہ ان لوگوں کے طرز عمل اور ان کی دہشت گردانہ کارروائیوں نے دوسرے معاشروں میں اسلام کی تصویر کو بدنما بنایا اور دشمن تنظیموں نے اسلام اور مسلمانوں کو نقصان پہنچانے کے لئے اس بدنما تصویر کو مزید پھیلانے کی زبردست کوششیں انجام دیں۔ دوسری طرف اسلام کی اشاعت اور اس کے دفاع سے متعلق مسلمانوں کی کمزور کوششوں کی وجہ سے بھی انہیں فائدہ پہنچا۔

اس چیلنج کا مقابلہ کرنے اور اس کے لئے وسائل کی تعیین کے سلسلہ میں رابطہ عالم اسلامی کے سکریٹری جنرل کی دعوت کو قبول کرتے ہوئے اکیڈمی درج ذیل قرارداد منظور کرتی ہے:

اول- رابطہ عالم اسلامی کو اس بات پر آمادہ کیا جائے کہ وہ جلد از جلد علماء کی ایک کانفرنس بلائے جس کی تائید اکیڈمی کے نام خادم الحرمین الشریفین کے خط میں آئی ہے اور جو خود رابطہ کی چوتھی عمومی کانفرنس کی تجویز بھی ہے نیز رابطہ مسلمانوں کو درپیش مسائل ومشکلات کے حل کے لئے اجلاس کے مقاصد اور تفصیلات متعین کرے۔

دوم- رابطہ کو آمادہ کیا جائے کہ وہ بڑی اسلامی تنظیموں کے درمیان ربط وہم آہنگی قائم کرنے کے لئے ایک عالمی بورڈ تشکیل دے اور رابطہ کانفرنس کی قرارداد کے مطابق اس بورڈ کے قواعد وضوابط متعین کرے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سوم- رابطہ عالم اسلامی کے زیر اہتمام جلد از جلد ایک ایسی میٹنگ منعقد کی جائے جس میں فقہی اکیڈمیاں، اسلامی تحقیق کے ادارے اور شریعت اسلامیہ کے ماہرین شریک ہوں تاکہ اس میں مسلمانوں کی زندگی میں پیش آنے والے نئے مسائل پر غور کرکے درج ذیل امور طے کئے جائیں:

۱- فتوی کے سلسلہ میں ایک میثاق (چارٹر) ترتیب دیا جائے اور امت کے مشترکہ مسائل میں انفرادی فتاوی کے مسئلہ پر غور کیا جائے۔

۲- بعض اصطلاحات کے مفاہیم اور ان کی شرعی تعریفات متعین کی جائیں تاکہ ان اصطلاحات سے متعلق جو غلط فہمیاں کچھ لوگوں میں پائی جاتی ہیں وہ دور ہوں، جیسے "جماعت المسلمین"، "طائفہ منصورہ"، "دار الاسلام"، "دار الحرب"، "الولاء والبراء"، "جہاد"، "حوار"، "ولی الأمر کے حقوق اور فرائض" اور ان چیزوں کو ایک کتاب کی شکل میں طبع کراکر مسلمانوں کے درمیان عام کیا جائے۔

۳- رابطہ کے اندر اس میٹنگ کے انعقاد کے سلسلہ میں ایک تیاری کمیٹی تشکیل دی جائے اور اس کے لئے اکیڈمیوں اور دوسرے متعلقہ اداروں سے مشورہ کیا جائے۔

چہارم- امت مسلمہ کو درپیش چیلنج کے موضوعات پر مخصوص اور متعدد سمپوزیم اور سمینار مسلم اقلیتوں اور عالم اسلام کے ان ممالک میں منعقد کئے جائیں جہاں ان کی زیادہ ضرورت ہے تاکہ داخلی اور خارجی چیلنجوں کے مقابلہ میں تعاون حاصل ہوسکے۔

پنجم- اسلامی حکومتوں کو دعوت دی جائے کہ وہ اپنے عوام کی زندگیوں میں اسلامی احکام کا نفاذ کریں۔

ششم- اسلامی ذرائع ابلاغ کو اس بات پر آمادہ کیا جائے کہ وہ اپنے پیش کردہ پروگراموں میں اسلامی آداب کی پابندی کریں، ایسی چیزوں سے گریز کریں جن سے اسلامی احیاء کی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جدوجہد داغدار ہوتی ہے اور مسلمانوں کے درمیان فتنے کو ہوا ملتی ہے یا وہ نوجوانوں کے اندر ردعمل پیدا کرتی اور غلو کا سبب بنتی ہیں اور ذرائع ابلاغ سے مطالبہ کیا جائے کہ وہ امت کو درپیش چیلنجوں کے حل میں اپنا کردار ادا کریں۔

ہفتم۔ علماء امت کو اس بات کی دعوت دی جائے کہ وہ مسلم نوجوانوں اور نئی نسل کے ساتھ روابط مضبوط کریں اور دین کی ذمہ داریوں سے انہیں آگاہ کریں جس میں نہ افراط ہو نہ تفریط۔

ہشتم۔ مختلف اسلامی ممالک کی تعلیم سے متعلق وزارتوں سے گذارش کی جائے کہ وہ اپنے نظام تعلیم میں طلبہ کو اسلام کے صحیح احکام سے واقف کرانے کو یقینی بنائیں تاکہ فکری انحراف اور دین میں غلو کا خاتمہ ہو۔

نہم۔ فقہی اکیڈمیوں اور شرعی شعبوں کو دعوت دی جائے کہ وہ ایسے مسلم نوجوانوں کو ضروری فقہی معلومات فراہم کرنے میں تعاون کریں تاکہ ان نوجوانوں کو فکری بے راہ روی اور عملی انحراف سے بچایا جاسکے۔

دہم۔ علماء امت سے گذارش کی جائے کہ وہ ایسی کتابیں اور تحریریں تیار کریں جن میں فکری انحراف اور دین میں غلو کو واضح کیا گیا ہو اور رابطہ عالم اسلامی کی امانت عامہ سے درخواست کی جائے کہ وہ مطلوبہ کتابوں کی تیاری کے لئے چند ماہرین کو باضابطہ طور پر اس کام کی ذمہ داری سونپے۔

یازدہم۔ مسلم دانشوروں کو دعوت دی جائے کہ وہ ان صحافتی پروگراموں میں شرکت کریں جو نوجوانوں کے مسائل کو حل کرنے کے لئے منعقد ہوتے ہیں، بالخصوص ایسی گفتگوؤں میں حصہ لیں جو سماج سے فکری انحراف اور غلو کو ختم کرتی ہیں۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# ممبران

x
ڈاکٹر محمد رشید راغب قبانی

[دستخط]
ڈاکٹر مصطفیٰ سیر بتش

[دستخط]
ڈاکٹر نصر فرید محمد واصل

[دستخط]
ڈاکٹر الصدیق محمد الأمین الضریر

[دستخط]
ڈاکٹر محمد الحبیب بن الخوجہ

[دستخط]
محمد سالم بن عبدالودود

[دستخط]
محمد بن عبداللہ السبیل

[دستخط]
ڈاکٹر عبدالکریم زیدان

x
محمد تقی العثمانی

[دستخط]
ڈاکٹر وہبہ مصطفیٰ الزحیلی

[دستخط]
ڈاکٹر یوسف بن عبداللہ القرضاوی

[دستخط]
ڈاکٹر عبدالستار فتح اللہ سعید

[دستخط]
ڈاکٹر صالح بن زابن المرزوقی
(سکریٹری جنرل)

[دستخط]
ڈاکٹر عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی
(نائب صدر)

[دستخط]
عبدالعزیز بن عبداللہ آل الشیخ
(صدر)



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# دوسرا فیصلہ:

## بعض بنکوں میں جاری بیع تورق کا معاملہ

اس موضوع پر پیش کردہ مقالات اوران پر ہونے والے بحث ومباحثہ کی روشنی میں واضح ہوا کہ اس وقت کچھ بنکوں میں تورق کے جو معاملات رائج ہیں ان کی نوعیت یہ ہے کہ بنک صرف شکلی عمل انجام دیتا ہے جس میں عالمی مارکٹ وغیرہ سے کوئی سامان (سونا یا چاندی کے علاوہ) مستورق کے نام ادھار خریدا جاتا ہےاور بنک اس بات کا پابند ہوتا ہے (کبھی عقد کے اندر شرط کی بنا پراور کبھی عرف کی بنیاد پر) کہ مستورق کی جانب سے نیابت میں وہ اس سامان کو کسی دوسرے خریدار کے ہاتھ نقد فروخت کرےاوراس کی قیمت مستورق کے حوالہ کردے۔

اس پر غور وخوض کے بعد اکیڈمی درج ذیل فیصلے کرتی ہے:

اول- تورق کی جو شکل اوپر کی سطروں میں مذکور ہوئی، وہ درج ذیل اسباب کی وجہ سے ناجائز ہے:

۱- عقد تورق میں بائع کے اوپر یہ پابندی کہ وہ دوسرے خریدار کے ہاتھ اسے فروخت کرے گا یا خریدار کے لئے فروختگی کا انتظام کرے گا، اس معاملہ کو بیع عینہ کے مشابہ بنادیتی ہے جو شرعاً ممنوع ہے، خواہ اس پابندی کی شرط صراحتاً لگائی گئی ہو یا یہ پابندی رائج عرف کے تحت کی جاتی ہو۔

۲- یہ معاملہ بیشتر حالات میں سامان پر شرعی قبضہ کی شرطوں کو متاثر کرتا ہے جو معاملہ کی درستگی کے لئے لازم ہے۔

۳- اس معاملہ کی حقیقت یہ ہے کہ اس میں بنک کی جانب سے خرید وفروخت کے ہونے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والے معاملات میں بنک نقد سرمایہ فراہم کرتا ہے جس پر وہ ایک اضافہ لیتا ہے جو مستورق فیہ کہلاتا ہے، خرید وفروخت کے معاملات عام حالات میں صرف صورتاً ہوتے ہیں، ان سے بنک کا مقصود یہ ہوتا ہے کہ ان کا پیش کردہ سرمایہ انہیں اضافہ کے ساتھ واپس ملے۔ یہ معاملہ اس حقیقی تورق سے علاحدہ ہے جو فقہاء کے یہاں معروف ہے اور پچھلے پندرہویں سمینار میں خود اکیڈمی نے جس کے جواز کی رائے ان شرائط کے ساتھ دی ہے جو قرارداد میں مذکور ہیں۔ اس تورق میں اور یہاں جاری معاملہ میں متعدد فرق ہیں جنہیں پیش کردہ مقالات میں واضح کیا گیا ہے۔ تورق حقیقی میں دراصل ایک سامان کو ادھار قیمت پر حقیقتاً خریدا جاتا ہے۔ وہ سامان خریدار کی ملکیت میں داخل ہوتا ہے اور خریدار اس پر حقیقی قبضہ کرتا ہے اور سامان خریدار کے ضمان میں آجاتا ہے پھر وہ خریدار اس سامان کو اپنی کسی ضرورت کی وجہ سے نقد فروخت کرتا ہے جس سے کبھی اس کی ضرورت پوری ہوتی ہے اور کبھی نہیں ہوتی ہے۔ ادھار اور نقد قیمت کے درمیان کا فرق اس بنک کی ملکیت میں نہیں آتا ہے جو اپنے پیش کردہ سرمایہ پر اضافہ حاصل کرنے کی غرض سے معاملہ میں داخل ہوتا ہے جو عام حالات میں صرف صورتاً معاملہ ہوتا ہے۔ یہ بات اس معاملہ میں نہیں پائی جاتی ہے جسے اس وقت کچھ بنک انجام دے رہے ہیں۔

دوم۔ اکیڈمی کا یہ اجلاس تمام بنکوں سے اپیل کرتا ہے کہ وہ اللہ کے حکم کی تعمیل کرتے ہوئے حرام معاملات سے بچیں۔ یہ اجلاس جہاں سود کی پھیلتی لعنت سے امت مسلمہ کو بچانے کی اسلامی بنکوں کی کوششوں کو سراہتا ہے، وہیں وہ ان سے گذارش کرتا ہے کہ وہ اس کے لئے جائز حقیقی معاملات کریں۔ ایسے مصنوعی معاملات کا سہارا نہ لیں جن کا حاصل صرف یہ ہے کہ سرمایہ فراہم کر کے سرمایہ پر اضافہ حاصل کیا جائے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# ممبران

| | | |
|---|---|---|
| x | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر محمد رشید راغب قبانی | ڈاکٹر مصطفیٰ سیر بتش | ڈاکٹر نصر فرید محمد واصل |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر الصدیق محمد الأمین الضریر | ڈاکٹر محمد الحبیب بن الخوجہ | محمد سالم بن عبد الودود |
| [دستخط] | [دستخط] | x |
| محمد بن عبد اللہ السبیل | ڈاکٹر عبد الکریم زیدان | محمد تقی العثمانی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر وہبہ مصطفیٰ الزحیلی | ڈاکٹر یوسف بن عبد اللہ القرضاوی | ڈاکٹر عبد الستار فتح اللہ سعید |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر صالح بن زابن المرزوقی | ڈاکٹر عبد اللہ بن عبد المحسن الترکی | عبد العزیز بن عبد اللہ آل الشیخ |
| (سکریٹری جنرل) | (نائب صدر) | (صدر) |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# تیسرا فیصلہ:

## جسم کے بنیادی خلیوں کا استعمال

جذعی خلیے وہ ابتدائی خلیے ہوتے ہیں جن سے جنین تخلیق پاتا ہے اور جو اللہ کی مشیت اور مرضی کے تحت یہ صلاحیت رکھتے ہیں کہ جسم انسانی کے مختلف خلیوں کی شکل اپنالیں۔ موجودہ دور میں سائنس دانوں کے لئے یہ بات ممکن ہوگئی ہے کہ وہ ایسے خلیوں کو پہچان کر ان کو علاحدہ کریں اور ان کی افزائش کریں۔ اس کا مقصد علاج اور مختلف سائنسی تجربات کرنا ہے۔ بعض امراض کے علاج میں ان خلیوں کا استعمال ہوسکتا ہے اور بہت ممکن ہے کہ مستقبل میں اس کے بہت سے فوائد سامنے آئیں اور بہت سارے امراض اور جسمانی نقائص جیسے کینسر کی کچھ قسموں، شوگر کی بیماری، گردہ اور جگر کی خرابی وغیرہ کے علاج میں اس کا بڑا اثر ہو۔

یہ خلیے مندرجہ ذیل ذرائع سے حاصل کئے جاتے ہیں:

۱- ابتدائی جنین جبکہ وہ کرہ جرثومیہ (Blastula) کے مرحلہ میں ہو۔ یہ وہ خلیاتی کرہ ہے جس سے جسم کے مختلف خلیے تیار ہوتے ہیں۔ ٹسٹ ٹیوب بے بی پروجیکٹ کے فاضل بارآور شدہ لقیحے بھی ان خلیوں کے حصول کا بنیادی ذریعہ ہیں۔ اسی طرح یہ بھی ممکن ہے کہ ایک رضا کار خاتون کے انڈے اور ایک رضا کار مرد کے مادہ منویہ کو لے کر اور بالقصد بارآوری کر کے لقیحہ حاصل کیا جائے اور اسے بلاسٹولا کے مرحلہ تک ڈولپ کیا جائے پھر اس سے جذعی خلیے نکالے جائیں۔

۲- حمل کے کسی بھی مرحلہ میں ساقط ہوجانے والے جنین۔

۳- مشیمہ (Placenta) یا حبل السرۃ (Umblical Cord)۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴- بچے اور بالغ لوگ۔

۵- علاجی کلوننگ، اس طور پر کہ کسی بالغ انسان سے کوئی جسمانی خلیہ لے کر اس کے نیوکلیس کو نکالا جائے پھر اس نیوکلیس کو کسی ایسے انڈے کے اندر ملا دیا جائے جس کو نیوکلیس سے خالی کر دیا گیا ہو، تاکہ یہ بلاسٹولا کے مرحلہ تک پہنچ جائے، پھر اس سے جذعی خلیے حاصل کئے جائیں۔

اس موضوع پر پیش کردہ مقالات اور ارکان و ماہرین کی آراء سننے نیز اس نوع کے خلیوں اور ان کے حصول کے ذرائع سے واقف ہونے کے بعد اکیڈمی نے درج ذیل فیصلے کئے:

اول- جذعی خلیوں کو حاصل کرنا اور ان کو ڈولپ کرنا اور ان کا استعمال کرنا خواہ علاج کے لئے ہو یا جائز علمی تحقیقات کے لئے ہو، جائز ہے بشرطیکہ اس کو حاصل کرنے کا ذریعہ مباح ہو۔ ایسے مباح ذرائع بطور مثال مندرجہ ذیل ہیں:

۱- بالغ افراد جب کہ وہ اجازت دیں اور اس سے ان کو کوئی ضرر نہ پہنچتا ہو۔

۲- بچے جب کہ ان کے اولیاء کسی شرعی مصلحت کے تحت اجازت دیں اور اس سے بچوں کو نقصان نہ پہنچتا ہو۔

۳- مشیمہ یا حبل السرۃ۔

۴- جنین جو خود بخود ساقط ہو جائے، یا کسی علاجی سبب سے جس کی شریعت نے اجازت دی ہو، ساقط کیا جائے اور والدین کی اجازت حاصل ہو۔ یہاں یہ واضح رہے کہ اکیڈمی نے اپنے بارہویں سمینار میں ان حالات کی تعیین کر دی ہے جن میں اسقاط حمل درست ہے۔

۵- ٹسٹ ٹیوب بے بی پروجیکٹ کے فاضل بارآور شدہ لقیحے، بشرطیکہ موجود ہوں اور والدین رضاکارانہ فراہم کریں۔

دوم- اگر جذعی خلیوں کا حصول ناجائز طریقہ سے ہو تو ان کو حاصل کرنا اور استعمال کرنا جائز



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نہیں ہے۔ ناجائز ذرائع بطور مثال درج ذیل ہیں:

۱۔ جنین جسے قصداً ساقط کرایا گیا ہو اور ایسا سبب موجود نہ ہو جس کی وجہ سے شریعت نے اسقاط کی اجازت دی ہے۔

۲۔ کسی رضا کار خاتون کے انڈے اور کسی رضا کار مرد کے مادہ کو لے کر بالقصد بارآوری کی گئی ہو۔

۳۔ علاجی کلوننگ۔

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| x | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر محمد رشید راغب قبانی | ڈاکٹر مصطفیٰ سیر بتش | ڈاکٹر نصر فرید محمد واصل |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر الصدیق محمد الأمین الضریر | ڈاکٹر محمد الحبیب بن الخوجہ | محمد سالم بن عبدالودود |
| [دستخط] | [دستخط] | x |
| محمد بن عبداللہ السبیل | ڈاکٹر عبدالکریم زیدان | محمد تقی العثمانی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر وہبہ مصطفیٰ الزحیلی | ڈاکٹر یوسف بن عبداللہ القرضاوی | ڈاکٹر عبدالستار فتح اللہ سعید |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر صالح بن زابن المرزوقی | ڈاکٹر عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی | عبدالعزیز بن عبداللہ آل الشیخ |
| (سکریٹری جنرل) | (نائب صدر) | (صدر) |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چوتھا فیصلہ:

## ایسی دواؤں کا استعمال جن میں خنزیر وغیرہ نجس العین کی آمیزش ہو اور اس کا متبادل کم فائدہ کا حامل موجود ہو جیسے (New Heparin) (مانع انجماد خون دوا)

جن دواؤں میں کچھ نجس العین کی آمیزش ہو جیسے خنزیر اور ان دواؤں کا متبادل موجود ہو لیکن ان کی افادیت نسبتاً کم ہو جیسے نیا ہیپارین (New Heparin) جو ہلکے وزن کا ہوتا ہے، ایسی دواؤں کے استعمال کے موضوع پر پیش کردہ مقالات میں درج ذیل باتیں سامنے آئیں:

۱۔ ہیپارین (Heparin) سے مراد وہ مادہ ہے جو جسم کے متعین خلیوں سے بنتا ہے اور عام طور پر اسے جانوروں کے جگر، پھیپھڑے اور آنتوں سے نکالا جاتا ہے، ان جانوروں میں گائے اور خنزیر بھی ہوتے ہیں۔

وہ ہیپارین جو ہلکے وزن والا ہوتا ہے اسے مختلف کیمیائی طریقوں کے ذریعہ عام ہیپارین سے حاصل کیا جاتا ہے، ان دونوں قسم کے ہیپارین کا استعمال مختلف امراض کے علاج میں ہوتا ہے جیسے قلب کے امراض، درد سینہ (انجائینا-angina)، انجماد خون (Thrombosis) کا ازالہ وغیرہ۔

۲۔ ہلکے وزن والا ہیپارین جو عام ہیپارین سے حاصل کیا جاتا ہے، اس کی تیاری اس طرح کیمیائی طریقوں سے کی جاتی ہے جس کے نتیجہ میں ایسے نئے مرکبات وجود میں آتے ہیں جو اپنے خواص اور فیزیائی و کیمیائی صفات میں عام ہیپارین سے مختلف ہوتے ہیں، اسے فقہاء



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

استحالہ (انقلاب ماہیت) کہتے ہیں۔

۳-نجاست اگر کسی ایسے دوسرے مادہ میں بدل جائے جس کی صفات اور خواص مختلف ہوں جیسے تیل صابن بن جائے یا کسی اور چیز میں بدل جائے یا کسی مادہ کو اس طرح ختم کردیا جائے کہ اس کی ذات اور صفات بدل جائیں، یہ فقہ اسلامی میں قابل قبول طریقہ تسلیم کیا گیا ہے جس کی بناپر کسی چیز کے پاک ہونے اور شرعاً اس سے انتفاع درست ہونے کا حکم لگایا جاتا ہے۔

اکیڈمی نے اس موضوع پر تفصیلی غور وخوض کیا، اہل علم کی آراء کو پیش نظر رکھا، یہ بھی دیکھا کہ شریعت کے قواعد حرج کو ختم کرنے، مشقت کو دور کرنے اور ضرر کو حتی الامکان زائل کرنے کا تقاضہ کرتے ہیں اور یہ کہ ضرورتیں ممنوعات کو مباح کردیتی ہیں، اسی طرح دوضرر میں سے بڑے ضرر کو دور کرنے کے لئے چھوٹے ضرر کو انگیز کرلیا جاتا ہے۔ ان امور کے پیش نظر اکیڈمی نے درج ذیل فیصلے کئے:

۱- ہلکے وزن والے نئے ہیپارین کے ذریعہ علاج کرانا مباح ہے جب کہ ایسا مباح متبادل موجود نہ ہو جو علاج میں اس سے بے نیاز کردے اور متبادل کے ذریعہ علاج میں طویل عرصہ لگتا ہو۔

۲-اس کے استعمال میں صرف اتنی ہی مقدار پر اکتفاء کیا جائے جو ضروری ہو اور جب یقینی طور پر پاک متبادل مل جائے تو اسے اختیار کرلیا جائے تا کہ اصل اجازت پر عمل ہو اور اختلاف سے بچا جاسکے۔

۳-اکیڈمی کا اجلاس اسلامی ممالک کی وزارت ہائے صحت سے اپیل کرتا ہے کہ وہ دوا ساز کمپنیوں کو آمادہ کریں کہ وہ ہیپارین اور ہلکے وزن والے نئے ہیپارین کی تیاری میں صحت مند گائے اور بیل کا استعمال کریں۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# ممبران

| | | |
|---|---|---|
| x | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر محمد رشید راغب قبانی | ڈاکٹر مصطفیٰ سیر بتش | ڈاکٹر نصر فرید محمد واصل |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر الصدیق محمد الأمین الضریر | ڈاکٹر محمد الحبیب بن الخوجہ | محمد سالم بن عبدالودود |
| [دستخط] | [دستخط] | x |
| محمد بن عبداللہ السبیل | ڈاکٹر عبدالکریم زیدان | محمد تقی العثمانی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر وہبہ مصطفیٰ الزحیلی | ڈاکٹر یوسف بن عبداللہ القرضاوی | ڈاکٹر عبدالستار فتح اللہ سعید |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر صالح بن زابن المرزوقی | ڈاکٹر عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی | عبدالعزیز بن عبداللہ آل الشیخ |
| (سکریٹری جنرل) | (نائب صدر) | (صدر) |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پانچواں فیصلہ:

## خون کے موروثی امراض

خون کے موروثی امراض اور شادی سے پہلے طبی تحقیقات کرانے پر مجبور کرنے کے موضوع پر مقالات پیش ہوئے اور غور وخوض کیا گیا۔ تفصیلی مباحثہ ومناقشہ کے بعد اجلاس نے درج ذیل فیصلے کیے:

اول- نکاح ایک ایسا عقد ہے جس کی شرائط خود شارع حکیم نے متعین فرمائی ہیں اور نکاح پر اس کے شرعی نتائج مرتب کیے ہیں۔ لہذا شریعت نے جتنا کچھ حکم دیا ہے، اس پر اضافہ کا دروازہ کھولنا جیسے نکاح سے قبل طبی تحقیقات کی شرط لگانا جائز نہیں ہے۔

دوم- اکیڈمی کا اجلاس حکومتوں اور اسلامی اداروں سے اپیل کرتا ہے کہ وہ نکاح سے قبل طبی تحقیقات کی اہمیت کے بارے میں بیداری پیدا کریں، ایسی تحقیقات کے لئے ہمت افزائی کریں اور جو لوگ ان سے دلچسپی رکھتے ہوں ان کے لئے تحقیقات کو آسان بنائیں، نیز ان تحقیقات کے نتائج کو صرف متعلقہ افراد تک محدود رکھا جائے اور ان کے علاوہ سے مخفی رکھا جائے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# ممبران

x
ڈاکٹر محمد رشید راغب قبانی

[دستخط]
ڈاکٹر مصطفیٰ سیر بتش

[دستخط]
ڈاکٹر نصر فرید محمد واصل

[دستخط]
ڈاکٹر الصدیق محمد الأمین الضریر

[دستخط]
ڈاکٹر محمد الحبیب بن الخوجہ

[دستخط]
محمد سالم بن عبدالودود

[دستخط]
محمد بن عبداللہ السبیل

[دستخط]
ڈاکٹر عبدالکریم زیدان

x
محمد تقی العثمانی

[دستخط]
ڈاکٹر وہبہ مصطفیٰ الزحیلی

[دستخط]
ڈاکٹر یوسف بن عبداللہ القرضاوی

[دستخط]
ڈاکٹر عبدالستار فتح اللہ سعید

[دستخط]
ڈاکٹر صالح بن زابن المرزوقی
(سکریٹری جنرل)

[دستخط]
ڈاکٹر عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی
(نائب صدر)

[دستخط]
عبدالعزیز بن عبداللہ آل الشیخ
(صدر)



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چھٹا فیصلہ:

## حج میں ازدحام کا مسئلہ اور اس کا شرعی حل

اکیڈمی کے اجلاس میں وہ اختتامی بیان اور سفارشات پیش کی گئیں جو اکیڈمی کی امانت عامہ کی جانب سے ۲۵-۲۷/۱۱/۱۴۲۳ھ مطابق ۲۸-۳۰/۱/۲۰۰۳ء کو "حج میں ازدحام کا مسئلہ اور اس کا شرعی حل" کے موضوع پر منعقدہ سمینار میں تجویز کی گئی تھیں، اس سمینار میں شرکاء نے ازدحام سے پیدا شدہ مشکلات کو کم کرنے کے سلسلہ میں سعودی حکومت کی طرف سے کی جانے والی مسلسل کوششوں کا جائزہ لیا اور اس بات کو سراہا کہ سعودی حکومت حجاج کرام کے لئے خصوصی اہتمام کرتی ہے، ان پر توجہ دیتی ہے، ان کے مسائل پر مسلسل نظر رکھتی ہے اور پوری کوشش کرتی ہے کہ حجاج کرام کو ہر طرح راحت پہنچے، وہ ان کے لئے امن وحفاظت کا انتظام کرتی ہے، حج کے دوران پیش آنے والی ان کی پریشانیوں کو دور کرتی ہے اور ان کے لئے بہتر خدمات فراہم کرتی ہے، جس کی وجہ سے حجاج کرام کو آسانی اور سہولت کے ساتھ ادائیگی حج میں مدد ملتی ہے۔ مذکورہ سمینار میں موضوع کے جن محاور پر غور کیا گیا وہ درج ذیل تھے:

اول۔ حج میں ازدحام کے اسباب۔

دوم۔ حج میں ازدحام کے مسائل سے نمٹنے اور مشکلات کو کم کرنے کے فنی اور عملی حل۔

سوم۔ حجاج کرام کے وفود کی رہنمائی اور ان کی ایسی تربیت و ہدایت کہ وہ صحیح شرعی طریقہ پر مناسک حج ادا کرسکیں۔

چہارم۔ حج میں حصہ لینے والے اداروں اور بیرونی وملکی قافلوں کا اس سلسلہ میں باہمی تعاون۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پنجم- حجاج کرام کی رہنمائی کرنے میں حج سے متعلق ذمہ دار اداروں کے ساتھ ذرائع ابلاغ کا تعاون۔

اکیڈمی کے ارکان ان محاور سے متعلق جاری ہونے والی سفارشات پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اسلامی فقہ اکیڈمی کی امانت عامہ اور اس سیمینار میں شریک علماء، فنی ماہرین اور انجینئروں کا شکریہ ادا کرتے ہیں اور سیمینار کی سفارشات کی تائید کرتے ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ یہ سفارشات بہت قیمتی ہیں جن سے حجاج کرام کو ادائیگی حج میں سہولت ہوگی، حجاج کرام کو اس سے بڑا فائدہ پہنچے گا اور حجاج کرام کو دوران حج جو مشکلات پیش آتی ہیں ان کا بہترین حل بھی ان کی وجہ سے سامنے آئے گا۔

ارکان اکیڈمی جہاں حکومت سعودی عرب کی طرف سے حجاج کرام کی مشکلات کو ختم کرنے کے سلسلہ میں کی جانے والی کوششوں کو بنظر تحسین دیکھتے ہیں، وہیں اکیڈمی حکومت سعودی عرب کے لئے شکر وامتنان کا اظہار کرتی ہے کہ ملک عبدالعزیز بن عبدالرحمٰن آل سعود کے زمانہ سے لے کر خادم الحرمین الشریفین ملک فہد بن عبدالعزیز آل سعود کے موجودہ دور تک یہ حکومت مہمانان رب العالمین کی خدمت، ان کے لئے اسباب و وسائل کی فراہمی، حرمین شریفین کی توسیع، راستوں، سڑکوں اور پلوں کی تعمیر، پہاڑوں پر راستوں کی تعمیر، رہائش، خدمات اور وسائل نقل وحمل کے میدان میں بہترین ترقی وغیرہ کی اعلیٰ وعظیم الشان خدمات اور کارنامے حجاج بیت اللہ الحرام کے لئے انجام دیتی رہی ہے۔ ہم اللہ تعالیٰ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ ان خدمات میں برکت عطا فرمائے اور ہماری رہنمائی فرمائے۔ وہ سننے والا اور قبول کرنے والا ہے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# ممبران

| | | |
|---|---|---|
| x | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر محمد رشید راغب قبانی | ڈاکٹر مصطفیٰ سیر بتش | ڈاکٹر نصر فرید محمد واصل |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر الصدیق محمد الأمین الضریر | ڈاکٹر محمد الحبیب بن الخوجہ | محمد سالم بن عبد الودود |
| [دستخط] | [دستخط] | x |
| محمد بن عبد اللہ السبیل | ڈاکٹر عبد الکریم زیدان | محمد تقی العثمانی |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر وہبہ مصطفیٰ الزحیلی | ڈاکٹر یوسف بن عبد اللہ القرضاوی | ڈاکٹر عبد الستار فتح اللہ سعید |
| [دستخط] | [دستخط] | [دستخط] |
| ڈاکٹر صالح بن زابن المرزوقی | ڈاکٹر عبد اللہ بن عبد المحسن الترکی | عبد العزیز بن عبد اللہ آل الشیخ |
| (سکریٹری جنرل) | (نائب صدر) | (صدر) |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# ساتواں فیصلہ:

## کتاب ''ہیروغلیفی زبان سے قرآن کی تشریح'' کے بارے میں شرعی حکم

سعودی حکومت کے وزیر ابلاغ کی طرف سے ایک خط نمبر ۸/۴۸۴۴ مؤرخہ ۱۴/۱۱/۱۴۲۲ھ حکومت کے مفتی عام، ہیئۃ کبار العلماء اور ادارۃ البحوث العلمیۃ والافتاء کے صدر اور اسلامی فقہ اکیڈمی کے صدر کے نام آیا۔ یہ خط رابطہ عالم اسلامی کے سکریٹری جنرل کو مؤرخہ ۹/۳/۱۴۲۳ھ کو محول کیا گیا تھا۔ اس میں سعد عبدالمطلب العدل کی کتاب کے بارے میں شرعی رائے معلوم کی گئی ہے، کتاب کا نام ہے: ''ہیروغلیفی زبان سے قرآن کریم کی تشریح''۔ موصوف مفتی عام نے خط کو اکیڈمی کے اجلاس کے سامنے پیش کیا ہے۔

اکیڈمی نے اپنے سترہویں اجلاس منعقدہ مکہ مکرمہ مؤرخہ ۱۹-۲۳/شوال ۱۴۲۴ھ مطابق ۱۳-۱۷/دسمبر ۲۰۰۳ء میں مذکورہ کتاب پر غور کیا جس میں کتاب کے مؤلف نے یہ دعوی کیا ہے کہ قرآن کی سورتوں کے آغاز میں آنے والے حروف مقطعات اور قرآن کے بعض الفاظ عربی زبان کے نہیں ہیں، بلکہ وہ قدیم مصری زبان ہیروغلیفی سے نکلے ہوئے عجمی الفاظ ہیں۔ مؤلف نے محض اپنے اٹکل وگمان کی بنیاد پر اس زبان کے ذریعہ ان کلمات کے معانی بیان کئے ہیں۔ اس کتاب کے بارے میں اکیڈمی کے رکن فضیلۃ الشیخ ڈاکٹر عبدالستار فتح اللہ سعید کی رپورٹ اجلاس میں پیش کی گئی۔

اجلاس اس جرأت بے جا کی زبردست مذمت کرتا ہے جو علم، ہدایت اور اتباع کے بغیر اللہ کی کتاب کے متعلق کی گئی ہے۔ یہ اجلاس سخت حیرت کا اظہار کرتا ہے کہ یہ جرأت ایک ایسے شخص نے کی ہے جو اسلام کی طرف انتساب رکھتا ہے اور قرآن کو اس عربی مبین میں پڑھتا ہے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جس میں وہ نازل ہوا ہے۔ اجلاس واضح کرتا ہے کہ اس کتاب میں جو کچھ کہا گیا ہے وہ صرف اور صرف اٹکل اور مفروضات ہیں جو صحیح علمی بنیاد پر مبنی نہیں ہیں۔ ان کے ثبوت کے لئے مؤلف نے ٹھوس علمی منہج نہیں اپنایا ہے بلکہ صرف اپنے وہم پر اکتفاء کیا ہے اور ایسے موضوع میں صرف اٹکل وگمان پر اعتماد کیا ہے جس میں دلیل و برہان کے بغیر کوئی بات صحیح نہیں ہوسکتی۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "ان یتبعون إلا الظن وما تهوى الأنفس ولقد جاء هم من ربهم الهدى" (نجم: ۲۳) (یہ لوگ نرے اٹکل پر اور اپنے نفس کی خواہش پر چل رہے ہیں، درآنحالیکہ ان کے پاس ان کے پروردگار کی طرف سے ہدایت آ چکی ہے)، اسی طرح ارشاد ہے: "وما لهم به من علم ان یتبعون إلا الظن وان الظن لا يغني من الحق شيئا" (نجم: ۲۸) (حالانکہ ان کے پاس کوئی بھی دلیل نہیں، یہ لوگ محض اٹکل پر چل رہے ہیں، اور اٹکل حق کے مقابلہ میں ذرا بھی کام نہیں دیتی) اس کتاب میں مؤ ــــ نے جو کچھ کہا ہے وہ اللہ پر بغیر علم کے کہی ہوئی بات ہے اور یہ کتاب وسنت کے نصوص، صحابہ کرام اور ائمہ تفسیر کے اقوال وآثار کے خلاف ہے۔ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "لسان الذي يلحدون إليه أعجمي وهذا لسان عربي مبين" (نحل: ۱۰۳) (حالانکہ جس شخص کی جانب اس کی ناحق نسبت کرتے ہیں اس کی زبان تو عجمی ہے اور یہ کلام تو فصیح عربی زبان میں ہے)، اور ارشاد ہے: "نزل به الروح الأمين على قلبك لتكون من المنذرين بلسان عربى مبين" (شعراء ۱۹۳-۱۹۵) (اسے روح الامین نے آپ کے قلب پر اتارا ہے تاکہ آپ ڈرانے والوں میں سے ہوں صاف عربی زبان میں) اور ارشاد ہے: "حم تنزيل من الرحمن الرحيم كتاب فصلت آياته قرآنا عربياً لقوم يعلمون" (فصلت ۱-۳) (حا میم۔ (یہ کلام) رحمٰن ورحیم کی طرف سے نازل ہوا ہے۔ یہ ایک کتاب ہے جس کی آیتیں کھول کر بیان کردی گئی ہیں یعنی فصیح قرآن (جو نافع ہے) دانشمند لوگوں کے لئے) اور کہا گیا ہے: " ولو جعلناه قرآنا أعجمياً لقالوا لولا فصلت آياته



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ء أعجمي وعربي" (فصلت ۴۴)(اور اگر ہم اسے قرآن عجمی بناتے تو یہ لوگ کہتے کہ اس کی آیتیں صاف صاف کیوں نہیں بیان کی گئیں یہ کیا کہ کتاب عجمی اور رسول عربی)۔ اور رسول کریم ﷺ کو مخاطب کر کے کہا گیا ہے: "فانما یسرناہ بلسانک" (مریم:۹۷)(سو ہم نے اس (قرآن) کو آپ کی زبان میں آسان کر دیا ہے)۔ یہ اور اس جیسی دیگر نصوص صراحت کے ساتھ بتاتی ہیں کہ قرآن عرب کی زبان میں نازل ہوا ہے، یہ زبان جناب رسول کریم ﷺ کی زبان ہے۔ اللہ تعالی نے فرمایا: "وما أرسلنا من رسول إلا بلسان قومه ليبين لهم" (ابراہیم:۴)(اور ہم نے ہر رسول کو اس کی قوم کی طرف بھیجا اسی کی زبان میں کہ وہ ان لوگوں پر (احکام وتعلیمات کو) کھول کر بیان کریں)۔

کتاب کے مؤلف نے جو کچھ کہا ہے اس کا نتیجہ تو یہ نکلتا ہے کہ قرآن کا کچھ حصہ ایسی زبان میں نازل ہوا جس کو نہ تو نبی کریم ﷺ سمجھتے تھے اور نہ آپ ﷺ کے صحابہ نے سمجھا بلکہ ان الفاظ کے معانی کو چودہ سو سال بعد ہی اب جا کر سمجھا جا سکا ہے، "سبحانک هذا بهتان عظيم" (نور:۱۶)(تو بہ یہ تو سخت بہتان ہے)۔

عہد صحابہ سے تمام مفسرین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ یہ عربی الفاظ ہیں، کوئی ایک قول ضعیف بھی ایسا نہیں ہے کہ یہ عربی کے الفاظ نہیں ہیں۔ مفسرین کا اختلاف اس بارے میں ہے کہ کیا یہ الفاظ اس راز میں سے ہیں جس کا علم اللہ نے اپنے لئے خاص رکھا ہے، یعنی ان الفاظ کے معانی کی حقیقت کا کلی علم نہیں حاصل ہو سکتا یا یہ ایسے الفاظ ہیں جن کا معنی سمجھنا ممکن ہے۔ چنانچہ مفسرین نے ان کی مراد کو بیان کرنے کی بہت سی صورتیں ذکر کیں لیکن ان میں یہ بات نہیں ہے کہ یہ الفاظ عربی نہیں ہیں جیسا کہ اس کتاب کے مؤلف نے سمجھ لیا ہے اور اگر یہ الفاظ متشابہات میں سے ہیں تو جیسا کہ امام شافعی نے فرمایا: متشابہ کی تفسیر صرف رسول اللہ ﷺ کی سنت، یا صحابہ کی جانب سے خبر، یا علماء کے اجماع ہی کے ذریعہ کی جا سکتی ہے۔ اللہ تعالی نے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فرمایا:"ولا تقف مالیس لک به علم" (اسراء:۳۶)(اور اس چیز کے پیچھے مت ہولیا کر جس کی بابت تجھے علم (صحیح) نہ ہو) اور نبی ﷺ نے ترمذی میں مروی حضرت ابن عباس کی حدیث میں فرمایا:"من قال في القرآن بغير علم فليتبوأ مقعده من النار"(جس نے قرآن میں بغیر علم کے کوئی بات کہی وہ اپنا ٹھکانہ جہنم کو بنالے)۔علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ قرآن کی تفسیر محض رائے کی بنیاد پر کرنا یا کسی اصل کے بغیر اس میں اجتہاد کرنا جائز نہیں ہے۔حضرت ابوبکر صدیقؓ سے جب ایک آیت کا معنی پوچھا گیا جو انہیں نہیں معلوم تھا تو انہوں نے فرمایا:"کون سی زمین مجھے سہارا دے گی اور کون سا آسمان مجھے سایہ دے گا اگر میں اللہ کی کتاب کے بارے میں ایسی بات کہوں جو میں نہیں جانتا"۔کتاب کے مؤلف کا یہ اقدام ایک ایسا اجتہاد ہے جسے اس کے نااہل نے کیا ہے، جسے نہ تو شریعت اسلامیہ میں اور نہ قدیم مصری زبان میں مہارت حاصل ہے،لہذا یہ اجتہاد درست نہیں ہوسکتا حتی کہ مؤلف کتاب نے قرآن کے نصوص میں تبدیلی کردی کہ اس نے ان نصوص کے نطق کو بدلا ہے تاکہ ان الفاظ کو عجمی قرار دینے کا دعوی ثابت کرسکے اور اپنے مزعومہ مفہوم کو متعین کرسکے اور کتاب محکم قرآن کے نصوص کے معنی اور لفظ کو عجمی بنا سکے۔خود قدیم مصری زبان کے متخصصین نے اس کو غلط قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ یہ جرأت بے جا ہے۔اس نے اپنے غلط افکار کی خدمت کے لئے الفاظ کو غلط معنی پہنایا ہے۔

پھر اس مؤلف نے اپنے غلط معانی کے بیان میں اس بات کا بھی خیال نہیں رکھا کہ جناب محمد رسول اللہ ﷺ کی ذات پر حرف نہ آئے۔اس نے آپ ﷺ کی ذات کو۔نعوذ باللہ۔ایسا شک وشبہ میں پڑنے والا بتایا جو خواہش کی طرف جھک جاتے یا خواہش ان کو جھکا لیتی تھی، وغیرہ۔ایسے غلط الفاظ اس کتاب میں متعدد جگہوں پر آئے ہیں۔یہ جناب رسالت مآب ﷺ کی ذات اقدس کے ساتھ دریدہ دہنی ہے کہ جس کے بعد اگر وہ فوری توبہ نہ کرے تو اس



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے ایمان کا خطرہ ہے۔

چنانچہ یہ اجلاس اسے دعوت دیتا ہے کہ وہ فوراً توبہ کرے اور اپنی تحریر اور استدلال سے براءت کا اظہار کرے۔ اسی طرح اجلاس واضح کرتا ہے کہ کسی بھی مسلمان، فرد و جماعت یا ادارہ کے لئے جائز نہیں ہے کہ اس کتاب یا اس جیسی کسی چیز کی اشاعت یا اس کی تعریف و تائید میں کوئی حصہ لے تاکہ عامۃ المسلمین اس سے گمراہ نہ ہوں۔ واللہ ولی التوفیق۔

## ممبران

x
ڈاکٹر محمد رشید راغب قبانی

[دستخط]
ڈاکٹر مصطفیٰ سیر بتش

[دستخط]
ڈاکٹر نصر فرید محمد واصل

[دستخط]
ڈاکٹر الصدیق محمد الأمین الضریر

[دستخط]
ڈاکٹر محمد الحبیب بن الخوجہ

[دستخط]
محمد سالم بن عبدالودود

[دستخط]
محمد بن عبداللہ السبیل

[دستخط]
ڈاکٹر عبدالکریم زیدان

x
محمد تقی العثمانی

[دستخط]
ڈاکٹر وہبہ مصطفیٰ الزحیلی

[دستخط]
ڈاکٹر یوسف بن عبداللہ القرضاوی

[دستخط]
ڈاکٹر عبدالستار فتح اللہ سعید

[دستخط]
ڈاکٹر صالح بن زابن المرزوقی
(سکریٹری جنرل)

[دستخط]
ڈاکٹر عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی
(نائب صدر)

[دستخط]
عبدالعزیز بن عبداللہ آل الشیخ
(صدر)



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# آٹھواں فیصلہ:

## انکم ٹیکس

اکیڈمی کے اجلاس میں انکم ٹیکس کے موضوع پر غور کیا گیا، اس میں واضح ہوا کہ: ’’انکم ٹیکس وہ رقم ہے جو حکومت اپنے ماتحت ملازمین میں سے قدرت رکھنے والوں کی آمدنی پر جبری طور پر نافذ کرتی ہے اور جو کسی متعین خدمات کے عوض نہیں ہوتی بلکہ عام منافع کی تکمیل کے لئے وصول کرتی ہے‘‘۔

اس موضوع پر پیش کردہ مقالات کو دیکھنے اور مفصل مناقشہ کو سننے کے بعد اکیڈمی نے محسوس کیا کہ اس موضوع کے متعدد پہلو ہیں جن پر غور اور بحث مکمل کرنے کی ضرورت ہے، اس لئے اس پر فیصلہ ملتوی کیا جاتا ہے۔

## ممبران

| | | |
|---|---|---|
| ڈاکٹر محمد رشید راغب قبانی | ڈاکٹر مصطفیٰ سیر بتش | ڈاکٹر نصر فرید محمد واصل |
| ڈاکٹر الصدیق محمد الأمین الضریر | ڈاکٹر محمد الحبیب بن الخوجہ | محمد سالم بن عبدالودود |
| محمد بن عبداللہ السبیل | ڈاکٹر عبدالکریم زیدان | محمد تقی العثمانی |
| ڈاکٹر وہبہ مصطفیٰ الزحیلی | ڈاکٹر یوسف بن عبداللہ القرضاوی | ڈاکٹر عبدالستار فتح اللہ سعید |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| ڈاکٹر صالح بن زابن المرزوقی | ڈاکٹر عبداللہ بن عبدالمحسن الترکی | عبدالعزیز بن عبداللہ آل الشیخ |
|---|---|---|
| [دستخط] | [دستخط] | |
| (سکریٹری جنرل) | (نائب صدر) | (صدر) |

❀ ❀ ❀



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# اٹھارہویں سمینار

## منعقدہ ۱۰-۱۴/ربیع الاول ۱۴۲۷ھ

## مطابق ۸-۱۲/اپریل ۲۰۰۶ء

## کے فیصلے

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

☆☆☆

''الفرقان الحق'' نامی کتاب سے متعلق اجلاس کا بیان

پہلا فیصلہ: قسطوں پر خرید وفروخت

دوسرا فیصلہ: ایسے کارڈز کی خرید وفروخت جن کے خریدار کو ان کے جاری
کرنے والے کے علاوہ کی طرف سے سامان کی قیمت
نیز دوسری خدمات میں رعایتیں دی جائیں

تیسرا فیصلہ: قرض میں کوئی فاسد شرط لگا کر قرض کو فسخ کرنا

چوتھا فیصلہ: عقد نکاح کو خلع کے ذریعہ ختم کرنے کا عورت کا حق

پانچواں فیصلہ: نکاح کی نئی صورتیں

چھٹا فیصلہ: قبل از ولادت رحم مادر ہی میں بچہ کا بحیثیت لڑکا و لڑکی انتخاب

نبی کریم ﷺ کی شان میں گستاخی کا بیان جسے بعض
مغربی اخباروں نے شائع کیا

☆☆

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# ''الفرقان الحق'' نامی کتاب سے متعلق اجلاس کا بیان

**الحمد للہ رب العالمین، والصلاة والسلام علی أشرف الأنبیاء والمرسلین، نبینا محمد وعلی آله وأصحابه أجمعین، أما بعد!**

اسلامک فقہ اکیڈمی اپنے اٹھارہویں اجلاس منعقدہ مکہ مکرمہ بتاریخ ۱۰-۱۴ ربیع الاول ۱۴۲۷ھ مطابق ۸-۱۲ اپریل ۲۰۰۶ء میں اس بات سے مطلع ہوئی جسے بعض ذرائع ابلاغ نے نقل کیا ہے، کہ امریکہ کے صوبہ ٹکساس میں ایک گروپ کے ذریعہ ایک کتاب تالیف کی گئی ہے، اس کا نام ''الفرقان الحق'' ہے، یہ محض جھوٹ وفریب پر مبنی ہے، اس کا مقصد قرآن کا متبادل پیش کرنا ہے، اس گروہ نے اپنے اس برے عمل کے ذریعہ اسلام کی بے حرمتی کی ہے، اس طرح ان لوگوں نے سورتوں اور آیتوں میں تقدیم وتاخیر اور تحریف وتغیر سے کام لیا ہے، ان لوگوں نے قرآن کریم کے ساتھ کھلواڑ کیا جو کہ نبی خاتم ﷺ پر بطور خاتم نبوت نازل ہوا، قرآن کریم مسلمانوں کی دینی اساس اور قوم وملت کا ستون ہے، یہ اس ملت کے ہر خاص وعام مرد وعورت کے نزدیک سب سے بلند وبالا کتاب ہے، یہ دشمنان اسلام اپنے برے اعمال سے باز نہیں آئے اور نہ انہوں نے بین الاقوامی قوانین کا ذرا بھی پاس ولحاظ رکھا، جن کے نزدیک مذاہب کا احترام مسلم ہے، یہ ان قوانین کی رو سے قوم وملت کی مقدس کتابوں کی بے حرمتی ناجائز ہے۔

یہ ایک ایسا عمل ہے جسے شریعت وقانون ناجائز قرار دیتے ہیں اور اسے جرم سمجھتے ہیں، اللہ کی مقدس کتابوں کے خلاف افترا پردازی، تحریف وتغیر یہ کوئی نئی بات نہیں ہے، بلکہ اللہ کے دشمنوں کا یہ ایک مسلسل عمل رہا ہے، جن میں قرآن کریم سرفہرست ہے، اس کے ساتھ کھلواڑ ایک باطل عمل ہے اور جرم عظیم ہے اور اللہ تبارک وتعالی پر افترا پردازی ہے اور اس کی آیتوں کا مذاق



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اڑانا ظلم کی سب سے بدترین قسم ہے: "ومن أظلم ممن افتری علی اللہ الکذب" (الصف:۷)۔

اس تحریف وتغیر کا مقصد مسلمانوں کو ان کے دین وعقائد سے دور کرنا، ان کی صفوں میں انتشار پیدا کرنا، ان کے اتحاد واتفاق کو پارہ پارہ کرنا، ان کے ممالک پر قبضہ کرکے ان کی دولت وثروت پر اپنا تسلط جمانا، ان کے درمیان جنگ وجدال اور بغض وعداوت پیدا کرنا ہے، یہ ایک ایسا عمل ہے جس کا مقصد ملت اسلامیہ کا شیرازہ بکھیرنا اور اس کی بنیادوں کو متزلزل کرنا ہے، اللہ تعالی فرماتا ہے: "ودوا لو تکفرون کما کفروا فتکونون سواء" (نساء:۱۸۹)، ایک دوسرے مقام پر اللہ تعالی کا ارشاد ہے: "ود کثیر من أھل الکتاب لو یردونکم من بعد إیمانکم کفاراً حسداً من عند أنفسھم من بعد ما تبین لھم الحق" (بقرہ:۱۰۹)۔

اسلامک فقہ اکیڈمی کا یہ اجلاس مسلمانوں کو یقین دلاتا ہے کہ اللہ تبارک وتعالی نے دشمنوں اور ظالموں کے مکر وفریب کو ناکام بنادیا ہے، قرآن کریم اللہ کا ایک زندہ جاوید معجزہ ہے، جس سے اللہ تبارک وتعالی نے انس وجن اور پورے عالم پر حجت قائم کردی، اللہ تبارک وتعالی فرماتا ہے: "قل لئن اجتمعت الإنس والجن علی أن یأتوا بمثل ھذا القرآن لا یأتون بمثلہ ولو کان بعضھم لبعض ظھیراً" (اسراء:۸۸)۔

اللہ تبارک وتعالی نے اس کی حفاظت کی ذمہ داری لی ہے، بے شک اس کا کہنا برحق اور اس کا عہد وپیمان سچا ہے، ارشاد باری ہے: "إنا نحن نزلنا الذکر وإنا لہ لحافظون" (حجر:۱۹)۔

اس روشن نور کو ان کے منھ کی پھونک بجھا نہیں سکتی ہے، ان کی تمام کاوشیں بےکار اور ان کے عیوب عنقریب ظاہر ہوجائیں گے، خدا کے حکم سے ان کی ساری کوششیں رائیگاں



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جائیں گی، جیسے ان سے پہلوں کی کوششیں برباد ہوگئیں، فرمان باری ہے: "یریدون لیطفئوا نور الله بأفواههم والله متم نوره ولو کره الکافرون" (الصّف:۹)۔

قرآن کے بارے میں جن کا یہ گمان ہے کہ یہ کلام انسانی ہے وہ نہیں جانتے کہ مسلمان قرآن کریم کو اچھی طرح جاننے اور سمجھنے والے ہیں، اللہ تبارک وتعالی زمین میں فساد پھیلانے والوں کے بارے میں فرماتا ہے: "وإن منهم لفریقاً یلوون ألسنتهم بالکتاب لتحسبوه من الکتاب وما هو من الکتاب ویقولون هو من عند الله وما هو من عند الله ویقولون علی الله الکذب وهم یعلمون" (آل عمران:۷۸)۔

قرآن کریم کی حفاظت کا سب سے بڑا اور آسان ذریعہ یہ ہے کہ اللہ نے اس کی تلاوت اور دلوں میں اس کو محفوظ کرنا آسان فرمادیا، ارشاد باری ہے: "ولقد یسرنا القرآن للذکر فهل من مدکر" (قمر:۱۷)۔اس طرح قرآن کریم مسلمانوں کے دلوں میں محفوظ ہوگیا اور سابقہ کاوشیں خواہ وہ قرآن کریم کے بعض حروف وکلمات کو بدلنے کے لئے کی گئی ہوں یا قرآن کریم کی تحریف مقصود ہو، مسلمان انہیں آسانی سے سمجھ کر ان سے باخبر ہوجاتے ہیں، تو بھلا پورے قرآن میں تحریف کیسے ہوسکتی ہے، اللہ تعالی کا ارشاد ہے: "ویمکرون ویمکر الله والله خیر الماکرین" (انفال:۳۰)، دوسری جگہ یوں ارشاد ہے: "إنهم یکیدون کیداً وأکید کیداً" (طارق:۱۶) جن لوگوں نے اللہ کی کتاب کے خلاف جرأت دکھائی ہے، وہ دنیا میں جلد ہی شرمندہ ہوجائیں گے اور آخرت میں بھی عذاب کے مستحق ہوں گے، جو کوئی بھی اللہ او راس کے رسول کے مدمقابل آئے گا لامحالہ اس کی شکست ہوگی، فرمان باری ہے: "إن الذین یحادون الله ورسوله أولئک فی الأذلین کتب الله لأغلبن أنا ورسلی إن الله قوی عزیز" (مجادلہ:۲۱)، ان کی کوششوں کا انجام ناکامی ہے، جیسا کہ اللہ تعالی کا ارشاد ہے: "إن الذین کفروا ینفقون أموالهم لیصدوا عن سبیل الله فسینفقونها ثم تکون



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علیھم حسرۃ ثم یغلبون والذین کفروا إلی جھنم یحشرون"(انفال:۳۶)۔

اسلامک فقہ اکیڈمی کا اجلاس جو ان دنوں سرزمین مکہ مکرمہ میں منعقد ہو رہا ہے، امت کے اعتقادات اور اس کی تہذیب وثقافت اور قرآن وسنت کے خلاف ہونے والے حملوں کی سخت مذمت کرتا ہے، یہ ایک ایسا حملہ ہے جس کی کوئی مثال نہیں، اس کا جواب دینا مسلمانوں کے علماء دین اور امراء پر انفرادی واجتماعی طور پر واجب ہے، اجلاس کا مقصد ان حملوں کی تردید ومذمت کرنا اور ان کی ساری کاوشوں پر پانی پھیر دینا ہے۔

یہ اجلاس ذرائع ابلاغ کو جو حقیقت کی تلاش کرتے ہیں اس بات پر ابھارتا ہے کہ وہ لوگوں کو اس کتاب کے بارے میں باخبر کریں اور اسلامی ممالک کے ذمہ داروں سے گذارش کرتا ہے کہ وہ نہ صرف اس کتاب کو اپنے ملکوں میں آنے سے روکیں بلکہ اسے کتاب میلوں میں بھی نہ آنے دیں، کیونکہ مسلمانوں کے لئے یہ بے حرمتی اور رسوائی کی بات ہے۔

یہ اجلاس اللہ کے کلام کی نشر واشاعت اور اسے ہر مسلمان کو بآسانی فراہم کرانے کی طرف توجہ دلاتا ہے، تاکہ کوئی مسلمان اس جھوٹی کتاب سے دھوکہ نہ کھا سکے، ساتھ ہی یہ اجلاس اس بات کی دعوت دیتا ہے کہ قرآن کریم کا صحیح اور معتمد ترجمہ دنیا کی مختلف زبانوں میں شائع کیا جائے، کیونکہ حق کا غائب ہونا ہی باطل کے پھیلنے کی سب سے بڑی وجہ ہے۔

ہم اللہ سے دعا کرتے ہیں کہ وہ اپنے دین کی حفاظت فرمائے، اپنے کلمات کو بلند فرمائے اور دشمنوں کے مکر وفریب کو تباہ وبرباد کردے۔

وصلی اللہ علی نبینا محمد، وعلی آلہ وصحبہ أجمعین۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پہلا فیصلہ:

## قسطوں پر خرید وفروخت

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، سيدنا ونبينا محمد، وعلى آله وصحبه . أما بعد:

رابطہ عالم اسلامی کے تحت قائم اسلامک فقہ اکیڈمی کے اٹھارہویں سمینار منعقدہ مکہ مکرمہ بتاریخ ۱۰-۱۴ ربیع الاول ۱۴۲۷ھ مطابق ۸-۱۲ اپریل ۲۰۰۶ء میں قسطوں پر خرید فروخت کا مسئلہ زیر بحث آیا۔

قسطوں پر خرید وفروخت کا مطلب یہ ہے کہ خریدار جس چیز کو خریدنے کا خواہش مند ہے، اس چیز کی پوری قیمت ادا نہ کر کے صرف ایک مختصر حصہ ادا کر دے اور ایجنٹ (وہ بینک ہو یا کوئی اور) باقی پیسوں کو قسطوں میں وصول کر رہا ہو بایں طور پر کہ خریدی گئی چیز کا خیار عقد ایجنٹ کے پاس ہو، قرض کی قیمت اس کے پاس رہن سمجھی جائے گی۔

اس موضوع پر سیر حاصل بحثوں کی سماعت کے بعد اکیڈمی اس نتیجہ پر پہنچی کہ قسطوں پر خرید وفروخت کے اس عمل میں مندرجہ ذیل چیزیں شامل ہوتی ہیں:

اول: فائدے کی غرض سے خرید وفروخت کرنا، یہ خرید وفروخت اہم کرنسیوں یا مالی دستاویزات جیسے شیئرز یا بونڈز یا سامان تجارت کی مختلف قسموں کے ذریعہ عمل میں آتی ہے، اس کے اندر عقد خیار اور عقد مستقبلی بھی آتا ہے نیز بڑے بازاروں کے اتار چڑھاؤ پر تجارت کرنا بھی۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوم: قرض اس رقم کو کہتے ہیں جو فریق ثالث سرمایہ دار کو فوراً دیتا ہے، یا پھر کسی دوسری جانب سے دیتا ہے اگر فریق ثالث بینک نہیں ہے۔

سوم: ربا (سود): خرید وفروخت کے اس عمل میں (ایک جانب سے فائدہ متعین کر دیا گیا ہو) ایسا فائدہ جس کے ساتھ یہ شرط لگادی گئی کہ اتنا سرمایہ دار کو دینا ہے، جب کہ اس نے ابھی خرید وفروخت شروع نہ کی ہو۔ کبھی یہ فائدہ قرض کا سواں حصہ ہوتا ہے اور کبھی ایسی رقم ہوتی ہے جو پوری طرح ادا نہ کی گئی ہو۔

چہارم: (سمسرۃ) کمیشن: اس رقم کو کہتے ہیں جو فریق ثالث کو سرمایہ دار کے اپنے طریقہ سے خرید وفروخت کرنے کے نتیجہ میں حاصل ہوتی ہے اور یہ خرید وفروخت کا ایسا عمل ہے جس کے ذریعہ فریقین خرید وفروخت کی قیمت پر متفق ہوتے ہیں۔

پنجم: گروی رکھنا: (رہن) یہ ایک ایسی پابندی ہے جسے خریدار اپنے اوپر لاگو کرتا ہے تاکہ وہ فریق ثالث کے ذریعہ خرید وفروخت کے معاہدہ کو باقی رکھ سکے، اس طور پر کہ وہ فریق ثالث کے پاس قرض کی رقم کی مقدار کے مطابق کوئی چیز گروی رکھ دے۔

اس معاملہ میں اس بات کی پابندی ہوتی ہے کہ اگر خریدار کا خسارہ خریدی گئی چیز کی رقم کے ایک متعین تناسب تک پہنچ جائے تو اس معاہدے کی فروخت اور قرض وصول کرنے کا حق فریق ثالث کو ہوگا بشرطیکہ خریدار نے سامان کے نرخ میں ہونے والی کمی کے عوض رہن میں اضافہ نہ کیا ہو۔

مجلس کی رائے یہ ہے کہ مندرجہ ذیل اسباب کی بناء پر خرید وفروخت کا یہ عمل شرعی طور پر جائز نہیں ہے۔

اول: چونکہ خرید وفروخت کے اس عمل میں صریح سود کا عمل دخل ہے اور یہ سود قرض کی رقم میں زیاتی کی شکل میں پایا جارہا ہے۔ اللہ تعالی کا ارشاد ہے: ''یا أیھا الذین آمنوا اتقوا



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الـلـه وذروا ما بقي من الربا إن كنتم مؤمنين فإن لم تفعلوا فأذنوا بحرب من الـلـه ورسـولـه وإن تبتم فـلـكـم رؤوس أموالكم لا تظلمون ولا تظلمون" (بقرہ:۲۷۸-۲۷۹) (اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور چھوڑ دو جو کچھ سود باقی رہ گیا ہے، اگر تم مومن ہو، اگر تم ایسا نہیں کرو گے تو اعلان کرو اللہ اور اس کے رسول سے جنگ کا، اگر تم توبہ کر لیتے ہو تو تمہارے لئے اصل مال ہی بہت ہے، نہ تم کسی پر ظلم کرو اور نہ تم پر کوئی ظلم کرے)۔

دوم: اس میں ایجنٹ خریدار سے شرط لگا دیتا ہے کہ اس کی خرید وفروخت اس کے ذریعہ ہوگی، اس میں قرض اور بیع جمع ہیں، تو یہ جمع اس قرض اور بیع کی مثل ہو جائے گی جس کی ممانعت حدیث میں آئی ہے، رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے: "لا یحل سلف وبیع" (ابوداؤد ۳/ ۳۸۴، ترمذی ۳/ ۵۲۶) (ایک معاملہ میں قرض اور بیع حلال نہیں ہیں)۔

اس طرح وہ اپنے قرض سے فائدہ اٹھانے والا قرار پائے گا، جب کہ فقہاء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ ہر وہ قرض جس سے فائدہ اٹھایا جائے حرام سود میں شامل ہے۔

سوم: اس طرح کی خرید وفروخت کا عمل جو کہ عالمی بازاروں میں کیا جاتا ہے وہ اکثر ایسے معاملات پر مشتمل ہوتا ہے، جو شرعاً حرام ہیں۔

ان معاملات میں سے کچھ مندرجہ ذیل ہیں:

۱- خرید وفروخت کا عمل بونڈز کے ذریعہ کرنا، یہ سود کی ایک قسم ہے جس کو شریعت میں حرام قرار دیا گیا ہے، جس کی صراحت اکیڈمی نے جدہ میں اپنے چھٹے سمینار کے ساتھویں فیصلے میں کی ہے۔

۲- کمپنیوں کے شیئرز کی خرید وفروخت کرنا اس طور پر کہ حرام وحلال کی تمیز نہ کی جائے،



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رابطہ عالم اسلامی کے تحت قائم اسلامک فقہ اکیڈمی نے اپنے چودہویں سمینار منعقدہ ۱۴۱۵ھ میں اس کی وضاحت کی کہ کمپنیوں کے وہ شیئرز جو بنیادی طور پر حرام ہوں یا جن کے بعض معاملات میں سود کی آمیزش ہو، حرام ہیں۔

۳۔ کرنسی کی خرید وفروخت جو کہ اکثر اس طور پر کی جاتی ہے کہ خریدار کا اس پر شرعی قبضہ نہیں ہوتا اور تصرف کی اجازت مل جاتی ہے۔

۴۔ عقد خیار یا عقد مستقبلی کے ذریعہ تجارت کرنا، جدہ کی اسلامک فقہ اکیڈمی نے چھٹے سمینار کے فیصلہ نمبر ۶۳ میں اس کی وضاحت کی ہے کہ عقد خیار شرعاً ناجائز ہے، کیونکہ جس چیز کے اوپر معاہدہ کیا گیا ہے نہ تو وہ مال ہے نہ فائدہ، نہ ایسا مالی حق جس کی قیمت لینا جائز ہو۔ یہی معاملہ عقود مستقبلیات کا ہے جو کہ تجارتی منڈیوں کے اتار چڑھاؤ پر منحصر ہوتے ہیں۔

۵۔ بعض حالات میں فریق ثالث ایسی اشیاء کو فروخت کر دیتا ہے جس کا وہ مالک بھی نہیں ہوتا، اس طرح کی خرید وفروخت شریعت کی رو سے حرام ہے۔

چہارم: چونکہ خرید وفروخت کے اس عمل میں فریقین کو معاشی نقصان ہوتا ہے، خاص طور سے سرمایہ دار کو اور معاشرے کی اقتصادیات بھی عام طور پر اس سے متاثر ہوتی ہے، کیونکہ اس طرح کی خرید وفروخت کے معاملات میں قرضوں میں ڈھیل دی جاتی ہے اور اندازوں اور تخمینوں کے ذریعہ خرید وفروخت ہوتی ہے۔

نیز یہ کہ اس طرح کی خرید وفروخت دھوکہ دہی، دوسروں کو گمراہ کرنا، افواہوں کو پھیلانا، سامان روک لینا، بیچی جانے والی چیزوں کی تعریف کر کے بیچنے والے کا دفاع کرنا اور نرخوں کی قیمتوں میں بھاری اتار چڑھاؤ کرنا تاکہ راتوں رات مال دار بن جائیں، یہ تمام چیزیں اس صورت معاملہ کو ''أکل المال بالباطل'' (مال کو ناجائز طریقہ پر استعمال کرنا) کے خانے میں ڈالتی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں۔

اس کے ساتھ ساتھ اس میں مال کو فائدہ منداقتصادی سرگرمیوں سے نکال کر اسے غیر فائدہ مند تخمینوں اور اندازوں پر مشتمل معاشی سرگرمیوں کی طرف پھیرنا ہے جس سے کبھی کبھی سخت معاشی بحران پیدا ہوتا ہے اور معاشرے کو زبردست نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

اکیڈمی مالیاتی اداروں سے یہ اپیل کرتی ہے کہ سرمایہ کاری کے ایسے طریقوں کو اپنائیں جو سود یا مشتبہات سے خالی ہوں اور اس کے کارکنوں کو معاشی نقصان کا خطرہ نہ ہو نیز عمومی اقتصادیات جیسے شرعی طریقوں پر اپنے پیسوں کو لگانے اور اس طرح کی دوسری قسمیں بھی متاثر نہ ہوں۔

وصلی اللہ علی نبینا محمد وعلی آلہ وصحبہ وسلم۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

## دوسرا فیصلہ:

# ایسے کارڈز کی خرید وفروخت جن کے خریدار کو ان کے جاری کرنے والے کے علاوہ کی طرف سے سامان کی قیمت نیز دوسری خدمات میں رعایتیں دی جائیں

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، وعلى آله وصحبه وبعد:

رابطہ عالم اسلامی کے ماتحت قائم اسلامک فقہ اکیڈمی کو اپنے اٹھارہویں سمینار منعقدہ مکہ مکرمہ بتاریخ ۱۰-۱۴/ربیع الاول ۱۴۲۷ھ مطابق ۸-۱۲/اپریل ۲۰۰۶ء میں جدہ کے تحفیظ قرآن کریم کی ایک رفاہی تنظیم کے صدر کے خط سے معلوم ہوا کہ اس تنظیم کی دلچسپی ایسے کارڈز جاری کرنے میں ہے جن کی تیاری، مارکٹنگ اور فروخت کرنے کا کام مارکٹنگ کے ادارے انجام دیں گے، تنظیم اور مارکٹنگ کی ایجنسی متعدد تجارتی مارکٹوں سے یہ معاملہ کرنے کے بعد کہ یہ مارکٹیں ایسے کارڈ ہولڈر کو اپنے زیر ملکیت سامانوں کی قیمتوں میں رعایت دیں گی، ان کارڈز کی فروخت کے نتیجہ میں حاصل ہونے والی رقوم کو آپس میں تقسیم کرلیں گی۔

اس موضوع پر پیش کردہ مقالات اور بحث ومباحثہ کے بعد اجلاس نے مندرجہ ذیل فیصلے کئے:

اول- ایسے کارڈز کا اجراء اور ان کی خرید وفروخت جائز نہیں ہے، جب کہ وہ ایسی قیمت کے مقابلے میں ہو جو قسطوں میں ادا کی جائے یا سالانہ شراکت کے نام پر ہو، اس لئے کہ



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس میں دھوکہ ہے۔ کارڈز خرید نے والا پیسے تو ادا کر چکا ہے لیکن یہ نہیں جانتا کہ اس کے بدلے میں اسے کتنا اور کیا ملے گا۔ نقصان لازمی اور فائدہ صرف خیالی ہے، حدیث میں ہے: "نهى النبي ﷺ عن بيع الغرر" (مسلم) (اللہ کے رسول ﷺ نے دھوکہ کی خرید وفروخت سے منع فرمایا)۔

دوم: اگر یہ کارڈز بلا قیمت ہوں (مفت) تو ان کا جاری کرنا اور خرید وفروخت شرعاً جائز ہے، اس وقت وہ وعدۂ عطیہ اور تحفہ میں شمار کیا جائے گا۔

وصلى الله على نبينا محمد وعلى آله وصحبه وسلم۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# تیسرا فیصلہ:

## قرض میں کوئی فاسد شرط لگا کر قرض کو فسخ کرنا

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، وعلى آله وصحبه وبعد:

رابطہ عالم اسلامی کے ماتحت قائم اسلامک فقہ اکیڈمی نے اپنے اٹھارہویں سمینار منعقدہ مکہ مکرمہ بتاریخ ۱۰-۱۴ ربیع الاول ۱۴۲۷ھ مطابق ۸-۱۲ اپریل ۲۰۰۶ء میں قرض میں کوئی فاسد شرط لگا کر قرض کو فسخ کرنے کے موضوع پر غور کیا، اجلاس کو اکیڈمی کے سولہویں سمینار منعقدہ مکہ مکرمہ بتاریخ ۲۱-۲۶ شوال ۱۴۲۲ھ مطابق ۵-۱۰ جنوری ۲۰۰۲ء کے مندرجہ ذیل فیصلہ سے واقفیت حاصل ہوئی جس میں کہا گیا ہے:

دوم: دین کو فروخت کرنے کی ناجائز صورتیں مندرجہ ذیل ہیں:

الف دین کو مقروض کے ہاتھ اس کی مقدار سے زیادہ قیمت پر ادھار بیچنا، کیونکہ یہ ربا میں داخل ہے جو شرعاً ممنوع ہے، اسی کو قرض کی شیڈولنگ کہتے ہیں۔

مکمل تحقیق اور مقالات سننے اور ان تمام صورتوں پر غور وخوض کرنے کے بعد جو کہ تحقیق ومناقشہ میں ذکر کی جا چکی ہیں، اکیڈمی نے مندرجہ ذیل فیصلے صادر کئے:

ہر وہ قرض جو قرض دار پر قرض کے بوجھ کو بڑھا دے خواہ یہ بوجھ (زیادتی) تاجیل کے مقابلہ میں ہو یا پھر زیادتی کا ذریعہ بنے اسے فسخ الدین فی الدین میں شمار کیا جاتا ہے نیز اس میں اور بھی کچھ صورتیں داخل ہوتی ہیں:

۱- قرض لینے اور دینے والے کے مابین اس طرح ہو کہ اس کی وجہ سے قرض دار پر



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مزید قرض آجائے، پہلے قرض کی کل یا کچھ ادائیگی کرنے کی وجہ سے۔

مثلاً: قرض دار قرض دینے والے سے کوئی سامان مؤجل قیمت کے ساتھ خریدتا ہے اور پھر اس سامان کو فوری قیمت میں بیچ دیتا ہے تاکہ قرض کا کل یا کچھ حصہ ادا کرسکے۔

مذکورہ بالا بیع جائز نہیں ہے جب تک کہ نیا قرض اس لئے لیا جائے تاکہ اس سے پہلا قرض پورا کیا جاسکے کسی شرط کے ساتھ خواہ فریقین راضی ہوں اور معاشرہ میں یہ بیع رائج ہو۔

یہی مسئلہ ہوگا خواہ قرض دار فقیر ہو یا تنگ حال ہو اور اس صورت میں بھی مسئلہ یہی رہے گا جب کہ پہلا قرض فوری دینے کے وعدہ سے لیا گیا ہو یا موجل ہو، جس کے ذریعہ جلد سے جلد نئے قرض کی ادائیگی مقصود ہو۔ عدم جواز کی صورت برقرار رہے گی اگرچہ دائن اور مدین (قرض دینے اور لینے والا) نے دوران عقد اول (قرض کا عقد) اس پر اتفاق کرلیا ہو یا پھر بعد میں۔ مسئلہ برابر ہے (عدم جواز) خواہ دائن کی مانگ پر ہو یا پھر مدیون کی اور یہ بھی عدم جواز کی صورتوں میں سے ہی ہے کہ مذکورہ معاملہ قرض دار اور دائن (قرض دینے والا) کے علاوہ کسی اور کی جانب سے ہو، اگر اس کا انتظام خود دائن کی طرف سے ہو یا اس کی طرف سے قرض دار کے لئے قرض کی ادائیگی کی ضمانت ہو۔

۲- قرض دار کا قرض دینے والے سے اس سامان کو بیچنا جس کے اوصاف معلوم ہوں اور جو جنس دین (قرض) سے نہ ہو اور جس کی ادائیگی اس کے ذمہ میں اس مدت تک کے لئے موخر ہو جو کہ قرض کے بالمقابل ہے، لہذا جب یہ سامان دین کی جنس سے ہو تو بدرجہ اولی یہ بیع ناجائز ہوگی۔

۳- دائن کا اپنے قرض کو کسی ایسے منافع سے بیچنا جس کے اوصاف معلوم ہوں اور جس کی ادائیگی مقروض کے ذمہ میں ہو خواہ قرض واجب الاداء ہو یا مؤجل۔

۴- دائن کا قرض دار سے دین سلم کو دین مؤجل کے عوض بیچنا جب کہ اس کی ادائیگی کی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مدت آ گئی ہو یا اس سے پہلے خواہ یہ قرض نقد ہو یا سامان کی صورت میں ہو، اگر مجلس عقد میں قبضہ ہو جاتا ہے تو بیع جائز ہے، ممنوع بیوع میں یہ صورت بھی داخل ہوتی ہے کہ دین سلم کو کسی نئے عقد سلم (بیع سلم) میں رأس المال (اصل مال) بنایا جائے۔

۵- قرض دینے والا عقد سلم میں مسلم الیہ کو (جس کے ساتھ عقد سلم ہوا ہے) ثمن مؤجل کے عوض مسلم فیہ (جس چیز میں عقد سلم ہوا ہے) جیسا سامان بطور مرابحہ ایسی قیمت میں ادھار بیچ دے جو مسلم فیہ سامان کی قیمت سے زیادہ ہو، اس شرط پر کہ مسلم الیہ قرض دینے والے کو وہ سامان دے دے جو قرض دینے والے نے دین سلم کی ادائیگی کے لئے اس کے ہاتھ فروخت کیا تھا۔

وصلى الله على نبينا محمد وعلى آله وسلم۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چوتھا فیصلہ:

## عقد نکاح کو خلع کے ذریعہ ختم کرنے کا عورت کا حق

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، وعلى آله وصحبه وبعد:

اسلامک فقہ اکیڈمی نے اپنے اٹھارہویں سمینار منعقدہ مکہ مکرمہ بتاریخ ۱۰-۱۴ ربیع الاول ۱۴۲۷ھ مطابق ۸-۱۲ اپریل ۲۰۰۶ء میں عورت کے عقد نکاح کو خلع کے ذریعہ ختم کرنے کے حق کے بارے میں غور وخوض کیا۔

سیر حاصل بحث ومباحثہ کے بعد حسب ذیل فیصلے کئے گئے:

اول: خلع: عورت کا عقد زواج کو کسی عوض کے بدلے میں ختم کرنا ہے، یہ مباح ہے۔ شوہر کے حق میں بہتر ہے کہ اس سے عورت کے مطالبہ کے متعلق پوچھا جائے، کوئی ایسی چیز تو نہیں پائی جاتی جس سے پتہ چلے کہ شوہر اس پر ظلم کر رہا ہے یا شرعی طور پر وہ احکامات زوجیت کی ادائیگی میں کمی کر رہا ہے یا یہ کہ عورت اس کے ساتھ رہنا پسند نہیں کرتی ہے یا عورت کو اندیشہ ہے کہ اس کے ساتھ رہ کر اس کے حقوق ادا نہیں کر سکے گی۔

دوم: زوجین پر دستور کے مطابق معاشرت اور تعلق زوجیت کی پاسداری واجب ہے، اللہ تعالی کا ارشاد ہے: "وعاشروهن بالمعروف فإن كرهتموهن فعسى أن تكرهوا شيئا ويجعل الله فيه خيراً كثيراً" (ان کے ساتھ (بیویوں) دستور کے مطابق برتاؤ کرو اور اگر تم ان کو ناپسند کرتے ہو تو ہو سکتا ہے تم ایسی چیز کو ناپسند کرتے ہو جس میں اللہ تعالی نے بہت سی بھلائیاں رکھ رکھی ہوں)۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عورت کے لئے کسی بھی طرح جائز نہیں کہ بلا وجہ طلاق کا مطالبہ کرے، حدیث میں ہے:"أیما امرأة سألت زوجها طلاقاً في غیر ما بأس فحرام علیها رائحة الجنة" (ابوداؤد،ابن ماجہ) (اللہ کے رسول ﷺ نے فرمایا: اگر کوئی عورت بے وجہ اپنے شوہر سے طلاق کا مطالبہ کرے تو اس پر جنت کی خوشبو حرام ہے)۔

سوم: شوہر کے لئے حرام ہے کہ وہ عورت کو خلع حاصل کرنے سے روکے۔ اللہ تعالی کا ارشاد ہے:"ولا تعضلوهن لتذهبوا ببعض ما آتیتموهن إلا أن یأتین بفاحشة مبینة" (ان پر تنگی نہ کرو کہ جو کچھ تم نے ان کو دیا تھا بطور فدیہ لے کر انہیں الگ کردو، سوائے اس کے کہ وہ واضح بے حیائی کے ساتھ آئیں)۔

ایسی صورت میں عورت کے لئے مباح ہے کہ وہ اس سے خلع طلب کرے۔

چہارم: عورت کے لئے ضروری ہے کہ ایسے شخص سے خلع کا مطالبہ کرے جو شرعاً اس کا شوہر ہونے کا اہل نہ ہو، جیسے اس صورت میں جب کہ شوہر نے بیوی کو تین طلاقیں دے دی ہوں پھر انکار کررہا ہو اور طلاق کا کوئی گواہ نہ ہو یا پھر اس نے کوئی ایسی بات کہی ہو یا کوئی ایسا عمل کیا ہو جس کا وہ انکار کررہا ہو اور بیوی قاضی کے سامنے اس کا اثبات نہ کرسکے۔

پنجم: قاضی محض عورت کے مطالبہ پر شوہر کو جدائی اور معاوضہ قبول کرنے پر مجبور نہیں کرسکتا، بلکہ وہ دونوں کے درمیان صلح کرانے کی کوشش کرے گا اور اس کے لئے دو ثالث بھیجے گا، اگر دونوں ثالث اتفاق نہ کریں اور صلح مشکل ہوجائے اور قاضی کے سامنے خلع ناگزیر ہوجائے تو شوہر کو علاحدگی کا حکم دے گا۔ اگر شوہر انکار کرے تو قاضی بہ عوض یا بلا عوض جس طرح بہتر سمجھے گا جدائی کرائے گا۔

ششم: اگر خلع ہوجائے تو طلاق بائن واقع ہوجائے گی اور اس صورت میں عقد اول کے تقاضے سے شوہر کو حق مراجعت حاصل نہیں رہے گا اور عورت پر عدت لازم آئے گی۔

وصلى الله على نبينا محمد وعلى آله وصحبه وسلم.



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# پانچواں فیصلہ:

## نکاح کی نئی صورتیں

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، وعلى آله وصحبه وبعد:

اسلامک فقہ اکیڈمی نے اپنے اٹھارہویں سمینار منعقدہ مکہ مکرمہ بتاریخ ۱۰-۱۴ ربیع الاول ۱۴۲۷ھ مطابق ۸-۱۲ اپریل ۲۰۰۶ء میں نکاح کی بعض نئی صورتوں پر غور وخوض کیا۔

بحث ومناقشہ کے بعد حسب ذیل فیصلے کئے گئے:

اکیڈمی نے واضح کیا کہ نکاح کی نئی صورتوں کا اگرچہ ان کے نام اوراوصاف مختلف ہی کیوں نہ ہوں، شرعی ضوابط وقواعد کے ماتحت ہونا، ان میں تمام ارکان وشرائط کا پایا جانا اور موانع سے خالی ہونا ضروری ہے۔

موجودہ دور میں لوگوں نے نکاح کی بعض نئی صورتیں رائج کردی ہیں جن کے احکامات حسب ذیل ہیں:

۱- عقد نکاح کی ایک صورت وہ ہوتی ہے جس میں عورت گھر، نان ونفقہ اوراپنی باری سے یاان میں سے کچھ حقوق سے دستبردار ہوجاتی ہے اور وہ اس بات پر راضی ہوجاتی ہے کہ شوہراس کے پاس رات یا دن میں کسی بھی وقت اس کے گھر آسکتا ہے، عقد نکاح اس شرط پر ہوتا ہے کہ عورت اپنے اہل وعیال کے ساتھ ہی رہے گی، پھر میاں بیوی جب چاہیں بیوی کے گھر میں یا پھر کہیں اور مل سکتے ہیں۔اس صورت میں میاں بیوی کی نہ کوئی رہائش ہوتی ہے اور نہ بیوی کا نفقہ لازم ہوتا ہے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مذکورہ دونوں یا ان جیسے دیگر عقود نکاح صحیح ہیں بشرطیکہ وہ موانع سے خالی اور تمام ارکان وشرائط عقد کے ساتھ ہوں، لیکن شریعت میں انہیں بہتر نہیں سمجھا گیا ہے۔

۲۔ بچے کی پیدائش کے ساتھ مشروط نکاح موقت میں تمام ارکان وشرائط پائے جاتے ہیں سوائے اس کے کہ عاقدین میں سے کسی ایک کی طرف سے یہ شرط ہوتی ہے کہ اگر عورت نے بچہ جنا تو زوجین کے درمیان رشتہ نکاح باقی نہیں رہے گا یا شوہر بیوی کو طلاق دے دے گا۔ ایسا عقد فاسد ہے چونکہ اس میں متعہ کے معنی پائے جاتے ہیں، اس لئے کہ مدت متعین کرنا جیسے کہ ایک مہینہ یا مجہول مدت متعین کرنا جیسے کہ بچہ جننے کی شرط اسے متعہ کے زمرہ میں شامل کر دیتا ہے اور نکاح متعہ کی حرمت پر اجماع ہے۔

۳۔ طلاق کی نیت سے شادی مثلاً وہ شادی جس میں سارے ہی شرائط وارکان موجود ہوں لیکن شوہر اپنے دل میں پہلے سے یہ سوچ لے کہ ایک متعین مدت مثلاً دس دن کے بعد طلاق دے دے گا، یا ایک غیر متعین مدت جیسے شادی کو اپنی تعلیم مکمل ہونے تک یا اپنے کسی مقصد کے حصول تک ملتوی کر دے۔ اکیڈمی اس طرح کے نکاح کو ممنوع قرار دیتی ہے اگرچہ علماء کی ایک جماعت نے اس کو جائز قرار دیا ہے، اس لئے کہ اس میں دھوکہ وفریب ہے۔ اگر عورت یا اس کے ولی کو اس دھوکہ کا علم ہو جائے تو وہ ہرگز اس عقد پر راضی نہیں ہوں گے۔ علاوہ ازیں اس میں بہت سے مفاسد اور سنگین نقصانات ہیں جو مسلمانوں کی رسوائی کا باعث ہیں۔

وصلى الله على نبينا محمد، وعلى آله وصحبه وسلم۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# چھٹا فیصلہ:

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، وعلى آله وصحبه وبعد:

رابطہ عالم اسلامی کے ماتحت قائم اسلامی فقہ اکیڈمی نے اپنے اٹھارہویں سمینار منعقدہ مکہ مکرمہ بتاریخ ۱۰-۱۴ ربیع الاول ۱۴۲۷ھ مطابق ۸-۱۲ اپریل ۲۰۰۶ء میں حسب ذیل مسئلہ پرغور کیا: قبل از ولادت رحم مادر ہی میں بچہ کا بحیثیت لڑکا ولڑکی انتخاب۔ڈاکٹرز بتاتے ہیں کہ اس کارروائی کے ذریعہ کروموزومز کا ایک جوڑا ایک متعین طریقہ سے باہم ملے تو اس سے لڑکا پیدا ہوتا ہے اور اسی طرح ایک دوسرے متعین طریقہ سے کروموزومز کے ایک جوڑے کے باہم ملنے سے لڑکی پیدا ہوتی ہے۔

مذکورہ بالا مسئلہ پر بحث ومباحثہ اور تحقیق ومناقشات کو سننے کے بعد اکیڈمی نے اس مسئلہ سے متعلق فیصلہ کوملتوی کردیا تاکہ آئندہ سمینار میں اس کو پوری تحقیق وبحث کے بعد پیش کیا جاسکے۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# نبی کریم ﷺ کی شان میں گستاخی کا بیان جسے بعض مغربی اخباروں نے شائع کیا

الحمد لله وحده، والصلاة والسلام على من لا نبي بعده، وعلى آله وصحبه وبعد:

اسلامی فقہ اکیڈمی نے اپنے اٹھارہویں سمینار منعقدہ مکہ مکرمہ بتاریخ ۱۰-۱۴ ربیع الاول ۱۴۲۷ھ مطابق ۸-۱۲ اپریل ۲۰۰۶ء میں بڑے ہی افسوس کے ساتھ ان اہانت آمیز کارٹونوں کا جائزہ لیا جن کو شائع کرنے کی جسارت ڈنمارک کے جولانڈس پوسٹن نامی ایک اخبار نے کی تھی، جنہیں یورپ کے بعض اخبارات اور دیگر عالمی اخباروں نے شائع کیا۔ یہ نبی کریم ﷺ کی فرضی اور اہانت آمیز تصویروں پر مبنی تھے، اس میں آپ ﷺ کا استہزاء کیا گیا تھا اور ان پر برے جملے کسے گئے تھے، اس کا مقصد نبی کریم ﷺ کی ذات گرامی پر کیچڑ اچھالنا تھا، یہ ساری باتیں ان کے اندر کے بغض کو ظاہر کرتی ہیں اور اس بات کا پتہ دیتی ہیں کہ وہ نبی کریم ﷺ کی قدر ومنزلت کو گھٹانے کی کوشش کر رہے ہیں اور ان کی بلند تعلیمات کو مسخ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جن کی وجہ سے مسلمانوں میں غم وغصہ کی لہر دوڑ رہی ہے اور ان کے احساسات مجروح ہو رہے ہیں، یہ دنیا کے تمام ممالک کے مسلمانوں سے نہایت ہی اہانت آمیز دشمنی ہے، یہ اس پاکیزہ شخصیت پر جس پر مسلمان اپنی جان ومال فدا کرتے ہیں، ظلم وزیادتی کر کے مسلمانوں کی شبیہ خراب کر رہے ہیں اور بین الاقوامی عہد وپیمان کو پس پشت ڈال رہے



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں اور انسانی قدر و منزلت سے غفلت برت رہے ہیں جن کی رو سے ان کا یہ عمل انتہائی ناپسندیدہ اور قابل نفرت ہے۔

لہذا یہ اجلاس اس افسوس ناک ظلم اور زیادتی کی سخت مذمت کرتا ہے جس کے ذریعہ رسول کریم ﷺ کی اور ان کے دین کی اہانت کی جارہی ہے، اسلامی فقہ اکیڈمی کا یہ سمینار اس کی سخت مذمت کرتا ہے اور اس کو انجام دینے والوں اور اس کی اشاعت میں مدد کرنے والوں سے مطالبہ کرتا ہے کہ چونکہ اس عمل کی وجہ سے ان کے ملکوں میں اور عالم اسلامی میں عظیم بحران کی صورت حال پیدا ہوگئی ہے، لہذا وہ اپنے عمل سے رجوع کا اعلان کریں اور امت اسلامیہ سے اپنے اس شرمناک عمل کے لئے معذرت کریں، سمینار مختلف لوگوں، جماعتوں، گروہوں، مجلسوں، کونسلوں اور حکومتوں سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اس سلسلہ میں اپنی ذمہ داریوں کو ادا کرنے کے لئے حسب قدرت وموقع متحد ہو جائیں تا کہ وہ آئندہ اس طرح کی زیادتیوں کو روک سکیں اور ایسا کرنے والوں کی گرفت کرسکیں۔

نبی کریم ﷺ کی اس قسم کی توہین ایک منظّم سازش کا حصہ ہے، جس کے ذریعہ دشمن ہمارے دین پر حملہ کرتے ہیں، اس لئے امت اسلامیہ کے افراد کو چاہئے کہ وہ بیدار ہوں اور اس سے بچنے کی ہر راہ اختیار کریں اور اس کوشش میں ایک دوسرے کی مدد کریں، دوسری جانب داعیوں اور علماء پر فرض ہے کہ وہ اپنی تمام تر کوششیں ان بیہودہ حملوں کے خطرات کے متعلق مومنوں کو آگاہ کرنے میں صرف کریں، امت مسلمہ پوری قوت کے ساتھ اس چیز کی مدافعت کرے اور جماعتوں وحکومتوں سے ملنے والے ہر ممکن وسائل کا استعمال توہین کرنے والوں کی گرفت اور اس شخص کی تردید میں استعمال کرے جس کا غلیظ نفس اس امت کے مقدسات کے ساتھ کھلواڑ کو اچھا دکھاتا ہے، اس ضمن میں ضروری ہے کہ ایک عالمی عہد وپیمان کی تشکیل کی جائے جس کے تحت اللہ کے رسولوں اور نبیوں کی توہین کرنے والوں کو مجرم ٹھہرایا جاسکے اور ایسی



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کارروائیاں کی جائیں جن کے ذریعہ ان کے مقدسات کی حفاظت ونگہداشت ممکن ہو سکے اور ہر اس شخص کو جو ایسا گناہ اور زیادتی کرے اس کی سزا مل سکے، اظہار خیال کی آزادی کے لئے ضروری ہے کہ اس کی آڑ میں دوسروں کی توہین اور دوسروں پر زیادتی کی اجازت نہ دی جائے۔

اجلاس اس بات کو نظر انداز نہیں کر سکتا کہ دباؤ کے جو طریقے اور تدابیر امت مسلمہ اختیار کرے وہ دین حنیف اور اس دین کی اخلاقیات کے سانچے میں ڈھلے ہوئے ہوں، کیونکہ ارشاد باری ہے: "ولا يجرمنكم شنآن قوم على أن لا تعدلوا اعدلوا هو أقرب للتقوى"۔

اخیر میں اسلامی فقہ اکیڈمی کا یہ اجلاس ان تمام افراد، جماعتوں، اداروں، مجلسوں، محفلوں اور گروہوں کی تعریف کرتا ہے جنہوں نے اپنے بیانات اور مختلف کوششوں کے ذریعہ خدا اور اس کے رسول ﷺ کی مدد کے واسطے اپنی دینی غیرت کا اظہار کیا اور رابطہ عالم اسلامی کی کوششوں کی تعریف کرتا ہے جس نے اس عظیم حادثے سے متعلق بیانات اور کارروائیوں کو شائع کیا، ساتھ ہی اجلاس رابطہ عالم اسلامی سے اس بات کی اپیل کرتا ہے کہ وہ اسلام سے متعلق کوششوں کو منظم کرے اور مختلف حلقوں سے رابطہ رکھے، اجلاس ان دیگر ممالک کی حکومتوں، تنظیموں اور اداروں کو بنظر استحسان دیکھتا ہے جو اس مسئلہ میں اور اس کی تردید میں ممالک اسلامیہ کے ساتھ صف بصف کھڑے ہوئے۔

ہم اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ وہ اس امت کی پریشانیوں کو دور کرے، دشمنوں کے خلاف ان کی مدد فرمائے اور ان کے ساتھ خیر کا معاملہ فرمائے۔

وصلى الله على سيدنا محمد، وعلى آله وصحبه، وسلم۔



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

# حروف تہجی کے اعتبار سے فیصلوں کے موضوعات کی فہرست


| اشاریہ موضوعات | موضوعات | سمینار نمبر | فیصلہ نمبر | تاریخ سمینار | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| احرام | باہر سے آنے والوں کے لئے جدہ سے احرام باندھنے کا حکم | س۵ | ف۲ | ۱۴۰۲ھ | ۱۲۰ |
| ادویہ (دوائیں) | الکحل اور نشہ آور عناصر پر مشتمل دوائیں | س۱۶ | ف۶ | ۱۴۲۲ھ | ۴۰۷ |
| اسقاط | رحم میں موجود ناقص الخلقت بچہ کا اسقاط | س۱۲ | ف۴ | ۱۴۱۰ھ | ۳۳۵ |
| اسلام | ''شیخ شعراوی کے نام ایک کھلا خط'' کے عنوان سے اسلام مخالف کیسٹوں کی ترویج | س۶ | ف۵ | ۱۴۱۳ھ | ۱۶۱ |
| اسہم (شیئرز) | ایسی کمپنیوں اور بینک کے شیئرز خریدنے کا حکم جن کے بعض معاملات میں سود کی آمیزش ہو | س۱۴ | ف۴ | ۱۴۱۵ھ | ۳۵۷ |
| اعضاء الجسم | اعضاء کی پیوند کاری | س۸ | ف۱ | ۱۴۰۵ھ | ۱۹۷ |
| انعاش (طبی آلات) | موت کے بارے میں قطعی حکم اور انسانی جسم سے طبی آلات کی علاحدگی | س۱۰ | ف۲ | ۱۴۰۸ھ | ۲۶۴ |
| اوقات | اونچی ڈگری والے عرض البلد پر واقع ممالک میں روزہ اور نماز کے اوقات | س۵ | ف۳ | ۱۴۰۲ھ | ۱۲۵ |




محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اجتہاد | اجتہاد | س۸ | ف۳ | ۱۴۰۵ھ | ۲۱۰ |
| استبدال | اعداد کے عربی رسم الخط کو یورپی رسم الخط میں بدلنے کا عدم جواز | س۷ | ف۳ | ۱۴۰۴ھ | ۱۷۷ |
| استفادہ | زکاۃ کے مال سے یورپی ممالک میں مدارس اور اسپتالوں کی تعمیر | س۹ | ف۵ | ۱۴۰۶ھ | ۲۴۳ |
| افتراءات (بہتان تراشی) | بدنام زمانہ سلمان رشدی کی کتاب، اس کی بدگوئی اور اسلامی عقائد وشخصیات پر اس کا حملہ | س۱۱ | ف۲ | ۱۴۰۹ھ | ۳۰۶ |
| انتخاب | اسلامی فقہ اکیڈمی کی مجلس کے صدر کا انتخاب | س۶ | ف۱ | ۱۴۰۳ھ | ۱۵۱ |
| انتخابات | انتخابات میں غیر مسلموں کے ساتھ مسلمانوں کی شرکت | س۱۶ | ف۵ | ۱۴۲۲ھ | ۴۰۴ |
| بحث (مقالہ) | ام الخبائث کا پھیلاؤ، مرض اور علاج کے موضوع پر محمود شیت خطاب کا مقالہ | س۴ | ف۴ | ۱۴۰۱ھ | ۹۸ |
| بحوث (مقالات) | اکیڈمی میں پیش کردہ مقالات کی طباعت | س۲ | ف۳ | ۱۳۹۹ھ | ۸۰ |
| برمجہ (پروگرامنگ) | قرآن کریم اور اس سے متعلق معلومات کی کمپیوٹر پروگرامنگ کا حکم | س۹ | ف۲ | ۱۴۰۶ھ | ۲۳۱ |
| البصمہ (جنیٹک نشان) | جنیٹک نشان اور اس سے استفادہ | س۱۵ | ف۲ | ۱۴۱۹ھ | ۳۷۸ |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| (البصمہ) (جنیٹک نشان) | جنیٹک نشان اور اس سے استفادہ کے مواقع | س ۱٦ | ف ۷ | ۱۴۲۲ھ | ۴۱۰ |
| البہائیہ (بہائیت) | بہائیت اور اس سے وابستگی کا حکم | س ۱ | ف ۴ | ۱۳۹۸ھ | ۵۰ |
| بورصہ (اسٹاک ایکسچینج) | اسٹاک ایکسچینج کا حکم | س ۷ | ف ۱ | ۱۴۰۴ھ | ۱٦۷ |
| بیع (فروختگی) | تورق کی بیع | س ۱۵ | ف ۵ | ۱۴۱۹ھ | ۳۸۴ |
| " | دَین کی بیع | س ۱٦ | ف ۱ | ۱۴۲۲ھ | ۳۹۱ |
| تالیف | مولفین کے حقوق تالیف | س ۹ | ف ۴ | ۱۴۰٦ھ | ۲۳۸ |
| تامین (انشورنس) | انشورنس اور اس کی مختلف صورتیں | س ۱ | ف ۵ | ۱۳۹۸ھ | ۵۴ |
| تحدید نسل (ضبط تولید) | خاندانی منصوبہ بندی کا شرعی حکم | س ۳ | ف ۱ | ۱۴۰۰ھ | ۸۵ |
| التحویل الجنسی (تبدیلی جنس) | تبدیلی جنس کا مسئلہ | س ۱۱ | ف ٦ | ۱۴۰۹ھ | ۳۲۰ |
| ترویج | "شیخ شعراوی کے نام ایک کھلا خط" کے عنوان سے اسلام مخالف کیسٹوں کی ترویج | س ٦ | ف ۵ | ۱۴۰۳ھ | ۱٦۱ |
| تشریح (پوسٹ مارٹم) | لاش کا پوسٹ مارٹم | س ۱۰ | ف ۱ | ۱۴۰۸ھ | ۲٦۱ |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| تصویر | نبی کریم ﷺ اور تمام انبیاء کرام کی تصاویر بنانے کی مذمت | س۸ | ف۶ | ۱۴۰۵ھ | ۲۲۱ |
| نفاذ | عرب اور اسلامی ممالک کے حکام سے نفاذ شریعت کی اپیل | س۲ | ف۲ | ۱۳۹۹ھ | ۷۴ |
| تطلیق (طلاق دلوانا) | مسلمانوں کی جن بیویوں نے غیر اسلامی عدالتوں سے طلاق حاصل کی ہو ان کو اسلامی مراکز وغیرہ سے طلاق دلوانے کا جواز | س۱۶ | ف۲ | ۱۴۲۲ھ | ۳۹۵ |
| تفسیر | سورہ اخلاص کی غلط تفسیر | س۶ | ف۲ | ۱۴۰۳ھ | ۱۵۳ |
| تلبیس | انڈونیشیا وغیرہ میں حق وباطل کی تلبیس کے مظاہر | س۶ | ف۳ | ۱۴۰۳ھ | ۱۵۷ |
| تلقیح (مصنوعی بارآوری) | مصنوعی بارآوری اور ٹسٹ ٹیوب بے بی کا حکم | س۵ | ف۴ | ۱۴۰۲ھ | ۱۳۰ |
| تلقیح (مصنوعی بارآوری) | مصنوعی بارآوری اور ٹسٹ ٹیوب بے بی کا حکم | س۷ | ف۵ | ۱۴۰۴ھ | ۱۸۶ |
| تلقیح (مصنوعی بارآوری) | مصنوعی بارآوری اور ٹسٹ ٹیوب بے بی کا حکم | س۸ | ف۲ | ۱۴۰۵ھ | ۲۰۱ |
| تلقیح (مصنوعی بارآوری) | زوجین کے درمیان مصنوعی بارآوری | س۱۲ | ف۳ | ۱۴۱۰ھ | ۳۳۳ |
| تنفیض (نقد قیمت بنانا) | تنفیض حکمی (حکماً نقد قیمت بنانا) | س۱۶ | ف۴ | ۱۴۲۲ھ | ۴۰۰ |
| تورق | تورق کی بیع کا حکم | س۱۵ | ف۵ | ۱۴۱۹ھ | ۳۸۴ |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| جلاٹین | مسلمانوں کا جلاٹین بنانے میں حیوانات کی ہڈیوں اور کھالوں سے استفادہ | س ۱۵ | ف ۳ | ۱۴۱۹ھ | ۳۸۰ |
| جہاد افغانستان | عالم اسلام کی حکومتوں اور عوام سے افغان مجاہدین کی مدد کی اپیل | س ۱۰ | ف ۱۰ | ۱۴۰۸ھ | ۲۹۴ |
| الجین | جین کی تشخیص | س ۱۶ | ف ۸ | ۱۴۲۲ھ | ۴۱۴ |
| حراست (نگہداشت) | جانور، عمارت اور شدید نگہداشت کی متقاضی ہر چیز سے پہنچنے والے نقصانات کی ذمہ داری | س ۱۴ | ف ۲ | ۱۴۱۵ھ | ۳۵۱ |
| حرب (جنگ) | اسلام اور اجتماعی جنگ کے موضوع پر میجر جنرل محمود شیت خطاب کے مقالہ کی اشاعت | س ۴ | ف ۲ | ۱۴۰۱ھ | ۹۳ |
| حسابات | اسلامی بینکوں سے سرمایہ کاری کے حسابات کی حفاظت | س ۱۶ | ف ۳ | ۱۴۲۲ھ | ۳۹۷ |
| حمایت (حفاظت) | اسلامی بینکوں سے سرمایہ کاری کے حسابات کی حفاظت | س ۱۶ | ف ۳ | ۱۴۲۲ھ | ۳۹۷ |
| حي (محلّہ) | ہر محلّہ میں مسجد بنانے کی ضرورت | س ۹ | ف ۳ | ۱۴۰۶ھ | ۲۳۵ |
| الخلاف الفقهي (فقہی اختلاف) | مختلف مسالک کے درمیان فقہی اختلاف اور ان کے بعض متبعین کا مسلکی تعصب | س ۱۰ | ف ۹ | ۱۴۰۸ھ | ۲۸۸ |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| خمر(شراب) | ام الخبائث (شراب) کا پھیلاؤ، مرض اور علاج کے موضوع پر محمود شیت خطاب کا مقالہ | س۴ | ف۴ | ۱۴۰۱ھ | ۹۸ |
| دفن | لکڑی کے تابوت میں مسلمانوں کی تدفین | س۸ | ف۵ | ۱۴۰۵ھ | ۲۱۹ |
| الدوطة(جہیز) | ہندوستان میں جہیز کا رواج | س۷ | ف۴ | ۱۴۰۴ھ | ۱۸۱ |
| الدین (قرض) | دین کی فروخت | س۱۵ | ف۴ | ۱۴۱۹ھ | ۳۸۲ |
| ذکاۃ(ذبح) | بجلی کے شاک سے ماکول اللحم جانوروں کا ذبح | س۱۰ | ف۴ | ۱۴۰۸ھ | ۲۷۱ |
| رجم(سنگسار کرنا) | اسلام میں سنگساری کی سزا | س۴ | ف۵ | ۱۴۰۱ھ | ۱۰۱ |
| رسم | مصحف عثمانی کے رسم الخط میں تبدیلی کا حکم | س۷ | ف۲ | ۱۴۰۴ھ | ۱۷۴ |
| زکاۃ | پاکستان میں زکاۃ وعشر کی جمع وتقسیم | س۸ | ف۴ | ۱۴۰۵ھ | ۲۱۵ |
| زکاۃ | غیر منقولہ چیزوں کے کرایہ پر زکاۃ | س۱۱ | ف۱ | ۱۴۰۹ھ | ۳۰۳ |
| زکاۃ | اموال زکاۃ کی سرمایہ کاری | س۱۵ | ف۶ | ۱۴۱۹ھ | ۳۸۷ |
| زواج (شادی) | مسلمان عورت کے ساتھ کافر مرد اور کافر عورت کے ساتھ مسلمان مرد کی شادی کا حکم | س۴ | ف۳ | ۱۴۰۱ھ | ۹۵ |





محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اسہم (حصہ) | زکاۃ میں مجاہدین کے حصہ کو ان کی صحت وتربیت اور ذرائع ابلاغ سے متعلق پروجیکٹوں میں صرف کرنا | س ۹ | ف ۷ | ۱۴۰۶ھ | ۲۵۳ |
| شرکات (کمپنی) | مضارب اور انتظامی کونسل پر خسارہ کی ذمہ داری کا دائرہ | س ۱۴ | ف ۶ | ۱۴۱۵ھ | ۳۶۳ |
| الشیک (چیک) | بینکوں میں نقود کے بالتحویل صرف میں چیک کا قبضہ کے قائم مقام ہونا | س ۱۱ | ف ۷ | ۱۴۰۹ھ | ۳۲۳ |
| الشیوعیہ (کمیونزم) | کمیونزم اور اس سے وابستگی کا حکم | س ۱ | ف ۲ | ۱۳۹۸ھ | |
| صدقات | کیا کسی متعین مصرف کے لئے جمع شدہ چندوں سے ان کے جمع ونظم کرنے والے اور مستحقین تک پہنچانے والے عملہ کی تنخواہیں دی جاسکتی ہیں؟ اور کیا کسی خاص مصرف ومد کے لئے کئے گئے چندوں کو ہنگامی حالات میں اس خاص مد کے بجائے دوسرے مد میں خرچ کیا جاسکتا ہے؟ | س ۱۰ | ف ۷ | ۱۴۰۸ھ | ۲۸۰ |
| صرف (کرنسی کا کرنسی سے تبادلہ) | بینک میں جمع کرنسی سے دوسری کرنسی تبدیل کرنے والے کا بینک کے رجسٹر میں اندراج پر اکتفا کرنا | س ۱۱ | ف ۷ | ۱۴۰۹ھ | ۳۲۳ |
| صندوق (فنڈ) | یورپی ممالک میں زکاۃ فنڈ کا قیام | س ۹ | ف ۵ | ۱۴۰۶ھ | ۲۴۳ |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| طبع بحث (اشاعت مقالہ) | اسلام اور اجتماعی جنگ کے موضوع پر میجر جنرل محمود شیت خطاب کے مقالہ کی اشاعت | س ۴ | ف ۲ | ۱۴۰۱ھ | ۹۳ |
| ظروف طاریہ (ہنگامی حالات) | ہنگامی حالات کا حقوق اور عقد کے ذریعہ عائد شدہ ذمہ داریوں پر اثر | س ۵ | ف ۷ | ۱۴۰۲ھ | ۱۳۹ |
| عقود | ہنگامی حالات کا حقوق اور عقد کے ذریعہ عائد شدہ ذمہ داریوں پر اثر | س ۵ | ف ۷ | ۱۴۰۲ھ | ۱۳۹ |
| عقیدہ | رشاد خلیفہ کا کفر | س ۱۱ | ف ۴ | ۱۴۰۹ھ | ۳۱۲ |
| علاج | شوہر کا اپنی مرگی زدہ بیوی کو یہ کہہ کر علاج کرانے سے روکنا کہ اس پر جن کا اثر ہے یا یہ کہ اس کے لئے تجویز کی گئی دواؤں میں بعض منشیات کی آمیزش ہے | س ۱۲ | ف ۲ | ۱۴۱۰ھ | ۳۳۱ |
| العملہ (نوٹ) | کرنسی نوٹ کا حکم | س ۵ | ف ۶ | ۱۴۰۲ھ | ۱۳۵ |
| العورۃ (ستر عورت) | دوران علاج ستر کھولنے کا ضابطہ | س ۱۴ | ف ۸ | ۱۴۱۵ھ | ۳۶۹ |
| غرامہ (جرمانہ) | مقررہ مدت کے اندر قرض کی ادائیگی میں تاخیر پر کیا بنک مقروض پر مالی جرمانہ عائد کرسکتا ہے | س ۱۱ | ف ۸ | ۱۴۰۹ھ | ۳۲۵ |
| فلسطین | مسئلہ فلسطین پر عالم اسلام کی حکومتوں اور عوام سے اپیل | س ۱۰ | ف ۱۲ | ۱۴۰۸ھ | ۲۹۸ |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| قادیانیہ | قادیانیت اور اس سے وابستگی کا حکم | س۱ | ف۳ | ۱۳۹۸ھ | ۴۷ |
| قرآن | کیسٹ میں قرآن کریم کی ریکارڈنگ | س۱۰ | ف۸ | ۱۴۰۸ھ | ۲۸۵ |
| قرآن | مصحف عثمانی کے رسم الخط میں تبدیلی | س۷ | ف۲ | ۱۴۰۴ھ | ۱۷۴ |
| قرآن | قرآن کی ایک آیت یا چند آیات کو پرندہ وغیرہ کی شکل میں لکھنے کا حکم | س۱۲ | ف۱ | ۱۴۱۰ھ | ۳۲۹ |
| قسم | ملاحظہ ہو: لفظ یمین | س۵ | ف۱ | ۱۴۰۲ھ | ۱۱۷ |
| الکحل | الکحل اور نشہ آور عناصر پر مشتمل دوائیں | س۱۶ | ف۶ | ۱۴۲۲ھ | ۴۰۷ |
| الکعبہ | کعبہ کا مجسمہ بنانا اور اس کی مارکٹنگ | س۱۳ | ف۳ | ۱۴۱۲ھ | ۳۴۳ |
| لغۃ (زبان) | عرب ممالک سے باہر غیر عربی میں جمعہ وعیدین کا خطبہ اور اس میں لاؤڈ اسپیکر کا استعمال | س۵ | ف۵ | ۱۴۰۲ھ | ۱۳۲ |
| الماسونیۃ (ماسونیت) | ماسونیت اور اس سے وابستگی کا حکم | س۱ | ف۱ | ۱۳۹۸ھ | ۳۷ |
| مجاری (نالیاں) | نالیوں میں بہنے والے پانی کو فلٹر کرکے اس سے پاکی حاصل کرنے کا حکم | س۱۱ | ف۵ | ۱۴۰۹ھ | ۳۱۵ |
| المخدرات (نشہ آور عناصر) | الکحل اور نشہ آور عناصر پر مشتمل دوائیں | س۱۶ | ف۶ | ۱۴۲۲ھ | ۴۰۷ |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مسجلات (کیسٹ) | مساجد میں نمازوں کے لئے کیسٹ کے ذریعہ اذان کا حکم | س ۹ | ف ۱ | ۱۴۰۶ھ | ۲۲۷ |
| المسعی (سعی کی جگہ) | سعودی حکومت کی طرف سے توسیع کے بعد مقام سعی کا سابق حکم باقی رہے گا یا اس کا شمار مسجد کے حکم میں ہوگا | س ۱۴ | ف ۳ | ۱۴۱۵ھ | ۳۵۴ |
| مشارکہ (شرکت) | انتخابات میں غیر مسلموں کے ساتھ مسلمانوں کی شرکت | س ۱۶ | ف ۵ | ۱۴۲۲ھ | ۴۰۴ |
| المشیمہ (جھلی) | رحم کی جھلی سے انتفاع | س ۱۳ | ف ۲ | ۱۴۱۲ھ | ۳۴۱ |
| مراکز | مسلمانوں کی بیویوں کو صحیح طلاق دلوانے کے لئے اسلامی مراکز اور اداروں کے قیام کا جواز | س ۱۶ | ف ۲ | ۱۴۲۲ھ | ۳۹۵ |
| مصارف (بینک) | بینکوں کے بارے میں شریعت اسلامی کا موقف | س ۱۰ | ف ۵ | ۱۴۰۸ھ | ۲۷۴ |
| مصارف (بینک) | اسلامی بینکوں میں سرمایہ کاری کے حسابات کی حفاظت | س ۱۶ | ف ۳ | ۱۴۲۲ | ۳۹۷ |
| مصحف (قرآن کریم) | ہوٹلوں کے کمروں میں قرآن کریم کے نسخوں کی تقسیم | س ۶ | ف ۶ | ۱۴۰۳ھ | ۱۶۳ |
| مصرف (بینک) | کیا بنک یا کمپنی کا اپنے کسی ایجنٹ کی درخواست پر اس کے لئے مستقبل کی خریداری کے عمل کو ترتیب دینا جائز ہوگا | س ۱۳ | ف ۱ | ۱۴۱۲ھ | ۳۳۹ |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| مکبر (لاؤڈاسپیکر) | اذان،عیدین اور جمعہ کے خطبہ میں لاؤڈاسپیکر کا استعمال | س۵ | ف۵ | ۱۴۰۲ھ | ۱۳۲ |
| الملاکمہ (باکسنگ) | باکسنگ،فری اسٹائل فائٹنگ اور بیل کے ساتھ کشتی کا حکم | س۱۰ | ف۳ | ۱۴۰۸ھ | ۲۶۷ |
| المواعدہ (وعدہ کرنا) | ایک کرنسی کا دوسری کرنسی سے تبادلہ کا وعدہ | س۱۳ | ف۱ | ۱۴۱۲ھ | ۳۳۹ |
| مواقیت (اوقات) | بلند عرض البلد پر واقع علاقوں میں نماز اور روزے کے اوقات | س۹ | ف۶ | ۱۴۰۶ھ | ۲۴۷ |
| النجاشی | نجاشی کے قبول اسلام اور اس سلسلہ میں اسلامی مراجع پر اعتماد سے متعلق ایک مقالہ | س۶ | ف۴ | ۱۴۰۳ھ | ۱۵۹ |
| نقل الدم والرضاع (خون چڑھانا اور دودھ پلانا) | دو سال سے کم عمر کے بچہ کو کسی عورت کا خون چڑھانے سے حکم رضاعت کا ثبوت نیز خون کے معاوضہ کا حکم | س۱۱ | ف۳ | ۱۴۰۹ھ | ۳۱۰ |
| نکاح | مسلمان عورت کے ساتھ کافر مرد اور کافر عورت کے ساتھ مسلمان مرد کی شادی کا حکم | س۴ | ف۳ | ۱۴۰۰ھ | ۹۵ |
| نکاح | ہندوستان میں جہیز کا عام رواج | س۷ | ف۴ | ۱۴۰۴ھ | ۱۸۱ |
| ہلال (چاند) | رویت ہلال میں وحدت یا عدم وحدت | س۴ | ف۷ | ۱۴۰۱ھ | ۱۱۲ |



محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ہلال (چاند) | رویت ہلال سے متعلق علماء، حکام اور قضاۃ کے نام شیخ عبداللہ بن زید آل محمود کا خط | س ۴ | ف ٦ | ۱۴۰۱ھ | ۱۰۳ |
| ہلال (چاند) | چاند کے ثبوت کے لئے رویت پر عمل، نہ کہ فلکی حساب پر | س ۴ | ف ۱ | ۱۴۰۱ھ | ۹۱ |
| الهندسة الوراثیہ (جنیٹک انجینئرنگ) | جنیٹک انجینیر نگ سے مسلمانوں کا استفادہ کرنا | س ۱۵ | ف ۱ | ۱۴۱۹ھ | ۳۷۵ |
| وجودیہ | مذہب وجودیہ | س ۲ | ف ۱ | ۱۳۹۹ھ | [illegible]۱ |
| وقف | وقف کی آمدنی کا مصرف | س ۱۰ | ف ۱۱ | ۱۴۰۸ھ | [illegible]۱٦ |
| الولی | خاندان کے سرپرستوں پر ان کے ماتحت وزیر نگرانی اشخاص اور ان کے تصرفات کی ذمہ داری | س ۱۴ | ف ۱ | ۱۴۱۵ھ | ۳۴۷ |
| الیانصیب (لاٹری) | لاٹری کا حکم | س ۱۴ | ف ۷ | ۱۴۱۵ھ | [illegible]٦٦ |
| یمین (قسم) | عدالت میں حلف اٹھاتے وقت توریت یا انجیل یا ان دونوں پر ہاتھ رکھنے کا حکم | س ۵ | ف ۱ | ۱۴۰۲ھ | ۱۱۷ |

۹۹-
19201
-۵۰۴-

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

IFA PUBLICATIONS
161-F, Jogabai, Jamia Nagar,
New Delhi-110025
Tel/Fax: 011-26983728
E-mail: ifapublications@gmail.com

محکمہ دلائل سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ